اَکْثَرَ: اکثر، بہت زیادہ۔ کَثْرَۃٌ سے اسم تفضیل ۲۴۳/۲، ۱۲/۴، ۱۱۲/۶، ۱۸۷/۷، ۱۹/۹، ۱۷/۱۱، ۲۱/۱۲، ۳۸/۱۲، ۴۰/۱۲، ۶۸/۱۲، ۱/۱۳، ۳۸/۱۶، ۹/۱۷، ۵۴/۱۸، ۷۶/۲۷، ۶/۳۰، ۹/۳۰، ۳۰/۳۰، ۲۸/۳۴، ۳۶/۳۴، ۵۷/۴۰، ۵۹/۴۰، ۶۱/۴۰، ۲۶/۴۵، ۷/۵۸،

اَکْثَرُ: اکثر، بہت زیادہ۔ ۱۰۳/۱۲، ۸۹/۱۷، ۳۳/۱۸، ۵۰/۲۵، ۷۸/۲۸، ۳۵/۳۴، ۷۱/۳۷،

اَکْثَرْتَ: (اف) تو نے بہت زیادہ کیا، تو نے زیادہ بڑھایا۔ اِکْثَارٌ سے ماضی۔ ۳۲/۱۱،

اَکْثَرَکُمْ: تم میں اکثر۔ ۵۹/۵، ۷۸/۴۳،

اَکْثَرُوْا: انہوں نے زیادہ کیا۔ انہوں نے بڑھایا۔ ۱۲/۸۹،

اَکْثَرَھُمْ: ان میں اکثر۔ ۳۷/۶، ۱۱۱/۶، ۱۷/۷، ۱۳۱/۷، ۳۴/۸، ۴۷/۵۲، ۵۵/۱۰، ۶۰/۱۰، ۴۴/۲۵، ۷۳/۲۷، ۱۳/۲۸، ۵۷/۲۸، ۶۳/۲۹، ۴۱/۳۴،

اَکْثَرِھِمْ: ان میں اکثر۔ ۱۰۲/۷، ۷/۳۶،

اَکْثَرُھُمْ: ان میں اکثر۔ ۱۰۰/۲، ۱۰۳/۵، ۸/۹، ۳۶/۱۰، ۱۰۶/۱۲، ۷۵/۱۶، ۸۳/۱۶، ۱۰۱/۱۶، ۲۴/۲۱، ۷۰/۲۳، ۸/۲۶، ۶۷/۲۶، ۱۰۳/۲۶، ۱۲۱/۲۶، ۱۳۹/۲۶، ۱۵۸/۲۶، ۱۷۴/۲۶، ۱۹۰/۲۶، ۲۲۳/۲۶، ۶۱/۲۷، ۶۳/۲۹، ۴۲/۳۰، ۲۵/۳۱، ۴۱/۳۴، ۲۹/۳۹، ۴/۴۱، ۴/۴۹،

اَکْثَرُھُمْ: ان میں اکثر۔ ۱۱۰/۳، ۸۳/۱۶،

اَکْدٰی: (اف) اس نے بند کر دیا، وہ پتھر کی مانند سخت نکلا۔ اِکْدَاءٌ سے ماضی۔ ۳۴/۵۳،

اِکْرَام: (اف) دوسرے پر کرم کرنا، عزت دینا مصدر ہے۔ ۲۷/۵۵، ۷۸/۵۵،

اِکْرَاہ: (اف) کسی پر جبر کرنا، زبردستی کرنا مصدر ہے۔ ۲۵۶/۲،

اِکْرَاھِھِنَّ: ان (عورتوں) پر جبر کرنا، زبردستی کرنا۔ ۳۳/۲۴،

اَکْرَمُ: بہت کریم، بہت باعزت۔ کَرَمٌ سے اسم تفضیل۔ ۳/۹۶،

اَکْرَمَکُمْ: تم میں زیادہ کریم، تم میں زیادہ باعزت۔ ۱۳/۴۹،

اَکْرَمَنِ: اس نے میری تکریم کی، اس نے مجھ کو عزت دی، اصل لفظ اَکْرَمَنِیْ تھا آخر سے 'ی' حذف ہوگئی۔ اِکْرَامٌ سے ماضی۔ ۱۵/۸۹،

اَکْرَمَہٗ: اس نے اس کو بزرگی دی، اس نے اس کو عزت دی۔ ۱۵/۸۹،

اَکْرِمِیْ: تو (مؤنث) اس کو احترام سے رکھ، تو اس کو باعزت رکھ۔ اِکْرَامٌ سے امر۔ ۲۱/۱۲،

اُکْرِہَ: (اف) اس پر جبر کیا گیا، اس پر زبردستی کی گئی۔ اِکْرَاہٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰۶/۱۶،

اَکْرَھْتَنَا: تو نے ہم پر جبر کیا، تو نے ہم پر زبردستی کی۔ اِکْرَاہٌ سے ماضی۔ ۷۳/۲۰،

اُکْسُوْھُمْ: (ن) تم ان کو پہناؤ۔ کَسْوٌ سے امر۔ ۵/۴،

اِکْشِفْ: (ض) تو کھول دے، تو دور کر دے کَشْفٌ سے امر۔ ۱۲/۴۴،

اَکُفَّارُکُمْ: کیا تم میں جو کافر ہیں۔ ۴۳/۵۴،

اَکْفُرَ: (ن) میں کفر کروں، میں انکار کروں، میں ناشکری کروں۔ کُفْرٌ و کُفْرَانٌ اور کُفُوْرٌ سے مضارع۔ ۴۰/۲۷،

اَکْفُرُ: میں کفر کروں، میں انکار کروں، میں ناشکری کروں۔ ۴۰/۲۷،

اُکْفُرْ: تو کفر کر، تو انکار کر، کُفْرٌ سے امر۔ ۱۶/۵۹،

اَکَفَرْتَ: کیا تو نے کفر کیا، کیا تو نے انکار کیا کُفْرٌ سے ماضی۔ ۳۷/۱۸،

اَکَفَرْتُمْ: کیا تم نے کفر کیا، کیا تم نے انکار کیا ۱۰۶/۳،

اُکَفِّرَنَّ: (تف) میں ضرور چھپا دوں گا، میں ضرور ڈھانپ دوں گا۔ تکْفِیرٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۹۵/۳، ۱۲/۵،

اُکْفُرُوْا: تم کفر کرو، تم انکار کرو۔ کُفْرٌ سے امر۔ ۷۲/۳،

اَکْفَرَہٗ: (اف) اس نے اس کا انکار کیا، اس نے اس کی ناشکری کی۔ ۱۷/۸۰،

اَکْفِلْنِیْھَا: (اف) تو مجھ کو اس کا کفیل کر دے۔ تو مجھ کو وہ سونپ دے۔ اِکْفَالٌ سے امر ۲۳/۳۸،

اَکَلَ: (ن) اس نے کھایا۔ اَکْلٌ سے ماضی۔ ۳/۵

اَکْلًا: کھانا۔ مصدر ہے۔ ۱۹/۸۹،

اُکُلٍ: پھل، جو کھایا جائے، جمع اٰکَالٌ۔ صحاح میں ہے کہ اکل کھجور کے پھل اور درخت دونوں کو کہتے ہیں اور جو چیز بھی کھائی جائے، وہ اکل ہے (لسان العرب ۲۲/۱۱)۔ ۴/۱۳

اُکُلٍ: پھل، جو کھایا جائے۔ ۱۶/۳۴،

اَکَلَا: ان دونوں نے کھایا۔ اَکْلٌ سے ماضی ۱۲۱/۲۰،

اُکَلِّمَ: (تف) میں کلام کروں گا، میں بات کروں گا۔ تکْلِیْمٌ سے مضارع۔ ۲۶/۱۹،

اَکَلُوْا: انہوں نے کھایا ۲۶/۵،

اَکَلَہٗ: اس نے اس کو کھایا۔ ۱۳/۱۲، ۱۷/۱۲،

اُکُلُہٗ: اس کا پھل۔ ۱۴۱/۶،

اُکُلَھَا: اس کا پھل۔ ۲۶۵/۲، ۲۵/۱۴، ۳۳/۱۸،

اُکُلُھَا: اس (مؤنث) کا پھل۔ ۳۵/۱۳،

اَکْلِھِمُ: ان کا کھانا۔ ۱۶۱/۴،

اَکْلِھِمُ: ان کا کھانا۔ ۶۲/۵، ۶۳/۵،

اَکْمَامِ: خوشے، میوہ کے غلاف، واحد۔ کِمٌّ ۱۱/۵۵،

اَکْمَامِھَا: اس کے غلاف۔ ۴۷/۴۱،

اَکْمَلْتُ: (اف) میں نے کامل کر دیا، میں نے پورا کر دیا۔ اِکْمَالٌ سے ماضی۔ ۳/۵

اَکْمَہَ: مادرزاد (پیدائشی) اندھا۔ کَمَہٌ سے صفت مشبہ۔ ۴۹/۳، ۱۱۰/۵،

اَکُنْ: (ن) میں ہوں۔ کَوْنٌ سے مضارع۔ اصل میں اَکُوْنُ تھا اس سے پہلے حرف جازم آنے سے اجتماع ساکنین ہو گیا اور وُ گر گیا۔ ۴/۳، ۷۳/۴، ۲۳/۱۱، ۲۳/۱۲، ۲۳/۱۵، ۴/۱۹، ۲۰/۲۳،

اَکْنَانًا: پناہ گاہیں، چھپنے کی جگہیں، واحد کِنٌّ ۸۱/۱۶،

اَکِنَّۃً: حجاب، پردے، واحد کِنَانٌ۔ ۲۵/۶، ۴۶/۱۷، ۵۷/۱۸،

اَکِنَّۃٍ: حجاب، پردے۔ ۵/۴۱،

اَکْنَنْتُمْ: (اف) تم نے دل میں پوشیدہ رکھا۔ اِکْنَانٌ سے ماضی۔ ۲۳۵/۲،

اَکْوَابٍ: پانی پینے کا برتن، کوزے، آبخورے، واحد کُوْبٌ۔ ۷۱/۴۳، ۱۸/۵۶، ۱۵/۷۶،

اَکْوَابٌ: کوزے، آبخورے۔ ۱۴/۸۸،

اَکُوْنَ: میں ہوں۔ کَوْنٌ سے مضارع۔ ۶۷/۲، ۲۳/۵، ۴۳/۷، ۱۰۳/۱۰، ۳۸/۱۹، ۹۱/۲۷، ۱۷/۲۸، ۱۲/۳۹، ۵۸/۳۹،

اَکُوْنَنَّ: بے شک میں ہو جاؤں گا۔ کَوْنٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۷۷/۶،

اَکِیْدُ: میں تدبیر کرتا ہوں، میں داؤ کرتا ہوں۔ کَیْدٌ سے مضارع۔ ۱۶/۸۶،

اَكِيْدَنَّ: میں ضرور داؤ کروں گا، میں ضرور توڑ پھوڑ کر رکھدوں گا۔ كَيْـــدٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۵۷/۲۱

ء ل

اَلْ: وہ سب، حرف تعریف ہے، نکرہ کو معرفہ بناتا ہے۔

اَلَاَ: خبردار ہو جاؤ، جان لو، سن لو، یہ ہمزۂ استفہامیہ اور 'لا' نافیہ سے مرکب نہیں بلکہ یہ حرف تنبیہ اور استفتاح (یعنی کلام شروع کرنے کے لئے) آتا ہے ۱۲، ۱۳/۲ ۳۸ جگہ

اَلَّا: یہ کہ نہیں کیوں نہیں، اصل میں، 'اَنْ لَا ' یا۔ هَلَّا تھا پہلی صورت میں نون کا لام میں ادغام کر دیا گیا، دوسری صورت میں 'ھ' کو ہمزہ سے بدل دیا گیا ۲۲۹/۲، ۲۳۶/۲، ۲۸۳/۲، ۲۹ جگہ

اِلَّا: اگر نہ، اگر نہیں، یہ۔ "اِنْ" شرطیہ اور 'لا' نفی سے مرکب ہے۔ ۴۰/۸، ۳۹، ۴۰/۹، ۴۷/۱۱، ۳۳/۱۲

اِلَّا: مگر، سوائے، حرفِ استثنا ہے۔ ۹، ۲۶، ۳۴/۲ ......۳۵۰ جگہ

اِلًّا: قرابت، عہد، حلف۔ ۸، ۱۰/۹

اِلٰی: تک، طرف، حرف جار ہے۔ ۱۴/۲، ۲۹، ۵۴/۲، ......۲۷۱ جگہ

اَلَّتِیْ: وہ (مؤنث) سب، جو، جنہوں، اسمِ موصول واحد اَلَّتِی ۱۵، ۲۳/۴، ۳۴/۴، ۱۲۷/۴، ۵۰/۱۲، ۶۰/۲۴، ۵۰/۳۳

اَللّٰهَ: اللہ۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سب سے بڑا اور سب سے جامع اور ذاتی اسم ہے۔ قران کریم میں یہ لفظ اپنی فضیلت و بزرگی کی بنا پر ۲۶۹۷ جگہ آیا ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْهُ بِهَا (۱۸۰/۷) (یعنی اللہ تعالیٰ ہی کے لئے حسن و خوبی کے نام ہیں (یعنی صفتیں) پس چاہئے کہ تم ان صفتوں کے ساتھ اس کو پکارو) بعض علماء نے لفظ "اللہ" کو اسمِ اعظم کہا ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ واحد ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں اس لئے یہ لفظ ذات باری تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ نام اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کا نہیں ہوسکتا، اسی لئے اس کا تثنیہ اور جمع نہیں آتے۔

یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ پر دلالت کرتا ہے، وہ مالک مطلق ہے، اس میں ہر طرح کی صفات جمال و جلال کمال درجہ پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے ایک قدرت کاملہ بھی ہے کہ وہ معدوم سے موجود اور موجود سے معدوم کرسکتا ہے۔ یہ اسم مقدس انسان کو اس کی پہلی حالت کو یاد دلاتا ہے اور خالق سے رابطہ بڑھاتا ہے، جب اس کے نام کا تصور دل میں جگہ پکڑ لیتا ہے تو پھر دنیا کی کوئی چیز اس کی آنکھوں میں نہیں جچتی چہ جائیکہ کسی اور کی پرستش یا حاجت براری کا خیال دل میں آئے۔ جب اس اسم کی تجلیات کا پرتو عارف کے دل پر پڑتا ہے تو وہ اس میں ایسا محو ہو جاتا ہے گویا کہ اپنے آپ کو بھی بھول جاتا ہے

بسا میری نظروں میں تو اس قدر ہے
جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے

اس مرتبہ کو توحید بحت کہتے ہیں۔ تثلیث و تربیع کا تو یہاں ذکر ہی کیا۔

ذات وصفات اور اسماء میں فرق:

ذات: لفظ 'ذات' ذو کا مؤنث ہے۔ ذات وہ مستقل شے ہے جو مرجع صفت ہوتی ہے جیسے سفید کاغذ سفید کا مرجع کاغذ ہے۔ اسی طرح سیاہ قلم میں سیاہ کا مرجع قلم ہے۔

صفت: صفت وہ غیر مستقل شئے ہے جو مستقل شئے میں ہوتی ہے۔ سفید کاغذ میں سفیدی غیر مستقل اور کاغذ مستقل شے ہے، اسی طرح سیاہ قلم میں سیاہی غیر مستقل اور قلم مستقل شے ہے۔

اسم: ذات وصفات کے مجموعہ کا نام اسم ہے جیسے رحمٰن (صاحب رحم) پس اللہ تعالیٰ ذات ہے، رحم صفت اور رحمٰن اسم ہے۔ اسم کی جمع اسماء ہے۔ ۹/۲، ۲۰/۲، ۲۶/۲ ۵۹۲ جگہ

اَللّٰهِ: اللہ۔ ۱/۱، ۸/۲، ۲۲/۲ ...... ۱۱۲۵ جگہ

اَللّٰهُ: اللہ۔ ۷/۲، ۱۰/۲، ۱۵/۲ ...... ۹۸۰ جگہ

اِلٰهٌ: معبود، حاجت روا، وہ ہستی جو بے نیاز ہے ۱۳۳/۲، ۱۶۳/۲، ۲۵۵/۲، ۲/۳، ۶/۳، ۱۸/۳، ۸۷/۴، ۱۰۲/۶، ۱۰۶/۶، ۱۵۸/۷، ۱۲۹/۹، ۳۱/۹، ۹۰/۱۰، ۱۳/۱۱، ۳۰/۱۳، ۲/۱۶، ۸/۲۰، ۱۴/۲۰، ۹۸/۲۰، ۲۵/۲۱، ۸۷/۲۱، ۱۱۶/۲۳، ۲۶/۲۷، ۷۰/۲۸، ۸۸/۲۸ ...... ۳۷ جگہ

اِلٰهًا: معبود۔ ۱۳۳/۲، ۱۳۸/۷، ۱۴۰/۷، ۳۱/۹، ۹۶/۱۵، ۲۲/۱۷، ۳۹/۱۷، ۱۴/۱۸، ۱۱۷/۲۳، ۶۸/۲۵، ۲۹/۲۶، ۲۱۳/۲۶، ۸۸/۲۸، ۵/۳۸، ۲۶/۵۰، ۵۱/۵۱

اِلٰهِ: معبود۔ ۳۸/۲۸، ۳۷/۴۰، ۳/۱۱۴،

اِلٰهٍ: معبود۔ ۶۲/۳، ۷۳/۵، ۵۹/۷، ۶۵/۷، ۷۳/۷، ۸۵/۷، ۵۰/۱۱، ۶۱/۱۱، ۸۴/۱۱، ۲۳/۲۳، ۳۲/۲۳، ۹۱/۲۳، ۳۸/۲۸، ۶۵/۳۸

اِلٰهُ: معبود۔ ۸۸/۲۰،

اِلٰهٌ: معبود۔ ۱۶۳/۲، ۱۷۱/۴، ۷۳/۵، ۱۹/۶، ۴۶/۶، ۵۲/۱۴، ۲۲/۱۶، ۵۱/۱۶، ۱۱۰/۱۸، ۸۸/۲۰، ۲۹/۲۱، ۱۰۸/۲۱، ۳۴/۲۲، ۶۰/۲۷، ۶۱/۲۷، ۶۳/۲۷، ۶۴/۲۷، ۷۱/۲۸، ۷۲/۲۸، ۶/۳۱، ۸۴/۴۳، ۴۳/۵۲،

اِلٰهَكَ: تیرا معبود۔ ۱۳۳/۲،

اِلٰهِكَ: تیرا معبود۔ ۹۷/۲۰،

اِلٰهُكُمْ: تمہارا معبود۔ ۴/۳۷،

اِلٰهُكُمْ: تمہارا معبود۔ ۱۶۳/۲، ۲۲/۱۶، ۱۱۰/۱۸، ۸۸/۲۰، ۹۸/۲۰، ۱۰۸/۲۱، ۳۴/۲۲، ۴۶/۲۹، ۶/۴۱،

اَللّٰهُمَّ: یا اللہ۔ اے اللہ، حرف ندا کو شروع سے حذف کر کے آخر میں ایک 'م' بڑھا دی گئی۔ ۲۶/۳، ۱۱۴/۵، ۳۲/۸، ۱۰/۱۰، ۴۶/۳۹،

اِلٰهُنَا: ہمارا معبود۔ ۴۶/۲۹،

اِلٰهَهٗ: اس کا معبود۔ ۴۳/۲۵، ۲۳/۴۵،

اِلٰهَيْنِ: دو معبود۔ ۱۱۶/۵، ۵۱/۱۶،

اَلّٰئِیْ: وہ (مؤنث) سب، جو، جنہوں، اسم موصول، واحد اَلَّتِیْ۔ ۴/۳۳، ۲/۵۸، ۴/۶۵،

اَلْبَابِ: عقلیں، واحد لُبٌّ۔ ۱۷۹/۲، ۱۹۷/۲، ۲۶۹/۲، ۷/۳، ۱۹۰/۳، ۱۰۰/۵، ۱۱۱/۱۲، ۱۹/۱۳، ۵۲/۱۴، ۲۹/۳۸، ۴۳/۳۸، ۹/۳۹، ۱۸/۳۹، ۲۱/۳۹، ۵۴/۴۰،

اِلْتَفَّتِ: (افت) وہ (مؤنث) لپٹ گئی۔ اِلْتِفَافٌ سے ماضی۔ ۲۹/۷۵،

اِلْتَقَى: (افت) وہ ملا، وہ مقابل ہوا۔ اِلْتِقَاءٌ سے ماضی۔ ۱۵۵/۳، ۱۶۶/۳، ۴۱/۸، ۱۲/۵۴،

اِلْتَقَتَا: (افت) وہ دونوں باہم مل گئیں وہ دونوں ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں۔ اِلْتِقَاءٌ سے ماضی۔ ۱۳/۳،

اِلْتَقَطَهٗ: (افت) اس نے اس کو اٹھا لیا۔ اِلْتِقَاءٌ

سے ماضی۔ ۸/۲۸

اِلْتَقَمَهُ: اس نے اس کا لقمہ کرلیا۔اس نے اس کو نگل لیا۔اِلْتِقَامٌ سے ماضی۔ ۱۴۲/۳۷

اِلْتَقَيْتُمْ: تم ملے،تمہاری مڈبھیڑ ہوئی۔ ۴۴/۸

اِلْتَمِسُوْا: (افت) تم ڈھونڈھو،تم تلاش کرو۔ اِلْتِمَاسٌ سے امر۔ ۱۳/۵۷

اَلَتْنٰهُمْ: (اف) ہم نے ان کو گھٹا دیا،ہم نے ان کو کم کردیا۔اِلَاتَةٌ سے ماضی۔ ۲۱/۵۲

اَلَّتِیْ: وہ ایک (مؤنث) جو،جس،اسم موصول ہے۔ ۲۴/۴، ۳۴/۴، ۲۷/۴، ۵۶ جگہ

اِلْحَادٌ: (اف) گمراہی،کجروی،حق سے پھرنا، مصدر ہے۔ ۲۵/۲۲

اِلْحَافًا: (اف) لپٹ کر سوال کرنا،اصرار کرنا، مصدر ہے،اصل میں لِحَافٌ سے ہے لحاف اس کپڑے کو کہتے ہیں جس سے ڈھانپا جائے۔ ۲۷۳/۲

اَلْحُرُّ: آزاد،جمع۔اَحْرَارٌ۔ ۱۷۸/۲

اَلْحَقْتُمْ: (اف) تم نے الحاق کیا،تم نے ملایا۔ اِلْحَاقٌ سے ماضی۔ ۲۷/۳۴

اَلْحَقْنَا: ہم نے الحاق کیا،ہم نے ملایا۔ ۲۱/۵۲

اَلْحِقْنِیْ: تو مجھ کو ملادے۔ ۱۰۱/۱۲، ۸۳/۲۶

اَلْحَمْدُ: خاص تعریف،کامل شکر،اس میں الٰ استغراق یا اختصاص کے لئے ہے۔ ۱/۱، ۲/۱ ۴۵/۶......۲۸ جگہ

اَلَدُّ: (ن) بہت جھگڑالو،سخت دشمنی کرنا۔لَدٌّ سے اسم تفضیل ۲۰۴/۲

ءَاَلِدُ: (ض) میرے ولادت ہوگی،میں جنوں گی، میرے بچہ ہوگا۔وِلَادَةٌ سے مضارع ۷۲/۱۱

اَلَّذٰنِ: وہ دو (مذکر) جنہوں،اسم موصول ہے ۱۶/۴

اَلَّذِیْ: وہ ایک (مذکر) جو،جس،اسم موصول ہے۔ ۱۷/۲، ۲۱/۲، ۲۲/۲......۱۹۳ جگہ

اَلَّذَیْنِ: وہ دو (مذکر) اسم موصول ہے۔ ۲۹/۴۱

اَلَّذِیْنَ: وہ سب (مذکر) جو،جنہوں،اسم موصول ہے۔ ۳/۲، ۴/۲، ۶/۲......۸۷۸ جگہ

الٓمٓ: یہ حروف مقطعات ہیں،بعض سورتوں کی شروع میں آتے ہیں، ان کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے۔ ۱/۱۰، ۱/۱۱، ۱/۱۲، ۱/۱۳، ۱/۱۵

اَلْزَمْنٰهُ: (اف) ہم نے اس کے لئے لازم کردیا، ہم نے اس کو لگادیا۔اِلْزَامٌ سے ماضی۔ ۱۳/۱۷

اَلْزَمَهُمْ: اس نے ان پر لازم کردیا۔اس نے ان پر لگادیا۔اِلْزَامٌ سے ماضی۔ ۲۶/۴۸

اَلْسِنَةٌ: زبانیں،واحد لِسَانٌ۔ ۹/۳۳

اَلْسِنَتِكُمْ: تمہاری زبانیں،تمہاری بولیاں۔ ۱۵/۲۴، ۲۲/۳۰

اَلْسِنَتُكُمُ: تمہاری زبانیں،تمہاری بولیاں ۱۱۶/۱۶

اَلْسِنَتَهُمْ: ان کی زبانیں۔ ۴۶/۴، ۲/۶۰

اَلْسِنَتِهِمْ: ان کی زبانیں۔ ۴۶/۴، ۱۱/۴۸

اَلْسِنَتُهُمْ: ان کی زبانیں۔ ۲۴/۲۴

اَلْسِنَتُهُمُ: ان کی زبانیں۔ ۶۲/۱۶

اِلْعَنْهُمْ: (ف) تو ان پر لعنت کر،تو ان کو پھٹکار۔ لَعْنٌ سے امر۔ ۶۸/۳۳

اِلْغَوْا: (ن،س،ف) تم غل مچاؤ،تم بک بک کرو لَغْوٌ سے امر۔ ۲۶/۴۱

اَلْفَ: ایک ہزار،جمع اَلُوْفٌ۔ ۹۶/۲

اَلْفُ: ایک ہزار۔ ۶۶/۸

اَلَّفَ: (تف) اس نے الفت ڈالدی، اس نے

محبت ڈالدی (بصلۂ بین)۔ تَالِیْفٌ سے ماضی۔ ١٠٣/٣، ٦٣/٨،

اَلْفَافًا: لپٹے ہوئے، گنجان (باغات) ایک دوسرے سے پیوست، واحد لَفِیْفٌ ١٦/٧٨،

اَلَّفْتَ: تو نے الفت ڈال دی۔ ٦٣/٨،

اَلْفَوْا: (ف) انہوں نے پایا۔ اِلْفَاءٌ سے ماضی۔ ٦٩/٣٧،

اَلْفَيَا: ان دونوں نے پایا۔ ٢٥/١٢،

اَلْفَيْنِ: دو ہزار۔ اَلْفٌ کا تثنیہ۔ ٦٦/٨،

اَلْفَيْنَا: ہم نے پایا۔ اِلْفَاءٌ سے ماضی ١٧٠/٢،

اَلْقِ: (ف) تو ڈال دے، تو پھینک دے۔ اِلْقَاءٌ سے امر۔ ١١٧/٧، ٦٩/٢٠، ١٠/٢٧، ٣١/٢٨

اَلْقَى: اس نے ڈالا۔ اِلْقَاءٌ سے ماضی۔ ١٥٠/٧، ٧٠/٢٠، ٥٢/٢٢، ٣٧/٥٠

اَلْقٰى: اس نے ڈالا۔ ٩٤/٤، ١٠٧/٧، ١٥/١٩، ٦٥/٢٠، ٣٢/٢٦، ٤٥/٢٦، ١٠/٣١، ١٥/٧٥،

اَلْقَابِ: لقب، خطابات، واحد لَقَبٌ، صفاتی نام، یہ نام اچھی اور بری دونوں صفتوں کی بنا پر ہو سکتے ہیں۔ ١١/٤٩،

اَلْقٰهُ: اس نے اس کو ڈالا۔ ٩٦/١٢،

اَلْقٰهَا: اس نے اس کو ڈالا۔ ٢٠/٢٠،

اَلْقَتْ: اس نے نکال ڈالا، اس نے اگل دیا۔ اِلْقَاءٌ سے ماضی۔ ٤/٨٤،

اَلْقَوْا: انہوں نے ڈالا۔ ٩٠/٤، ١١٦/٧، ٨١/١٠، ٨٦/١٦، ٧٠/١٩، ٤٤/٢٦،

اَلْقَوْا: انہوں نے ڈالا۔ ٢٨/١٦،

اَلْقُوْا: تم سب ڈالو۔ اِلْقَاءٌ سے امر۔ ١١٦/٧، ٨٠/١٠، ٦٦/٢٠، ٤٣/٢٦،

اُلْقُوْا: وہ ڈالے گئے۔ اِلْقَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ١٣/٢٥، ٧/٦٧،

اَلْقُوْهُ: تم اس کو ڈال دو۔ ١٠/١٢، ٩٣/١٢، ٩٧/٣٧،

اَلْقِهْ: تو ڈال دے۔ ٢٨/٢٧،

اَلْقِهَا: تو اس کو ڈال دے۔ ١٩/٢٠،

اُلْقِيَ: وہ ڈالا گیا۔ اِلْقَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ١٢٠/٧، ٧٠/٢٠، ٣٦/٢٦، ٢٩/٢٧، ٥٣/٤٣، ٢٥/٥٤، ٨/٦٧،

اُلْقِيْ: میں ڈالوں گا۔ اِلْقَاءٌ سے مضارع۔ ١٢/٨،

اَلْقِيَا: تم دونوں ڈالو۔ اِلْقَاءٌ سے امر۔ ٢٤/٥٠،

اَلْقِيَاهُ: تم دونوں اس کو ڈال دو۔ ٢٦/٥٠،

اَلْقَيْتُ: میں نے ڈال دیا۔ ٣٩/٢٠،

اَلْقَيْنَا: ہم نے ڈال دیا۔ ٦٤/٥، ١٩/١٥، ٣٤/٣٨، ٧/٥٠،

اَلْقِيْهِ: تو اس کو ڈال دے۔ ٧/٢٨

اَلْكَاظِمِيْنَ: غصہ روکنے والے، غصہ پی جانے والے، كَظْمٌ و كَظُوْمٌ سے اسم فاعل۔ ١٣٤/٣، ١٨/٤٠،

الٓمّٓ: حروف مقطعات ہیں، سورتوں کے شروع میں آتے ہیں۔ ان کا علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے ١/٢، ١/٣، ١/٢٩، ١/٣٠، ١/٣١، ١/٣٢،

الٓمّٓرٰ: حروف مقطعات ہیں۔ ١/١٣،

الٓمّٓصٓ: حروف مقطعات ہیں۔ ١/٧

اَلَنَّا: (ف) ہم نے نرم کر دیا، اِلَانَةٌ سے ماضی ١٠/٣٤،

اَلْوَاحَ: تختیاں، واحد لَوْحٌ۔ ١٥٠/٧، ١٥٤/٧،

اَلْوَاحِ: تختیاں۔ ١٤٥/٧،

اَلْوَاحٍ: تختیاں۔ ١٣/٥٤،

اَلْوَانِكُمْ: تمہارے رنگ، واحد لَوْنٌ۔ ٢٢/٣٠،

اَلْوَانُهٗ: اس (مذکر) کے رنگ، ١٣/١٦، ٦٩/١٦، ٢٨/٣٥، ٢١/٣٩،

اَلْوَانُهَا: اس (مؤنث) کے رنگ۔ ٢٧/٣٥،

اُلُوْفٌ: ہزاروں۔ واحد اَلْفٌ۔ ٢٤٣/٢،

اَلْھٰکُمُ: اس نے تم کو غفلت میں رکھا۔ اِلْھَاءٌ سے ماضی۔ ۱/۱۰۲،

اَلْھَمَھَا: (اف) اس نے اس (مؤنث) کو سمجھ دی۔ اس نے اس کے دل میں ڈالا۔ اِلْھَامٌ سے ماضی۔ ۸/۹۱،

اَلْئٰنَ: اب، اس وقت۔ ۷۱/۲، ۱۸۷/۲، ۱۸/۴، ۶۶/۸،

اَلْاَخِلَّآءُ: خاص دوست، خاص احباب، واحد خَلِیْلٌ ۶۷/۴۳،

اِلَیَّ: میری طرف، مجھ تک، حرف جار ہے۔ ۵۵/۳، ۲۸/۵، ۱۹/۶، .....۴۳ جگہ

اِلْیَاسَ: ایک جلیل القدر پیغمبر کا اسم گرامی۔ ۸۵/۶، ۱۲۳/۳۷،

اِلْ یَاسِیْنَ: حضرت الیاس کو الیاسین بھی کہتے ہیں۔ ۱۳۰/۳۷،

اَلْیَسَعَ: ایک پیغمبر کا نام۔ ۸۶/۶، ۴۸/۳۸،

اِلَیْکَ: تیری طرف۔ ۴/۲، ۲۶۰/۲، ۲۸۵/۲، ۶۷ جگہ

اِلَیْکِ: تیری (مؤنث) طرف۔ ۲۵/۱۹، ۳۳/۲۷، ۷/۲۸،

اِلَیْکُمْ: تمہاری طرف۔ ۲۷۲/۲، ۱۹۹/۳، ۹۰/۴،

اِلَیْکُمَا: تم دونوں تک۔ ۳۵/۲۸،

اَلِیْمٌ: دردناک، تکلیف دہ۔ اَلَمٌ سے صفت مشبہ جمع آلامٌ۔ ۸۸/۱۰، ۹۷/۱۰، ۲۰۱/۲۶، ۳۷/۵۱،

اَلِیْمًا: (س) دردناک، تکلیف دہ۔ ۱۰/۴، ۱۸/۴، ۱۳۸/۴، ۱۶۱/۴، ۱۷۳/۴، ۳۹/۹، ۷۴/۹، ۱۰/۱۷، ۳۷/۲۵، ۸/۳۳، ۱۶/۴۸، ۱۷/۴۸، ۲۵/۴۸، ۱۳/۷۳، ۳۱/۷۶،

اَلِیْمِ: دردناک، تکلیف دہ۔ ۳۸/۳۷،

اَلِیْمٍ: دردناک، تکلیف دہ۔ ۲۱/۳، ۳۲/۸، ۳/۹، ۳۴/۹، ۲۶/۱۱، ۲۵/۲۲، ۵/۲۴، ۷/۳۱، ۲۳/۳۱، ۲۳/۳۲، ۶۵/۴۳، ۱۱/۴۴، ۸/۴۵، ۱۱/۴۵، ۱۰/۶۱،

اَلِیْمٌ: دردناک، تکلیف دہ۔ ۵۰/۱۵،

اَلِیْمٌ: دردناک، تکلیف دہ۔ ۱۰/۲، ۱۰۴/۲، ۱۷۴/۲، ۱۷۸/۲، ۷۷/۳، ۹۱/۳، ۱۷۷/۳، ۱۸۸/۳، ۳۶/۵، ۷۳/۵، ۹۴/۵، ۱/۶، ۷۳/۷، ۶۱/۹، ۷۹/۹، ۹۰/۹، ۴/۱۰، ۴۸/۱۱، ۱۰۲/۱۱، ۲۵/۱۲، ۲۲/۱۴، ۶۳/۱۶، ۱۰۴/۱۶، ۱۱۷/۱۶، .....۳۷ جگہ

اِلَیْنَا: ہماری طرف۔ ۱۳۶/۲، ۱۸۳/۳، ۵۹/۵، ۴۴ جگہ

اِلَیْهِ: اس کی طرف۔ ۴۶/۲، ۱۵۶/۲، ۱۷۸/۲، ۸۰ جگہ

اِلَیْهَا: اس (مؤنث) کی طرف۔ ۱۸۹/۷، ۱۷/۱۹، ۲۱/۳۰، ۱۱/۶۲،

اِلَیْهِمْ: ان کی طرف، ان تک۔ ۷۷/۳، ۱۹۹/۳، ۶/۴، ... ۳۵ جگہ

اِلَیْهِنَّ: ان کی طرف۔ ۳۱/۱۲،

ء م

اَمْ: یا، خواہ، کیا، بلکہ۔ حروف عطف ہے۔ ۶/۲، ۸۰/۲، ۱۰۸/۲، ۶۴ جگہ

اُمّ: حقیقی ماں، نانی و پرنانی وغیرہ سب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جڑ، اصل، جمع اُمَّھَاتٌ ۹۴/۲، ۱۵۰/۷، ۷/۴۲،

وُمُّ: حقیقی ماں، نانی و پرنانی وغیرہ، جڑ، اصل۔ ۹۴/۲۰،

اُمَّ الْقُرٰی: مکہ معظمہ کا دوسرا نام، مکے والوں کو۔ ۹۲/۶، ۷/۴۲،

اُمَّ: حقیقی ماں، نانی و پرنانی وغیرہ، جڑ، اصل۔ ۷/۲۸، ۱۰/۲۸، ۴/۴۳،

اُمُّ الْکِتٰبِ: اصل کتاب، لوحِ محفوظ، قرآن مجید۔ ۴/۴۳،

اُمُّ: حقیقی ماں، جڑ، اصل، جمع اُمَّھَاتٌ ۷/۳، ۳۹/۱۳،

اُمُّ الْکِتٰبِ: اصل کتاب، لوحِ محفوظ، مراد قرآن مجید۔ ۷/۳، ۳۹/۱۳

اَمَّـا: لیکن، سوائے، مگر، حرفِ شرط ہے۔ اکثر تفصیل کے لئے اور کبھی تاکید کے لئے آتا ہے۔ ۲۶/۲، ۷/۳، ۵۶/۳ ...... ۲۹ جگہ

اِمَّـا: اگر، یا، یہ۔ "اِنْ" اور "مـا" سے مرکب ہے، حرفِ تردید ہے۔ ۳۸/۲، ۱۸/۹، ۵/۷ ۲۰ جگہ

اَمَـاتَ: (اف) اس نے موت دی۔ اِمَـاتَۃٌ سے ماضی۔ ۴۴/۵۳،

اَمَاتَہٗ: اس نے اس کو موت دی۔ ۲۵۹/۲،

اَمَاتَہٗ: اس نے اس کو موت دی۔ ۲۱/۸۰،

اَمَّارَۃٌ: بڑا حکم دینے والا۔ اَمْرٌ سے مبالغہ۔ ۵۳/۱۲،

اِمَامًا: امام، پیشوا، رہنما۔ ۱۲۴/۲، ۱۷/۱۱، ۱۲/۴۶، ۷۴/۲۵

اِمَامٍ مُّبِیْنٍ: کھلا راستہ، صاف واضح راستہ۔ ۷۹/۱۵

اِمَامٍ مُّبِیْنٍ: لوحِ محفوظ، واضح کتاب۔ ۱۲/۳۶،

اَمَامَہٗ: اس کے سامنے، اس کے آگے۔ ۵/۷۵

اِمَامِھِمْ: ان کا امام، ان کا پیشوا۔ ۷۱/۱۷

اَمٰنٰتِ. امانتیں، حقوق، واحد اَمَانَۃٌ ۵۸/۴

اَمٰنٰتِکُمْ: تمہاری امانتیں۔ ۲۷/۸،

اَمٰنٰتِھِمْ: ان کی امانتیں۔ ۸/۲۳، ۳۲/۷۰

اَمَانَۃَ: امانت۔ ۷۲/۳۳

اَمَانَتَہٗ: اس کی امانت۔ اس کا حق۔ ۲۸۳/۲،

اَمَانِیَّ: جھوٹی آرزوئیں، تمنائیں، واحد اُمْنِیَّۃٌ ۷۸/۲

اَمَانِیِّ: جھوٹی آرزوئیں، تمنائیں۔ ۱۲۳/۴

اَمَانِیُّ: جھوٹی آرزوئیں، تمنائیں۔ ۱۴/۵۷

اَمَانِیِّکُمْ: تمہاری آرزوئیں۔ ۱۲۳/۴

اَمَانِیُّھُمْ: ان کی آرزوئیں۔ ۱۱۱/۲،

اِمَآئِکُمْ: تمہاری لونڈیاں، واحد اَمَۃٌ ۳۲/۲۴

اَمَۃٌ: لونڈی، باندی، جمع اِمَاءٌ۔ ۲۲۱/۲،

اُمَّۃٌ: امت، جماعت، دین، مدت، طریقہ، اُمٌّ سے ماخوذ ہے۔ جمع اُمَمٌ ۱۲۸/۲، ۱۴۳/۲، ۲۱۳/۲، ۴۸/۵، ۱۹/۱۰، ۱۱۸/۱۱، ۹۳/۱۶، ۱۲۰/۱۶، ۹۲/۲۱، ۴۳/۲۳، ۵۲/۲۳، ۴۳/۲۸، ۳۳/۴۳

اُمَّۃً: امت، جماعت، دین، مدت، طریقہ۔ ۱۱۰/۳، ۳۱/۳، ۱۰۸/۶، ۳۴/۷، ۴۷/۱۰، ۴۹/۱۰، ۸/۱۱، ۴۵/۱۲، ۳۰/۱۳، ۵/۱۵، ۳۶/۱۶، ۸۴/۱۶، ۸۹/۱۶، ۹۲/۱۶، ۳۴/۲۲، ۶۷/۲۲، ۴۴/۲۳، ۸۳/۲۷، ۷۵/۲۸، ۲۴/۳۵، ۵/۴۰، ۸/۴۲، ۲۲/۴۳، ۲۳/۴۳، ۲۸/۴۵،

اُمَّۃٌ: امت، جماعت، دین۔ ۱۳۴/۲، ۱۴۱/۲، ۱۰۴/۳، ۱۱۳/۳، ۶۶/۵، ۳۸/۷، ۱۵۹/۷، ۱۶۴/۷، ۱۸۱/۷، ۹۲/۱۶،

اَمْتًا: ٹیلا، بلندی۔ ۱۰۷/۲۰،

اِمْتَازُوْا: (افت) تم ممتاز ہو جاؤ، تم الگ ہو جاؤ۔ اِمْتِیَازٌ سے امر۔ ۵۹/۳۶،

اِمْتَـحَـنَ: (افت) اس نے امتحان لیا، اس نے آزمایا۔ اِمْتِحَانٌ سے ماضی۔ ۳/۴۹،

اِمْتَـحِـنُوْھُنَّ: تم ان عورتوں کا امتحان لو، ان کو آزمالو۔ ۱۰/۶۰،

اَمْتِعَتِکُمْ: تمہارا مال اسباب، سازوسامان۔ واحد مَتَاعٌ. ۱۰۲/۴،

اُمَتِّـعْـکُنَّ: (تف) میں تجھ کو کچھ فائدہ پہنچادوں گا۔ تَمْتِیْعٌ سے مضارع۔ ۲۸/۳۳،

اُمَتِّعُہٗ: میں اس کو کچھ فائدہ پہنچاؤں گا۔ ۱۲۶/۲،

اُمَّتُکُمْ: تمہارا گروہ، تمہاری جماعت۔ ۹۲/۲۱، ۵۲/۲۳،

اِمْتَلَاْتِ: (افت) تو بھر گئی، تو پر ہو گئی۔ اِمْتِلَاءٌ سے ماضی۔ ۳۰/۵۰،

اَمَتَّنَا: (اف) تو نے ہم کو موت دی۔ اِمَاتَۃٌ سے ماضی۔ ۱۱/۴۰،

آمْثَالَ: مثالیں، مانند، نظیریں، واحد مَثَلٌ و مِثْلٌ ١٧/١٣، ٢٥/١٤، ٤٥/١٤، ٧٤/١٦، ٤٨/١٧، ٣٥/٢٤، ٩/٢٥، ٣٩/٢٥

آمْثَالِ: مثالیں، مانند، نظیریں۔ ٢٣/٥٦،

آمْثَالُ: مثالیں، مانند، نظیریں۔ ٤٣/٢٩، ٢١/٥٩،

آمْثَالَكُمْ: تمہاری مانند، تم جیسے۔ ٣٨/٤٧، ٦١/٥٦،

آمْثَالُكُمْ: تمہاری مانند، تم جیسے۔ ٣٨/٦، ١٩٤/٧،

آمْثَالِهَا: اس کی مانند۔ ١٦٠/٦،

آمْثَالُهَا: اس جیسے۔ ١٠/٤٧،

آمْثَالَهُمْ: ان کی مانند، ان جیسے۔ ٣/٤٧، ٢٨/٧٦،

آمْثَلُهُمْ: ان میں سب سے نیک، سب سے بہتر۔ مَثَالَةٌ سے اسم تفضیل ١٠٤/٢٠،

آمَدًا: مدت، زمانہ دراز۔ ١٢/١٨، ٢٥/٧٢،

آمَدًا: مسافت۔ ٣٠/٣،

آمَدُ: مدت، زمانہ دراز، جمع آمادٌ۔ ١٦/٥٧،

آمْدَدْنٰكُمْ: (اف) ہم نے تمہاری مدد کی۔ اِمْدَادٌ سے ماضی۔ ٦/١٧،

آمْدَدْنٰهُمْ: ہم ان کو دیتے رہیں گے، ہم ان کو مدد دینگے۔ ٢٢/٥٢،

آمَدَّكُمْ: اس نے تمہاری مدد کی۔ اِمْدَادٌ سے ماضی۔ ١٣٢/٢٦، ١٣٣/٢٦،

آمْرَ: (ن) کام، حکم، معاملہ، پہلے دو معنی کے اعتبار سے جمع اُمُورٌ تیسرے معنی کے اعتبار سے جمع اَوَامِرُ۔ ١٥٤/٣، ١٥٠/٧، ٣/١٠، ٣١/١٠، ٥٩/١١، ٩٧/١١، ٢/١٣، ٦٦/١٥، ١٥١/٢٦، ٣٣/٢٨، ٥/٣٢،

آمْرًا: کام، حکم۔ ١١٧/٢، ٤٧/٣، ٤٢/٨، ٤٤/٨، ١٨/١٢، ٨٣/١٢، ٧٩/١٨، ٢١/١٩، ٣٥/١٩، ٤٢/٢٧، ٣٦/٣٣، ٦٨/٤٠، ٥/٤٤، ٤/٥١، ١/٦٥، ٥/٧٩،

آمْرِ: کام، حکم۔ ١٢٨/٣، ١٥٢/٣، ١٥٣/٣، ١٥٩/٣، ٤٩/٤، ٨٣/٤، ٥٤/٧، ٣٣/٨، ١٠٦/٩، ٢٣/١١، ٧٣/١١، ١١/١٣، ٨٥/١٧، ٥٠/١٨، ٢٣/١٩، ٦٧/٢٢، ١٧/٤٥، ١٨/٤٥، ٢٥/٤٦، ٢٦/٤٧، ٧/٤٩، ٩/٤٩، ٤٤/٥١، ٨/٦٥،

آمْرِ: کام، حکم۔ ٥٢/٥، ٦٢/٢٤، ٤/٤٤، ٥/٥٠، ٣/٥٤، ١٢/٥٤، ٤/٩٧،

آمْرُ: کام، حکم۔ ٢١٠/٢، ٤٧/٤، ٨/٦، ٥٨/٦، ٥٤/٧، ٤٨/٩، ٤٤/١١، ٧٦/١١، ٩٧/١١، ١٠١/١١، ١٢٣/١١، ٤١/١٢، ٣١/١٣، ٢٢/١٤، ١/١٦، ٣٣/١٦، ٧٧/١٦، ٣٩/١٩، ٣٣/٢٧، ٤/٣٠، ٣٧/٣٣، ٣٨/٣٣، ٧٨/٤٠، ٢١/٤٧، ١٤/٥٧، ٥/٦٥، ١٢/٦٥، ١٩/٨٢،

آمْرٌ: کام، حکم۔ ٨٣/٤،

آمَرَ: (ن) اس نے حکم دیا۔ اَمْرٌ سے ماضی۔ ٢٧/٢، ١١٤/٤، ٢٩/٧، ٤٠/١٢، ٢١/١٣، ٢٥/١٣، ١٢/٩٦،

آمَرُّ: بہت تلخ، ناگوار، مَرَارَةٌ سے اسم تفضیل ٤٦/٥٤،

اِمْرًا: بھاری، عجیب، انوکھا۔ ٧١/١٨،

اُمِرْتَ: تجھے حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ سے ماضی مجہول ١١٢/١١، ١٥/٤٢،

اُمِرْتُ: مجھے حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ سے ماضی مجہول ١٤/٦، ١٦٣/٦، ٧٢/١٠، ١٠٤/١٠، ٣٦/١٣، ٩١/٢٧، ١١/٣٩، ١٢/٣٩، ٦٦/٤٠، ١٥/٤٢،

آمَرْتُكَ: میں نے تجھ کو حکم دیا۔ ١٢/٧،

آمَرْتَنِي: تو نے مجھ کو حکم دیا۔ ١١٧/٥،

آمَرْتَهُمْ: تو نے ان کو حکم دیا۔ ٥٣/٢٤،

آمَرَكُمْ: اس نے تم کو حکم دیا۔ ٢٢٢/٢،

آمْرُكُمْ: تمہارا کام۔ ٧١/١٠،

آمْرِكُمْ: تمہارا کام۔ ١٦/١٨،

آمْرَكُمْ: تمہارا کام۔ ٧١/١٠،

آمَرْنَا: ہم نے حکم دیا، یہاں امر تکوینی مراد ہے اَمْرٌ سے ماضی۔ ١٦/١٧،

آمَرَنَا: اس نے ہم کو حکم دیا۔ ٢٨/٧،

آمْرُنَا: ہمارا حکم، ہمارا کام۔ ٥٠/٥٤،

آمْرِنَا: ہمارا حکم، ہمارا کام۔ ١٤٧/٣، ١٠/١٨، ٨٨/١٨، ٧٣/٢١،

۲۳/۳۲، ۲۲/۳۲، ۵۲/۳۲،

اَمْرُنَا: ہمارا حکم، ہمارا کام۔ ۴۳/۱۰، ۴۰/۱۱، ۵۸/۱۱، ۶۶/۱۱،
۸۲/۱۱، ۹۴/۱۱، ۲۷/۲۳، ۵۰/۵۴،

اُمِرْنَا: ہم کو حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ سے ماضی مجہول ۷۱/۶،

اَمَرُوْا: انہوں نے حکم دیا۔ ۳۱/۲۴،

اُمِرُوْا: ان کو حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ سے ماضی مجہول۔
۶۰/۴، ۳۱/۹، ۵/۹۸،

اَمَرَهٗ: اس نے اس کو حکم دیا۔ ۲۳/۸۰،

اَمْرُهٗ: اس کا حکم، اس کا کام۔ ۲۷۵/۲، ۲۸/۱۸، ۸۲/۳۶،

اَمْرِهٖ: اس کا حکم۔ ۱۰۹/۲، ۹۵/۵، ۵۳/۷، ۲۴/۹، ۲۱/۱۲، ۳۲/۱۴،
۲/۱۶، ۱۲/۱۶، ۲۷/۲۱، ۸۱/۲۱، ۶۵/۲۲، ۶۳/۲۴، ۶۵/۳۰، ۴۶/۳۰، ۳۶/۳۸،
۱۵/۴۰، ۱۲/۴۵، ۳/۶۵، ۳/۶۵،

اَمْرَهَا: اس (مؤنث) کا حکم، اس کا کام۔ ۱۲/۴۱،

اَمْرِهَا: اس کا حکم۔ ۹/۶۵،

اَمْرَهُمْ: ان کا حکم، ان کا کام۔ ۱۰۲/۱۲، ۲۱/۱۸، ۶۲/۲۰،
۹۳/۲۱، ۵۳/۲۳،

اَمْرِهِمْ: ان کا کام۔ ۱۵/۱۲، ۲۱/۱۸، ۳۶/۳۳، ۱۵/۵۹، ۵/۶۴،

اَمْرُهُمْ: ان کا کام۔ ۱۵۹/۶، ۳۸/۴۲،

اَمَرَهُمْ: اس نے ان کو حکم دیا۔ اَمْرٌ سے ماضی۔
۲۸/۱۲، ۶/۶۶،

اِمْرَاً: آدمی۔ ۲۸/۱۹،

اِمْرُؤٌا: مرد، شخص، انسان۔ ۱۷۶/۴،

اِمْرِیءٍ: آدمی۔ ۱۱/۲۴، ۲۱/۵۲، ۳۸/۷۰، ۵۲/۷۰، ۳۷/۸۰،

اِمْرَاَةً: عورت۔ ۲۳/۲۷، ۵۰/۳۳،

اِمْرَاَةٌ: عورت۔ ۱۲/۴، ۱۲۸/۴،

اِمْرَاَتُ عِمْرٰنَ: عمران کی بیوی، حضرت مریم علیہا السلام کی والدہ ماجدہ۔ ۳۵/۳،

اِمْرَاَتُ الْعَزِيْزِ: عزیز کی بیوی۔ ۳۰/۱۲، ۵۱/۱۲،

اِمْرَاَتَ فِرْعَوْنَ: فرعون کی بیوی ۱۱/۶۶،

اِمْرَاَتُ فِرْعَوْنَ: فرعون کی بیوی ۹/۲۸،

اِمْرَاَتَ لُوْطٍ: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی ۱۰/۶۶،

اِمْرَاَتَ نُوْحٍ: حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی۔ ۱۰/۶۶،

اِمْرَاَتٰنِ: دو عورتیں۔ ۲۸۲/۲،

اِمْرَاَتَكَ: تیری بیوی۔ ۸۱/۱۱، ۳۳/۲۹،

اِمْرَاَتَهٗ: اس کی بیوی۔ ۸۳/۷، ۶۰/۱۵، ۵۷/۲۷، ۳۲/۲۹،

اِمْرَاَتِهٖ: اس کی بیوی۔ ۲۱/۱۲،

اِمْرَاَتُهٗ: اس کی بیوی۔ ۷۱/۱۱، ۲۹/۵۱، ۴/۱۱۱،

اِمْرَاَتِیْ: میری بیوی۔ ۴۰/۳، ۵/۱۹، ۸/۱۹،

اِمْرَاَتَيْنِ: دو عورتیں۔ ۲۳/۲۸،

اَمْرِیْ: میرا حکم، میرا کام۔ ۷۳/۱۸، ۸۲/۱۸، ۲۶/۲۰، ۳۲/۲۰،
۹۰/۲۰، ۹۳/۲۰، ۳۲/۲۷، ۴۴/۴۰،

اَمْسِ: گذشتہ کل، ظرف زمان ہے۔ ۲۴/۱۰، ۱۸/۲۸،
۱۹/۲۸، ۸۲/۲۸،

اِمْسَاكٌ: (اف) روک رکھنا، بند رکھنا، مصدر ہے۔ ۲۲۹/۲،

اِمْسَحُوْا: (اف) تم مسح کرو، تم پونچھو، تم ہاتھ پھیرو، مَسْحٌ سے امر۔ ۴۳/۴، ۶/۵،

اَمْسِكْ: (اف) تو روک کر رکھ، تو نہ دے۔ اِمْسَاكٌ سے امر۔ ۳۷/۳۳، ۳۹/۳۸،

اَمْسَكَ: اس نے روک رکھا، اس نے بند رکھا۔ ۲۱/۶۷،

اَمْسَكْتُمْ: تم نے روک کر رکھا، تم نے بند رکھا ۱۰۰/۱۷،

اَمْسَكْنَ: انہوں (مؤنث) نے روک کر رکھا انہوں نے بند رکھا۔ ۴/۵،

اَمْسِكُوْهُنَّ: ان عورتوں کو روک کر رکھو، ان

کو رکھ لو، ۲۳۱/۲، ۱۵/۴، ۲/۶۵،

أَمْسَكَهُمَا: اس نے ان دونوں کو روک رکھا ۴۱/۳۵،

أَمْشَاجٍ: ملے ہوئے، مخلوط، واحد مَشَجٌ، و مَشِجٌ اور مِشْجٌ. ۲/۷۶،

اِمْشُوْا: (ض) تم چلو، تم پھرو۔ مَشْیٌ سے امر ۶/۳۸،

اُمْضُوْا: (ن ض) تم چلے جاؤ، تم گزر جاؤ۔ مُضِیٌّ سے امر۔ ۶۵/۱۵،

أَمْضِيَ: (ن ض) میں چلا جاؤں گا، میں گزر جاؤں گا، مُضِیٌّ سے مضارع۔ ۶۰/۱۸،

أَمْطِرْ: (اف) تو برسا۔ اِمْطَارٌ سے امر۔ ۳۲/۸،

أُمْطِرَتْ: اس (بستی) پر برسایا گیا۔ اِمْطَارٌ سے ماضی مجہول۔ ۴۰/۲۵،

أَمْطَرْنَا: ہم نے برسایا۔ اِمْطَارٌ سے ماضی۔ ۸۴/۷، ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵، ۱۷۳/۲۶، ۵۸/۲۷،

أَمْعَاءَ هُمْ: ان کی آنتیں، واحد مَعًی و مِعًاءٌ ۱۵/۴۷،

أُمَّكَ: تیری ماں۔ ۳۸/۲۰، ۴۰/۲۰،

أُمُّكِ: تیری ماں۔ ۲۸/۱۹،

اُمْكُثُوْا: (ن) تم ٹھیرے رہو۔ مَكْثٌ سے امر۔ ۱۰/۲۰، ۲۹/۲۸،

أَمْكَنَ: (اف) اس نے پکڑوایا، اس نے قابو دلوایا۔ اِمْكَانٌ سے ماضی۔ ۷۱/۸،

أَمَلاً: آرزو رکھنا، امید رکھنا، مصدر ہے۔ ۴۶/۱۸،

أَمَلُ: (ن) آرزو۔ امید۔ توقع۔ جمع آمَالٌ. ۳/۱۵،

أَمْلَى: (اف) اس نے دور کی سجھائی۔ اس نے ڈھیل دلائی، اس نے مہلت دلائی۔ اِمْلاءٌ سے ماضی۔ ۲۵/۴۷،

إِمْلاَقٍ: (اف) افلاس، ناداری، تنگ دستی۔ مصدر ہے۔ ۱۵۱/۶، ۳۱/۱۷،

أَمْلِكُ: (ض) میں مالک ہوں، میں اختیار رکھتا ہوں۔ مُلْكٌ سے مضارع۔ ۲۵/۵، ۱۸۸/۷، ۴۹/۱۰، ۳/۶۰، ۲۱/۷۲،

أَمْلَئَنَّ: (ف) میں ضرور بھر دوں گا۔ مَلاءٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۸/۷، ۱۱۹/۱۱، ۱۳/۳۲، ۸۵/۳۸،

أُمْلِيْ: میں ڈھیل دوں گا۔ اِمْلاءٌ سے مضارع ۱۸۳/۷، ۴۵/۶۸،

أَمْلَيْتُ: میں نے ڈھیل دی۔ اِمْلاءٌ سے ماضی ۳۲/۱۳، ۴۴/۲۲، ۴۸/۲۲،

أُمَمًا: امتیں، جماعتیں، گروہ، واحد اُمَّةٌ. ۱۶۰/۷، ۱۶۸/۷،

أُمَمٍ: امتیں، گروہ، واحد اُمَّةٌ. ۴۲/۳۵،

أُمَمٍ: امتیں، گروہ۔ ۳۴/۶، ۳۸/۷، ۳۸/۱۱، ۴۳/۱۶، ۲۵/۴۱، ۱۸/۴۶،

أُمَمٌ: امتیں، گروہ۔ ۳۸/۶، ۴۸/۱۱، ۳۰/۱۳، ۱۸/۲۹،

أُمِّ مُوْسٰى: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ۔ ۱۰/۲۸،

أَمَّنْ: یا کون، بھلا کون، بھلا جو، ہمزۂ استفہام اور من (اسم موصول) سے مرکب ہے۔ ۳۱/۱۰، ۳۵/۱۰، ۶۰/۲۷، ۶۱/۲۷، ۶۲/۲۷، ۶۳/۲۷، ۶۴/۲۷، ۹/۳۹،

أَمِنَ: وہ بے خوف ہو گیا، اس نے اعتبار کیا۔ اَمْنٌ سے ماضی۔ ۲۸۳/۲، ۹۷/۷، ۹۸/۷،

أَمْنًا: امن۔ ۱۲۵/۲، ۵۵/۲۴،

أَمْنِ: (س) امن۔ بے خوفی۔ دلجمعی، مصدر ہے ۸۳/۴، ۸۱/۶،

أَمَنَةً: امن، چین۔ مصدر ہے۔ ۱۵۴/۳، ۱۱/۸،

أَمِنْتُكُمْ: میں نے تمہارا اعتبار کیا، میں نے تم پر اعتماد کیا۔ اَمْنٌ سے ماضی۔ ۶۴/۱۲،

أَمِنْتُمْ: تم امن میں ہوئے، تم مطمئن ہوئے، تم

بے خوف ہوئے۔ ۱۹۶/۲ ۲۳۹/۲ ۶۸/۱۷ ۶۹/۱۷ ۱۶/۶۷ ۱۷/۶۷

اُمْنُنْ: (ن) تو بخش دے تو دے یا احسان کر۔ مَنّ سے امر۔ ۳۹/۳۸

اَمِنُوا: وہ امن میں ہو گئے، وہ بے خوف ہو گئے، وہ مطمئن ہو گئے۔ ۹۹/۷، ۱۰۷/۱۲

اُمْنِیَّتِہٖ: اس کی آرزو، اس کی تمنا، اس کا خیال۔ جمع اَمَانِیّ۔ ۵۲/۲۲

اُمَنِّیَنَّھُمْ: (تف) میں ان کو امیدیں دلاؤں گا۔ تَمْنِیَۃ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۱۹/۴

اَمْوَاتًا: مردے، واحد مَیْت ۲۸/۲، ۱۶۹/۳ ۲۶/۷۷

اَمْوَاتٌ: مردے۔ ۲۲/۳۵

اَمْوَاتٌ: مردے۔ ۱۵۴/۲ ۲۱/۱۶

اَمْوَالَ: مال، واحد مَال۔ ۱۰/۳ ۱۱۶/۳ ۳۴/۹

اَمْوَالًا: مال۔ ۶۹/۹ ۸۸/۱۰ ۳۵/۳۴

اَمْوَالِ: مال۔ ۱۵۵/۲، ۱۸۸/۲، ۶۴/۱۷ ۳۹/۳۰ ۲۰/۵۷

اَمْوَالٍ: مال۔ ۶/۱۷ ۱۲/۷۱

اَمْوَالٌ: مال۔ ۲۴/۹

اَمْوَالَکُمْ: تمہارے مال۔ ۱۸۸/۲، ۲/۴ ۲۹/۴ ۳۶/۴۷

اَمْوَالِکُمْ: تمہارے مال۔ ۲۷۹/۲ ۱۸۶/۳ ۲/۴ ۲۴/۴ ۴۱/۹ ۱۱/۶۱

اَمْوَالُکُمْ: تمہارے مال۔ ۲۸/۸ ۳۷/۳۴ ۹/۶۳ ۱۵/۶۴

اَمْوَالِنَا: ہمارے مال۔ ۸۷/۱۱

اَمْوَالُنَا: ہمارے مال۔ ۱۱/۴۸

اَمْوَالَھُمْ: ان کے مال۔ ۲۶۱/۲ ۲۶۲/۲ ۲۶۴/۲ ۲/۴ ۶/۴ ۳۸/۴ ۳۶/۸ ۱۱۱/۹ ۲۷/۳۳

اَمْوَالَھُمُ: ان کے مال۔ ۲۶۵/۲

اَمْوَالِھِمْ: ان کے مال۔ ۳۴/۴ ۹۵/۴ ۷۲/۸ ۲۰/۹ ۴۴/۹ ۸۱/۹ ۸۵/۹ ۱۰۳/۹ ۸۸/۱۰ ۱۵/۴۹ ۱۹/۵۱ ۸/۵۹ ۲۴/۷۰

اَمْوَالُھُمْ جن کے مال۔ ۱۰/۳، ۱۱۶/۳، ۵۵/۹ ۶۹/۹ ۱۷/۵۸

اَمُوْتُ: میں مروں گا۔ ۳۳/۱۹

اُمُوْرَ: کام، معاملات، مشاغل، واحد۔ اَمْرٌ ۴۸/۹

اُمُوْرِ: کام۔ معاملات۔ ۱۸۶/۳ ۴۱/۲۲ ۱۷/۳۱ ۲۲/۳۱ ۴۳/۴۲

اُمُوْرُ: کام، معاملات۔ ۲۱۰/۲ ۱۰۹/۳ ۴۴/۸ ۷۶/۲۲ ۴/۳۵ ۵۳/۴۲ ۵/۵۷

اُمَّہٗ: اس کی ماں۔ اس کی والدہ۔ ۷۵/۵، ۵۰/۲۳

اُمِّہٖ: اس کی ماں۔ ۱۱/۴

اُمِّہٖ: اس کی ماں۔ ۱۳/۲۸ ۳۵/۸۰

اُمُّہٗ: اس کی ماں۔ ۱۷/۵ ۱۴/۳۱ ۱۵/۴۶

اُمُّہٗ: اس کا ٹھکانا۔ ۹/۱۰۱

اُمِّھَا: اس کی ماں، ان کی بڑی بستی، ان کا صدر مقام۔ ۵۹/۲۸

اُمَّھٰتُ: مائیں، واحد اُمّ۔ ۲۳/۴

اُمَّھٰتِکُمْ: تمہاری مائیں۔ ۷۸/۱۶ ۶۱/۲۴ ۴/۳۳ ۶/۳۳ ۳۲/۵۳

اُمَّھٰتُکُمْ: تمہاری مائیں۔ ۲۳/۴

اُمَّھٰتُکُمُ: تمہاری مائیں۔ ۲۳/۴

اُمَّھٰتِھِمْ: ان کی مائیں۔ ۲/۵۸

اُمَّھٰتُھُمْ: ان کی مائیں۔ ۶/۳۳ ۲/۵۸

اَمْھِلْھُمْ: تو ان کو مہلت دے، تو ان کو ڈھیل دے۔ اِمْھَال سے امر۔ ۱۷/۸۶

اُمِّیَّ: ان پڑھ۔ اُمّی، ناخواندہ۔ ۱۵۷/۷

اُمِّیِّ: ان پڑھ، ناخواندہ۔ ۱۵۸/۷

اُمِّیَ: میری ماں، میری والدہ۔ ۱۱۶/۵

اُمِیْتُ: (ف) میں موت دیتا ہوں، میں مارتا ہوں۔ اِمَاتَۃ سے مضارع۔ ۲۵۸/۲

اَمِیْنٌ: امانت دار، امن والا، اعتبار والا۔ اَمَانَۃ

اور اَمْنٌ سے اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں ہو سکتے ہیں کیونکہ فَعِیْلٌ کا وزن دونوں میں مشترک ہے۔ ٣/٩٥

اَمِیْنٍ: امانت دار، امن والا۔ ٥١/٤٤، ٢١/٨١

اَمِیْنٌ: امانت دار، امن والا، ١٩٣/٢٦، ٢٦/٢٨

اَمِیْنٌ: امانت دار، امن والا، امور مملکت کا راز دان۔ ٦٨/٧، ٥٤/١٢، ١٠٧/٢٦، ١٢٥/٢٦، ١٤٣/٢٦، ١٦٢/٢٦، ١٧٨/٢٦، ٣٩/٢٧، ١٨/٤٤

اُمِّیُّوْنَ: ان پڑھ، ناخواندہ، واحد اُمِّیٌّ۔ ٧٨/٢

اُمِّیّٖنَ: اَن پڑھ، ناخواندہ۔ جاہل۔ ٢٠/٣، ٧٥/٣، ٢/٦٢

ء ن

اَنْ: کہ، یہ کہ، حرف ناصب۔ ٢٧/٢، ٦٧/٢، ٩٠/٢ ...... ٣٠٥ جگہ

اِنْ: اگر، نہیں، حرف شرط و نفی۔ ٢٣/٢، ٣١/٢، ٨٠/٢ ...... ٣١٣ جگہ

اَنَّ: تحقیق، بے شک، یقیناً، حرف مشبہ بالفعل۔ ٢٥/٢، ٢٦/٢ ...... ١٠٣ جگہ

اِنَّ: تحقیق، بے شک، یقیناً، حرف مشبہ بالفعل ١٢٠/٢، ٦٢/٢، ٦٧/٢ ...... ٣٧٧ جگہ

اَنَا: میں، ضمیر واحد متکلم۔ ١٢٠/٢، ٨١/٣ ...... ٥٤ جگہ

اَنَّا: بے شک ہم، حرف مشبہ بالفعل، یہ "اَنَّ" اور ضمیر جمع متکلم "نا" سے مرکب ہے۔ ٤٧/٢، ٩٣/٢، ٦٦/٢ ...... ٢٨ جگہ

اِنَّا: بے شک ہم، حرف مشبہ بالفعل، یہ "اِنَّ" اور ضمیر جمع متکلم "نا" سے مرکب ہے، ١٤/٢، ١١٩/٢، ٥٦/٢ ...... ٣٩ جگہ

اَنّٰى: جب، کیونکہ، جہاں، اسم ظرف ہے، زمان و مکان دونوں کے لئے آتا ہے۔ ٢٢٣/٢، ٢٤٧/٢، ٢٥٩/٢، ٣٧/٣، ٤٠/٣، ٤٧/٣، ١٦٥/٣، ٧٥/٥، ٩٥/٦، ١٠١/٦، ٣٠/٩، ٣٢/١٠، ٣٤/١٠، ٨/١٩، ٢٠/١٩، ٨٩/٢٣، ٥٢/٣٤، ٣/٣٥، ٦٦/٣٦، ٦/٣٩، ٦٢/٤٠، ٦٩/٤٠، ٨٧/٤٣، ١٣/٤٤، ١٨/٤٧، ٤/٦٣، ٣٣/٨٩

اَنَابَ: (اف) وہ متوجہ ہوا، وہ رجوع ہوا۔ اِنَابَةٌ سے ماضی۔ ٢٧/١٣، ١٥/٣١، ٢٣/٣٨، ٣٤/٣٨

اَنَابُوْا: وہ متوجہ ہوئے، وہ رجوع ہوئے۔ ١٧/٣٩

اِنٰثًا: عورتیں، واحد اُنْثٰی۔ ١١٧/٤

اِنَاثًا: عورتیں۔ ٤٠/١٧، ١٥٠/٣٧، ٤٩/٤٢، ٥٠/٤٢، ١٩/٤٣

اُنَاسٍ: انسان، واحد اِنْسٌ اور اِنْسِیٌّ۔ ٦٠/٢، ١٦٠/٧، ٧١/١٧

اُنَاسٌ: انسان، لوگ۔ ٨٢/٧، ٥٦/٢٧

اَنَاسِیَّ: انسان، لوگ، واحد اِنْسَانٌ اور اِنْسِیٌّ ٤٩/٢٥

اَنَام: خلق، جن و انس، جو کچھ زمین پر ہے۔ ١٠/٥٥

اَنَامِلَ: انگلیاں۔ واحد اَنْمِلَةٌ۔ ١١٩/٣

اِنٰهُ: اس کا پکنا، اس کا تیار ہونا۔ مصدر ہے۔ ٥٣/٣٣

اَنْبَآءِ: خبریں، واحد نَبَأٌ۔ ٣/٥٣، ٤٤/٣، ٤٩/١١، ١٠٠/١١، ١٢٠/١١، ١٠٢/١٢، ٩٩/٢٠

اَنْبَآءُ: خبریں۔ ٦٦/٢٨

اَنْبٰٓؤُا: خبریں۔ ٥/٦، ٦/٢٦

اَنْبَآئِكُمْ: تمہاری خبریں ٢٠/٣٣

اَنْبَآئِهَا: اس کی خبریں۔ ١٠١/٧

اَنْبَاَكَ: (اف) اس نے مجھ کو خبر دی۔ اِنْبَاءٌ سے ماضی۔ ٣/٦٦

اَنْبَاَهُمْ: اس نے ان کو خبر دی۔ ٣٣/٢

اَنْبَتَتْ: (اف) وہ اُگی، اس نے اُگایا۔ اِنْبَاتٌ سے ماضی۔ ٢٦١/٢، ٥/٢٢

اَنْبَتَكُمْ: اس نے تم کو اگایا۔ ١٧/٧١

اَنْبَتْنَا: ہم نے اگایا۔ ۱۹/۱۵، ۷/۲۶، ۶۰/۲۷، ۱۰/۳۱، ۱۴۶/۳۷، ۷/۵۰، ۹/۵۰، ۲۷/۸۰

اَنْبَتَهَا: اس نے اس کو اگایا۔ ۳۷/۳

اِنْبَجَسَتْ: (ان ف) وہ پھوٹ نکلی۔ اِنْبِجَاسٌ سے ماضی۔ ۱۶۰/۷

اِنْبِذْ: (ض) تو واپس کردے، تو پھینک دے۔ نَبْذٌ سے امر۔ ۵۸/۸

اِنْبِعَاثَهُمْ: (انف) ان کا اٹھنا، ان کا جانا۔ اِنْبِعَاثٌ مصدر۔ ۴۶/۹

اِنْبَعَثَ: وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ اِنْبِعَاثٌ سے ماضی ۱۲/۹۱

اَنَبْنَا: (اف) ہم متوجہ ہوئے، ہم رجوع ہوئے اِنَابَةٌ سے ماضی۔ ۴/۶۰

اُنَبِّئُكَ: (تف) میں تجھے خبر دوں، میں تجھے بتاؤں۔ تَنْبِئَةٌ سے مضارع۔ ۷۸/۱۸

اُنَبِّئُكُمْ: میں تم کو خبر دوں۔ ۱۵/۳، ۴۹/۳، ۶۰/۵، ۴۵/۱۲، ۷/۳۴، ۲۲۱/۲۶، ۸/۳۹، ۱۵/۳۱

اَنْبِئُوْنِیْ: (اف) تم مجھے خبر دو، تم مجھے بتاؤ۔ اِنْبَاءٌ سے امر۔ ۳۱/۲

اَنْبِئْهُمْ: تو ان کو بتادے۔ ۳۳/۲

اَنْبِيَاءَ: پیغمبر۔ ۹۱/۲، ۱۱۲/۳، ۱۸۱/۳، ۱۵۵/۴، ۲۰/۵

اَنْتَ: تو (ایک مرد) ضمیر واحد مذکر حاضر مرفوع منفصل۔ ۱۲۷/۲، ۱۲۹/۲، ۱۳۵/۲ ...... ۵۸ جگہ

اِنْتَبَذَتْ: (افت) وہ علیحدہ ہوئی، وہ الگ چلی گئی۔ اِنْتِبَاذٌ سے ماضی۔ ۱۶/۱۹، ۲۲/۱۹

اِنْتَثَرَتْ: (افت) وہ جھڑ گئی، وہ بکھر گئی۔ اِنْتِثَارٌ سے ماضی۔ ۲/۸۲

اِنْتَشِرُوْا: (افت) تم منتشر ہو جاؤ، تم پھیل جاؤ اِنْتِشَارٌ سے امر۔ ۵۳/۳۳، ۱۰/۶۲

اِنْتَصَرَ: (افت) اس نے بدلہ لیا۔ اس نے مدد طلب کی۔ اِنْتِصَارٌ سے ماضی۔ ۴۱/۴۲، ۳۹/۴۲

اِنْتَصِرْ: تو بدلہ لے۔ اِنْتِصَارٌ سے امر۔ ۱۰/۵۴

اِنْتَصَرُوْا: انہوں نے بدلہ لیا۔ ۲۲۷/۲۶

اِنْتَظِرْ: (افت) تو منتظر رہ، تو انتظار کر۔ اِنْتِظَارٌ سے امر۔ ۳۰/۳۲

اِنْتَظِرُوْا: تم منتظر رہو، تم انتظار کرو۔ ۱۵۸/۶، ۷۱/۷، ۲۰/۱۰، ۱۰۲/۱۰، ۱۲۲/۱۱

اِنْتِقَام: (افت) انتقام لینے والا، بدلہ لینے والا مصدر ہے۔ ۴/۳، ۹۵/۵، ۴۷/۱۴، ۳۷/۳۹

اِنْتَقَمْنَا: ہم نے بدلہ لیا۔ اِنْتِقَامٌ سے ماضی ۱۳۶/۷، ۷۹/۱۵، ۴۷/۳۰، ۲۵/۴۳، ۵۵/۴۳

اَنْتُمْ: تم (سب مرد) ضمیر جمع مذکر حاضر مرفوع و منفصل۔ ۲۲/۲، ۴۲/۲، ۵۰/۲ ...... ۹۷ جگہ

اَنْتُمَا: تم دونوں۔ ۳۵/۲۸

اِنْتَهٰى: وہ باز آگیا، اس نے ترک کردیا۔ اِنْتِهَاءٌ سے ماضی۔ ۲۷۵/۲

اِنْتَهَوْا: (افت) وہ باز رہیں، وہ ترک کردیں۔ اِنْتِهَاءٌ سے ماضی۔ ۱۹۲/۲، ۱۹۳/۲، ۳۹/۸

اِنْتَهُوْا: تم باز رہو، تم ترک کردو۔ اِنْتِهَاءٌ سے امر۔ ۱۷۱/۴، ۷/۵۹

اُنْثٰى: مؤنث، عورت، مادہ۔ ۱۷۸/۲، ۳۶/۳، ۱۹۵/۳، ۱۲۴/۴، ۸/۱۳، ۵۸/۱۶، ۹۷/۱۶، ۱۱/۳۵، ۴۰/۴۰، ۴۷/۴۱، ۱۳/۴۹، ۲۱/۵۳، ۲۷/۵۳، ۴۵/۵۳، ۳۹/۷۵، ۳/۹۲

اُنْثَيَيْنِ: دو عورتیں۔ ۱۱/۴، ۱۷۶/۴، ۱۴۳/۶، ۱۴۴/۶

اَنْجٰكُمْ: اس نے تم کو نجات دی، اس نے تم کو بچالیا۔ اِنْجَاءٌ سے ماضی۔ ۶/۱۴

اَنْجٰنَا: اس نے ہم کو نجات دی، اس نے ہم کو

بچالیا۔ ۳۳/۶

اَنْجٰهُ: اس نے اس کو نجات دی، اس نے اس کو بچالیا۔ ۲۴/۲۹

اَنْجٰهُمْ: اس نے ان کو نجات دی، اس نے ان کو بچالیا۔ ۲۳/۱۰

اَنْجَيْتَنَا: (ف) تو نے ہم کو نجات دی۔ تو نے ہم کو بچالیا۔ اِنْجَاءٌ سے ماضی۔ ۲۲/۱۰

اِنْجِيْلَ: آسمانی کتاب کا نام جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ۳/۳ ۴۸/۳ ۴۶/۵ ۶۶/۵ ۶۸/۵ ۱۱۰/۵ ۲۷/۵۷

اِنْجِيْلِ: آسمانی کتاب کا نام ۴۷/۵ ۱۵۷/۷ ۱۱۱/۹ ۲۹/۴۸

اِنْجِيْلُ: آسمانی کتاب کا نام۔ ۶۵/۳

اَنْجَيْنَا: ہم نے نجات دی، ہم نے بچالیا۔ ۱۶۵/۷ ۱۱۶/۱۱ ۶۵/۲۹ ۵۳/۲۷

اَنْجَيْنٰكُمْ: ہم نے تم کو نجات دی۔ ۵۰/۲ ۱۴۱/۷ ۸۰/۲۰

اَنْجَيْنٰهُ: ہم نے اس کو نجات دی، ہم نے اس کو بچالیا۔ ۶۴/۷ ۷۲/۷ ۸۳/۷ ۱۱۹/۲۶ ۵۷/۲۷ ۱۵/۲۹

اَنْجَيْنٰهُمْ: ہم نے ان کو نجات دی، ہم نے ان کو بچالیا۔ ۹/۲۱

اِنْحَرْ: (ف) تو قربانی کر۔ نَحْرٌ سے امر۔ ۲/۱۰۸

اَنْدَادًا: شریک، ہم سر، مقابل، واحد نِدٌّ۔ ۲۲/۲ ۱۶۵/۲ ۳۰/۱۴ ۳۳/۳۴ ۸/۳۹ ۹/۴۱

اَنْذَرَ: (ف) اس نے ڈرایا۔ اِنْذَارٌ سے ماضی ۲۱/۴۶

اَنْذِرْ: تو ڈرا۔ اِنْذَارٌ سے امر۔ ۵۱/۶ ۲/۱۰ ۴۴/۱۴ ۲۱۴/۲۶ ۱/۷۱ ۲/۷۴

اُنْذِرَ: وہ ڈرایا گیا۔ اِنْذَارٌ سے ماضی مجہول۔ ۶/۳۶

اَنْذَرْتُكُمْ: میں نے تم کو ڈرایا۔ ۱۳/۴۱ ۱۴/۹۲

اَنْذَرْتَهُمْ: تو نے ان کو ڈرایا۔ ۶/۲ ۱۰/۳۶

اُنْذِرُكُمْ: میں تم کو ڈراؤں۔ اِنْذَارٌ سے مضارع۔ ۱۹/۶

اُنْذِرُكُمْ: میں تم کو ڈراؤں۔ ۴۵/۲۱

اَنْذَرْنٰكُمْ: ہم نے تم کو ڈرایا۔ ۴۰/۷۸

اَنْذِرُوْا: تم ڈراؤ۔ ۲/۱۶

اُنْذِرُوْا: وہ ڈرائے گئے۔ اِنْذَارٌ سے ماضی مجہول۔ ۵۶/۱۸

اَنْذَرَهُمْ: اس نے ان کو ڈرایا۔ ۳۶/۵۴

اَنْذِرْهُمْ: تو ان کو ڈرا۔ ۳۹/۱۹ ۱۸/۴۰

اَنْزَلَ: (ف) اس نے نازل کیا، اس نے اتارا اِنْزَالٌ سے ماضی۔ ۲۲/۲، ۹۰/۲، ۹۱/۲، ۱۶۴/۲ ۱۷۰/۲ ۱۷۴/۲ ۲۱۳/۲ ۲۳۱/۲ ۳/۳ ۴/۳ ۷/۳ ۱۵۴/۳ ۶۱/۴ ۱۱۳/۴ ۱۳۶/۴، ۱۶۶/۴، ۴۴/۵ ۴۵/۵ ۴۷/۵ ۴۸/۵، ۴۹/۵ ۱۰۴/۵ ۹۱/۶ ۹۳/۶ ۹۹/۶...... ۶۳ جگہ

اَنْزِلْ: تو نازل کر، تو اتار۔ ۱۱۴/۵

اُنْزِلَ: وہ نازل کیا گیا۔ وہ اتارا گیا۔ اِنْزَالٌ سے ماضی مجہول۔ ۴/۲، ۹۱/۲، ۱۰۲/۲، ۱۳۶/۲، ۱۸۵/۲، ۷۲/۳ ۸۴/۳، ۱۹۹/۳، ۶۰/۴، ۱۶۲/۴، ۵۹/۵، ۶۴/۵، ۶۶/۵، ۶۸/۵ ۸۱/۵ ۸۳/۵ ۸/۶ ۱۵۶/۶ ۱۵۷/۶ ۲/۷ ۳/۷ ۱۵۷/۷ ۲۰/۱۰ ۱۲/۱۱ ۴۹ جگہ

اَنْزَلْتَ: تو نے نازل کیا، تو نے اتارا۔ ۵۳/۳ ۲۴/۲۸

اَنْزَلْتُ: میں نے نازل کیا۔ میں نے اتارا۔ ۴۱/۲

اُنْزِلَتْ: وہ نازل کی گئی، وہ اتاری گئی۔ ۶۵/۳

اُنْزِلَتْ: وہ نازل کی گئی۔ ۸۶/۹ ۱۲۴/۹ ۱۲۷/۹ ۸۷/۲۸ ۲۰/۴۷

اَنْزَلْتُمُوْهُ: تم نے اس کو نازل کیا۔ ۶۹/۵۶

اَنْزَلْنَا: ہم نے نازل کیا، ہم نے اتارا۔ ۵۷/۲ ۵۹/۲ ۹۹/۲ ۱۵۹/۲ ۱۰۵/۴ ۱۷۴/۴ ۴۴/۵ ۴۸/۵ ۸/۶ ۲۶/۷ ۵۷/۷ ۱۶۰/۷ ۴۱/۸ ۹۴/۱۰ ۲۲/۱۵ ۹۰/۱۵ ۴۴/۱۶ ۶۴/۱۶

۲/۲۰، ۱۰/۲۱، ۵/۲۲، ۱۸/۲۳، ۱/۲۳، ۳۳/۲۴، ۳۶/۲۴، ۴۰ جگہ

اَنْزَلْنٰهُ: ہم نے اس کو نازل کیا۔ ۹۲/۶، ۱۵۵/۶، ۲۳/۱۰،
۲/۱۲، ۳۷/۱۳، ۱/۱۴، ۱۶/۲۲، ۱۰۵/۱۷، ۴۵/۱۸، ۱۱۳/۲۰، ۵۰/۲۱، ۱۶/۲۲
۲۹/۳۸، ۳/۴۴، ۱/۹۷

اَنْزَلْنٰهَا: ہم نے اس کو نازل کیا۔ ۱/۲۴

اَنْزِلْنِیْ: مجھ کو نازل کر، مجھ کو اتار۔ ۲۹/۲۳

اَنْـزَلَـهٗ: اس نے اس کو نازل کیا، اس نے اس کو اتارا۔ ۶/۲۵

اَنْـزَلَـهٗ: اس نے اس کو نازل کیا، اس نے اس کو اتارا۔ ۱۶۶/۴، ۵/۶۵

اِنْسَ: انسان، آدمی۔ جمع اُناسٌ۔ ۵۶/۵۱

اِنْــسِ: انسان، آدمی۔ ۱۱۲/۶، ۱۲۸/۶، ۱۳۰/۶، ۳۸/۷،
۱۷۹/۷، ۱۷/۲۷، ۲۹/۴۱، ۳۵/۴۱، ۱۸/۴۶، ۳۳/۵۵، ۶/۷۲

اِنْسُ: انسان، آدمی۔ ۸۸/۱۷، ۵/۷۲

اِنْسٌ: انسان، آدمی۔ ۳۹/۵۵، ۵۶/۵۵، ۷۴/۵۵

اَنْسَابَ: نسب، رشتے داریاں، قرابتیں واحد نَسَبٌ۔ ۱۰۱/۲۳

اِنْسَانَ: انسان، آدمی، مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۱۲/۱۰، ۹/۱۱، ۳۴/۱۴، ۲۶/۱۵،
۳/۱۶، ۶۲/۲۲، ۱۲/۲۳، ۸/۲۹، ۱۴/۳۱، ۸/۳۹، ۴۹/۳۹، ۳۸/۴۲، ۱۵/۴۳
۱۵/۴۶، ۱۶/۵۰، ۳/۵۵، ۱۴/۵۵، ۱۹/۷۰، ۲/۷۶، ۳/۹۰، ۴/۹۵، ۲/۹۶
۵/۹۶، ۶/۹۶، ۶/۱۰۰، ۲/۱۰۳

اِنْسَانِ: انسان، آدمی۔ ۵/۱۲، ۵۳/۱۷، ۸۳/۱۷، ۲۹/۲۵، ۶/۳۲
۵۱/۳۶، ۲۳/۵۳، ۳۹/۵۳، ۱۶/۵۹، ۱/۷۶

اِنْسَانِ: انسان، آدمی۔ ۱۳/۱۷

اِنْسَــانُ: انسان، آدمی، یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ اَنَسٌ سے مشتق ہے جس کے معنی ظہور کے ہیں۔ کیونکہ انسان ظاہری آنکھ سے دکھائی دیتا ہے، بعض کہتے ہیں۔ اُنْسٌ (دلی وابستگی) سے مشتق ہے کیونکہ انسان باہم مانوس ہوتے ہیں۔ بعض نے کہا کہ انسان۔ نِسْیَانٌ (بھولنا) سے مشتق ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کو ایک حکم دیا گیا تھا مگر وہ بھول گئے۔ ۲۸/۴، ۱۱/۱۷، ۶۷/۱۷، ۱۰۰/۱۷، ۵۴/۱۸، ۶۶/۱۹،
۶۷/۱۹، ۳۷/۲۱، ۷۲/۳۳، ۷/۳۹، ۴۹/۴۱، ۳/۷۵، ۵/۷۵، ۱۰/۷۵، ۱۳/۷۵،
۱۴/۷۵، ۳۶/۷۵، ۳۵/۷۹، ۱۷، ۳۴/۸۰، ۶/۸۲، ۶/۸۴، ۵/۸۶، ۱۵/۸۹،
۲۳/۸۹، ۳/۹۹

اَنْسٰنِیْهُ: (ف) اس نے مجھ کو وہ (مچھلی) بھلا دی۔ اِنْسَاءٌ سے ماضی۔ ۶۳/۱۸

اَنْسٰهُ: اس نے اس کو بھلا دیا۔ ۴۲/۱۲

اَنْسٰهُمْ: اس نے ان کو بھلا دیا۔ ۱۹/۵۸، ۱۹/۵۹

اِنْسَلَخَ: (ف) وہ نکل گیا، وہ گزر گیا۔ اِنْسِلَاخٌ سے ماضی۔ ۱۷۵/۷، ۵/۹

اَنْسَوْكُمْ: (ف) انہوں نے تم کو بھلا دیا۔ اِنْسَاءٌ سے ماضی۔ ۱۱۰/۲۳

اِنْسِیًّا: انسان، آدمی۔ جمع اُنَاسِیٌّ۔ ۲۶/۱۹

اِنْشَآءً: (ف) پیدا کرنا، پرورش کرنا۔ مصدر ہے ۳۵/۵۶

اَنْشَــرْنَـا: (ف) ہم نے زندہ کر دیا، ہم نے اٹھا کھڑا کیا۔ اِنْشَارٌ سے ماضی۔ ۱۱/۴۳

اَنْشَـرَهٗ: اس نے اس کو زندہ کر دیا، اس نے اس کو اٹھایا۔ اِنْشَارٌ سے ماضی۔ ۲۲/۸۰

اُنْشُزُوْا: (ن ض) تم اٹھ کھڑے ہو۔ نَشْزٌ سے امر۔ ۱۱/۵۸

اِنْشَقَّ: (ف) وہ شق ہو گیا، وہ پھٹ گیا۔ اِنْشِقَاقٌ سے ماضی۔ ۱/۵۴

اِنْشَقَّتْ: وہ شق ہوگئی، وہ پھٹ گئی۔ ١/٨٤،

اِنْشَقَّتِ: وہ شق ہوگئی۔ وہ پھٹ گئی۔ ٣٧/٥٥، ١٦/٦٩،

اَنْشَاَ: (اف) اس نے پیدا کیا، اس نے پرورش کی۔ اِنْشَاءٌ سے ماضی۔ ١٤١/٦، ٧٨/٢٣،

اَنْشَاْتُمْ: تم نے پیدا کیا تم نے پرورش کی۔ ٧٢/٥٦

اَنْشَاَكُمْ: اس نے تم کو پیدا کیا، اس نے تمہاری پرورش کی۔ ٩٨/٦، ١٣٣/٦، ٦١/١١، ٣٢/٥٣، ٢٣/٦٧،

اَنْشَاْنَا: ہم نے پیدا کیا، ہم نے پرورش کی۔ ٦/٦، ١١/٢١، ١٩/٢٣، ٣١/٢٣، ٤٢/٢٣، ٤٥/٢٨

اَنْشَاْنٰهُ: ہم نے اس کو پیدا کیا، ہم نے اس کی پرورش کی۔ ١٤/٢٣،

اَنْشَاْنٰهُنَّ: ہم نے ان (عورتوں) کو پیدا کیا ہم نے ان کی پرورش کی۔ ٣٥/٥٦،

اَنْشَاَهَا: اس نے اس (مؤنث) کو پیدا کیا، اس نے اس کی پرورش کی۔ ٧٩/٣٦

اَنْصَابُ: بت، وہ تمام چیزیں جو عبادت کے لئے نصب کی جائیں مثلاً مورتی، پتھر وغیرہ، واحد نُصُبٌ۔ ٩٠/٥،

اَنْصَارَ: مددگار، مدد دینے والے، واحد۔ نَصِيْرٌ و نَاصِرٌ۔ اسلامی اصطلاح میں مدینہ منورہ کے وہ مسلمان جنہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے مکی ساتھیوں کی مدد کی۔ یہ لوگ اوس اور خزرج نامی قبیلوں سے تعلق رکھتے تھے اور کاشتکاری کرتے تھے۔ ١٤/٦١،

اَنْصَارًا: مددگار، مدد دینے والے۔ ٢٥/٧١،

اَنْصَارِ: مددگار، مدد دینے والے۔ ١٠٠/٩، ١١٧/٩،

اَنْصَارٍ: مددگار، مدد دینے والے۔ ٢٧٠/٢، ١٩٢/٣، ٧٢/٥

اَنْصَارُ: مددگار، مدد دینے والے۔ ٥٢/٣، ١٤/٦١

اَنْصَارِیْ: میرے مددگار، مجھے مدد دینے والے ٥٢/٣، ١٤/٦١

اِنْصَبْ: (س) تو محنت کر، تو مشقت اٹھا۔ نَصَبٌ سے امر۔ ٧/٩٤

اَنْصِتُوْا: (اف) تم خاموش رہو، تم کان لگائے رہو۔ اِنْصَاتٌ سے امر۔ ٢٠٤/٧، ٢٩/٤٦،

اَنْصَحُ: (ف) میں نصیحت کرتا ہوں۔ میں خیر خواہی کرتا ہوں (بصلۂ لام) نُصْحٌ سے مضارع۔ ٣٤/١١،

اَنْصَحُ: میں نصیحت کرتا ہوں، میں خیرخواہی کرتا ہوں۔ (بصلۂ لام) ٦٢/٧

اِنْصَرَفُوْا: (انف) وہ پھر گئے، وہ پلٹ گئے، وہ چل دیئے۔ اِنْصِرَافٌ سے ماضی۔ ١٢٧/٩،

اُنْصُرْنَا: (ن) تو ہماری مدد کر۔ نَصْرٌ سے امر۔ ٢٥٠/٢، ٢٨٦/٢، ١٤٧/٣،

اُنْصُرْنِیْ: تو میری مدد کر۔ ٢٦/٢٣، ٣٩/٢٣، ٣٠/٢٩

اُنْصُرُوْا: تم مدد کرو۔ ٦٨/٢١،

اَنْطَقَ: (اف) اس نے بولنے کی قوت عطا فرمائی اِنْطَاقٌ سے ماضی۔ ٢١/٤١،

اَنْطَقَنَا: اس نے ہم کو بولنے کی قوت عطا فرمائی ٢١/٤١،

اِنْطَلَقَ: (انف) وہ چل کھڑا ہوا۔ اِنْطِلَاقٌ سے امر۔ ٦/٣٨

اِنْطَلَقَا: وہ دونوں چلے۔ ٧١/١٨، ٧٤/١٨، ٧٧/١٨

اِنْطَلَقْتُمْ: تم چلے۔ ١٥/٤٨،

اِنْطَلَقُوْا: وہ چلے۔ ٢٣/٦٨،

اِنْطَلِقُوْا: تم چلو۔ اِنْطِلَاقٌ سے امر ٢٩/٧٧

اُنْظُرْ: (ن س) میں دیکھوں گا، میں توجہ کروں گا، میں

غور کروں گا۔ نَظَرٌ سے مضارع۔ ۱۴۳/۷،

اُنْظُرْ: تو دیکھ، تو غور کر، تو توجہ کر۔ نَظَرٌ سے امر۔ ۲۵۹/۲، ۵۰/۴، ۵۵/۵، ۲۴/۶، ۴۶/۶، ۶۵/۶، ۸۴/۷، ۱۰۳/۷، ۱۴۳/۷، ۳۹/۱۰، ۷۳/۱۰، ۲۱/۱۷، ۴۸/۱۷، ۹۷/۲۰، ۹/۲۵، ۱۴/۲۷، ۲۸/۲۷، ۵۱/۲۷، ۴۰/۲۸، ۵۰/۳۰، ۷۳/۳۷، ۱۰۲/۳۷، ۲۵/۴۳،

اُنْظُرْنَا: تو ہم کو دیکھ، تو ہماری طرف توجہ کر۔ ۱۰۴/۲، ۴۶/۴،

اَنْظِرْنِیْ: (اف) تو مجھ کو مہلت دے، تو مجھے ڈھیل دے۔ اِنْظَارٌ سے امر۔ ۱۴/۷، ۳۶/۱۵، ۷۹/۳۸

اُنْظُرُوْا: تم دیکھو تم غور کرو۔ ۱۳۷/۳، ۱۱/۶، ۹۹/۶، ۸۶/۷، ۱۰۱/۱۰، ۳۶/۱۶، ۶۹/۲۷، ۲۰/۲۹، ۴۲/۳۰،

اُنْظُرُوْنَا: تم ہمارا انتظار کرو۔ ۱۳/۵۷،

اُنْظُرِیْ: تو (مؤنث) دیکھ، تو غور کر۔ ۳۳/۲۷

اَنْعَامَ: مویشی، چوپائے، اس کا اطلاق اونٹ گائے بھینس اور بکری پر ہوتا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ اس کا اطلاق جنگلی چوپایوں پر بھی ہوتا ہے۔ واحد نَعَمٌ ۵/۱۶، ۹/۴۰

اَنْعَامًا: مویشی، چوپائے۔ ۴۹/۲۵، ۷۱/۳۶

اَنْعَام: مویشی، چوپائے۔ ۱۴/۳، ۱۱۹/۴، ۱/۵، ۱۳۶/۶، ۱۳۹/۶، ۱۴۲/۶، ۱۷۹/۷، ۶۶/۱۶، ۸۰/۱۶، ۲۸/۲۲، ۳۴/۲۲، ۲۱/۲۳، ۴۴/۲۵، ۲۸/۳۵، ۶/۳۹، ۱۱/۴۲، ۱۲/۴۳،

اَنْعَامِ: مویشی، چوپائے۔ ۱۳۳/۲۶،

اَنْعَامُ: مویشی، چوپائے۔ ۳۴/۱۰، ۳۰/۲۲، ۱۲/۴۷،

اَنْعَامٌ: مویشی، چوپائے۔ ۱۳۸/۶،

اَنْعَامَکُمْ: تمہارے مویشی، ۵۴/۲۰،

اَنْعَامِکُمْ: تمہارے مویشی۔ ۳۳/۷۹، ۳۲/۸۰،

اَنْعَامُھُمْ: ان کے مویشی۔ ۲۷/۳۲،

اَنْعَمَ: (اف) اس نے انعام کیا، اس نے احسان کیا، اِنْعَامٌ سے ماضی، ۶۹/۴، ۷۲/۴، ۲۳/۵، ۵۸/۱۹، ۳۷/۳۳

اَنْعُمِ: نعمتیں، احسانات، واحد نِعْمَةٌ۔ ۱۱۲/۱۶،

اَنْعَمْتَ: تو نے انعام کیا، تو نے احسان کیا۔ ۷/۱، ۱۹/۲۷، ۱۷/۲۸، ۳۷/۳۳، ۱۵/۴۶،

اَنْعَمْتُ: میں نے انعام کیا، میں نے احسان کیا۔ ۴۰/۲، ۴۷/۲، ۱۲۲/۲،

اَنْعَمْنَا: ہم نے انعام کیا، ہم نے احسان کیا۔ ۸۳/۱۷، ۵۱/۴۱، ۵۹/۴۳،

اَنْعُمِہٖ: اس کی نعمتیں، اس کے احسانات۔ ۱۲۱/۱۶،

اَنْعَمَھَا: اس نے اس کو انعام میں دیا، اس نے اس کو نوازا۔ ۵۳/۸،

اَنْفَ: ناک، جمع۔ آنَافٌ۔ ۴۵/۵،

اَنْفِ: ناک۔ ۴۵/۵،

اِنْفَاقِ: (اف) خرچ کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۰/۱۷،

اَنْفَالِ: مالِ غنیمت، واحد نَفَلٌ۔ ۱/۸،

اَنْفَالُ: مالِ غنیمت۔ ۱/۸،

اِنْفَجَرَتْ: (انف) وہ پھوٹ نکلی، وہ بہ نکلی۔ اِنْفِجَارٌ سے ماضی۔ ۶۰/۲،

اَنْفُخُ: (ن) میں پھونک مارتا ہوں۔ نَفْخٌ سے مضارع۔ ۴۹/۳،

اُنْفُخُوْا: تم پھونک مارو۔ نَفْخٌ سے امر۔ ۹۶/۱۸،

اُنْفُذُوْا: (ن) تم نکل بھاگو، تم رہائی پاؤ۔ نُفُوْذٌ سے امر۔ ۳۳/۵۵،

اِنْفِرُوْا: (ن، ض) تم فرار ہو جاؤ، تم نکلو، تم کوچ کرو۔ نَفِیْرٌ و نُفُوْرٌ سے امر۔ ۷۱/۴، ۳۸/۹، ۴۱/۹،

اَنْفُسَ: جانیں، دل، واحد نَفْسٌ۔ ۴۲/۳۹،

اَنْفُسِ: جانیں، دل۔ ۱۵۵/۲، ۷/۱۶،

اَنْفُسُ: جانیں، دل۔ ۱۲۸/۴، ۷۱/۴۳، ۲۳/۵۳،

اَنْفُسَکُمْ: تمہاری جانیں۔ ۴۴/۲، ۵۴/۲، ۸۴/۲، ۸۵/۲،

٦١/٣، ٢٩/٤، ٦٦/٤، ١٠٥/٥، ٩٣/٦، ٣٦/٩، ٢٢/١٣، ٢٨/٣٠،
١٠/٣٠، ١١/٤٩، ٣٢/٥٣، ١٤/٥٧، ٦/٦٦، ١٨٧/٢،

اَنْفُسِكُمْ: تمہاری جانیں۔ ١١٠/٢، ٢٢٣/٢، ٢٣٥/٢،
٢٧٢/٢، ٢٨٤/٢، ١٦٥/٣، ١١٩/٣، ١٨٦/٣، ١٣٥/٤، ٣٥/٩،
٤١/٩، ١٢٨/٩، ٤٣/١٠، ٧٢/١٦، ٧/١٧، ٩١/٢٢، ٢١/٣٠، ٢٨/٣٠، ١١/٣٢،
٢١/٥١، ٢٢/٥٧، ١١/٦١، ٦/٦٦، ٢٠/٧٣،

اَنْفُسُكُمْ: تمہاری جانیں۔ ١٨/١٢، ٨٣/١٢، ٣١/٤١،

اَنْفُسَكُمْ: تمہاری جانیں۔ ٨٧/٢،

اَنْفُسَنَا: ہماری جانیں۔ ٦١/٣، ٢٣/٧،

اَنْفُسِنَا: ہماری جانیں۔ ١٣٠/٦،

اَنْفُسَهُمْ: ان کی جانیں، ان کے دل۔ ٩/٢، ٥٧/٢،
٩٠/٢، ١٠٢/٢، ٦٩/٣، ١١٧/٣، ١٣٥/٣، ٤٩/٤، ٦٣/٤، ١٠٧/٤،
١١٣/٤، ١٢/٦، ٢٠/٦، ٢٦/٦، ٩/٧، ٥٣/٧، ١٦٠/٧، ١٧٧/٧،
١٩٢/٧، ١٩٧/٧، ٤٢/٩، ٧٠/٩، ١١١/٩، ٤٤/١٠، ٢١/١١،
......٣٧ جگہ

اَنْفُسِهِمْ: ان کی جانیں۔ ١٠٩/٢، ٢٦٥/٢، ١٥٤/٣،
١٦٤/٣، ١٧٨/٣، ٢٣/٤، ٦٥/٤، ٩٧/٤، ٩٥/٤، ٥٢/٥، ٢٣/٦،
١٣٣/٦، ١٣٠/٦، ٣٧/٧، ١٧٢/٧، ٥٣/٨، ٧٢/٨، ١٧/٩، ٢٠/٩،
٣٤/٩، ٨١/٩، ٨٨/٩، ١٢٠/٩، ٣١/١١، ١١/١٣، ١٦/١٣، ٤٥ جگہ

اَنْفُسُهُمْ: ان کی جانیں۔ ١٥٤/٣، ٤٠/٥، ٨٠/٥، ٥٥/٩،
١١٨/٩، ١٠٢/٢١، ٩/٢٣، ١٤/٢٧، ٢٧/٣٢،

اَنْفُسِهِنَّ: ان کی جانیں۔ ٢٢٨/٢، ٢٣٤/٢، ٢٤٠/٢،

اِنْفِصَامَ: (انف) شکستہ ہونا، ٹوٹنا، مصدر ہے۔ ٢٥٦/٢،

اِنْفَضُّوْا: (انف) وہ منتشر ہو جاتے۔ وہ علیحدہ ہو
جاتے۔ اِنْفِضَاضٌ سے ماضی۔ ١٥٩/٣، ١١/٦٢،

اِنْفَطَرَتْ: (انف) وہ پھٹ گئی، وہ چرگئی۔ اِنْفِطَارٌ
سے ماضی۔ ١/٨٢،

اَنْفَقَ: (اف) اس نے خرچ کیا۔ اِنْفَاقٌ سے
ماضی۔ ٣٢/١٨، ١٠/٥٧،

اَنْفَقْتَ: تو نے خرچ کیا۔ ٦٣/٨،

اَنْفَقْتُمْ: تم نے خرچ کیا۔ ٢١٥/٢، ٢٧٠/٢، ٣٩/٣٤، ١٠/٦٠،

اَنْفَقُوْا: انہوں نے خرچ کیا۔ ٢٦٢/٢، ٣٤/٤، ٣٩/٤،
٢٢/١٣، ٢٧/٢٥، ٢٩/٣٥، ٧/٥٧، ١٠/٥٧، ١٠/٦٠، ١١/٦٠،

اَنْفِقُوْا: تم خرچ کرو۔ ١٩٥/٢، ٢٥٤/٢، ٢٦٧/٢، ٥٣/٩،
٤٧/٣٦، ٧/٥٧، ١٠/٦٣، ١٦/٦٤، ٧/٦٥،

اِنْفَلَقَ: (انف) وہ پھٹ گیا۔ اِنْفِلَاقٌ سے
ماضی۔ ٦٣/٢٦،

اَنْقَذَكُمْ: (اف) اس نے تمہاری جان بچائی،
اس نے تم کو نجات دی۔ اِنْقَاذٌ سے ماضی ١٠٣/٣،

اُنْقُصْ: (ن) تو کم کر۔ نَقْصٌ سے امر۔ ٣/٧٣،

اَنْقَضَ: (اف) اس نے توڑ دی، اس نے جھکا دی
اِنْقَاضٌ سے ماضی۔ ٣/٩٤،

اِنْقَلَبَ: (انف) وہ لوٹ کر آیا، وہ پھر گیا۔ اِنْقِلَابٌ
سے ماضی۔ ١١/٢٢،

اِنْقَلَبْتُمْ: تم لوٹ گئے، تم پھر گئے۔ ١٤٤/٣،

اِنْقَلَبُوْا: وہ لوٹ کر آئے، وہ پھر گئے۔ ١٧٤/٣،
١١٩/٧، ٦٢/١٢، ٣١/٨٣،

اَنَّكَ: بے شک تو، "اَنَّ" حرف مشبہ بالفعل، كَ
ضمیر واحد مذکر حاضر۔ ٩٧/١٥، ١١٩/٢٠، ٣٩/٤١، ٢٠/٧٣،

اِنَّكَ: بے شک تو، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل، لا ضمیر
واحد مذکر حاضر ٣٢/٢، ١٢٧/٢، ١٢٨/٢، ٥٤ جگہ

اِنَّكِ: بے شک تو (مؤنث) ٢٩/١٢،

اَنْكَاثًا: ریزہ ریزہ، ٹکڑے ٹکڑے، واحد
نِكْثٌ۔ ٩٢/١٦،

اَنْكَالًا: بیڑیاں، واحد نِكْلٌ۔ ١٢/٧٣،

اُنْكِحَكَ: (اف) میں تجھ سے نکاح کروں۔

اِنْکَاحٌ سے مضارع۔ ۲۷/۲۸،

اَنْکِحُوْا: تم نکاح کردو، اِنْکَاحٌ سے امر۔ ۳۲/۲۴،

اِنْکِحُوْا: (ف،ن) تم نکاح (عقد) کرلو۔ نِکَاحٌ سے امر۔ ۳/۴،

اِنْکِحُوْهُنَّ: تم ان سے نکاح کرو۔ ۲۵/۴،

اِنْکَدَرَتْ: (انف) وہ میلی ہوئی، وہ بکھر گئی۔ وہ ٹوٹ کر گری۔ اِنْکِدَارٌ سے ماضی۔ ۲/۸۱،

اَنْکَرَ: (س،ک) بہت ناپسندیدہ، بہت برا۔ نُکْرٌ یا نَکَارَةٌ سے اسمِ تفضیل۔ ۱۹/۳۱،

اَنَّکُمْ: بیشک تم، اَنَّ حرفِ مشبہ بالفعل، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر۔ ۱۸۷/۲، ۲۰۳/۲، ۲۲۳/۲، ۲۳۵/۲، ۸۱/۲، ۲/۹، ۳۳/۲۳، ۱۱۳/۲۳، ۳۵/۳۵، ۸۲/۵۶، ۶/۹۲،

اِنَّکُمْ: بے شک تم، "اِنَّ" حرفِ مشبہ بالفعل ۵۴/۲، ۱۳۰/۳، ۲۳/۵، ۱۹/۶، ۱۲۱/۶......۳۸ جگہ

اِنَّمَا: بے شک، تحقیق، بجز اس کے نہیں "اِنَّ" حرفِ مشبہ بالفعل، ۱۱/۲، ۱۴/۲، ۱۰۲/۲، ۱۱۸ جگہ

اَنَّنَا: بے شک ہم۔ ۱۱۱/۵، ۱۱۱/۶،

اِنَّنَا: بے شک ہم۔ ۱۶/۳، ۱۹۳/۳، ۶۲/۱۱، ۴۵/۲۰، ۵/۴۱، ۴۹/۴۳،

اِنَّنِیْ: بے شک میں ۱۹/۶، ۱۶۱/۶، ۲/۱۱، ۱۴/۲۰، ۴۶/۲۰، ۴۳/۴۱، ۲۶/۴۳،

اِنْهَ: (ف) تو منع کر۔ نَهْیٌ سے امر۔ ۱۷/۳۱،

اَنَّهٗ: بے شک وہ۔ ۲۶/۲، ۱۳۳/۲، ۵۴/۲۲، ۵۳/۴۱، ۱/۷۲، ۲۸/۷۵،

اَنَّهٗ: بے شک وہ۔ ۱۸/۳، ۳۲/۵، ۵۴/۶ ......۳۴ جگہ

اِنَّهٗ: بے شک وہ۔ ۳۷/۲، ۵۴/۲، ۶۸/۲ ......۱۳۳ جگہ

اَنَّهَا: بے شک وہ۔ ۱۰۹/۶، ۷/۸، ۶۶/۲۰، ۱۸/۴۲،

اِنَّهَا: بے شک وہ (مؤنث)۔ ۴۵/۲، ۶۸/۲، ۶۹/۲، ......۱۸ جگہ

اَنْهَرَ: نہریں، واحد نَهْرٌ۔ ۱/۲، ۳۲/۱۴، ۹۱/۱۷،

اَنْهٰرًا: نہریں۔ ۳/۱۳، ۱۵/۱۶، ۶۱/۲۷، ۱۲/۷۱،

اَنْهٰرُ: نہریں۔ ۲۵/۲، ۷۴/۲، ۲۶۶/۲، ۱۵/۳، ۱۳۶/۳، ۱۹۵/۳، ۱۹۸/۳، ۱۳/۴، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴، ۱۲/۵، ۸۵/۵، ۱۱۹/۵، ۴۳/۷، ۷۲/۹، ۸۹/۹، ۱۰۰/۹، ۹/۱۰، ۳۵/۱۳، ۱۴/۲۲، ۲۳/۱۴، ۳۱/۱۶، ۳۱/۱۸، ۷۶/۲۰، ۲۳/۲۲، ......۴۰ جگہ

اَنْهٰرٌ: نہریں۔ ۱۵/۴۷،

اِنْهَارَ: (انف) وہ گر پڑا۔ اِنْهِیَارٌ سے ماضی۔ ۱۰۹/۹

اَنْهٰکُمْ: میں تم کو منع کر رہا ہوں۔ نَهْیٌ سے مضارع۔ ۸۸/۱۱،

اَنْهَکُمَا: میں نے تم دونوں کو منع کیا۔ یہ اصل میں اَنْهٰی تھا، لَمْ کے آنے سے حرفِ علت "ی" ساقط ہوگئی اور مضارع کو ماضی کے معنی میں کر دیا۔ ۲۲/۷،

اَنَّهُمْ: بے شک وہ سب لوگ۔ ۴۶/۲، ۷۱/۲، ۱۰۱/۲، ......۵۶ جگہ

اِنَّهُمْ: بے شک وہ سب لوگ۔ ۱۲/۲، ۱۳/۲، ۱۲۸/۳، ......۷۱ جگہ

اَنَّهُمَا: بے شک وہ دونوں۔ ۱۰۷/۵، ۱۷/۵۹،

اِنَّهُمَا: بے شک وہ دونوں۔ ۷۹/۱۵، ۱۲۲/۳۷،

اِنَّهُنَّ: بے شک وہ سب عورتیں۔ ۳۶/۱۴،

اَنِّیْ: بے شک میں۔ ۴۷/۲، ۱۲۲/۲، ۴۹/۳، ۱۴ جگہ

اِنِّیْ: بے شک میں۔ ۳۰/۲، ۳۳/۲، ۱۸۶/۲، ۹۱ جگہ

اُنِیْبُ: (اف) میں رجوع کرتا ہوں۔ اِنَابَةٌ سے مضارع۔ ۸۸/۱۱، ۱۰/۴۲،

اَنِیْبُوْا: تم رجوع ہو جاؤ۔ اِنَابَةٌ سے امر۔ ۵۴/۳۹،

ء و

اَوْ: یا، آیا، خواہ، حرفِ عطف ہے۔ ۱۹/۲، ۱۰۶/۲،

۱۸۲/۲ ...... ۱۳۹ جگہ

اَوْ: مگر، اگرچہ، یہاں تک، کیا، حرف تردید ہے ۱۰۰/۲، ۲۶۰/۲، ۱۰۳/۵، ۱۸۴/۷، ۱۸۵/۷، ۱۹/۲۹، ۵۰/۳۰

اَوٰی: (ض) اس نے پناہ لی، وہ اترا، وہ جا بیٹھا۔ اَوِیٌّ سے ماضی۔ ۱۰/۱۸

اَوَّاب: (ن) بہت رجوع کرنے والا، بہت توبہ کرنے والا۔ اَوْبٌ سے مبالغہ۔ ۳۲/۵۰

اَوَّابٌ: بہت رجوع کرنے والا، بہت توبہ کرنے والا۔ ۱۷/۳۸، ۱۹/۳۸، ۳۰/۳۸، ۴۴/۳۸

اَوَّابِیْنَ: بہت رجوع (توبہ) کرنے والے۔ واحد اَوَّابٌ. ۲۵/۱۷

اُوَارِیَ: میں ڈھانپ دوں، میں چھپاؤں، مُوَارَاةٌ سے مضارع۔ ۳۱/۵

اَوَّاهٌ: (ن) بہت آہ کرنے والا، درد مند، نرم دل۔ اَوْهٌ سے مبالغہ۔ ۱۱۴/۹، ۷۵/۱۱

اَوْبَارِهَا: اس کی اون، اس کی پشم، اس کی روئیں، اونٹ کے بال، واحد وَبَرٌ. ۸۰/۱۶

اَوِّبِیْ: تو رجوع ہو، تو تسبیح دہرا، تو لوٹ۔ تَاْوِیْبٌ سے امر۔ ۱۰/۳۴

اُوْتَ: (اف) مجھے دیا گیا، مجھے ملا۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع مجہول، اصل میں اُوْتٰی تھا لَمْ کے آنے سے 'ی' حذف ہوگئی اور مضارع کو ماضی کے معنی میں کر دیا۔ ۲۵/۶۹

اَوْتَادًا: میخیں، کھونٹیاں، واحد وَتَدٌ. ۷/۷۸

اَوْتَادِ: میخیں، کھونٹیاں۔ ۱۲/۳۸، ۱۰/۸۹

اُوْتُوْا: وہ دیے گئے، ان کو دیا گیا۔ اِیْتَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰۱/۲، ۱۴۴/۲، ۱۴۵/۲، ۱۹/۳، ۲۰/۳، ۲۳/۳، ۱۰۰/۳، ۱۸۶/۳، ۱۸۷/۳، ۴۴/۴، ۴۷/۴، ۵۱/۴، ۱۳۱/۴، ۵/۵، ۵۷/۵، ۴۴/۶، ۲۹/۹، ۲۷/۱۶، ۱۰۷/۱۷، ۵۴/۲۲، ۸۰/۲۸، ۴۹/۲۹، ۵۶/۳۰، ۶/۳۴، ۱۲/۴۷، ۱۶/۵۷، ۱۱/۵۸، ۹/۵۹، ۳۱/۷۴، ۴/۹۸

اُوْتُوْهُ: وہ ان کو دیا گیا، وہ ان کو ملا۔ ۲۱۳/۲

اُوْتِیَ: (اف) اسے دیا گیا، اسے ملا۔ اِیْتَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۳۶/۲، ۲۶۹/۲، ۸۴/۳، ۱۲۴/۶، ۷۱/۱۷، ۴۸/۲۸، ۷۹/۲۸، ۱۹/۶۹، ۲۵/۶۹، ۷/۸۴، ۱۰/۸۴

اُوْتِیْتَ: تجھ کو دیا گیا، تجھ کو ملا۔ اِیْتَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۶/۲۰

اُوْتِیَتْ: اس (مؤنث) کو دیا گیا، اس کو ملا۔ ۲۳/۲۷

اُوْتِیْتُمْ: تم کو دیا گیا، تم کو ملا۔ ۷۳/۳، ۴۱/۵، ۸۵/۱۷، ۶۰/۲۸، ۳۶/۴۲

اُوْتِیْتُهٗ: مجھے وہ دیا گیا، مجھے وہ ملا۔ ۷۸/۲۸، ۴۹/۳۹

اُوْتَیَنَّ: مجھے ضرور دیا جائے گا، مجھے ضرور ملے گا۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع مجہول با نون تاکید۔ ۷۷/۱۹

اُوْتِیْنَا: ہم کو دیا گیا۔ ۱۶/۲۷، ۴۲/۲۷

اَوْثَانًا: بت، اللہ تعالیٰ کے سوا پرستش کی جانے والی ہر چیز مثلاً پتھر، قبر، جھنڈا وغیرہ، واحد وَثَنٌ. ۱۷/۲۹، ۲۵/۲۹

اَوْثَانِ: بت۔ ۳۰/۲۲

اَوْجَسَ: (اف) اس نے دل میں محسوس کیا۔ وہ جی میں گھبرایا، وہ ہڑبڑایا۔ اِیْجَاسٌ سے ماضی۔ ۷۰/۱۱، ۶۷/۲۰، ۲۸/۵۱

اَوْجَفْتُمْ: (اف) تم نے گھوڑے دوڑائے، تم نے پیچھا کیا۔ اِیْجَافٌ سے ماضی۔ ۶/۵۹

اَوِ اجْهَرُوْا: خواہ تم پکار کر کہو، خواہ تم کھلم کھلا کہو۔ جَهْرٌ سے امر۔ ۱۳/۶۷

اَوْحٰی: (اف) اس نے وحی بھیجی اس نے الہام

کیا۔اس نے حکم دیا،اس نے دل میں ڈال دیا۔اِیحَاءٌ سے ماضی۔وحی کے معنی اشارۂ خفی کے ہیں۔شرعی اصطلاح میں وحی اس پیغام کو کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے انبیائے کرامؑ پر نازل ہوتا ہے،قرآن کریم میں الہام اور شیطانی وسوسہ کو بھی وحی کہا گیا ہے۔ ۱۳/۱۴، ۳۹/۱۷، ۱۱/۱۹، ۱۰/۵۳،

اَوْحٰی: اس نے دل میں ڈال دیا۔ ۶۸/۱۶،

اَوْحٰی: اس نے بھیج دیا۔ ۱۲/۴۱، ۵/۹۹،

اُوْحِیَ: (اف)وحی کی گئی،حکم بھیجا گیا۔اِیحَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۹/۶، ۹۳/۶، ۱۰۶/۶، ۱۴۵/۶، ۳۶/۱۱، ۲۷/۱۸، ۴۸/۲۰، ۴۵/۲۹، ۶۵/۳۹، ۴۳/۴۳، ۱/۷۲،

اَوْحَیْتُ: میں نے وحی کی،میں نے حکم دیا۔ ۱۱۱/۵

اَوْحَیْنَا: ہم نے وحی کی،ہم نے حکم بھیجا۔ ۱۶۳/۴، ۱۱۷،۱۶۰/۷، ۲،۸۷/۱۰، ۳،۱۵/۱۲، ۳۰/۱۳، ۱۲۳/۱۶، ۷۳/۱۷، ۷۷/۲۰، ۲۷/۲۳، ۵۲/۲۶، ۶۳/۲۶، ۷/۲۸، ۳۱/۳۵، ۷/۴۲، ۱۳/۴۲، ۵۲/۴۲،

اَوْحَیْنَا: ہم نے الہام کیا۔ ۳۸/۲۰، ۷/۲۸،

اَوْحَیْنَا: ہم نے حکم بھیجا۔ ۷۷/۲۱

اَوْدِیَۃٌ: نالے،وادیاں،واحد وَادِیٌ. ۱۷/۱۳،

اَوْدِیَتِھِمْ: ان کی وادیاں،ان کے نالے۔ ۲۴/۴۶،

اُوْذُوْا: (اف)ان کو ایذا دی گئی،ان کو تکلیف دی گئی۔اِیذَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۹۵/۳، ۳۴/۶،

اُوْذِیَ: ان کو ایذا دی گئی،ان کو تکلیف دی گئی۔اِیذَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰/۲۹،

اُوْذِینَا: ہم کو ایذا دی گئی،ہم کو تکلیف دی گئی ۱۲۹/۷،

اُوْرِثْتُمُوْھَا: (اف)تم اس کے وارث بنائے گئے اِیرَاثٌ سے ماضی مجہول۔ ۴۳/۷، ۷۲/۴۳،

اَوْرَثَکُمْ: اس نے تم کو وارث بنایا۔اِیرَاثٌ سے ماضی۔ ۲۷/۳۳،

اَوْرَثَنَا: اس نے ہم کو وارث بنایا۔ ۷۴/۳۹،

اَوْرَثْنَا: ہم نے وارث بنایا۔ ۱۳۷/۷، ۳۲/۳۵، ۵۳/۴۰،

اَوْرَثْنٰھَا: ہم نے اس کا وارث بنایا۔ ۵۹/۲۶، ۲۸/۴۴،

اُوْرِثُوْا: وہ وارث بنائے گئے۔اِیرَاثٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۴/۴۲،

اَوْرَدَھُمْ: (اف)اس نے ان کو داخل کیا،وہ ان کو لے آیا،اس نے ان کو پہنچا دیا۔اِیرَادٌ سے ماضی۔ ۹۸/۱۱،

اَوْزَارًا: بوجھ،گناہ،کپڑوں کی گٹھڑی،واحد وِزْرٌ. ۸۷/۲۰،

اَوْزَارِ: بوجھ(مراد گناہ)۲۵/۱۶،

اَوْزَارَھَا: اس کے بوجھ،اس کے اوزار یا ہتھیار (یہاں ہتھیار مراد ہیں)۔ ۴/۴۷،

اَوْزَارَھُمْ: ان کے بوجھ،ان کے گناہ۔ ۳۱/۶، ۲۵/۱۶،

اَوْزِعْنِیْ: (اف)مجھے توفیق عطا فرما،تو مجھے نصیب کر۔اِیزَاعٌ سے امر۔ ۱۹/۲۷، ۱۵/۴۶،

اَوْسَطِ: وسطی،درمیانی،وَسْطٌ و وَسَاطَۃٌ سے صفت مشبہ۔ ۸۹/۵،

اَوْسَطُھُمْ: ان کا وسطی،ان کا درمیانی،ان کا معتدل۔ ۲۸/۶۸،

اُوصَلِّبَنَّکُمْ: میں تمہیں سولی پر چڑھاؤں گا تَصْلِیبٌ سے مضارع۔ ۱۲۴/۷، ۷۱/۲۰، ۴۹/۲۶،

اَوْصٰنِیْ: (اف)اس نے مجھ کو وصیت کی،اس نے مجھ کو تاکید کی۔اِیصَاءٌ سے ماضی۔ ۳۱/۱۹،

اَوْضَعُوْا: (اف)انہوں نے تیزی سے گھوڑے دوڑائے،انہوں نے تیزی سے دوڑایا،وہ سازشیں کرتے پھرے،اِیضَاعٌ سے

ماضی۔ ٧٦/٩،

اَوْعٰی: (اف) اس نے حفاظت سے رکھا۔ اِیْعَاءٌ سے ماضی۔ ١٨/٧٠،

اَوَعَظْتَ: (ض) کیا تو نے نصیحت کی، خواہ تو نصیحت کرے۔ وَعْظٌ سے ماضی۔ ١٣٦/٢٦،

اَوْعِیَتِھِمْ: ان کی خرجیں، ان کے برتن، ان کی حفاظت میں رکھنے کی چیزیں۔ واحد وِعَاءٌ ٧٦/١٢،

اَوْفِ: (اف) تو پورا کر۔ اِیْفَاءٌ سے امر۔ ٨٨/١٢،

اُوْفِ: میں پورا کروں گا۔ اِیْفَاءٌ سے مضارع ٤٠/٢،

اُوْفِیْ: میں پورا دیتا ہوں، اِیْفَاءٌ سے مضارع۔ ٥٩/١٢،

اَوْفٰی: (اف) اس نے پورا کیا۔ اِیْفَاءٌ سے ماضی۔ ٧٦/٣، ١٠/٤٨، ٣٧/٥٣،

اَوْفٰی: بہت پورا کرنے والا۔ اِیْفَاءٌ سے اسم فاعل۔ ١١١/٩،

اَوْفُوا: تم پورا کرو، اِیْفَاءٌ سے امر۔ ١٥٢/٦، ٣٥/١٧، ١٨١/٢٦،

اَوْفُوْا: تم پورا کرو، ٤٠/٢، ١/٥، ١٥٢/٦، ٨٥/٧، ٨٥/١١، ٩١/١٦، ٣٤/١٧،

اَوْقِدْ: (اف) تو آگ جلا، تو روشن کر، تو پکوا۔ اِیْقَادٌ سے امر۔ ٣٨/٢٨،

اَوْقَدُوْا: انہوں نے آگ سلگائی، انہوں نے روشن کیا۔ ٦٤/٥،

اَوْلٰی: نزدیک تر۔ ٦٨/٣،

اُوْلِیْ: والے۔ ١٧٩/٢، ١٩٧/٢، ١٣/٣، ١٩٠/٣، ٥٩/٤، ٨٣/٤، ٩٥/٤، ١٠٠/٥، ١١٣/٩، ١١١/١٢، ٥/١٧، ٥٣/٢٠، ١٢٨/٢٠، ٣٣/٢٤، ٣١/٢٤، ٤٣/٢٤، ٧٦/٢٨، ١/٣٥، ٣/٣٨، ٤٥/٣٨، ٢١/٣٩، ٥٣/٤٠، ١٦/٤٨، ٢/٥٩، ١٠/٦٥، ١١/٧٣،

تَنَابَزُوْا: (تفا) تم برے نام سے پکارو، تم برے لقب سے پکارو۔ تَنَابُزٌ سے مضارع۔ ۱۱/۴۹،

تَنَاجَوْا: (تفا) تم سرگوشی کرو۔ تم رازداری کرو۔ تَنَاجِیٌ سے امر۔ ۹/۵۸،

تَنَاجَیْتُمْ: تم نے سرگوشی کی، تم نے رازداری کی۔ ۹/۵۸،

تَنَادِ: (تفا) فریاد کرنا، ایک دوسرے کو پکارنا۔ مصدر ہے، اصل میں تَنَادِیٌ تھا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے حرف علت 'ی' حذف ہو گئی، ۳۲/۴۰،

تَنَادَوْا: انھوں نے ایک دوسرے کو آواز دی، انہوں نے پکارا، تَنَادِیٌ سے ماضی۔ ۲۱/۶۸،

تَنَازَعْتُمْ: (تفا) تم نے ایک دوسرے سے تنازع کیا۔ تم نے ایک سے جھگڑا کیا۔ تَنَازُعٌ سے ماضی۔ ۱۵۲/۳، ۵۹/۴، ۴۳/۸،

تَنَازَعُوْا: انھوں نے باہم تنازع کیا، انہوں نے باہم اختلاف کیا، انھوں نے باہم جھگڑا کیا، ۶۲/۲۰،

تَنَازَعُوْا: تم آپس میں تنازع (جھگڑا) کرو، ۴۶/۸،

تَنَاصَرُوْنَ: (تفا) تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو تَنَاصُرٌ سے مضارع، اصل میں تَتَنَاصَرُوْنَ تھا ایک تا حذف کر دی گئی ۲۵/۳۷

تَنَالُوْا: (س) تم پاتے ہو۔ تم پہنچتے ہو۔ نَیْلٌ سے مضارع۔ ۹۲/۳،

تَنَالُهٗ: وہ اس کو پاتی ہے، وہ اس کو پہنچتی ہے۔ ۹۳/۵،

تَنَاوُشُ: (تفا) پکڑنا، لینا، ہاتھ آنا، مصدر ہے ۵۲/۳۴،

تَنْبُتُ: (ن) وہ اُگتی ہے (بلا صلہ) وہ اُگاتی ہے (بصلہ با) نَبَاتٌ و نَبْتٌ سے مضارع۔ ۲۰/۲۳،

تُنْبِتُ: (اف) وہ اگاتی ہے، اِنْبَاتٌ سے مضارع، ۶۱/۲، ۳۶/۳۶،

تُنْبِتُوْا: تم اگاؤ۔ ۶۰/۲۷،

تُنَبَّؤُنَّ: (تف) تمہیں ضرور خبر دی جائے گی۔ تَنْبِئَةٌ اور تَنْبِیٌّ سے مضارع مجہول با نون تاکید ۷/۶۴،

تُنَبِّئَنَّهُمْ: تو ان کو ضرور خبر دے گا۔ ۱۵/۱۲،

تُنَبِّئُوْنَ: تم خبر دیتے ہو۔ ۱۸/۱۰،

تُنَبِّئُوْنَهٗ: تم اس کو خبر کرتے ہو۔ ۳۳/۱۳

تُنَبِّئُهُمْ: وہ ان کو خبر دے گا۔ ۶۴/۹،

تَنْتَشِرُوْنَ: (اف) تم منتشر ہوتے ہو، تم پھیلتے ہو، تم چلتے پھرتے ہو، اِنْتِشَارٌ سے مضارع ۲۰/۳۰،

تَنْتَصِرٰنِ: (اف) تم دونوں مدد لیتے ہو۔ تم دونوں بدلہ لو گے۔ اِنْتِصَارٌ سے مضارع۔ ۳۵/۵۵،

تَنْتَهِ: (اف) تو باز آتا ہے۔ اِنْتِهَاءٌ سے مضارع۔ ۴۶/۱۹، ۱۱۶/۲۶، ۱۶۷/۲۶،

تَنْتَهُوْا: تم باز آؤ گے۔ ۱۹/۸، ۱۸/۳۹،

تُنْجِیْکُمْ: (اف) وہ تم کو نجات دے گی۔ وہ تم کو چھٹکارا دلائے گی، اِنْجَاءٌ سے مضارع ۱۰/۶۱،

تَنْحِتُوْنَ: (ض) تم تراشتے ہو۔ نَحْتٌ سے مضارع۔ ۷۴/۷، ۱۴۹/۲۶، ۹۵/۳۷،

تُنْذِرَ: (اف) تو ڈراتا ہے۔ اِنْذَارٌ سے مضارع۔ ۹۲/۶، ۲/۷، ۹۷/۱۹، ۴۶/۲۸، ۳/۳۲، ۶/۳۶، ۷/۴۲،

تُنْذِرُ: تو ڈراتا ہے۔ ۱۸/۳۵، ۱۱/۳۶،

تُنْذِرْهُمْ: تو ان کو ڈرائے۔ ۶/۲، ۱۰/۳۶،

تَنْزِعُ: (ض) وہ اکھاڑ پھینکتی ہے۔ وہ چھین لیتی ہے، وہ گرا دیتی ہے، نَزْعٌ سے مضارع، ۲۰/۵۴،

تنزع: تو اکھاڑ پھینکتا ہے۔ تو چھین لیتا ہے۔ ۲۶/۳،

تنزل: (تفعّل) وہ نازل ہوتی ہے، وہ اترتی ہے۔ تنزّل سے مضارع۔ اصل میں تتنزّل تھا، ایک ت حذف ہوئی۔ ۲۲۱/۲۶، ۲۲۲/۲۶، ۴/۹۷،

تنزّل: (تفعیل) وہ نازل کی جائیگی، وہ اتاری جائے گی، تنزیل سے مضارع مجہول، ۹۳/۱۷، ۲۰/۴۷،

تنزّل: تو اتار دے، تو لادے، تنزیل سے مضارع ۹۳/۱۷،

تنزلت: (تفعّل) وہ (شیاطین کی جماعت) نازل ہوئی۔ وہ اتری۔ ۲۱۰/۲۶،

تنزیل: (تفعیل) (تھوڑا تھوڑا کرکے) نازل کرنا، اتارنا۔ مصدر ہے۔ ۴/۲۰،

تنزیلا: (تفعیل) (تھوڑا تھوڑا کرکے) نازل کرنا، اتارنا مصدر ہے، ۱۰۶/۱۷، ۴/۲۰، ۲۵/۲۵، ۲۳/۷۶،

تنزیل: نازل کرنا۔ اتارنا۔ ۱۹۲/۲۶، ۲/۳۲، ۱/۳۹، ۲/۴۰، ۲/۴۱، ۲/۴۵

تنزیل: نازل کی ہوئی، اتاری ہوئی۔ ۴۲/۴۱، ۸۰/۵۶

تنس: (س) تو بھولے، تو فراموش کرے، نسیان سے مضارع۔ ۷۷/۲۸،

تنسی: تو بھولے گا۔ ۶/۸۷،

تنسی: تو بھلا دیا جائے گا۔ نسیان سے مضارع مجہول۔ ۱۲۶/۲۰،

تنسوا: تم بھول جاؤ۔ تم فراموش کردو۔ ۲۳۷/۲،

تنسون: تم بھول جاتے ہو۔ ۴۴/۲، ۴۱/۶،

تنشق: (انفعال) وہ شق ہوجائے، وہ پھٹ جائے، انشقاق سے مضارع۔ ۹۰/۱۹،

تنصرنّہ: تم اس کی ضرور مدد کروگے۔ نصرٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۸۱/۳،

تنصروا: تم مدد کرتے ہو۔ ۷/۴۷،

تنصرون: تمہاری مدد کی جائے گی۔ نصرٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۱۳/۱۱، ۲۵/۳۷، ۵۴/۳۹،

تنصروہ: تم اس کی مدد کروگے۔ ۴۰/۹،

تنطقون: (ن) تم بولتے ہو۔ نطق سے مضارع، ۹۲/۳۷، ۲۳/۵۱،

تنظر: (ن،س) وہ (مؤنث) غور کرے، وہ دیکھے، نظرٌ سے مضارع۔ ۱۸/۵۹،

تنظرون: تم دیکھتے ہو۔ ۵۰/۲، ۵۵/۲، ۱۴۳/۳، ۸۴/۵۶،

تنظرون: (افعال) تم مجھے مہلت دو، تم مجھے ڈھیل دو، انظار سے مضارع۔ ۱۹۵/۷، ۷۱/۱۰، ۵۵/۱۱،

تنفخ: (ن) تو پھونک مارتا ہے۔ نفخ سے مضارع۔ ۱۱۰/۵،

تنفد: (س) وہ تمام ہوا، وہ ختم ہوجائیں، نفاد سے مضارع۔ ۱۰۹/۱۸،

تنفذوا: (ن) تم نکل بھاگو، تم باہر چلے جاؤ۔ نفوذ سے مضارع۔ ۳۳/۵۵،

تنفذون: تم نکلتے ہو۔ ۳۳/۵۵،

تنفروا: (ض،ن) تم فرار ہوجاؤ، تم نکل جاؤ، نفوز و نفار سے مضارع۔ ۳۹/۹، ۸۱/۹،

تنفس: (تفعّل) اس نے سانس لیا، تنفّس سے ماضی۔ ۱۸/۸۱،

تنفع: (ف) وہ نفع دیتی ہے۔ وہ فائدہ دیتی ہے۔ نفع سے مضارع۔ ۱۰۹/۲۰، ۲۳/۳۴، ۵۵/۵۱،

تنفعکم: وہ تم کو نفع (فائدہ) دیتی ہے۔ ۳/۶۰،

تنفعہ: وہ اس کو نفع پہنچاتی ہے۔ ۴/۸۰،

تنفعھا: وہ اس (مؤنث) کو نفع دیتی ہے ۱۵۸/۶،

تَنْفَعُهُمْ: وہ ان کو نفع دیتی ہے۔ ۴۸/۷۴،

تُنْفِقُوْا: (اف) تم خرچ کرو، اِنْفَاقٌ سے مضارع۔ ۲۷۲/۲، ۲۷۳/۲، ۹۲/۳، ۶۰/۸، ۳۸/۴۷، ۱۰/۵۷، ۷/۶۳،

تُنْفِقُوْنَ: تم خرچ کرتے ہو۔ ۲۶۷/۲، ۲۷۲/۲،

تُنْقِذُ: (اف) تو رہا کرائے گا، تو چھڑائے گا، تو نجات دلائے گا، اِنْقَاذٌ سے مضارع۔ ۱۹/۳۹،

تَنْقُصُ: (ن) وہ کم کرتی ہے۔ وہ گھٹاتی ہے۔ نَقْصٌ سے مضارع۔ ۴/۵۰،

تَنْقُصُوْا: تم کم کرو۔ ۸۴/۱۱،

تَنْقُضُوْا: (ن) تم توڑو، نَقْضٌ سے مضارع۔ ۹۱/۱۶،

تَنْقَلِبُوْا: (اف) تم پھر جاؤ گے۔ تم پلٹ جاؤ گے۔ اِنْقِلَابٌ سے مضارع۔ ۱۴۹/۳، ۲۱/۵،

تَنْقِمُ: (ض، س) تو انتقام لیتا ہے، تو بدلہ لیتا ہے، تو دشمنی رکھتا ہے، نَقْمٌ سے مضارع۔ ۱۲۶/۷،

تَنْقِمُوْنَ: تم انتقام لیتے ہو، تم عیب دیکھتے ہو، ۵۹/۵،

تَنْكِحَ: (ف، ض) وہ (مؤنث) نکاح کرے۔ وہ وطی کرے۔ نِكَاحٌ سے مضارع۔ ۲۳۰/۲،

تَنْكِحُوْا: تم نکاح کرو۔ تم عقد کرو۔ ۵۳/۳۳،

تَنْكِحُوْا: تم نکاح کرو۔ تم عقد کرو۔ ۲۲۱/۲، ۲۲/۴،

تُنْكِحُوْا: (اف) تم نکاح کرادو، تم عقد کرادو، اِنْكَاحٌ سے مضارع۔ ۲۲۱/۲،

تَنْكِحُوْهُنَّ: تم ان سے نکاح کرو۔ ۱۲۷/۴، ۱۰/۶۰،

تُنْكِرُوْنَ: (اف) تم انکار کرتے ہو۔ اِنْكَارٌ سے مضارع۔ ۸۱/۴۰،

تَنْكِصُوْنَ: (ض) تم پھر جاتے ہو۔ تم بھاگتے ہو۔ نُكُوْصٌ سے مضارع۔ ۶۶/۲۳،

تَنْكِيْلًا: (تف) عذاب دینا۔ سزا دینا۔ رسوا کرنا، مصدر ہے۔ ۸۴/۴،

تَنُّوْرٌ: تنور۔ نان پکانے کا چولہا۔ ۴۰/۱۱، ۲۷/۲۳،

تَنُوْأُ: (ن) وہ جھکتا ہے، وہ بھاری پڑتی ہے۔ وہ تھکا دیتی ہے (بصلہ با) نَوْءٌ سے مضارع، نَوْءٌ لازم ہے صلہ با کی وجہ سے متعدی ہوگیا ۷۶/۲۸،

تَنْهٰى: (ف) وہ روکتی ہے۔ وہ منع کرتی ہے۔ نَهْيٌ سے مضارع۔ ۴۵/۲۹،

تَنْهٰنَا: تو ہم کو منع کرتا ہے۔ ۶۲/۱۱،

تَنْهَرْ: (ف) تو ڈانٹے۔ تو جھڑکے۔ نَهْرٌ سے مضارع۔ ۱۰/۹۳،

تَنْهَرْهُمَا: تو ان دونوں کو جھڑکے۔ ۲۳/۱۷،

تَنْهَوْنَ: (ف) تم منع کرتے ہو، تم روکتے ہو، نَهْيٌ سے مضارع ۱۱۰/۳،

تُنْهَوْنَ: تم کو منع کیا جاتا ہے۔ نَهْيٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۱/۴،

تَنِيَا: (ض) تم دونوں سستی کرو۔ وَنْيٌ سے مضارع۔ ۴۲/۲۰،

ت و

تَوَّابًا: توبہ قبول کرنے والا۔ تَوْبَةٌ سے مبالغہ۔ ۱۶/۴، ۶۴/۴، ۳/۱۱۰،

تَوَّابُ: توبہ قبول کرنے والا۔ ۳۷/۲، ۵۴/۲، ۱۲۸/۲، ۱۶۰/۲، ۱۰۴/۹، ۱۱۸/۹،

تَوَّابٌ: توبہ قبول کرنے والا۔ ۱۰/۲۴، ۱۲/۴۹،

تَوَّابِيْنَ: بہت توبہ کرنے والے، واحد تَوَّابٌ، تَوْبَةٌ سے مبالغہ۔ ۲۲۲/۲،

تَوَارَتْ: (تفا) وہ پوشیدہ ہوگئی۔ وہ چھپ گئی۔ تَوَارِیْ سے ماضی۔ ۳۲/۳۸،

تَوَاصَوْا: (تفا) انھوں نے وصیت کی۔ انھوں نے

نصیحت کی۔ تَوَاصِیْ سے مضارع۔ ۳/۵۱، ۳/۱۰۳، ۱۷/۹۰

تَوَاعَدْتُّمْ: (تفا) تم نے باہم وعدہ کیا۔ تَوَاعُدٌ سے ماضی۔ ۴۲/۸

تُوَاعِدُوْهُنَّ: (مفا) تم ان عورتوں سے وعدہ کرو۔ مُوَاعَدَةٌ سے مضارع۔ ۲۳۵/۲

تَوْب: توبہ کرنا، باز آنا، رجوع کرنا، مصدر ہے۔ گناہ کو مناسب ترین طریقہ پر چھوڑ دینے کو توبہ کہتے ہیں اور یہ معذرت کی مقبول ترین صورت ہے۔ شرعی اصطلاح میں توبہ کی تعریف یہ ہے کہ گناہ کو برا سمجھ کر چھوڑ دیا جائے جو کچھ ہو چکا ہے اس پر شرمندگی کا اظہار کیا جائے اور آئندہ کے لئے پختہ ارادہ کیا جائے کہ پھر گناہوں کی طرف مائل نہ ہوگا اور سابقہ گناہوں کی تلافی کرے گا (المفردات ص ۷۶)۔ ۳/۴۰

تَوْبَةَ: توبہ کرنا، باز آنا، رجوع کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۴/۹، ۲۵/۴۲

تَوْبَةً: توبہ کرنا۔ باز آنا۔ ۹۲/۴، ۸/۶۶

تَوْبَةُ: توبہ کرنا۔ باز آنا۔ ۱۷/۴، ۱۸/۴

تَوْبَتُهُمْ: ان کی توبہ، ان کا باز آ جانا۔ ۹۰/۳

تُوْبُوْا: تم توبہ کرو۔ تم باز آجاؤ۔ تَوْبَةٌ سے امر۔ ۵۴/۲، ۳/۱۱، ۵۲/۱۱، ۶۱/۱۱، ۹۰/۱۱، ۳۱/۲۴، ۸/۶۶

تَوْجَلْ: (س) تو ڈر۔ تو خوف کر۔ وَجَلٌ سے مضارع۔ ۵۳/۱۵

تَوَجَّهَ: (تفع) وہ متوجہ ہوا۔ اس نے رخ کیا۔ تَوَجُّهٌ سے ماضی۔ ۲۲/۲۸

تَوَدُّ: (س) وہ دوست رکھے گی۔ وہ چاہے گی، وَدٌّ سے مضارع۔ ۳۰/۳

تَوَدُّوْنَ: تم دوست رکھتے ہو۔ تم چاہتے ہو۔ ۷/۸

تَوْرٰةَ: توریت، آسمانی کتاب کا نام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ۳/۳، ۴۸/۳، ۴۳/۵، ۶۶/۵، ۶۸/۵، ۱۱۰/۵، ۵/۶۲

تَوْرٰةِ: توریت۔ ۵۰/۳، ۹۳/۳، ۴۶/۵، ۱۵۷/۷، ۱۱۱/۹، ۲۹/۴۸

تَوْرٰةُ: توریت۔ ۶۵/۳، ۹۳/۳، ۴۴/۵

تُوْرُوْنَ: تم سلگاتے ہو، تم روشن کرتے ہو۔ اِیْرَاءٌ سے مضارع۔ ۷۱/۵۶

تُوَسْوِسُ: وہ وسوسہ ڈالتی ہے، وہ برے خیالات دل میں ڈالتی ہے۔ وَسْوَسَةٌ سے مضارع۔ ۱۶/۵۰

تُوْصُوْنَ: (اف) تم وصیت کرتے ہو، اِیْصَاءٌ سے مضارع۔ ۱۲/۴

تَوْصِيَةً: (تف) وصیت کرنا۔ مصدر ہے۔ کارِ خیر کی نصیحت کو وصیت کہتے ہیں۔ اصطلاح میں مرنے والا مرنے کے قریب اپنے پسماندگان کو جو ہدایات دیتا ہے اسے وصیت کہتے ہیں۔ اگر یہ وصیت اس کے مال سے متعلق ہے تو ایک تہائی ترکہ سے زائد مال پر جاری نہ ہوگی۔ ۵۰/۳۶

تُوْعَدُوْنَ: (اف) تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ تم کو وعید سنائی جاتی ہے۔ تم کو ڈرایا جاتا ہے۔ پہلے معنی میں وَعْدٌ سے اور دوسرے میں اِیْعَادٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۳۴/۶، ۱۰۳/۲۱، ۱۰۹/۲۱، ۳۶/۲۳، ۷۲/۲۳، ۳۵/۳۸، ۳۰/۴۱، ۳۲/۵۰، ۵/۵۱، ۲۲/۵۱، ۲۵/۷۲، ۷/۷۷

تُوْعِدُوْنَ: (اف) تم وعید کرتے ہو۔ تم ڈراتے ہو۔ اِیْعَادٌ سے مضارع۔ ۸۶/۷

تُوْعَظُوْنَ: (مَ) تمہیں وعظ کیا جاتا، تمہیں نصیحت کی جاتی ہے۔ وَعْظٌ سے مضارع مجہول، ٣/٥٨،

تُوَفّٰی: (تف) اس کو پورا بدلہ دیا جائے گا۔ تَوْفِیَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ٢٨١/٢، ١٦١/٣، ١١١/١٦،

تَوَفّٰهُمْ: (تفع) اس (فرشتوں کی جماعت) نے ان کو قبض کیا۔ اس نے ان کو اٹھا لیا۔ تُوَفِّیْ سے ماضی و مضارع دونوں ہو سکتے ہیں۔ مضارع کی صورت میں اس کی اصل تَتَوَفّٰی تھی ایک تا حذف ہوگئی۔ ٩٧/٤،

تَوَفَّتْهُ: اس (فرشتوں کی جماعت) نے اس کو وفات دی، اس نے اس کو قبض کیا۔ اس نے اس کو اٹھا لیا۔ ٦١/٦،

تَوَفَّتْهُمْ: اس (فرشتوں کی جماعت) نے ان کو وفات دی، اس نے اس کو قبض کیا۔ اس نے ان کو اٹھا لیا۔ ٣٧/٤٧،

تَوَفَّنَا: (تفع) تو ہم کو وفات دے۔ تو ہم کو اٹھا لے، تُوَفِّیْ سے امر۔ ١٩٣/٣، ١٢٦/٧،

تَوَفَّنِیْ: تو مجھے وفات دے، تو مجھے اٹھا لے ١٠١/١٢،

تُوَفَّوْنَ: (تف) تم کو پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ تَوْفِیَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ١٨٥/٣،

تَوَفَّیْتَنِیْ: تو نے مجھے وفات دی، تو نے مجھے اٹھا لیا تُوَفِّیْ سے ماضی، یہاں آسمان پر اُٹھایا جانا مراد ہے۔ ١١٧/٥،

تَوْفِیْقًا: (تف) توفیق دینا۔ قدرت دینا۔ ملاپ کرنا۔ مصدر ہے۔ ٦٢/٤،

تَوْفِیْقِیْ: میری توفیق۔ ٨٨/١١،

تُوْقِدُوْنَ: (اف) تم آگ سلگاتے ہو۔ تم آگ روشن کرتے ہو۔ اِیْقَادٌ سے مضارع۔ ٨٠/٣٦،

تُوَقِّرُوْهُ: (تف) تم اس کی توقیر کرو۔ تم اس کی عزت کرو۔ تَوْقِیْرٌ سے مضارع۔ ٩/٤٨،

تُوْقِنُوْنَ: (اف) تم یقین کرو۔ اِیْقَانٌ سے مضارع۔ ٢/١٣،

تَوَکَّلْ: (تفع) تو توکل کر۔ تو بھروسہ کر۔ تو اعتماد کر، تَوَکُّلٌ سے امر، شریعت میں توکل کا مطلب یہ ہے کہ بندہ کسی کام کے سلسلہ میں اس کے ظاہری شرعی اسباب کو عمل میں لا کر نتائج کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کر دے اور اس کی کارسازی پر پورا اعتماد کرے، ١٥٩/٣، ٨١/٤، ٦١/٨، ١٢٣/١١، ٥٨/٢٥، ٢١٧/٢٦، ٧٩/٢٧، ٣/٣٣، ٤٨/٣٣،

تَوَکَّلْتُ: میں نے توکل کیا۔ میں نے بھروسہ کیا۔ ١٢٩/٩، ٧١/١٠، ٥٦/١١، ٨٨/١١، ٦٧/١٢، ٣٠/١٣، ١٠/٤٢،

تَوَکَّلْنَا: ہم نے توکل کیا۔ ہم نے بھروسہ کیا۔ ٨٩/٧، ٨٥/١٠، ٤/٦٠، ٢٩/٦٧،

تَوَکَّلُوْا: تم توکل کرو۔ تم بھروسہ کرو۔ ٢٣/٥، ٨٤/١٠،

تَوْکِیْدِهَا: (تف) اس کا استحکام۔ اس کی مضبوطی۔ اس کی پختگی۔ مصدر ہے۔ ٩١/١٦،

تَوَلَّ: (تفع) تو ہٹ جا۔ تو منہ پھیر لے۔ تو دوستی کر، تَوَلِّیْ سے امر۔ ٢٨/٢٧، ١٧٤/٣٧، ١٧٨/٣٧، ٥٤/٥١، ٦/٥٤،

تَوَلّٰی: اس نے منہ موڑا۔ اس نے دوستی کی۔ تَوَلِّیْ سے ماضی۔ ٢٠٥/٢، ٨٢/٣، ٨٠/٤، ١١٥/٤، ٧٩/٧، ٩٣/٧، ٨٤/١٢، ٤٨/٢٠، ٦٠/٢٠، ١١/٢٤، ٢٢/٢٨، ٣٩/٥١، ٢٩/٥٣، ٣٣/٥٣، ١٧/٧٠، ٣٢/٧٥، ١/٨٠، ٢٣/٨٨، ١٦/٩٢، ١٣/٩٦،

تَوَلَّاهُ: اس نے اس سے دوستی کی۔ تَوَلِّیْ سے ماضی۔ ٤/٢٢،

تُوْلِجُ: (اف) تو داخل کرتا ہے۔ تو لاتا ہے۔

اِیلاجٌ سے مضارع۔ ۲۷/۳،

تَوَلَّوْا: انھوں نے منھ موڑا۔ انھوں نے پیٹھ پھیری۔ ۱۳۷/۲، ۲۴۶/۲، ۲۰/۳، ۳۲/۳، ۶۳/۳، ۶۴/۳، ۱۵۵/۳، ۸۹/۴، ۴۹/۵، ۲۳/۸، ۳۰/۸، ۷۶/۹، ۹۲/۹، ۱۲۹/۹، ۸۲/۱۶، ۱۰۹/۲۱، ۹۰/۳۷، ۱۴/۴۴، ۱۴/۵۸، ۶/۶۴،

تَوَلَّوْا: تم پھر جاؤ گے، ۳۲/۳، ۶۳/۳، ۲۰/۸، ۳/۱۱، ۵۷/۱۱، ۵۴/۲۴،

تُوَلُّوْا: (تف) تم پھر جاؤ۔ تم رُخ کرو۔ تَوْلِیَۃٌ سے مضارع۔ ۱۱۵/۲، ۱۴۴/۲، ۵۷/۲۱،

تُوَلُّوْنَ: تم منھ موڑو گے۔ تم پھر جاؤ گے۔ ۳۳/۴۰،

تُوَلُّوْھُمُ: تم ان سے منھ موڑو۔ ۱۵/۸،

تَوَلَّوْھُمْ: تم ان سے دوستی کرنے لگو۔ تَوَلِّیْ سے مضارع۔ ۹/۶۰،

تَوَلَّیْتُمْ: تم پھر گئے، تم نے منھ موڑا، تم حاکم ہوئے، تَوَلِّیْ سے ماضی۔ ۶۴/۲، ۸۳/۲، ۹۲/۵، ۳/۹، ۷۲/۱۰، ۲۲/۴۷، ۱۶/۴۸، ۱۲/۶۴،

ت ہ

تُھَاجِرُوْا: (مفا) تم ہجرت کرو، تم وطن چھوڑ جاؤ، دین کے لئے دارالکفر کو چھوڑ کر دارالایمان کی طرف نکلنے کو ہجرت کہتے ہیں جیسے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی گئی (المفردات ص ۵۳۷) مُھَاجَرَۃٌ سے مضارع۔ ۹۷/۴،

تَھْتَدُوْا: (افت) تم ہدایت پاؤ۔ تم راہ پاؤ، اِھْتِدَاءٌ سے مضارع۔ ۱۳۵/۲، ۹۷/۶، ۵۴/۲۴،

تَھْتَدُوْنَ: تم ہدایت پاؤ۔ تم راہ پاؤ۔ ۵۳/۲، ۱۵۰/۲، ۱۰۳/۳، ۱۵۸/۷، ۱۵/۱۶، ۳۱/۲۱،

تَھْتَدِیْ: وہ ہدایت پاتی ہے۔ ۴۱/۲۷،

تَھْتَزُّ: (افت) وہ بل کھاتی ہے، وہ ہلتی ہے۔ وہ لہراتی ہے، اِھْتِزَازٌ سے مضارع۔ ۱۰/۲۷، ۳۱/۲۸،

تَھَجَّدْ: (تفع) تو تہجد پڑھ۔ تو نیند کو زائل کر، تو بیدار ہو جا، تَھَجُّدٌ سے امر، ھُجُوْدٌ نیند کو کہتے ہیں، تہجد نیند زائل کرنے اور بیدار ہو جانے کو کہتے ہیں۔ مُتَھَجِّد اس شخص کو کہتے ہیں جو نیند کو چھوڑ کر رات کے وقت نماز میں مشغول ہو جائے۔ (المفردات: ص ۵۳۶) ۷۹/۱۷،

تَھْجُرُوْنَ: (ن) تم ہجرت کرتے ہو، تم چھوڑتے ہو، تم ہذیان بکتے ہو، ھَجْرٌ سے مضارع ۶۷/۲۳،

تَھْدُوْا: (ض) تم ہدایت پاؤ۔ تم راہ پاؤ۔ ھَدْیٌ اور ھِدَایَۃ سے مضارع۔ ۸۸/۴،

تَھْدِیْ: تو ہدایت دیتا ہے۔ تو راہ بتاتا ہے۔ ۱۵۵/۷، ۵۶/۲۸، ۵۲/۴۲،

تَھْدِی: تو ہدایت دیتا ہے۔ تو راہ بتاتا ہے۔ ۴۳/۱۰، ۴۰/۴۳،

تَھْلُکَۃِ: (ن ض) ہلاکت، تباہی، بربادی۔ ھُلْکٌ و ھَلَاکٌ، ھُلُوْکٌ اور ھَلَاکَۃٌ سے اسم مصدر۔ ۱۹۵/۲،

تُھْلِکُنَا: (اف) تو ہم کو ہلاک کرتا ہے۔ اِھْلَاکٌ سے مضارع۔ ۱۵۵/۷، ۱۷۳/۷،

تَھِنُوْا: (ض ح ک) تم ہمت ہارو۔ تم کمزور پڑ جاؤ، تم سست ہو جاؤ۔ وَھْنٌ سے مضارع۔ ۱۳۹/۳، ۱۰۴/۴، ۳۵/۴۷،

تَھْوَی: وہ خواہش کرتی ہے۔ وہ چاہتی ہے۔ وہ الفت رکھتی ہے۔ ۲۳/۵۳،

تَھْوٰی: (س) وہ خواہش کرتی ہے۔ وہ چاہتی ہے الفت رکھنا ھَوًی سے مضارع ۸۷/۲، ۷۰/۵، ۲۳/۵۳،

تَهْوِیْ: (ش) وہ (اوپر سے نیچے) گراتی ہے، وہ پھینک دیتی ہے۔ هَوَیَانٌ وهُوِیٌّ سے مضارع۔ ٣٧/١٤، ٣١/٢٢

ت ء

تُؤَاخِذْنَا: (مفا) تو ہمارا مواخذہ کرے، تو ہماری گرفت کرے، مُؤَاخَذَۃٌ سے مضارع، ٢٨٦/٢

تُؤَاخِذْنِیْ: تو میرا مواخذہ کرے، تو میری گرفت کرے۔ ٧٣/١٨

تَأْبٰی: وہ (دل) انکار کرتے ہیں، اِبَاءٌ سے مضارع۔ ٨/٩

تَأْتِ: وہ آئے۔ اِتْیَانٌ سے مضارع۔ ١٠٥/١١

تَأْتِنَا: تو ہمارے پاس لائے گا۔ (بصلہ با) اِتْیَانٌ سے مضارع۔ ١٣٢/٧

تَأْتُنَّنِیْ: تم ضرور میرے پاس لاؤ گے (بصلہ با) اِتْیَانٌ سے مضارع بانون ثقیلہ۔ ٦٦/١٢

تَأْتُوْا: تم آؤ۔ اِتْیَانٌ سے مضارع۔ ١٨٩/٢

تُؤْتُوْا: (اف) تم دو، تم لاؤ، اِیْتَاءٌ سے مضارع۔ ٥/٤

تَأْتُوْنَ: تم آتے ہو۔ ٨٠/٧، ٨١/٧، ٣/٢١، ١٦٥/٢٦، ٥٤/٢٧، ٥٥/٢٧، ٢٨/٢٩، ٢٩/٢٩، ١٨/٧٨

تُؤْتُوْنِ: تم مجھ کو دو۔ ٦٦/١٢

تَأْتُوْنَنَا: تم ہمارے پاس آتے ہو۔ ٢٨/٣٧

تُؤْتُوْنَهُنَّ: تم ان عورتوں کو دیتے ہو۔ ١٢٧/٤

تَأْتُوْنِیْ: تم میرے پاس لاؤ گے۔ ٦٠/١٢

تُؤْتَوْهُ: (اف) تم کو وہ (حکم) دیا جائے۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ٤١/٥

تُؤْتُوْهَا: تم اس کو دو۔ ٢٧١/٢

تَأْتِیْهِمْ: تو ان کے پاس لاتا ہے، تو ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے۔ اِتْیَانٌ سے مضارع۔ اصل تَأْتِیْ تھا، لَمْ کے آنے سے 'ی' حذف ہوگئی اور مضارع ماضی کے معنی میں ہوگیا۔ ٢٠٣/٧

تَأْتِهِمْ: وہ ان کے پاس آئی۔ ١٣٣/٢٠

تَأْتِیْ: تو آئے (بلاصلہ) تو لے آئے (بصلہ با) ٩٢/١٧

تَأْتِیْ: وہ آئے گی۔ ١١١/١٦

تَأْتِیْ: وہ آئے گی۔ ١٠/٤٤

تُؤْتِیْ: تو دیتا ہے۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع۔ ٢٦/٣

تُؤْتِیْ: وہ دیتی ہے۔ وہ لاتی ہے۔ ٢٥/١٤

تَأْتِیَکُمْ: وہ تمہارے پاس آتی ہے۔ ١٨٧/٧، ٢٠/٣٤

تَأْتِیْنَا: تو ہمارے پاس لے آ (بصلہ با) ٧/١٥

تَأْتِیْنَا: وہ ہمارے پاس آئے گی (بلاصلہ)۔ ١١٨/٢، ٣/٣٤

تَأْتِیَنَا: تو ہمارے پاس آئے۔ ١٢٩/٧

تَأْتِیَنَّکُمْ: وہ تمہارے پاس ضرور آئے گی۔ اِتْیَانٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ٣/٣٤

تَأْتِیْهِمْ: تو ان کے پاس آتا ہے۔ تو ان کے پاس لاتا ہے (بصلہ با)۔ ٥/٦

تَأْتِیَهُمْ: وہ ان پر یکایک آ پڑے، وہ ان کے پاس آئے۔ ١٠٧/١٢، ٥٥/١٨، ٦٦/٤٣، ١٨/٤٧

تَأْتِیَهُمْ: وہ ان کے پاس آئے۔ ١٥٨/٦، ١٠٧/١٢، ٣٣/١٦، ٥٥/٢٢، ١/٩٨

تَأْتِیْهِمْ: وہ ان کے پاس آئے گی۔ ٤/٦، ٣٥/٦، ١٥٨/٦، ١٦٣/٧، ١٠٧/١٢، ٣٣/١٦، ٥٥/١٨، ٣٠/٢١، ٥٥/٢٢، ٣١/٣٦، ٢٢/٣٠، ٦٦/٤٣، ١٨/٤٧، ٦/٤٢، ١/٩٨

تُؤْثِرُوْنَ: (اف) تم ایثار کرتے ہو، تم ترجیح دیتے ہو،

تم پسند کرتے ہو۔ اِیثارٌ سے مضارع۔ ۱۶/۸۷،

تَأْثِیْمًا: (تف) گناہ میں ڈالنا۔ گناہ کی باتیں۔ مصدر ہے۔ ۲۵/۵۶،

تَأْثِیْمٌ: گنہگاری۔ بیہودگی۔ ۲۳/۵۲،

تَأْجُرَنِیْ: (ن) تو میری نوکری کرے گا۔ تو میری مزدوری کرے گا، اُجْرَۃٌ و اَجْرٌ سے مضارع ۲۷/۲۸،

تَأْخُذُ: (ن) تو لیتا ہے۔ تو پکڑتا ہے۔ اَخْذٌ سے مضارع۔ ۹۴/۲۰،

تَأْخُذُکُمْ: تم کو (رحم) نہیں آنا چاہئے۔ وہ تم کو پکڑے گی۔ ۲/۲۴،

تَأْخُذُوْا: تم لے لو۔ تم پکڑ لو۔ ۲۲۹/۲، ۲۰/۴،

تَأْخُذُوْنَہٗ: تم اس کو لیتے ہو۔ تم اس کو پکڑتے ہو۔ ۲۰/۴، ۲۱/۴،

تَأْخُذُوْنَھَا: تم اس (مؤنث) کو لیتے ہو، تم اس کو پکڑتے ہو۔ ۲۰/۴۸،

تَأْخُذُوْھَا: تم اس (مؤنث) کو لے لو، تم اس کو پکڑ لو۔ ۱۵/۴۸،

تَأْخُذُہٗ: وہ اس کو لیتی ہے، وہ اس کو پکڑتی ہے۔ ۲۵۵/۲،

تَأْخُذُھُمْ: وہ ان کو لے گی۔ وہ ان کو پکڑے گی۔ ۴۹/۳۶،

تَأَخَّرَ: (تفع) اس نے تاخیر کی۔ وہ پیچھے رہا۔ تَأَخُّرٌ سے ماضی۔ ۲۰۳/۲،

تُؤَدُّوْا: (تف) تم ادا کرو۔ تم پہنچا دو۔ تَأْدِیَۃٌ سے مضارع۔ ۵۸/۴،

تَأَذَّنَ: (تفع) اس نے اذان دی، اس نے اعلان کیا، اس نے سنایا۔ تَأَذُّنٌ سے ماضی ۱۶۷/۷، ۷/۱۴

تُؤْذُوْا: (اف) تم ایذا دو۔ تم تکلیف پہنچاؤ۔ اِیْذَاءٌ سے مضارع۔ ۵۳/۳۳،

تُؤْذُوْنَنِیْ: تم مجھے ایذا دیتے ہو، تم مجھے تکلیف دیتے ہو۔ ۵/۶۱،

تَؤُزُّھُمْ: (ن) وہ (شیطانوں کی جماعت) ان کو ابھارتے ہیں۔ وہ ان کو ورغلاتے ہیں۔ اَزٌّ سے مضارع۔ ۸۳/۱۹،

تَأْسَ: (س، ف، ض) تو افسوس کرتا ہے۔ تو رنجیدہ ہوتا ہے، اَسٰی سے مضارع۔ ۲۶/۵، ۶۸/۵،

تَأْسِرُوْنَ: (ض) تم اسیر کرتے ہو۔ تم قید کرتے ہو۔ اَسْرٌ سے مضارع۔ ۲۶/۳۳،

تَأْسَوْا: تم افسوس کرو۔ تم غم کھاؤ۔ اَسٰی سے مضارع۔ ۲۳/۵۷،

تَأْفِکَنَا: (ض) تو ہم کو ہٹا دے گا۔ تو ہم کو پھیر دے گا۔ اِفْکٌ سے مضارع۔ ۲۲/۴۶،

تُؤْفَکُوْنَ: (ض، س) تم پلٹائے جاتے ہو، تم پھیرے جاتے ہو، اَفْکٌ سے مضارع مجہول۔ ۷۲/۳، ۹۵/۶، ۳۲/۱۰، ۳/۳۵،

تَأْکُلُ: (ن) وہ کھاتی ہے، اَکْلٌ سے مضارع، ۷۳/۷، ۶۴/۱۱،

تَأْکُلُ: وہ کھاتی ہے۔ ۳۶/۱۲، ۴۱/۱۲، ۲۷/۳۲، ۱۴/۳۴، ۱۲/۴۷،

تَأْکُلُوْا: تم کھاؤ۔ ۱۸۸/۲، ۱۳۰/۳، ۲/۴، ۲۹/۴، ۱۱۹/۶، ۱۲۱/۶، ۱۴/۱۶، ۶۱/۲۴،

تَأْکُلُوْنَ: تم کھاتے ہو۔ ۴۹/۳، ۴۷/۱۲، ۵/۱۶، ۱۹/۲۳، ۲۱/۲۳، ۳۳/۲۳، ۱۲/۳۵، ۹۱/۳۷، ۷۳/۴۰، ۷۳/۴۳، ۲۷/۵۱، ۱۹/۸۹،

تَأْکُلُوْھَا: تم اس کو کھاتے ہو۔ ۵/۱۶،

تَأْکُلُہٗ: وہ اس کو کھاتی ہے۔ ۱۴/۳۴،

تَأْلَمُوْنَ: (س) تمہیں تکلیف ہوتی ہے۔ تم بے

آرام ہوتے ہو، اَلعِزّ سے مضارع۔ ۱۰۳/۴،

تُؤْمَرُ: (ن) تجھے حکم دیا جاتا ہے۔ اَمْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۹۴/۱۵، ۱۰۲/۳۷،

تَأْمُرُكَ: (ن) وہ تجھے حکم دیتی ہے۔ اَمْرٌ سے مضارع۔ ۸۷/۱۱،

تَأْمُرُنَا: تو ہم کو حکم دیتا ہے۔ ۶۰/۲۵،

تَأْمُرُوْنَ: تم حکم دیتے ہو۔ ۴۴/۲، ۱۱۰/۳، ۱۱۰/۷، ۳۵/۲۶،

تُؤْمَرُوْنَ: تم کو حکم دیا جاتا ہے۔ ۶۸/۲،

تَأْمُرُوْنَنَا: تم ہم کو حکم دیتے ہو۔ ۳۳/۳۴،

تَأْمُرُوْنِّیْ: تم مجھ کو حکم دیتے ہو۔ یہاں نون پر تشدید ادغام کی وجہ سے ہے۔ ۶۴/۳۹،

تَأْمُرُهُمْ: وہ ان کو حکم دیتی ہے۔ ۳۲/۵۲،

تَأْمُرِیْنَ: تو حکم دیتی ہے۔ ۳۳/۲۷،

تُؤْمِنْ: (اف) تو ایمان لایا، تو نے یقین کیا، اِیْمَانٌ سے مضارع، لَمْ کے آنے سے مضارع ماضی منفی کے معنی میں ہو گیا۔ ۲۶۰/۲، ۴۱/۵،

تُؤْمِنَ: (اف) وہ ایمان لاتی ہے۔ ۱۰۰/۱۰،

تَأْمَنَّا: (س) تو ہمیں امین بناتا ہے۔ تو ہمارا اعتبار کرتا ہے۔ اَمْنٌ و اَمَانَةٌ سے مضارع۔ اصل میں تَأْمَنُنَا تھا نون کا نون میں ادغام کر دیا گیا۔ ۱۱/۱۲،

تُؤْمِنُنَّ: تم ضرور ایمان لاؤ گے۔ اِیْمَانٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۸۱/۳،

تُؤْمِنُوْا: تم ایمان لاؤ گے۔ ۷۳/۳، ۱۷۹/۳، ۱۰۷/۱۷،
۱۲/۴۰، ۲۱/۴۴، ۳۶/۴۷، ۹/۴۸، ۱۳/۴۹، ۸/۵۷، ۳/۵۸، ۱/۶۰، ۳/۶۰،

تُؤْمِنُوْنَ: تم ایمان لاتے ہو۔ ۸۵/۲، ۱۱۰/۳، ۱۱۹/۳، ۵۹/۴، ۲/۲۴، ۸/۵۷، ۱۱/۶۱، ۴۱/۶۹،

تَأْمَنْهُ: تو اس کے پاس امانت رکھتا ہے۔ ۷۵/۳،

تُؤْوِیْ: (اف) تو جگہ دیتا ہے، اِیْوَاءٌ سے مضارع، ۵۱/۳۳،

تَأْوِیْلًا: انجام۔ تعبیر۔ ۵۹/۴، ۳۵/۱۷،

تَأْوِیْلِ: (تف) تعبیر بتانا۔ حقیقت بیان کرنا، پھیرنا، مصدر ہے، ۶/۱۲، ۲۱/۱۲، ۴۴/۱۲، ۱۰۱/۱۲، ۷۸/۱۸،

تَأْوِیْلُ: تعبیر۔ حقیقت۔ ۱۰۰/۱۲، ۸۲/۱۸،

تَأْوِیْلَهٗ: اس کی تاویل۔ اس کی تعبیر۔ ۷/۳، ۵۳/۷،

تَأْوِیْلِهٖ: اس کی حقیقت۔ اس کی تعبیر۔ ۷/۳، ۳۶/۱۲، ۳۷/۱۲، ۴۵/۱۲،

تَأْوِیْلُهٗ: اس کی تاویل۔ اس کی تعبیر۔ ۵۳/۷، ۳۹/۱۰،

تُؤْوِیْهِ: وہ اس کو جگہ دیتی ہے۔ ۱۳/۷۰،

ت ی

تَیَسَّرَ: (تفع) وہ میسر ہوا، وہ آسان ہوا، وہ سہل ہوا، تَیَسُّرٌ سے ماضی۔ ۲۰/۷۳،

تَیَمَّمُوْا: (تفع) تم تیمم کرو، تم ارادہ کرو۔ تَیَمُّمٌ سے امر۔ ۲۶۷/۲، ۴۳/۴، ۶/۵،

تِیْنِ: انجیر۔ ۱/۹۵،

تَایْئَسُوْا: (س ف ض) تم مایوس ہو، تم ناامید ہو، یَأْسٌ سے مضارع۔ ۸۷/۱۲،

باب الثّا

ث الف

ثَابِتٍ : (ن) مضبوط، محکم ۔ جس کی جڑ خوب گڑی ہوئی ہو، ثَبَاتٌ و ثُبُوْتٌ سے اسم فاعل، ۲۷/۱۴

ثَابِتٌ: مضبوط، محکم، جس کی جڑ خوب گڑی ہو، ۲۴/۱۴

ثَاقِبٌ : (ن) جلا دینے والا، دہکتا ہوا، چمکدار، روشن، ثُقُوْبٌ سے اسم فاعل ۔ ۳/۸۶

ثَاقِبٌ: جلا دینے والا، دہکتا ہوا، چمکدار، روشن، ۱۰/۳۷

ثَالِثٍ: تیسرا ۔ مذکر کے لئے اسم عدد ۔ ۱۴/۳۶

ثَالِثُ: تیسرا ۔ ۷۳/۵

ثَالِثَةَ: تیسری ۔ ۲۰/۵۳

ثَامِنُهُمْ: ان کا آٹھواں ۔ اسم عدد ۔ ۲۲/۱۸

ثَانِيَ: دوسرا ۔ مذکر کے لئے اسم عدد ۔ ۴۰/۹

ثَانِيَ : (ض) موڑنے والا ۔ پھرانے والا ۔ ثَنْيٌ سے اسم فاعل ۔ ۹/۲۲

ثَاوِيًا : (ض) رہنے والا، باشندہ ۔ مقیم، ثَوَاءٌ سے اسم فاعل ۔ ۴۵/۲۸

ث ب

ثُبَاتٍ: متفرق، جدا جدا، گروہ گروہ، واحد ثُبَۃٌ ۷۱/۴

ثَبِّتْ : (تف) تو ثابت رکھ، تو قائم رکھ ۔ تَثْبِيْتٌ سے امر ۔ ۲۵۰/۲، ۱۴۷/۳

ثَبَّتْنٰكَ : ہم نے تجھے ثابت رکھا ۔ ہم نے تجھے قائم رکھا ۔ تَثْبِيْتٌ سے ماضی ۔ ۷۴/۱۷

ثَبِّتُوا: تم ثابت رکھو ۔ تم قائم رکھو ۔ ۱۲/۸

ثَبَّطَهُمْ : (تف) اس نے ان کو باز رکھا، اس نے ان کو روک دیا، اس نے ان کو پیچھے رکھا، تَثْبِيْطٌ سے ماضی ۔ ۴۶/۹

ثُبُوْتِهَا: (ن) اس کا ثابت ہونا ۔ اس کا استقرار ہونا ۔ اس کا جمنا ۔ مصدر ہے ۔ ۹۴/۱۶

ثُبُوْرًا : (ن) ہلاکت، تباہی، موت، مصدر ہے ۔ ۱۳/۲۵، ۱۴/۲۵، ۱۱/۸۴

ث ج

ثَجَّاجًا : (ن) موسلا دھار بارش ۔ زور شور سے برسنے والا، کثرت سے بہنے والا پانی، خوب لگاتار بہنا ۔ ثَجٌّ سے مبالغہ ۔ ۱۴/۷۸

ث ر

ثَرٰى: گیلی مٹی، زمین کا سب سے نچلا حصہ ۔ اسم ہے ۔ ۶/۲۰

ث ع

ثُعْبَانٌ : اژدہا، بڑا سانپ ۔ جمع ثَعَابِيْنَ. اسم ہے، مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ ۱۰۷/۷، ۳۲/۲۶

ث ق

ثِقَالَ: بھاری۔ بوجھل۔ واحد ثَقِیلٌ۔ ۱۲/۱۳،

ثِقَالًا: بوجھل۔ ۵۷/۷، ۴۱/۹،

ثَقِفْتُمُوْهُمْ: (س) تم نے ان کو پایا۔ ثَقِفَ سے ماضی۔ ۱۹۱/۲، ۹۱/۴،

ثُقِفُوْا: وہ پائے گئے۔ ثَقِفَ سے ماضی مجہول۔ ۱۱۲/۳، ۶۱/۳۳،

ثَقَلٰنِ: دو بھاری چیزیں۔ دو بھاری خلقتیں یعنی انسان اور جن۔ ۳۱/۵۵،

ثَقُلَتْ: (ک) وہ بھاری ہوئی۔ ثِقَلٌ سے ماضی۔ ۸/۷، ۱۸۷/۷، ۱۰۲/۲۳، ۶/۱۰۱،

ثَقِیلًا: بھاری۔ فَعِیْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۵/۷۳، ۲۷/۷۶،

ث ل

ثَلٰثَ: تین۔ مؤنث کے لئے اسم عدد۔ ۲۵/۱۸، ۱۰/۱۹، ۵۸/۲۴،

ثَلٰثَ مِائَةٍ: تین سو۔ ۲۵/۱۸،

ثَلٰثِ: تین۔ ۳۰/۷۷،

ثَلٰثٍ: تین۔ ۶/۳۹،

ثَلٰثُ: تین۔ ۵۸/۲۴،

ثُلٰثَ: تین تین۔ ۳/۴، ۱/۳۵،

ثَلٰثَةَ: تین۔ مذکر کے لئے اسم عدد۔ ۲۲۸/۲، ۴۱/۳، ۶۵/۱۱،

ثَلٰثَةُ: تین۔ ۷/۵۶،

ثَلٰثَةِ: تین۔ ۱۹۶/۲، ۱۲۳/۳، ۸۹/۵، ۱۱۸/۹،

ثَلٰثَةٍ: تین۔ ۷۳/۵، ۷/۵۸،

ثَلٰثَةٌ: تین۔ ۳/۲۵،

ثَلٰثَةٍ: تین۔ ۱۲۴/۳، ۲۲/۱۸،

ثَلٰثُوْنَ: تیس۔ ۱۵/۴۶،

ثَلٰثِیْنَ: تیس۔ ۱۴۲/۷،

ثُلَّةٌ: ایک بڑا گروہ، ایک بڑی جماعت ۱۳/۵۶، ۳۹/۵۶، ۴۰/۵۶،

ثُلُثُ: تہائی۔ تیسرا حصہ۔ ۱۲/۴،

ثُلُثُ: تہائی۔ تیسرا حصہ۔ ۱۱/۴،

ثُلُثَا: دو تہائی۔ اضافت کی وجہ سے نون حذف ہو گیا۔ ۱۱/۴،

ثُلُثٰنِ: دو تہائی۔ ۱۷۶/۴،

ثُلُثَهٗ: اس کا تہائی۔ ۲۰/۷۳،

ثُلُثَیِ: دو تہائی۔ ۲۰/۷۳،

ث م

ثَمَّ: وہاں، اس جگہ، اسم ظرف مکان ہے۔ ۱۱۵/۲، ۶۴/۲۶، ۲۱/۸۱،

ثُمَّ: پھر، اس کے بعد، تب، حرف عطف ہے۔ ۲۸/۲، ۵۱/۲،..... ۱۹۵ جگہ

ثَمٰنِیَ: آٹھ۔ مؤنث کے لئے اسم عدد۔ ۲۷/۲۸،

ثَمٰنِیَةَ: آٹھ، مذکر کے لئے اسم عدد ۱۴۳/۶، ۶/۳۹، ۷/۶۹،

ثَمٰنِیَةٌ: آٹھ۔ ۱۷/۶۹،

ثَمٰنِیْنَ: اسی۔ ۴/۲۴،

ثَمَرٌ: پھل۔ میوے۔ جمع ثِمَارٌ و ثَمَرَاتٌ و اَثْمَارٌ۔ ۳۴/۱۸،

ثَمَرٰتِ: پھل۔ میوے۔ واحد ثَمَرٌ و ثَمَرَةٌ۔ ۲۲/۲، ۱۲۶/۲، ۱۵۵/۲، ۲۶۶/۲، ۵۷/۷، ۱۳۰/۷، ۳/۱۳، ۳۲/۱۴، ۳۷/۱۴، ۱۱/۱۶، ۶۷/۱۶، ۶۹/۱۶، ۱۵/۴۷،

ثَمَرٰتِ: پھل۔ میوے۔ ۲۷/۳۵، ۴۷/۴۱،

ثَمَرٰتٌ: پھل۔ میوے۔ ۵۷/۲۸،

ثَمَرَةٍ: پھل۔ میوہ۔ جمع ثِمَارٌ و ثَمَرَاتٌ و اَثْمَارٌ۔ ۲۵/۲،

ثَمَرِهٖ: اس کے پھل۔ ۹۹/۶، ۱۴۱/۶، ۳۲/۱۸، ۳۵/۳۶،

ثَمَنًا: قیمت، دام۔ جمع اَثْمَانٌ۔ ۴۱/۲، ۷۹/۲، ۱۷۴/۲، ۷۷/۳، ۱۸۷/۳، ۱۹۹/۳، ۴۴/۵، ۱۰۶/۵، ۹/۹، ۹۵/۱۶،

ثَمَنٍ: دام۔ قیمت۔ مول۔ ۲۰/۱۲،

ثُمُنُ: آٹھواں حصہ۔ اسم عدد۔ ۱۲/۴،

ثَمُوْدَ: حضرت صالحؑ علیہ السلام کی قوم کا نام۔ ۷۳/۷، ۷۰/۹، ۱۱/۱۱، ۶۸/۱۱، ۹/۱۴، ۵۹/۱۷، ۳۸/۲۵، ۴۵/۲۷، ۳۸/۲۹، ۳۱/۴۰، ۱۳/۴۱، ۴۳/۵۱، ۵۱/۵۳، ۱۸/۸۵، ۹/۸۹،

ثَمُوْدُ: حضرت صالحؑ کی قوم۔ ۹۵/۱۱، ۴۲/۲۲، ۱۴۱/۲۶، ۱۳/۳۸، ۱۷/۴۱، ۱۲/۵۰، ۲۳/۵۳، ۴/۶۹، ۵/۶۹، ۱۱/۹۱،

ث و

ثَوَابَ: (ن) ثواب۔ اجر۔ انعام۔ نیکی کا بدلہ۔ ثَوْبٌ سے مشتق ہے۔ لغوی اعتبار سے اس کا استعمال اچھے اور بُرے اعمال کی جزا کے لئے ہوتا ہے لیکن عرف عام میں اس سے جزائے خیر مراد لی جاتی ہے۔ ۱۴۵/۳، ۱۴۸/۳، ۱۴۴/۴،

ثَوَابًا: (تف) ثواب، اجر۔ نیکی کا بدلہ۔ ۱۹۵/۳، ۴۴/۱۸، ۳۱/۱۸، ۷۶/۱۹،

ثَوَابَ: ثواب، اجر، نیکی کا بدلہ۔ ۱۴۸/۳، ۱۹۵/۳،

ثَوَابُ: ثواب، اجر، نیکی کا بدلہ۔ ۱۴۴/۳، ۳۱/۱۸، ۸۰/۲۸،

ثُوِّبَ: (تف) اس کو بدلہ دیا گیا۔ تَثْوِیْبٌ سے ماضی مجہول۔ قرآن مجید میں یہ لفظ بُرے اعمال کے بدلے کے لئے استعمال ہوا ہے ۳۶/۸۳،

ث ی

ثِیَابًا: کپڑے۔ پوشاک۔ واحد ثَوْبٌ۔ ۳۱/۱۸،

ثِیَابُ: کپڑے۔ پوشاک۔ ۲۱/۷۶،

ثِیَابٌ: کپڑے۔ پوشاک۔ ۱۹/۲۲،

ثِیَابَكَ: تیرے کپڑے۔ تیری پوشاک۔ ۴/۷۴،

ثِیَابَكُمْ: تمہارے کپڑے، تمہاری پوشاک، ۵۸/۲۴،

ثِیَابَهُمْ: ان کے کپڑے، ان کی پوشاک، ۵/۱۱، ۷/۷۱،

ثِیَابَهُنَّ: ان (عورتوں کے) کے کپڑے، ان کی پوشاک۔ ۶۰/۲۴،

ثَیِّبٰتٍ: شادی شدہ عورتیں۔ بیوہ عورتیں۔ لوٹ آنے والی۔ واحد ثَیِّبٌ۔ ۵/۶۶،

﴿بَابُ الْجِیْم﴾

ج الف

جَابُوا: (ن) انھوں نے تراشا۔ انھوں نے کاٹا، جَوْبٌ سے ماضی۔ ۹/۸۹

جٰثِمِیْنَ: (ن،ض) زانو کے بل گرے ہوئے، اوندھے پڑے ہوئے، جُثُوْمٌ سے اسم فاعل، واحد جَاثِمٌ۔ ۷۸/۷، ۹۱/۷، ۶۷/۱۱، ۹۴/۱۱، ۳۷/۲۹

جَاثِیَةً: (ن،ض) زانو کے بل گری ہوئی، گھٹنوں کے بل بیٹھنے والی۔ جُثُوٌّ و جُثِیٌّ سے اسم فاعل۔ ۲۸/۴۵

جٰدَلْتُمْ: (مفا) تم نے مباحثہ کیا، تم نے جھگڑا کیا، تم نے جواب دہی کی۔ مُجَادَلَةٌ سے ماضی، ۱۰۹/۴

جٰدَلْتَنَا: تو نے ہم سے جھگڑا کیا۔ تو نے ہم سے بحث کی۔ ۳۲/۱۱

جٰدَلُوا: انھوں نے جھگڑا کیا۔ انھوں نے بحث کی۔ ۵/۴۰

جٰدَلُوْكَ: انھوں نے تجھ سے جھگڑا کیا۔ انھوں نے تجھ سے بحث کی۔ ۶۸/۲۲

جَادِلْهُمْ: تو ان سے جھگڑا کر، تو ان سے بحث کر۔ مُجَادَلَةٌ سے امر۔ ۱۲۵/۱۶

جَارِ: ہمسایہ۔ پڑوسی۔ جمع جِیْرَان۔ ۳۶/۴

جَارٌ: ہمسایہ۔ پڑوسی۔ ۴۸/۸

جٰرِیٰتٍ: (ض) کشتیاں، تیز چلنے والیاں۔ جَرَیَانٌ و جَرْیٌ و جِرْیَةٌ سے اسم فاعل، واحد جَارِیَةٌ۔ ۳/۵۱

جَارِیَةٌ: کشتی، تیز چلنے والی۔ بہنے والی۔ جَرْیٌ سے اسم فاعل۔ جمع جَوَارِی۔ ۱۱/۶۹

جَارِیَةٌ: کشتی۔ تیز چلنے والی، بہنے والی۔ ۱۲/۸۸

جَازٍ: (ض) بدلہ دینے والا، کام آنے والا، جَزَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۳۳/۳۱

جَاسُوْا: (ن) وہ داخل ہو گئے۔ وہ گھس پڑے (غارت گری کے لئے) وہ منتشر ہوئے۔ جَوْسٌ سے ماضی۔ ۵/۱۷

جَاعِلٌ: (ف) بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ رکھنے والا۔ جَعْلٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۳۵

جَاعِلُ: بنانے والا، کرنے والا، رکھنے والا۔ ۵۵/۳

جَاعِلٌ: بنانے والا، کرنے والا، رکھنے والا۔ ۳۰/۲

جَاعِلُكَ: تجھ کو بنانے والا، تجھ کو کرنے والا ۱۲۴/۲

جٰعِلُوْنَ: بنانے والے، کرنے والے، رکھنے والے۔ ۸/۱۸

جٰعِلُوْهُ: اس کو بنانے والے، اس کو کرنے والے، اس کو رکھنے والے۔ ۷/۲۸

جَالُوْتَ: قوم عاد کے ایک کافر عجمی بادشاہ کا نام جو بنی اسرائیل کا دشمن تھا۔ ۲۴۹/۲

جَامِدَةً: جمی ہوئی۔ ٹھہری ہوئی۔ جُمُوْدٌ سے اسم فاعل جمع جَوَامِدُ۔ ۸۸/۲۷

جَامِعِ: (ن) جمع کرنے والا۔ اکٹھا کرنے والا، جَمْعٌ سے اسم فاعل۔ ٢٢/٢٣،

جَامِعُ: جمع کرنے والا، اکٹھا کرنے والا، ٩/٣، ١٤٠/٤،

جَانَّ: جن۔ سانپ۔ واحد جِنٌّ۔ ٢٧/١٥، ١٥/٥٥،

جَآنٌّ: جن۔ سانپ۔ ١٠/٢٧، ٣١/٢٨، ٣٩/٥٥، ٥٦/٥٥، ٧٤/٥٥

جَانِبَ: جانب، پہلو، کنارہ۔ طرف جمع جَوَانِبُ ٦٨/١٧، ٨٠/٢٠،

جَانِبِ: جانب، پہلو، کنارہ، طرف۔ ٥٢/١٩، ٢٩/٢٨، ٤٤/٢٨، ٤٦/٢٨،

جَانِبٍ: جانب، پہلو، کنارہ۔ طرف۔ ٨/٣٧

جَانِبِهٖ: اس کا بازو، اس کی جانب، اس کی کروٹ ٨٣/١٧، ٥١/٤١،

جَاوَزَا: (مفا) وہ دونوں گزر گئے۔ وہ دونوں آگے بڑھے۔ مُجَاوَزَةٌ سے ماضی۔ ٦٢/١٨،

جَاوَزْنَا: ہم نے پار اتارا (بصلۂ با) ١٣٨/٧، ٩٠/١٠،

جَاوَزَهٗ: وہ اس کے پار اترا، وہ اس کے پار ہوا ٢٤٩/٢،

جَاهَدَ: (مفا) اس نے جہاد کیا۔ وہ راہِ خدا میں لڑا، اس نے کوشش کی۔ مُجَاهَدَةٌ سے ماضی۔ ١٩/٩، ٦/٢٩،

جَاهِدِ: تو جہاد کر، تو اللہ کی راہ میں لڑائی کر۔ مُجَاهَدَةٌ سے امر۔ ٧٣/٩، ٩/٦٦،

جَاهَدٰكَ: وہ دونوں تجھ سے لڑے۔ انھوں نے تجھ پر زور ڈالا۔ ٨/٢٩، ١٥/٣١،

جَاهَدُوْا: انھوں نے جہاد کیا، انھوں نے محنت کی ٢١٨/٢، ١٤٢/٣، ٧٢/٨، ٧٤/٨، ٧٥/٨، ١٦/٩، ٢٠/٩، ٨٨/٩، ١١٠/١٦، ٦٩/٢٩، ١٥/٤٩،

جَاهِدُوْا: تم جہاد کرو۔ تم محنت کرو۔ ٣٥/٥، ٤١/٩، ٨٦/٩، ٧٨/٢٢

جَاهِدْهُمْ: تو ان سے جہاد کر، تو ان سے مقابلہ کر۔ ٥٢/٢٥،

جَاهِلُ: (س) جاہل، نا سمجھ، ناواقف، نادان جَهْلٌ و جَهَالَةٌ سے اسم فاعل۔ ٢٧٣/٢،

جٰهِلُوْنَ: جاہل، نادان۔ ٨٩/١٢، ٦٣/٢٥، ٦٤/٣٩،

جَاهِلِيَّةِ: جہالت، حماقت، نادانی۔ ١٥٤/٣، ٥٠/٥، ٣٣/٣٣، ٢٦/٤٨،

جٰهِلِيْنَ: جاہل، نادان، بے عقل۔ ٦٧/٢، ٣٥/٦، ١٩٩/٧، ٤٦/١١، ٣٣/١٢، ٥٥/٢٨،

جَآءَ: (ض) وہ آیا (بلا صلہ) وہ لایا (بصلۂ با) مَجِیْءٌ سے ماضی ٤٣/٤، ٦/٥، ٦١/٦، ٩١/٦، ١٦٠/٦، ٣٤/٧، ١١٣/٧، ١٤٣/٧، ٣٨/٩، ٩٠/٩، ٧٧/١٠، ٣٩/١٠، ٨٠/١٠، ١٢/١١، ٤٠/١١، ٥٨/١١، ٦٦/١١، ٦٩/١١، ٧٦/١١، ٨٢/١١، ٩٤/١١، ١٠١/١١، ٥٨/١٢، ٤٣/١٢، ٩٦/١٢،...... ٦٨ جگہ

جَآءَتْ: وہ آئی۔ ١٠٩/٦، ٤٣/٧، ٣٨/٧، ٦٩/١١، ٧٤/١١، ١٠/١٢، ٣٢/٢٧، ٣١/٢٩، ٣٣/٢٩، ١٩/٥٠، ٢١/٥٠، ٣٤/٧٩، ٣٣/٨٠،

جَآءَتِ: وہ آئی۔ ٣٤/٧٩، ٣٣/٨٠

جَآءَتْكَ: وہ تیرے پاس آئی۔ ٥٩/٣٩،

جَآءَتْكُمْ: وہ تمہارے پاس آئی۔ ٧٣/٧، ٨٥/٧، ٥٧/١٠، ٩/٣٣،

جَآءَتْكُمُ: وہ تمہارے پاس آئی۔ ٢٠٩/٢،

جَآءَتْنَا: وہ ہمارے پاس آئی۔ ١٢٦/٧،

جَآءَتْهُ: وہ اس کے پاس آئی۔ ٢١١/٢، ٧٤/١١، ٢٥/٢٨،

جَآءَتْهَا: وہ اس (مؤنث) کے پاس آئی۔ ٢٢/١٠،

جَآءَتْهُمْ: وہ ان کے پاس آئی۔ ٣٢/٥، ١٠٩/٦، ١٣٤/٧، ٤٧/٧، ١٠١/٧، ١٣/١٠، ٩٧/١٠، ٩/١٤، ١٣/٢٧، ٩/٣٠، ٢٥/٣٥، ٨٣/٤٠، ١٨/٤٧،

جَآءَتْهُمُ: وہ ان کے پاس آئی۔ ٢١٣/٢، ٢٥٣/٢،

۱۵۳/۲، ۳۱/۹، ۱۳۱/۷، ۱۳/۳۱، ۴/۹۸،

جَآئِرٌ: (ن) کج۔ ٹیڑھے۔ ظالم۔ راہِ مستقیم سے ہٹا ہوا۔ کفر و بدعات اور خواہشات نفس کا راستہ۔ جَوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۹/۱۶،

جَآءَكَ: وہ تیرے پاس آیا۔ ۱۲۰/۲، ۱۴۵/۲، ۶۱/۳، ۴۸/۵، ۳۴/۶، ۵۴/۶، ۹۴/۱۰، ۱۲/۱۱، ۳۷/۱۳، ۱۲/۲۰، ۱/۶۳، ۸/۸۰،

جَآءَكُمْ: وہ تمہارے پاس آیا۔ ۸۷/۲، ۹۲/۲، ۸۱/۳، ۱۸۳/۳، ۱۷۰/۴، ۱۷۴/۴، ۱۵/۵، ۱۹/۵، ۱۰۴/۶، ۱۵۷/۶، ۶۳/۷، ۶۹/۷، ۱۹/۸، ۱۲۸/۹، ۷۷/۱۰، ۱۰۸/۱۰، ۳۴/۴۰، ۳۷/۳۵، ۲۸/۴۰، ۳۴/۴۰، ۶/۴۹، ۱/۶۰، ۱۰/۶۰،

جَآءَنَا: وہ ہمارے پاس آیا۔ ۱۹/۵، ۸۴/۵، ۷۲/۲۰، ۲۹/۴۰، ۳۸/۴۳، ۹/۶۷،

جَآءَنِیْ: وہ میرے پاس آیا۔ ۴۳/۱۹، ۲۹/۲۵،

جَآءَنِیَ: وہ میرے پاس آیا۔ ۶۶/۴۰،

جَآءُوْ: وہ آئے۔ ۱۸۴/۳، ۱۱۶/۷، ۱۶/۱۲، ۱۸/۱۲، ۱۱/۲۴، ۱۳/۲۴، ۴/۲۵، ۸۴/۲۷، ۱۰/۵۹،

جَآءُوْكَ: وہ تیرے پاس آئے۔ ۶۲/۴، ۶۴/۴، ۴۲/۵، ۲۵/۶، ۸/۵۸،

جَآءُوْكُمْ: وہ تمہارے پاس آئے۔ ۹۰/۴، ۶۱/۵، ۱۰/۳۳،

جَآءُوْهَا: وہ اس (مؤنث) کے پاس آئے۔ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹،

جَآءُوْهُمْ: وہ ان کے پاس آئے۔ ۷۴/۱۰، ۴۷/۳۰،

جَآءَهٗ: وہ اس کے پاس آیا۔ ۵۰/۱۲، ۲۰/۸۰،

جَآءَهٗ: وہ اس کے پاس آیا۔ ۲۷۵/۲، ۷۸/۱۱، ۳۹/۲۴، ۲۵/۲۸، ۲۸/۲۹، ۳۲/۳۹،

جَآءَهَا: وہ اس (مؤنث) کے پاس آیا ہے ۸/۲۷، ۱۳/۳۶،

جَآءَهُمْ: وہ ان کے پاس آیا۔ ۱۰۱/۲، ۸۹/۲، ۵۰/۳، ۸۶/۳، ۷۰/۵، ۵/۶، ۴۳/۶، ۵/۷، ۲۲/۱۰، ۷۶/۱۰، ۸۹/۲، ۱۱۰/۱۲، ۱۱۳/۱۶، ۹۴/۱۷، ۱۰۱/۱۷، ۵۵/۱۸، ۶۸/۲۳، ۷۰/۲۳، ۸۶/۳، ۲۰۶/۲۶، ۳۶/۲۸، ۴۸/۲۸، ۳۹/۲۹، ۵۳/۲۹، ۹۳/۱۰...... ۴۵ جگہ

ج ب

جُبِّ: گہرا کنواں۔ اسم ہے۔ ۱۰/۱۲، ۱۵/۱۲،

جَبَّارًا: اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، زبردست، غالب، سرکش، ظالم، جَبْرٌ سے مبالغہ ۱۴/۱۹، ۳۲/۱۹، ۱۹/۲۸،

جَبَّارٍ: اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، زبردست، سرکش، غالب۔ ۵۹/۱۱، ۱۵/۱۴، ۳۵/۴۰، ۴۵/۵۰،

جَبَّارُ: اللہ کا صفاتی نام۔ زبردست۔ سرکش۔ ۲۳/۵۹،

جَبَّارِیْنَ: بڑے زبردست۔ سرکش لوگ، زور آور لوگ۔ ۲۲/۵، ۱۳۰/۲۶،

جِبَالٌ: پہاڑ۔ واحد جَبَلٌ۔ ۷۴/۷، ۳۷/۱۷، ۴۷/۱۸، ۷۹/۲۱، ۸۸/۲۷، ۱۸/۳۸، ۷/۷۸، ۳۲/۷۹،

جِبَالِ: پہاڑ۔ ۴۲/۱۱، ۸۲/۱۵، ۶۸/۱۶، ۸۱/۱۶، ۱۰۵/۲۰، ۱۳۹/۲۶، ۷۲/۳۳، ۲۷/۳۵، ۱۹/۸۸،

جِبَالٍ: پہاڑ۔ پہاڑوں جیسے۔ بڑے بڑے ٹکڑے۔ ۴۳/۲۴،

جِبَالُ: پہاڑ، پہاڑوں جیسے، بڑے بڑے ٹکڑے ۳۱/۱۳، ۴۶/۱۴، ۹۰/۱۹، ۱۸/۲۲، ۱۰/۳۴، ۱۰/۵۲، ۵/۵۶، ۱۴/۶۹، ۹/۷۰، ۱۴/۷۳، ۱۰/۷۷، ۲۰/۷۸، ۳/۸۱، ۵/۱۰۱،

جِبَاهُهُمْ: ان کے ماتھے، ان کی پیشانیاں۔ واحد جَبْهَةٌ۔ ۳۵/۹،

جِبْتِ: بُت۔ جادو۔ کاہن۔ ۵۱/۴،

جِبْرِیْلَ: حضرت جبریل علیہ السلام جو اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی لاتے تھے یہ عبرانی لفظ ہے بمعنی بندۂ

خدا۔ ۹۷/۲، ۹۸/۲،

جِبْرِیْلُ: جبریل علیہ السلام جو اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتے ہیں۔ ۴/۶۶،

جَبَلٌ: پہاڑ۔ اسم ہے۔ جمع جِبَالٌ۔ ۱۷۱/۷،

جَبَلِ: پہاڑ۔ ۱۴۳/۷،

جَبَلٍ: پہاڑ۔ ۲۶۰/۲، ۴۳/۱۱، ۲۱/۵۹،

جِبِلًّا: مخلوق۔ بڑی جماعت۔ بڑا گروہ۔ ۶۲/۳۶،

جِبِلَّةَ: خلقت۔ مخلوقات۔ ۱۸۴/۲۶،

جَبِیْنِ: ماتھا۔ پیشانی۔ کروٹ۔ اسم ہے۔ ۱۰۳/۳۷،

ج ث

جِثِیًّا: زانوؤں پر گرے ہوئے، اوندھے گرے ہوئے۔ واحد جَاثٍ۔ ۶۸/۱۹، ۷۲/۱۹،

ج ح

جَحَدُوْا: (ف) انھوں نے انکار کیا۔ جَحْدٌ جُحُوْدٌ سے ماضی۔ ۵۹/۱۱، ۱۴/۲۷،

جَحِیْمَ: (ف) دوزخ، دہکتی ہوئی آگ، جُحُوْمٌ (آگ کا بھڑکنا) سے صفت شبہ یا جَحْمٌ (آگ بھڑکانا) سے فعیل بمعنی مفعول۔

۳۱/۶۹، ۳۹/۷۹، ۶/۱۰۲،

جَحِیْمًا: دوزخ۔ دہکتی ہوئی آگ۔ ۱۲/۷۳،

جَحِیْمِ: دوزخ۔ دہکتی ہوئی آگ۔ ۱۱۹/۲، ۱۰/۵، ۸۶/۵، ۱۱۳/۹، ۵۱/۲۲، ۲۳/۳۷، ۵۵/۳۷، ۶۴/۳۷، ۶۸/۳۷، ۹۷/۳۷، ۱۶۳/۳۷، ۷/۴۰، ۴۷/۴۴، ۵۶/۴۴، ۱۸/۵۲، ۱۹/۵۷،

جَحِیْمٍ: دوزخ۔ دہکتی ہوئی آگ۔ ۹۴/۵۶، ۱۴/۸۲،

جَحِیْمُ: دوزخ، دہکتی ہوئی آگ۔ ۹۱/۲۶، ۳۶/۷۹، ۱۲/۸۱،

ج د

جَدُّ: بزرگی، شان، عظمت۔ اسم مصدر ہے۔ ۳/۷۲،

جِدَارًا: دیوار۔ اسم ہے۔ جمع جُدُرٌ۔ ۷۷/۱۸،

جِدَارُ: دیوار۔ ۸۲/۱۸،

جِدَالَ: (ص) جھگڑا کرنا۔ لڑائی کرنا۔ بحث کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۹۷/۲،

جِدَالَنَا: اسم ہے۔ جھگڑنا۔ ۳۲/۱۱،

جُدَدٌ: ٹکڑے، حصے، راستے، گھاٹیاں، واحد جُدَّةٌ۔ ۲۷/۳۵،

جُدُرٍ: دیواریں۔ واحد جِدَارٌ۔ ۱۴/۵۹،

جَدَلًا: (ن) سخت جھگڑنا۔ مصدر ہے۔ ۵۴/۱۸، ۵۸/۴۳،

جَدِیْدًا: نیا، تازہ، جدّ سے مفعول کے معنی میں۔ ۴۹/۱۷، ۹۸/۱۷،

جَدِیْدٍ: نیا۔ تازہ۔ ۵/۱۳، ۱۹/۱۴، ۱۰/۳۲، ۷/۳۴، ۱۶/۳۵، ۱۵/۵۰،

ج ذ

جُذٰذًا: ٹکڑے ٹکڑے، ریزہ ریزہ، جذّ سے مفعول کے معنی میں۔ ۵۸/۲۱،

جِذْعِ: درخت، تنا، دھڑ، جمع جُذُوْعٌ۔ ۲۳/۱۹، ۲۵/۱۹،

جَذْوَةٍ: چنگاری، انگارا، جمع جُذیً وجِذیً۔ ۲۹/۲۸،

جُذُوْعِ: درخت، تنے، واحد جِذْعٌ۔ ۷۱/۲۰،

ج ر

جَرَادَ: ٹڈیاں، اسم جنس ہے، واحد جَرَادَةٌ۔ ۱۳۳/۷،

جَرَادٌ: ٹڈیاں۔ ۷/۵۴،

جَرَحْتُمْ: (ف) تم نے زخمی کیا، تم نے کمایا، جَرْحٌ سے ماضی۔ ۶۰/۶،

جُرُزًا: بالکل ہموار زمین جس میں کوئی درخت وغیرہ نہ ہو، بنجر زمین، چٹیل میدان۔ جُرُزٌ سے صفت مشبہ۔ ۸/۱۸،

جُرُزٍ: بنجر زمین، چٹیل میدان۔ ۲۷/۳۲،

جُرُفٍ: غار، کھائی، گھاٹیاں، کھوکھلی جگہ۔ اصل میں جِرُفَۃٌ نالے یا نہر کے اس کنارے کو کہتے ہیں جو پانی کے بہاؤ سے کٹ کر نیچے سے کھوکھلا ہو گیا ہو اور گرنے کے قریب ہو۔ واحد جِرُفَۃٌ۔ ۱۰۹/۹،

جَرَمَ: شک۔ شبہ۔ ۲۲/۱۱، ۲۳/۱۶، ۶۲/۱۶، ۱۰۹/۱۶، ۴۳/۴۰،

جُرُوْحَ: زخم۔ واحد جَرْحٌ۔ ۴۵/۵،

جَرَیْنَ: وہ جاری ہوئیں۔ وہ بہہ نکلیں۔ وہ چلیں، جَرْیَانٌ و جَرْیٌ سے ماضی۔ ۲۲/۱۰،

ج ز

جَزٰھُمْ: اس نے ان کو جزا دی۔ اس نے ان کو بدلہ دیا۔ جَزَاءٌ سے ماضی۔ ۱۲/۷۶،

جَزَآءَ: (ض) جزا دینا۔ بدلہ دینا۔ سزا دینا۔ مصدر ہے۔ ۸۸/۱۸، ۳۱/۵۳،

جَزَآءً: جزا دینا۔ بدلہ دینا۔ سزا دینا۔ ۳۸/۵، ۸۲/۹، ۹۵/۹، ۹۳/۱۷، ۱۵/۲۵، ۱۷/۳۲، ۲۸/۴۱، ۱۴/۴۶، ۱۴/۵۴، ۲۳/۵۶، ۹/۷۶، ۲۲/۷۶، ۲۶/۷۸، ۳۶/۷۸

جَزَآءُ: جزا دینا۔ بدلہ دینا۔ سزا دینا۔ ۸۵/۲، ۱۹۱/۲، ۲۹/۵، ۳۳/۵، ۸۵/۵، ۲۶/۹، ۲۷/۱۰، ۲۵/۱۲، ۷۶/۲۰، ۳۷/۳۴، ۳۴/۳۹، ۲۸/۴۱، ۴۰/۴۲، ۶۰/۵۵، ۱۷/۵۹،

جَزَآءٌ: جزا دینا۔ بدلہ دینا۔ سزا دینا۔ ۹۵/۵،

جَزَآؤُکُمْ: تمہاری جزا۔ تمہارا بدلہ۔ تمہاری سزا۔ ۶۳/۱۷،

جَزَآؤُہٗ: اس کی جزا۔ اس کی سزا۔ اس کا بدلہ۔ ۹۳/۴، ۷۴/۱۲، ۷۵/۱۲،

جَزَآؤُھُمْ: ان کی جزا۔ ان کی سزا۔ ان کا بدلہ۔ ۸۷/۳، ۱۳۶/۳، ۹۸/۱۷، ۱۰۶/۱۸، ۸/۹۸،

جَزِعْنَا: (س) ہم پریشان ہوئے۔ ہم مضطرب ہوئے۔ جَزْعٌ سے ماضی۔ ۲۱/۱۴،

جَزُوْعًا: پریشان ہونے والے، مضطرب ہونے والے، جَزْعٌ سے صفت مشبہ یا مبالغہ۔ ۲۰/۷۰،

جُزْءًا: حصہ۔ ٹکڑا۔ جمع اَجْزَاءٌ۔ ۲۶۰/۲، ۱۵/۴۳،

جُزْءٌ: حصہ۔ ٹکڑا۔ ۴۴/۱۵،

جِزْیَۃَ: فدیہ۔ خراج۔ وہ رقم جو اسلامی حکومت میں سکونت پذیر کافروں سے سالانہ وصول کی جاتی ہے۔ جمع جِزًی۔ ۲۹/۹،

جَزَیْتُھُمُ: میں نے ان کو جزا دی۔ میں نے ان کو بدلہ دیا۔ جَزَاءٌ سے ماضی۔ ۱۱۱/۲۳،

جَزَیْنٰھُمْ: ہم نے ان کو جزا دی۔ ہم نے ان کو بدلہ دیا۔ ۱۴۶/۶، ۱۷/۳۴،

ج س

جَسَدًا: بدن، دھڑ، قالب، جمع اَجْسَادٌ۔ ۱۴۸/۷، ۸۸/۲۰، ۸/۲۱، ۳۴/۳۸،

جِسْمِ: جسم، بدن، جمع اَجْسَامٌ۔ ۲۴۷/۲،

ج ع

جَعَلَ: (ف) اس نے بنایا۔ اس نے کیا۔ جَعْلٌ سے ماضی، ۲۲/۲، ۹۰/۴، ۲۰/۵، ۶۰/۵، ۹۷/۵، ۱۰۳/۵، ۱/۶، ۹۶/۶، ۹۷/۶، ۱۸۹/۷، ۳۰/۹، ۵/۱۰، ۶۷/۱۰، ۱۱۸/۱۱، ۴۰/۱۲، ۳/۱۳، ۷۲/۱۶، ۷۸/۱۶، ۸۰/۱۶، ۸۱/۱۶، ۹۹/۱۷، ۲۳/۱۹، ۷۷ جگہ

جُعِلَ: وہ مقرر کیا گیا، وہ ٹھہرایا گیا، وہ لازم کیا گیا، جَعَلَ سے ماضی مجہول۔ ۱۴۳/۲۹،

جَعَلَا: ان دونوں نے مقرر کیا۔ ان دونوں نے لازم کیا۔ ۱۹۰/۷،

جَعَلْتُ: میں نے بنایا۔ میں نے کیا۔ ۴۰/۷۱،

جَعَلْتُمْ: تم نے بنایا۔ تم نے کیا۔ ۹۱/۱۶، ۵۹/۱۰،

جَعَلْتُمْ: تم نے بنایا۔ تم نے کیا۔ ۱۹/۹،

جَعَلَتْهُ: اس نے اس کو بنایا، اس نے اس کو کیا، ۴۳/۳۵،

جَعَلَكُمْ: اس نے تم کو بنایا۔ اس نے تم کو کیا۔ ۲۰/۵، ۳۸/۵، ۱۶۵/۶، ۹۸/۶، ۳۷/۷، ۱۰/۷، ۴۳/۹، ۱۱/۳۵، ۳۹/۳۵، ۶۴/۵۷،

جَعَلْنَا: ہم نے بنایا۔ ہم نے کیا۔ ۲۵/۲، ۱۴۳/۲، ۴۳/۲، ۹۱/۴، ۱۳/۵، ۴۸/۵، ۹/۶، ۲۵/۶، ۱۱۲/۶، ۱۲۲/۶، ۱۲۳/۶، ۱۰/۷، ۲۷/۷، ۸۲/۱۱، ۴۸/۱۳، ۱۰/۱۵، ۲۰/۱۵، ۳۷/۱۵، ۸/۱۷، ۱۲/۱۷، ۱۸/۱۷، ۴۳/۱۷، ۴۵/۱۷، ۶۰/۱۷، ۶۰/۱۸، ۳۸/۱۸، ۷۰ جگہ

جَعَلْنٰكَ: ہم نے تجھ کو بنایا۔ ہم نے تجھ کو کیا۔ ۱۰۷/۶، ۲۶/۳۸، ۱۸/۴۵،

جَعَلْنٰكُمْ: ہم نے تم کو بنایا۔ ہم نے تم کو کیا۔ ۱۴۳/۲، ۱۴/۱۰، ۶/۱۷، ۱۳/۴۹،

جَعَلْنٰهُ: ہم نے اس کو بنایا۔ ہم نے اس کو کیا۔ ۹/۶، ۲/۱۷، ۵۲/۲۲، ۳/۲۳، ۳۳/۲۵، ۴۵/۲۵، ۳۳/۳۱، ۴۸/۳۲، ۳/۴۳، ۴۹/۴۳، ۵۲/۵۹، ۵۲/۵۶، ۳/۷۶، ۲۱/۷۷،

جَعَلْنٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو بنایا۔ ہم نے اس کو کیا۔ ۶۶/۲، ۴۴/۱۰، ۹۱/۲۱، ۳۶/۲۲، ۱۵/۲۹، ۴۳/۳۷، ۷۳/۵۶، ۵/۶۷،

جَعَلْنٰهُمْ: ہم نے ان کو بنایا۔ ہم نے ان کو کیا۔ ۷۳/۱۰، ۸/۲۱، ۱۵/۲۱، ۷۰/۲۱، ۷۳/۲۱، ۴۱/۲۳، ۴۴/۲۳، ۳۷/۲۵، ۴۱/۲۸، ۱۹/۳۲، ۴۸/۳۴، ۵۶/۴۳،

جَعَلْنٰهُنَّ: ہم نے ان عورتوں کو بنایا۔ ہم نے ان عورتوں کو کیا۔ ۳۶/۵۶،

جَعَلَنِیْ: اس نے مجھ کو بنایا۔ اس نے مجھ کو کیا۔ ۳۰/۱۹، ۳۱/۱۹، ۳۱/۲۶، ۳۲/۳۹،

جَعَلُوْا: انھوں نے بنایا۔ انھوں نے کیا۔ ۱۰۰/۶، ۱۳۶/۶، ۱۱/۱۴، ۴۳/۱۳، ۳۰/۱۴، ۹۱/۱۵، ۴۲/۲۷، ۵۸/۳۷، ۱۵/۴۳، ۱۹/۴۳، ۷/۷۱،

جَعَلَهٗ: اس نے اس کو بنایا۔ اس نے اس کو کیا۔ ۱۲۶/۳، ۱۰/۸،

جَعَلَهٗ: اس نے اس کو بنایا۔ اس نے اس کو کیا۔ ۱۴۳/۷، ۹۶/۱۹، ۹۸/۱۸، ۴۵/۲۵، ۵۴/۲۵، ۵۰/۲۱، ۵/۸۷،

جَعَلَهَا: اس نے اس (مؤنث) کو بنایا۔ اس نے اس کو کیا۔ ۱۰۰/۱۲، ۲۸/۴۳،

جَعَلَهُمْ: اس نے ان کو بنایا۔ اس نے ان کو کیا۔ ۵۸/۲۱، ۹/۳۴، ۵/۱۰۵،

ج ف

جِفَان: بڑے پیالے، لگن۔ واحد جَفْنَةٌ ۱۳/۳۴،

جُفَآءً: کوڑا کرکٹ، بیکار چیز، باطل، اسم ہے۔ ۱۷/۱۳،

ج ل

جَلَابِيْبِهِنَّ: ان کی بڑی چادریں۔ واحد جِلْبَابٌ ۵۹/۳۳،

جَلَال: (ض) جلال، بزرگی، عظمت، مصدر ہے۔ ۲۷/۵۵، ۷۸/۵۵،

جَلّٰىهَا: (تف) اس نے اس کو روشن کیا۔ اس نے اس کو ظاہر کیا، تَجْلِيَةٌ سے ماضی، ۳/۹۱،

جَلَآءَ: (ن) جلاوطنی۔ اجڑنا۔ مصدر ہے۔ ۳/۵۹،

جَلْدَةً: (ض) کوڑا، تازیانہ، ہنٹر، مصدر ہے۔ ۴/۲۴،

جَلْدَةٍ: کوڑا۔ تازیانہ۔ ہنٹر۔ ۲/۲۴،
جُلُوْدًا: جلدیں، کھالیں، چمڑے، واحد جِلْدٌ ۵۶/۴،
جُلُوْدِ: جلدیں۔ کھالیں۔ چمڑے۔ ۸۰/۱۶،
جُلُوْدُ: جلدیں۔ کھالیں۔ چمڑے۔ ۲۰/۲۲، ۲۳/۳۹،
جُلُوْدُكُمْ: تمہاری جلدیں، تمہاری کھالیں۔ ۲۲/۴۱،
جُلُوْدُهُمْ: ان کی جلدیں، ان کی کھالیں۔ ۵۶/۴، ۲۳/۳۹، ۲۰/۴۱،
جُلُوْدِهِمْ: ان کی جلدیں، ان کی کھالیں۔ ۲۱/۴۱،

ج م

جَمًّا: (ن ض) جی بھر کر۔ کثیر۔ بہت۔ شدید۔ صفت کے معنی میں۔ مصدر ہے۔ ۲۰/۸۹،
جَمَالٌ: (ک) جمال، رونق، خوبی کا ہونا۔ مصدر ہے۔ ۶/۱۶،
جِمٰلَتٌ: کئی اونٹ، واحد جِمَالَةٌ و جَمَلٌ ۳۳/۷۷،
جَمْعًا: (ف) جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔ مصدر ہے۔ ۹۹/۱۸، ۵/۱۰۰،
جَمَعَ: اس نے جمع کیا۔ اس نے اکٹھا کیا۔ ۶۰/۲۰، ۱۸/۷۰، ۲/۱۰۴،
جَمْعِ: جمع ہونا، اکٹھا ہونا۔ مصدر ہے۔ ۷/۴۲، ۹/۶۴،
جَمْعٌ: جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ۴۵/۵۴،
جُمِعَ: وہ جمع کیا گیا۔ وہ اکٹھا کیا گیا۔ جَمْعٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۸/۲۶، ۹/۷۵،
جَمْعٰنِ: دو گروہ۔ دو جماعتیں۔ جَمْعٌ کا تثنیہ۔ ۱۵۵/۳، ۱۶۶/۳، ۴۱/۸، ۶۱/۲۶،
جُمُعَةِ: جمعہ (کا دن)، جمع ہونے کا دن۔ ۹/۶۲،
جَمْعُكُمْ: تمہارا جمع کرنا۔ ۴۸/۷،
جَمَعْنٰكُمْ: ہم نے تم کو جمع کیا۔ ہم نے تم کو اکٹھا کیا۔ ۳۸/۷۷،
جَمَعْنٰهُمْ: ہم نے ان کو جمع (اکٹھا) کیا۔ ۲۵/۳، ۹۹/۱۸،
جَمَعُوْا: وہ جمع ہوئے۔ وہ اکٹھے ہوئے۔ ۱۷۳/۳،
جَمْعَهٗ: اس کا جمع کرنا۔ اس کا اکٹھا کرنا۔ ۱۷/۷۵،
جَمَعَهُمْ: اس نے ان کو جمع (اکٹھا) کیا۔ ۳۵/۶،
جَمْعِهِمْ: ان کو جمع کرنا۔ ان کو اکٹھا کرنا۔ ۲۹/۴۲،
جَمَلُ: اونٹ۔ جمع جِمَالَةٌ و جِمَالٌ۔ ۴۰/۷،
جُمْلَةً: تمام، اکٹھا، سارا۔ سب۔ جُمْلٌ سے مشتق ہے۔ ۳۲/۲۵،
جَمِيْعًا: سب، سارے۔ ۲۹/۲، ۳۸/۲، ۱۳۸/۲، ۱۶۵/۲، ۱۰۳/۳، ۷۱/۴، ۱۳۹/۴، ۱۴۰/۴، ۱۷۲/۴، ۱۷/۵، ۳۲/۵، ۳۶/۵، ۴۸/۵، ۱۰۵/۵، ۲۲/۶، ۱۲۸/۶، ۳۸/۷، ۱۵۸/۷، ۳۷/۸، ۴۳/۸، ۴/۱۰، ۲۸/۱۰، ۶۵/۱۰، ۹۹/۱۰، ۵۵/۱۱ ... ۴۹ جگہ
جَمِيْعٌ: سب، سارے۔ ۵۶/۲۶، ۳۲/۳۶، ۵۳/۳۶، ۴۴/۵۴،
جَمِيْلَ: جمیل، خوبصورت، بہتر۔ جَمَالٌ سے صفت مشبہ۔ ۸۵/۱۵،
جَمِيْلًا: جمیل۔ خوبصورت۔ بہتر۔ ۲۸/۳۳، ۴۹/۳۳، ۵/۷۰، ۱۰/۷۳،
جَمِيْلٌ: جمیل۔ خوبصورت، بہتر۔ ۱۸/۱۲، ۸۳/۱۲،

ج ن

جَنَّ: (ن) وہ چھا گئی۔ اس نے ڈھانپ لیا (چھپا لیا)۔ جَنٌّ سے ماضی۔ ۷۶/۶،
جِنٌّ: جن، آگ سے پیدا شدہ مخلوق جو انسانوں کی نگاہ سے پوشیدہ رہتی ہے۔ ۱۰۰/۶، ۳۱/۴۶، ۵۶/۵۱،
جِنِّ: جن، آگ سے پیدا شدہ مخلوق۔ ۱۱۲/۶، ۱۲۸/۶، ۱۳۰/۶، ۳۸/۷، ۱۷۹/۷، ۵۰/۱۸، ۱۷/۲۷، ۳۹/۲۷، ۱۲/۳۴، ۲۵/۴۱، ۲۹/۴۱، ۱۸/۴۶، ۲۹/۴۶، ۳۳/۵۵، ۱/۷۲، ۶/۷۲،

جِنٌّ: جن، آگ سے پیدا شدہ مخلوق، ۸۸/۱۷، ۱۳/۳۴، ۵/۷۲،

جَنَا: درختوں سے چنے اور توڑے جانے والے پھل، میوہ، شہد، سونا۔ یہاں میوہ مراد ہے، جمع اَجْنَاءٌ اور اَجْنٌ۔ ۵۴/۵۵،

جَنّٰتٍ: جنتیں، بہشتیں، گھنے باغات، واحد جَنَّةٌ ۱۵/۵، ۷۲/۹، ۹/۱۰، ۵۶/۲۲، ۴۳/۴۷، ۵۰/۳۸، ۸/۴۰، ۲۲/۴۲، ۱۲/۵۷، ۱۲/۶۱، ۳۴/۶۸

جَنّٰتُ: جنتیں۔ گھنے باغات۔ ۲۵/۲، ۱۹۵/۳، ۱۳/۴، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴، ۱۲/۵، ۶۵/۵، ۸۵/۵، ۹۹/۹، ۱۳۱/۹، ۲۱/۹، ۷۲/۹، ۸۹/۹، ۱۰۰/۹، ۲۳/۱۳، ۴۵/۱۵، ۱۴/۲۲، ۲۳/۲۲، ۱۹/۲۳، ۱۰/۲۵، ۵۷/۲۶، ۱۳۳/۲۶، ۱۳۴/۲۶، ۴۲/۳۹، ۲۵/۴۳، ۵۲/۴۴، ۱۲/۴۷، ۵/۴۸ ......۱۴۱ جگہ

جَنّٰتُ: جنتیں۔ گھنے باغات۔ ۲۳/۱۳، ۳۱/۱۶، ۳۱/۱۸، ۱۰۷/۱۸، ۷۶/۲۰، ۸/۳۱، ۱۹/۳۲، ۳۳/۳۵، ۸/۹۸،

جَنّٰتٌ: جنتیں، بہشتیں، گھنے باغات۔ ۱۵/۳، ۱۳۶/۳، ۱۹۸/۳، ۱۱۹/۵، ۸۹/۹، ۴/۱۳، ۱۱/۸۵،

جَنَاحَ: بازو، ہاتھ۔ جمع اَجْنِحَةٌ۔ ۲۲/۱۷،

جُنَاحَ: گناہ۔ جُنُوْحٌ سے ماخوذ ہے۔ ۱۵۸/۲، ۲۲۹/۲، ۲۳۰/۲، ۲۳۳/۲، ۲۳۴/۲، ۲۳۵/۲، ۲۳۶/۲، ۲۴۰/۲، ۲۳/۴، ۲۴/۴، ۱۰۲/۴، ۱۲۸/۴، ۵۱/۳۳، ۵۵/۳۳، ۱۰/۶۰،

جُنَاحٌ: گناہ۔ ۱۹۸/۲، ۲۸۲/۲، ۱۰۱/۴، ۹۳/۵، ۲۹/۲۴، ۵۸/۲۴، ۶۰/۲۴، ۶۱/۲۴، ۵/۳۳،

جَنَاحِكَ: تیرا بازو۔ تیرا ہاتھ۔ تیرا پہلو۔ ۲۲/۲۰،

جَنَاحَكَ: تیرا بازو۔ تیرا ہاتھ۔ تیرا پہلو۔ ۸۸/۱۵، ۲۱۵/۲۶، ۳۲/۲۸،

جَنَاحَيْهِ: اس کے دونوں بازو۔ ۳۸/۶،

جَنْبِ: کروٹ، طرف، قرب، جوار، پہلو، جمع جُنُوْبٌ۔ ۳۶/۴، ۵۶/۳۹،

جُنُبًا: (ن ک س) جنبی۔ حالت جنابت میں ہونا ناپاک ہونا۔ جُنُبٌ و جَنَابَةٌ سے مذکر و مؤنث۔ واحد و جمع سب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ۴۳/۴، ۶/۵،

جُنُبِ: ناپاک۔ جنبی۔ دور۔ اجنبی۔ ۳۶/۴،

جُنُبٍ: جنبی۔ ناپاک۔ دور۔ اجنبی۔ ۱۱/۲۸،

جَنْبِهٖ: اس کا پہلو۔ ۱۲/۱۰،

جُنَّةً: سپر۔ ڈھال، آڑ، پردہ۔ جَنٌّ سے مشتق ہے جمع جُنَنٌ۔ ۱۶/۵۸، ۲/۶۳،

جَنَّةَ: جنت، بہشت، باغ۔ جَنٌّ سے مشتق ہے جمع جَنّٰتٌ۔ ۳۵/۲، ۱۱۱/۲، ۲۱۴/۲، ۱۴۲/۳، ۱۸۵/۳، ۱۲۴/۴، ۷۲/۵، ۱۹/۷، ۴۰/۷، ۴۹/۷، ۱۱۱/۹، ۳۲/۱۶، ۶۰/۱۹، ۲۶/۳۶، ۴۰/۴۰، ۷۰/۴۳، ۶/۴۷، ۳۸/۷۰، ۴۱/۷۹،

جَنَّةٍ: جنت، بہشت، باغ۔ ۱۲/۷۶،

جَنَّةِ: جنت، بہشت، باغ۔ ۸۲/۲، ۲۲۱/۲، ۲۲/۷، ۲۷/۷، ۴۲/۷، ۴۴/۷، ۴۶/۷، ۵۰/۷، ۲۶/۱۰، ۲۳/۱۱، ۱۰۸/۱۱، ۳۵/۱۳، ۱۱۷/۲۰، ۱۲۱/۲۰، ۲۴/۲۵، ۸۵/۲۶، ۵۸/۲۹، ۵۵/۳۶، ۷۳/۳۹، ۷۴/۳۹، ۳۰/۴۱، ۷۰/۴۳، ۱۳/۴۶، ۱۶/۴۶، ۱۵/۴۷، ۲۰/۵۹، ۱۱/۶۶، ۱۷/۶۸،

جَنَّةٌ: جنت، بہشت، باغ، ۲۶۵/۲، ۱۳۳/۳، ۲۱/۵۷، ۲۲/۶۹،

جَنَّةٌ: جنت، بہشت، باغ۔ ۲۶۶/۲، ۹۱/۱۷، ۸/۲۵،

جِنَّةِ: جنات۔ جنوں کی جماعت، واحد جِنِّیٌّ۔ ۱۱۹/۱۱، ۱۳/۳۲، ۱۵۸/۳۷، ۶/۱۱۴،

جِنَّةٍ: جنون۔ سودا۔ دیوانگی۔ جُنُوْنٌ سے اسم مصدر۔ ۱۸۴/۷، ۴۶/۳۴،

جِنَّةَ: جنات۔ جنوں کی جماعت۔ ۱۵۸/۳۷،

جِنَّةٌ: جنون۔ سودا۔ دیوانگی۔ ۲۵/۲۳، ۷۰/۲۳، ۸/۳۴،

جَنَّتَیْنِ: دو جنتیں، دو بہشتیں، دو باغ۔ ۱۵/۳۴، ۴۶/۵۵، ۶۲/۵۵،

جَنَّتَكَ: تیری جنت۔ تیرا باغ۔ ۳۹/۱۸

جَنَّتَكَ: تیری جنت۔ تیرا باغ۔ ۳۹/۱۸،

جَنَّتَهٗ: اس کی جنت، اس کا باغ۔ ۳۵/۱۸،

جَنَّتِیْ: میری جنت۔ میرا باغ۔ ۳۰/۸۹،

جَنَّتَیْنِ: دو جنتیں، دو باغ۔ ۳۲/۱۸، ۳۳/۱۸، ۱۶/۳۴، ۵۴/۵۵،

جَنَّتَیْهِمْ: ان کی دو جنتیں، ان کے دو باغ۔ ۱۶/۳۴،

جَنَحُوْا: (ف ض ن) وہ جھکے، وہ پست ہوئے۔ جُنُوْحٌ سے ماضی۔ ۶۱/۸،

جُنْدًا: لشکر، فوج۔ جُنْدٌ سے ماخوذ ہے۔ جمع جُنُوْد و اَجْنَاد۔ ۷۵/۱۹،

جُنْدِ: لشکر۔ فوج۔ ۲۸/۳۶،

جُنْدٌ: لشکر، فوج، بتوں کے حمایتی اور ان کی طرف سے مدافعت کرنے والے ۷۵/۳۶، ۱۱/۳۸، ۲۴/۴۴، ۲۰/۶۷،

جُنْدَنَا: ہمارا لشکر۔ ہماری فوج۔ ۱۷۳/۳۷

جَنَفًا: (س) مائل ہونا۔ طرفداری۔ ظلم بھی۔ مصدر ہے۔ ۱۸۲/۲،

جُنُوْبِكُمْ: تمہارے پہلو۔ واحد جَنْبٌ۔ ۱۰۳/۴،

جُنُوْبُهَا: اس عورت کے پہلو۔ ۳۶/۲۲،

جُنُوْبِهِمْ: ان کے پہلو۔ ۱۹۱/۳،

جُنُوْبُهُمْ: ان کے پہلو۔ ۳۵/۹،

جُنُوْدَ: لشکر۔ فوجیں۔ واحد جُنْدٌ۔ ۳۱/۷۴،

جُنُوْدًا: لشکر۔ فوجیں۔ ۲۶/۹، ۹/۳۳،

جُنُوْدِ: لشکر۔ فوجیں۔ ۲۴۹/۲، ۱۷/۸۵،

جُنُوْدٍ: لشکر۔ فوجیں۔ ۴۰/۹، ۳۷/۲۷،

جُنُوْدُ: لشکر۔ فوجیں۔ ۹۵/۲۶، ۴/۴۸، ۷/۴۸

جُنُوْدٌ: لشکر۔ فوجیں۔ ۹/۳۳،

جُنُوْدَهٗ: اس کے لشکر۔ اس کی فوجیں۔ ۴۰/۲۸، ۴۰/۵۱،

جُنُوْدِهٖ: اس کے لشکر، اس کی فوجیں۔ ۲۴۹/۲، ۲۵۰/۲، ۲۸/۳۶،

جُنُوْدُهٗ: اس کے لشکر، اس کی فوجیں۔ ۹۰/۱۰، ۱۷/۲۷، ۱۸/۲۷، ۳۹/۲۸،

جُنُوْدُهُمَا: ان دونوں کے لشکر، ان دونوں کی فوجیں۔ ۶/۲۸، ۸/۲۸،

جَنِیًّا: تروتازہ۔ جَنْیٌ سے صفت مشبہ بمعنی مفعول۔ ۲۵/۱۹،

ج و

جَوِّ: فضا۔ خلا۔ آسمان اور زمین کا درمیانی حصہ جمع جِوَاءٌ و اَجْوَاءٌ۔ ۷۹/۱۶،

جَوَابَ: جواب، جَوْبٌ سے مشتق، جمع اَجْوِبَةٌ۔ ۸۲/۷، ۵۶/۲۷، ۲۴/۲۹، ۲۹/۲۹،

جَوَابِ: بڑے حوض، بڑے تالاب، واحد جَابِيَةٌ۔ ۱۳/۳۴،

جَوَارِ: کشتیاں۔ جہاز۔ چلنے والے۔ واحد جَارِيَةٌ۔ ۳۲/۴۲، ۲۴/۵۵، ۱۶/۸۱،

جَوَارِحِ: زخمی کرنے والے، شکاری جانور۔ جَرْحٌ سے مشتق ہے۔ واحد جَارِحَةٌ۔ ۴/۵،

جُوْدِیِّ: ایک پہاڑ کا نام ہے جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی طوفان کے بعد ٹھہری تھی۔ ۴۴/۱۱،

جُوْعِ: بھوک۔ ۱۵۵/۲، ۱۱۲/۱۶،

جُوْعٍ: بھوک۔ ۷/۸۸، ۴/۱۰۶،

جَوْفِهٖ: اس کے اندر۔ اس کا پیٹ، اندرونی حصہ جو خالی ہو۔ جمع اَجْوَافٌ۔ ۴/۳۳،

ج ہ

جِهَادًا: (مفا) جہاد۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان و

مال اور زبان سے انتہائی کوشش کرنا۔ مصدر ہے۔ ۵۲/۲۵، ۱/۶۰،

جِهَادٍ: جہاد، اللہ کی راہ میں لڑنا، محنت، کوشش ۲۴/۹،

جِهَادِهٖ: اس کا جہاد۔ اس کی محنت، کوشش۔ ۷۸/۲۲،

جِهَارًا: (مفا) پکارنا، بلند آواز کرنا۔ برملا، مصدر ہے۔ ۸/۷۱،

جَهَازِهِمْ: ان کا سامان۔ ان کا اسباب، جمع اَجْهِزَةٌ. ۵۹/۱۲، ۷۰/۱۲

جَهَالَةٍ: (س) جہالت۔ بے وقوفی، نادانی۔ مصدر ہے۔ ۱۷/۴، ۵۴/۶، ۱۱۹/۱۶، ۶/۴۹،

جَهْدَ: (ف) زوردار کوشش، سخت۔ پختہ۔ تاکید، مصدر ہے۔ ۵۳/۵، ۱۰۹/۶، ۳۸/۱۶، ۵۳/۲۴،

جُهْدَهُمْ: ان کی محنت، ان کی کوشش۔ ۷۹/۹

جَهْرَ: (ف) برملا کہنا۔ زور سے کہنا۔ ظاہر کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۴۸/۴، ۱۱۰/۲۱، ۷/۸۷

جَهْرًا: برملا کہنا۔ زور سے کہنا۔ ظاہر کرنا۔ ۷۵/۱۶،

جَهْرِ: برملا کہنا۔ ظاہر کرنا۔ ۲۰۵/۷، ۲/۴۹،

جَهَرَ: اس نے ظاہر کیا۔ اس نے زور سے کہا۔ جَهْرٌ سے ماضی۔ ۱۰/۱۳،

جَهْرَةً: برملا، ظاہر۔ مصدر ہے۔ ۵۵/۲، ۱۵۳/۴، ۴۷/۶،

جَهْرَكُمْ: تمہارا زور سے کہنا، تمہارا ظاہر کرنا ۳/۶

جَهَّزَهُمْ: (تف) اس نے ان کے لئے تیار کیا۔ تَجْهِيْزٌ سے ماضی۔ ۵۹/۱۲، ۷۰/۱۲

جَهَنَّمَ: جہنم۔ دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ۱۲/۳، ۵۵/۴، ۱۱۵/۴، ۱۴۰/۴، ۱۶۹/۴، ۱۸/۷، ۴۱/۷، ۱۷۹/۷، ۳۶/۸، ۳۷/۸، ۳۵/۹، ۴۹/۹، ۶۳/۹، ۶۸/۹، ۸۱/۹، ۹۵/۹، ۱۰۹/۹، ۱۱۹/۱۱، ۲۹/۱۴، ۴۳/۱۵، ۲۹/۱۶، ۸/۱۷، ۱۸/۱۷، ۳۹/۱۷، ۶۳/۱۷ ...... ۵۷ جگہ

جَهَنَّمُ: جہنم، دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ۲۰۶/۲، ۱۶۲/۳، ۱۹۷/۳، ۹۳/۴، ۹۷/۴، ۱۲۱/۴، ۱۶/۸، ۷۳/۹، ۱۸/۱۳، ۱۶/۱۴، ۹۷/۱۷، ۱۰۶/۱۸، ۹۸/۲۱، ۳۶/۳۵، ۶۳/۳۶، ۱۰/۴۵، ۶/۴۸، ۴۳/۵۵، ۸/۵۸، ۹/۶۶،

جَهُوْلًا: (س) بڑا جاہل، بڑا نادان۔ بہت بے سمجھ۔ جَهْلٌ اور جَهَالَةٌ سے فَعُوْلٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ۷۲/۳۳

ج ء

جِئْتَ: (ض) تو آیا۔ تو لایا (بصلہ با) مَجِیْءٌ سے ماضی۔ ۷۱/۲، ۱۰۶/۷، ۷۱/۱۸، ۷۴/۱۸، ۴۰/۲۰،

جِئْتِ: تو آئی۔ تو لائی (بصلہ با)۔ ۲۷/۱۹،

جِئْتُكَ: میں تیرے پاس آیا۔ میں تیرے پاس لایا (بصلہ با)۔ ۳۰/۲۶، ۲۲/۲۷،

جِئْتُكُمْ: میں تمہارے پاس آیا۔ میں تمہارے پاس لایا (بصلہ با)، ۴۹/۳، ۵۰/۳، ۱۰۵/۷، ۲۴/۴۳، ۶۳/۴۳،

جِئْتُمْ: تم آئے۔ تم لائے (بصلہ با)۔ ۸۱/۱۰، ۸۹/۱۹،

جِئْتُمُوْنَا: تم ہمارے پاس آئے۔ تم ہمارے پاس لائے (بصلہ با)۔ ۹۴/۶، ۴۸/۱۸،

جِئْتَنَا: تو ہمارے پاس آیا، تو ہمارے پاس لایا (بصلہ با) ۷۰/۷، ۱۲۹/۷، ۷۸/۱۰، ۵۳/۱۱، ۵۷/۲۰، ۵۵/۲۱، ۲۲/۴۶،

جِئْتَهُمْ: تو ان کے پاس آیا۔ تو ان کے پاس لایا (بصلہ باء)۔ ۱۱۰/۵، ۵۸/۳۰،

جِئْنَا: ہم آئے۔ ۴۱/۴، ۷۳/۱۲، ۸۸/۱۲، ۸۹/۱۶، ۱۰۴/۱۷، ۱۰۹/۱۸،

جِئْنَاكَ: ہم تیرے پاس آئے۔ ہم تیرے پاس لائے (بصلہ با)۔ ۶۳/۱۵، ۴۷/۲۰، ۳۳/۲۵

جِئْنَاكُمْ: ہم تمہارے پاس آئے۔ ۷۸/۴۳

جِئْنَاهُمْ: ہم ان کے پاس آئے۔ ۵۲/۷

ج ی

جِیَادُ: بہت اچھے۔ عمدہ۔ تیز رو (مراد گھوڑے) واحد جَوَادٌ۔ ۳۱/۳۸

جَیْبِكَ: (ض) تیرا گریبان۔ جمع جُیُوْبٌ۔ ۱۲/۲۷، ۳۲/۲۸

جِیْدِهَا: اس کی گردن، جمع جِیْدٌ و اَجْیَادٌ۔ ۵/۱۱۱

جُیُوْبِهِنَّ: ان کے گریبان۔ واحد جَیْبٌ۔ ۳۱/۲۴

جِآیْءَ: وہ لایا گیا (بصلۂ با) مَجِیْءٌ سے ماضی مجہول۔ ۶۹/۳۹

باب الحاء

ح ا

حاجّ: (مفا) اس نے حجت کی۔ اس نے بحث کی۔ مُحاجّۃٌ سے ماضی۔ ۲۵۸/۲،

حاجّ: حاجی، حج کرنے والے، اسم جمع ہے، ۱۹/۹،

حاجةٌ: حاجت، ضرورت، خواہش، جمع حوائجُ اور حاجاتٌ۔ ۶۸/۱۲، ۸۰/۴۰، ۹/۵۹،

حاججتم: (مف) تم نے حجت کی، تم نے بحث کی۔ ۶۶/۳،

حاجزًا: (ن ض) روکنے والا، پردہ، آڑ، حجزٌ سے اسم فاعل اور اسم جمع حواجزُ۔ ۶۱/۲۷،

حٰجزین: روکنے والے۔ بچانے والے۔ ۴۷/۶۹،

حاجّك: (مفا) اس نے تجھ سے حجت کی۔ اس نے تجھ سے بحث کی۔ ۶۱/۳،

حاجّوك: انھوں نے تجھ سے حجت کی، انھوں نے تجھ سے جھگڑا کیا۔ ۲۰/۳،

حاجّه: اس نے اس سے حجت کی، جھگڑا کیا ۸۰/۶،

حادّ: (مفا) اس نے مقابلہ کیا۔ وہ مخالف ہوا۔ مُحادّۃٌ سے ماضی۔ ۲۲/۵۸،

حٰذرون: (س) ڈرنے والے محتاط۔ مسلح۔ حذرٌ سے اسم فاعل۔ واحد حاذرٌ۔ ۵۶/۲۶،

حارب: (مفا) اس نے جنگ کی۔ اس نے لڑائی کی۔ اس نے مخالفت کی۔ مُحاربۃٌ سے ماضی۔ ۱/۴،

حاسبنها: (مفا) اس نے اس (مؤنث) سے حساب لیا۔ مُحاسبۃٌ سے ماضی۔ ۸/۶۵،

حٰسبین: حساب لینے والے۔ حسابٌ سے اسم فاعل۔ واحد حاسبٌ ۶۲/۶،

حاسد: (ن ض) حسد کرنے والا۔ برا چاہنے والا۔ حسدٌ و حسودٌ و حسادۃٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۱۱۳،

حاش: توبہ توبہ، پاکی ہے، دور ہے، تعجب اور تنزیہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں حاش استثنا کے لئے آیا ہے۔ ۳۱/۱۲، ۵۱/۱۲،

حٰشرین: (ن ض) اکٹھا کرنے والے، جمع کرنے والے حشرٌ سے اسم فاعل، واحد حاشرٌ ۱۱۱/۷، ۳۶/۲۶، ۵۳/۲۶،

حاصبًا: (ن ض) پتھروں کی بارش کرنے والی تیز ہوا، سخت آندھی، حصبٌ سے اسم فاعل ۶۸/۱۷، ۴۰/۲۹، ۳۴/۵۴، ۱۷/۶۷،

حاضرًا: (ن س) حاضر، سامنے، روبرو۔ حضورٌ اور حضارۃٌ سے اسم فاعل۔ ۴۹/۱۸،

حاضرةً: روبرو۔ دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔ کنارے۔ ۱۶۳/۷،

حاضرةً: دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔ ۲۸۲/۲،

حاضرة البحر: لب دریا، سمندر کے کنارے، ۱۶۳/۷،

حاضری: رہنے والے، باشندے، حضارۃٌ

سے اسم فاعل۔ ۱۹۶/۲،

حَافِرَةِ: (ض) پہلی حالت، قبر کی زمین، کھدی ہوئی زمین۔ حَفْرٌ سے اسم فاعل بمعنی مفعول۔ ۱۰/۷۹،

حٰفِظًا: (س) حفاظت کرنے والا، نگہبان، اللہ کا اسم صفاتی۔ حِفْظٌ سے اسم فاعل۔ ۶۴/۱۲،

حَافِظٌ: حفاظت کرنے والا۔ نگہبان۔ ۴/۸۶،

حٰفِظٰتِ: حفاظت کرنے والیاں، نگہبانی کرنے والیاں۔ واحد حَافِظَةٌ۔ ۳۵/۳۳،

حٰفِظٰتٌ: حفاظت کرنیوالیاں، نگہبانی کرنے والیاں۔ ۳۴/۴،

حٰفِظُوْا: (مفا) تم حفاظت کرو۔ تم نگرانی کرو۔ تم خبردار رہو۔ مُحَافَظَةٌ سے امر۔ ۲۳۸/۲،

حٰفِظُوْنَ: حفاظت کرنے والے۔ نگرانی کرنے والے۔ ۱۱۲/۹، ۱۲/۱۲، ۶۳/۱۲، ۹/۱۵، ۵/۲۳، ۲۹/۷۰،

حٰفِظِيْنَ: حفاظت کرنے والے۔ نگرانی کرنے والے۔ ۸۱/۱۲، ۸۲/۲۱، ۳۵/۳۳، ۱۰/۸۲، ۳۳/۸۳،

حَآفِّيْنَ: (ن) حلقہ بنائے ہوئے۔ احاطہ کئے ہوئے، گرداگرد، واحد حَافٌّ حَفٌّ سے اسم فاعل۔ ۷۵/۳۹،

حَاقَ: (ض) اس نے گھیر لیا، وہ نازل ہوا (بصلہ با) حَيْقٌ و حُيُوْقٌ سے ماضی۔ ۱۰/۶، ۸/۱۱، ۳۴/۱۶، ۴۱/۲۱، ۴۸/۳۹، ۴۵/۴۰، ۸۳/۴۰، ۳۳/۴۵، ۲۶/۴۶،

حَآقَّةُ: (ن) حق ہونے والی۔ (قیامت) ثابت ہونے والی، نہ ٹلنے والی مصیبت۔ حَقٌّ سے اسم فاعل۔ ۱/۶۹، ۲/۶۹، ۳/۶۹،

حٰكِمِيْنَ: (ن) حکم کرنے والے۔ فیصلہ کرنے والے۔ حُكْمٌ و حُكُوْمَةٌ سے اسم فاعل۔ ۸۷/۷، ۱۰۹/۱۰، ۴۵/۱۱، ۸۰/۱۲، ۸/۹۵،

حَالَ: (ن) وہ حائل ہو گیا۔ وہ بیچ میں آ گیا۔ حَوْلٌ سے ماضی۔ ۴۳/۱۱،

حَامٍ: (اف) حامی۔ دس بچے جنوانے والا اونٹ حِمَايَةٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۳/۵،

حٰمِدُوْنَ: (س) حمد کرنے والے۔ تعریف کرنے والے، حَمْدٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۲/۹،

حٰمِلٰتِ: (ض) اٹھانے والیاں۔ حَمْلٌ سے اسم فاعل۔ واحد حَامِلَةٌ۔ ۲/۵۱،

حٰمِلِيْنَ: اٹھانے والے۔ ۱۲/۲۹،

حَامِيَةٌ: (س) دہکتی ہوئی۔ جلتی ہوئی۔ حَمْیٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۸۸،

حَامِيَةٌ: دہکتی ہوئی، جلتی ہوئی۔ ۱۱/۱۰۱،

ح ب

حُبٌّ: (ض، ن) محبت، پسند، دوستی، مصدر ہے۔ ۳۲/۳۸،

حُبًّا: محبت کرنا، پسند کرنا۔ ۱۶۵/۲، ۳۰/۱۲، ۲۰/۸۹،

حُبًّا جَمًّا: بہت محبت کرنا، بہت دوست رکھنا۔ ۲۰/۸۹،

حُبِّ: محبت۔ پسند۔ دوستی۔ ۱۶۵/۲، ۸/۱۰۰،

حُبُّ: محبت۔ ۱۴/۳،

حَبَّ: غلہ۔ اناج۔ جمع حُبُوْبٌ۔ ۹/۵۰،

حَبًّا: دانے۔ اناج۔ ۹۹/۶، ۳۳/۳۶، ۱۵/۷۸، ۲۷/۸۰،

حَبِّ: دانہ۔ گٹھلی۔ ۹۵/۶،

حَبُّ: غلہ۔ اناج۔ ۱۲/۵۵،

حِبَالَهُمْ: ان کی رسیاں۔ واحد حَبْلٌ۔ ۴۴/۲۶،

حِبَالُهُمْ: ان کی رسیاں۔ ۶۶/۲۰،

حَبَّبَ: (تف) اس نے محبت ڈالی۔ اس نے محبوب بنا دیا۔ تَحْبِيْبٌ سے ماضی۔ ۷/۴۹

حَبَّةٍ: دانہ۔ ۲۶۱/۲، ۵۹/۶، ۴۷/۲۱، ۱۶/۳۱،

حَبِطَ: (س ض) وہ کھویا گیا۔ وہ غارت ہوا۔ وہ ضائع ہوا۔ حَبْطٌ سے ماضی۔ ۵/۵، ۸۸/۶، ۱۹/۱۱،

حَبِطَتْ: وہ ناپید ہو گئے۔ وہ ضائع ہو گئے۔ ۲۱۷/۲، ۲۲/۳، ۵۳/۵، ۱۴۷/۷، ۱۷/۹، ۶۹/۹، ۱۰۵/۱۸،

حُبُكِ: راستے، راہیں واحد حِبَاكٌ وحَبِيكَةٌ ۷/۵۱،

حَبْلِ: رسی، سلسلہ، عہد، جمع حِبَالٌ۔ ۱۰۳/۳، ۱۶/۵۰،

حَبْلِ الْوَرِيدِ: رگ جان، شہ رگ۔ وہ رگ جو دل سے دماغ تک ہے جس کے کٹنے سے موت واقع ہو جاتی ہے۔ ۱۶/۵۰،

حَبْلٍ: اسی ذریعہ۔ پناہ، سلسلہ۔ ۱۱۲/۳،

حَبْلٌ: رسّی، سلسلہ، ذریعہ پناہ۔ ۵/۱۱۱،

حُبِّهٖ: اس کی محبت۔ ۱۷۷/۲، ۸/۷۶،

ح ت

حَتّٰى: جب تک، یہاں تک، حرفِ جر ہے۔ ۵۵/۲، ۱۰۲/۲، ۱۰۹/۲، ۱۲۰/۲، ۱۸۷/۲، ۱۹۱/۲، ۱۹۳/۲، ۲۱۴/۲، ۲۲۱/۲، ۲۳۰/۲، ۲۳۵/۲، ۹۲/۳، ۱۵۲/۳، ۱۷۹/۳، ۱۸۳/۳، ۶/۴، ۱۵/۴، ۱۸/۴، ۴۳/۴، ۶۵/۴، ۸۹/۴، ۱۴۰/۴، ۲۲/۵، ۲۵/۶، ۳۱/۶، ۶۱/۶...... ۱۱۰ جگہ

حَتْمًا: (ض) لازم۔ ضرور۔ مقدر۔ ۷۱/۱۹،

ح ث

حَثِيثًا: (ن) تیزی سے۔ دوڑتا ہوا۔ حَثٌّ سے فَعِيلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۵۴/۷،

ح ج

حَجَّ: (ن) حج کرنا۔ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۹۶/۲، ۱۹۷/۲،

حَجَّ: اس نے حج کیا۔ حَجٌّ اور حِجٌّ سے ماضی۔ ۱۵۸/۲،

حَجِّ: حج۔ ۱۸۹/۲، ۱۹۶/۲، ۱۹۷/۲، ۳/۹، ۲۷/۲۲،

حَجُّ: حج۔ ۱۹۷/۲،

حِجُّ: حج کرنا۔ ۹۷/۳،

حِجَابًا: (ن) آڑ۔ پردہ میں کرنا۔ جمع حُجُبٌ۔ ۴۵/۱۷، ۱۷/۱۹،

حِجَابِ: آڑ۔ پردہ۔ ۳۲/۳۸

حِجَابٍ: آڑ۔ پردہ۔ ۵۳/۳۳، ۵۱/۴۲،

حِجَابٌ: آڑ۔ پردہ۔ ۴۶/۷، ۵/۴۱،

حِجَارَةً: پتھر۔ کنکریاں۔ واحد حَجَرٌ۔ ۳۲/۸، ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵، ۵۰/۱۷، ۳۳/۵۱،

حِجَارَةِ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۷۴/۲

حِجَارَةٍ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۴/۱۰۵،

حِجَارَةُ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۲۴/۲، ۶/۶۶،

حُجَّةً: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ جمع حُجَجٌ۔ ۱۵/۴۲،

حُجَّةُ: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ ۱۴۹/۶،

حُجَّةٌ: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ ۱۵۰/۲، ۱۶۵/۴،

حُجَّتُنَا: ہماری حجت، ہماری دلیل، جمع حُجَجٌ ۸۳/۶

حُجَّتَهُمْ: ان کی حجت۔ ان کی دلیل۔ ۲۵/۴۵،

حُجَّتُهُمْ: ان کی حجت۔ ان کی دلیل۔ ۱۶/۴۲،

حِجَجٍ: کئی حج۔ کئی برس۔ کان کی لو، واحد حِجَّةٌ۔ ۲۷/۲۸،

حَجَرَ: پتھر۔ جمع حِجَارٌ و حِجَارَةٌ و اَحْجَارٌ۔ ۶۰/۲، ۱۶۰/۷،

حِجْرًا: رکاوٹ۔ منع کرنا۔ پناہ۔ عقل۔ قوم ثمود کی بستی۔ ۲۲/۲۵، ۵۳/۲۵،

حِجْرِ: قوم ثمود کی بستی۔ ۸۰/۱۵،
زَبُوْرًا: زبور۔ آسمانی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ زَبْرٌ سے مشتق ہے جمع زُبُرٌ ۱۶۳/۴، ۵۵/۱۷،

زَبُوْرِ: زبور۔ آسمانی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ۱۰۵/۲۱،

ز ج

زُجَاجَةِ: شیشہ، شیشہ کا قندیل، جمع زُجَاجٌ، ۳۵/۲۴،

زُجَاجَةُ: شیشہ۔ شیشہ کا قندیل۔ ۳۵/۲۴،

زَجْرًا: (ن) بندش کرنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ مصدر ہے۔ ۲/۳۷،

زَجْرَةٌ: بندش، ڈانٹ۔ تہدید۔ جھڑکی۔ ۱۹/۳۷، ۱۳/۷۹،

ز ح

زُحْزِحَ: اس کو بچالیا گیا۔ اس کو دور کر دیا گیا۔ زَحْزَحَۃٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۸۵/۳،

زَحْفًا: (ف) میدان جنگ۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔ آمنے سامنے ہونا۔ مصدر ہے۔ ۱۵/۸،

ز خ

زُخْرُفَ: چکنی چپڑی۔ بناوٹی۔ ملمع کی ہوئی۔ جمع زَخَارِفْ۔ ۱۱۲/۶،

زُخْرُفًا: سونا کرنا۔ ۳۵/۴۳،

زُخْرُفٍ: سونا کرنا۔ زینت۔ ۹۳/۱۷،

زُخْرُفَهَا: اس کی رونق۔ اس کی چمک۔ ۲۴/۱۰،

ز د

زِدْ: (ض) تو زیادہ کر۔ زِیَادَۃٌ سے امر۔ ۴/۷۳

زِدْنٰهُمْ: ہم نے ان کو زیادہ دیا۔ ہم نے ان کو بڑھایا۔ ۸۸/۱۶، ۹۷/۱۷، ۱۳/۱۸،

زِدْنِیْ: تو مجھے زیادہ دے۔ ۱۱۴/۲۰،

زِدْهُ: تو اس (مؤنث) کو زیادہ دے۔ تو اس کو بڑھا کر دے۔ ۶۱/۳۸،

ز ر

زَرَابِیُّ: قالین، مخمل کے گدے۔ نفیس بچھونے واحد زِرْبٌ۔ ۱۶/۸۸،

زُرَّاعَ: (ف) کسان، کاشتکار، زَرْعٌ سے اسم فاعل، واحد زَارِعٌ۔ ۲۹/۴۸،

زُرْتُمْ: (ن) تم نے زیارت کی۔ تم ملے۔ تم نے دیکھا۔ زِیَارَۃٌ سے ماضی۔ ۲/۱۰۲،

زَرْعَ: (ف) کھیتی کرنا۔ اگانا۔ مصدر ہے۔ جمع زُرُوْعٌ۔ ۱۴۱/۶، ۱۱/۱۶،

زَرْعًا: کھیتی کرنا۔ اگانا۔ ۳۲/۱۸، ۲۷/۳۲، ۲۱/۳۹،

زَرْع: کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ ۳۷/۱۴، ۲۹/۴۸

زَرْع: کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ ۴/۱۳،

زُرْقًا: (ض، ن، س) کیری آنکھ، نیلی آنکھ، اندھا، زُرْقَۃٌ سے صفت مشبہ، واحد اَزْرَق۔ ۱۰۲/۲۰،

زُرُوْع: کھیتیاں۔ واحد زَرْعٌ۔ ۱۴۸/۲۶، ۲۶/۴۴

زع

زَعَمَ: (ف) اس نے گمان کیا۔ اس نے دعویٰ کیا۔ زَعْمٌ سے ماضی۔ ۷/۶۴

زَعَمْتَ: تو نے گمان کیا۔ تو نے کہا۔ تو نے خبر دی۔ ۹۲/۱۷

زَعَمْتُمْ: تم نے دعویٰ کیا۔ تم نے سمجھا۔ ۹۴/۶، ۵۶/۱۷، ۴۸/۱۸، ۵۲/۱۸، ۲۲/۳۴، ۶/۶۲،

زَعْمِهِمْ: ان کا گمان۔ ان کا خیال۔ مصدر ہے۔ ۱۳۶/۶، ۱۳۸/۶،

زَعِيْمٌ: (ف۔ ن) ذمہ دار، ضامن، کہنے والا، زَعْمٌ اور زَعَامَۃٌ سے اسم فاعل، جمع زُعَمَاءُ ۷۲/۱۲، ۴۰/۶۸

زف

زَفِيْرًا: (ض) چیخ و پکار کرنا، چلانا، لمبا سانس لینا، مصدر ہے۔ ۱۲/۲۵،

زَفِيْرٌ: چیخ و پکار کرنا۔ چلانا۔ ۱۰۶/۱۱، ۱۰۰/۲۱،

زق

زَقُّوْم: تھوہر کا درخت جو سخت بدبودار اور کڑوا ہوتا ہے، جہنم کے ایک درخت کا نام جو دوزخیوں کو کھانے کیلئے دیا جائے گا۔ ۶۲/۳۷، ۴۳/۴۴،

زَقُّوْم: تھوہر کا درخت۔ ۵۲/۵۶،

زك

زَكٰى: (ن) وہ پاک ہوا۔ وہ درست ہوا۔ زَكَاءٌ سے ماضی۔ ۲۱/۲۴،

زَكوٰةَ: (ف) زکوٰۃ، پاکیزگی، ستھرائی، تَزْكِيَۃٌ سے اسم ہے۔ ۴۳/۲، ۸۳/۲، ۱۱۰/۲، ۱۷۷/۲، ۲۷۷/۲، ۷۷/۴، ۱۶۲/۴، ۱۲/۵، ۵۵/۵، ۱۵۶/۷، ۵/۹، ۱۱/۹، ۱۸/۹، ۷۱/۹، ۴۱/۲۲، ۷۸/۲۲، ۵۶/۲۴، ۳/۲۷، ۴/۳۱، ۳۳/۳۳، ۷/۴۱، ۱۳/۵۸، ۲۰/۷۳، ۵/۹۸،

زَكوٰةً: زکوٰۃ۔ پاکیزگی۔ ستھرائی۔ ۸۱/۱۸، ۱۳/۱۹،

زَكوٰةِ: زکوٰۃ۔ پاکیزگی، ستھرائی۔ ۳۱/۱۹، ۵۵/۱۹، ۷۳/۲۱، ۴/۲۳، ۳۷/۲۴

زَكوٰةٍ: زکوٰۃ۔ پاکیزگی۔ ستھرائی۔ ۳۹/۳۰،

زَكّٰهَا: (تف) اس نے اس کو سنوارا۔ تَزْكِيَۃٌ سے ماضی۔ ۹/۹۱

زَكَرِيَّا: حضرت زکریا علیہ السلام۔ بنی اسرائیل کے عظیم المرتبت پیغمبر اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد ماجد۔ ۳۷/۳، ۳۸/۳، ۸۵/۶، ۲/۱۹، ۷/۱۹، ۸۹/۲۱

زَكِيًّا: پاکیزہ۔ ستھرا۔ نیک۔ زَكَاءٌ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ جمع اَزْكِيَاءُ۔ ۱۹/۱۹،

زَكِيَّةً: پاکیزہ عورت۔ بے قصور۔ گناہوں سے پاک، فَعِيْلَۃٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۷۴/۱۸

زل

زِلْتُمْ: (ض) تم زائل ہوئے۔ تم الگ رہے۔ زَيْلٌ سے ماضی۔ ۲۰۹/۲

زِلْزَالًا: ہلا ڈالنا۔ لرزا دینا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۳۳،

زِلْزَالَهَا: اس کا زلزلہ۔ اس کا ہلا دینا۔ ۱/۹۹،

زَلْزَلَةَ: زلزلہ۔ ہلا ڈالنا۔ رباعی مجرد کا مصدر ہے۔ ۱/۲۲،

زُلْزِلَتِ: وہ زلزلہ میں آ گئی۔ وہ ہلائی گئی۔ زَلْزَلَةٌ و زِلْزَالٌ سے ماضی مجہول۔ ۱/۹۹،

زُلْزِلُوْا: وہ زلزلہ میں آ گئے۔ وہ ہلائے گئے۔ ۲۱۴/۲، ۱۱/۳۳،

زُلَفًا: (ن) گھڑیاں، ساعتیں، حصے، واحد زُلْفَةٌ ۱۱۴/۱۱،

زُلْفٰى: درجہ، مرتبہ، نزدیکی، مصدر ہے، ۳۷/۳۴، ۲۵/۳۸، ۴۰/۳۸، ۳/۳۹

زُلْفَةً: نزدیک۔ قریب۔ درجہ۔ گھڑی۔ ۲۷/۶۷،

زَلَقًا: (ض) چٹیل میدان۔ ایسا صاف کہ جس پر پاؤں پھسلنے لگے۔ مصدر ہے۔ ۴۰/۱۸،

زَلَلْتُمْ: (ض س) تم نے لغزش کی۔ تم ڈگمگائے زَلٌّ سے ماضی۔ ۲۰۹/۲،

زم

زُمَرًا: گروہ در گروہ۔ جوق در جوق۔ واحد زُمْرَةٌ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹

زَمْهَرِيْرًا: جاڑا۔ سخت سردی۔ ۱۳/۷۶،

زن

زِنٰى: (ض) زنا۔ بدکاری۔ مصدر ہے۔ ۳۲/۱۷،

زَنْجَبِيْلًا: ادرک۔ سونٹھ۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ ۱۷/۷۶،

زِنُوْا: (ض) تم وزن کرو۔ تم تولو۔ وَزْنٌ سے امر۔ ۳۵/۱۷، ۱۸۲/۲۶

زَنِيْمٍ: زناکار۔ بے نصیب۔ بدذات۔ اپنے آپ کو دوسری قوم یا خاندان کی طرف منسوب کرنے والا۔ ۱۳/۶۸،

زو

زَوَالٍ: (ن) زائل ہونا۔ مٹ جانا۔ مصدر۔ ۴۴/۱۴،

زَوْجًا: (ن) خاوند، بیوی، جوڑا، جمع اَزْوَاجٌ ۲۳۰/۲،

زَوْجٍ: خاوند، بیوی، جوڑا ۲۰/۴، ۵/۲۲، ۷/۲۶، ۱۰/۳۱، ۷/۵۰،

زَوْجٰنِ: دو جوڑے۔ دو طرح کے۔ ۵۲/۵۵،

زُوِّجَتْ: (تف) اسے اکٹھا کیا جائے گا، اس کا جوڑ املایا جائے گا، تَزْوِيْجٌ سے ماضی مجہول۔ ۷/۸۱،

زَوْجُكَ: تیری بیوی۔ تیری عورت۔ ۳۷/۳۳،

زَوْجِكَ: تیری بیوی۔ تیری عورت۔ ۱۱۷/۲۰،

زَوْجُكَ: تیری بیوی۔ تیری عورت۔ ۳۵/۲، ۱۹/۷،

زَوَّجْنٰكَهَا: (تف) ہم نے اس کو تیرے نکاح میں دیا۔ تَزْوِيْجٌ سے ماضی۔ ۳۷/۳۳،

زَوَّجْنٰهُمْ: ہم نے ان کو بیاہ دیا۔ ۵۴/۴۴، ۲۰/۵۲،

زَوْجَهٗ: اس کی زوجہ۔ اس کی بیوی۔ ۹۰/۲۱،

زَوْجِهٖ: اس کی زوجہ۔ اس کی بیوی۔ ۱۰۲/۲،

زَوْجَهَا: اس کا خاوند، اس کا جوڑا۔ ۱/۴، ۱۸۹/۷، ۶/۳۹،

زَوْجِهَا: اس کا خاوند۔ اس کا جوڑا۔ ۱/۵۸،

زَوْجَيْنِ: میاں بیوی ۴۰/۱۱، ۳/۱۳، ۲۷/۲۳، ۴۹/۵۱، ۴۵/۵۳، ۳۹/۷۵

زُوْرَ: جھوٹ، کفر، شرک۔ انحراف۔ یہود و نصاریٰ کے تہوار۔ گانے کی مجلس۔ باطل معبود (مظہری ۴۹/۷) ۷۲/۲۵،

زُوْرًا: جھوٹ۔ انحراف۔ ۴/۲۵، ۲/۵۸،

زُوْرِ: جھوٹ۔ انحراف۔ ۳۰/۲۲،

زه

زَهْرَةَ: (ف) آرائش، تازگی، رونق۔ پھول۔ جمع أَزْهَارٌ و أَزْهُرٌ۔ ١٣١/٢٠،

زَهَقَ: (ف) وہ مٹ گیا۔ وہ نکل بھاگا۔ وہ ہلاک ہوگیا۔ زُهُوقٌ سے ماضی۔ ٨١/١٧،

زَهُوقًا: مٹ جانے والا۔ نکل بھاگنے والا۔ اسم فاعل کے معنی میں صفتِ مشبہ۔ ٨١/١٧،

زی

زِيَادَةٌ: (ض) زیادتی۔ زیادہ ہونا۔ مصدر ہے۔ ٣٧/٩، ٢٦/١٠،

زَيْتُونَ: زیتون۔ ایک مشہور درخت کا نام جس سے روغن نکلتا ہے۔ ٩٩/٦، ١٤١/٦، ١١/١٦،

زَيْتُونًا: زیتون۔ ٢٩/٨٠،

زَيْتُونِ: زیتون۔ ١/٩٥،

زَيْتُونَةٍ: زیتون کا درخت۔ ٣٥/٢٤،

زَيْتُهَا: زیتون کا تیل۔ اس کا تیل۔ ٣٥/٢٤،

زَيْدٌ: ایک مشہور صحابی کا اسم گرامی۔ جو غلام تھے، آپ ﷺ نے ان کو اپنی اولاد کی طرح پالا۔ یہ واحد صحابی ہیں جن کا ذکر قرآن میں نام کے ساتھ آیا ہے۔ ٣٧/٣٣،

زَيْغٌ: (ض) کجی۔ اعتدال سے ہٹنا۔ مصدر ہے۔ ٧/٣،

زَيَّلْنَا: (تف) ہم نے جدا کردیا۔ ہم نے تفریق کردی۔ تَزْيِيلٌ سے ماضی۔ ٢٨/١٠،

زَيَّنَ: (تف) اس نے زینت دی۔ اس نے سنوارا تَزْيِينٌ سے ماضی۔ ٤٣/٦، ١٣٧/٦، ٤٨/٨، ٢٣/١٢، ٢٤/٢٧، ٣٨/٢٩،

زُيِّنَ: وہ زینت دیا گیا۔ وہ سنوارا گیا۔ تَزْيِينٌ سے ماضی مجہول۔ ٢١٢/٢، ١٤/٣، ١٢٢/٦، ٣٧/٩، ١٢/١٠، ٣٣/١٣، ٨/٣٥، ٣٧/٤٠، ١٤/٤٧، ١٢/٤٨،

زَيَّنَّا: ہم نے زینت دی۔ ہم نے سنوارا۔ ١٠٨/٦، ٤/٢٧، ٦/٣٧، ١٢/٤١، ٥/٦٧،

زَيَّنَّاهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو زینت دی۔ ہم نے اس کو سنوارا۔ ١٦/١٥، ٦/٥٠،

زِينَةَ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٣٢/٧، ٢٨/١٨،

زِينَةً: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٨٨/١٠، ٨/١٦، ٧/١٨،

زِينَةِ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٥٩/٢٠، ٨٧/٢٠، ٦/٣٧،

زِينَةٍ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٦٠/٢٤،

زِينَةُ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٤٦/١٨،

زِينَةٌ: زینت، زیبائش، آرائش، مراد زیورات۔ ٢٠/٥٧،

زِينَتَكُمْ: تمہاری زینت۔ تمہاری رونق۔ ٣١/٧،

زِينَتِهٖ: اس کی زینت۔ اس کی آراستگی۔ ٧٩/٢٨،

زِينَتَهَا: اس (مؤنث) کی زینت۔ اس کی رونق۔ ١٥/١١، ٢٨/٣٣،

زِينَتُهَا: اس (مؤنث) کی زینت، اس کی رونق، ٦٠/٢٨،

زِينَتَهُنَّ: ان (عورتوں) کی زینت، ان کا سنگھار، ٣١/٢٤،

زِينَتِهِنَّ: ان (عورتوں) کی زینت۔ ان کا سنگھار۔ ٣١/٢٤،

زَيَّنُوا: (تف) انھوں نے مزین کردیا۔ انھوں نے سنوارا۔ تَزْيِينٌ سے ماضی۔ ٢٥/٤١،

زَيَّنَهٗ: اس نے اس کو زینت دی۔ اس نے اس کو آراستہ کیا۔ ٧/٤٩،

﴿بَابُ السِّیْن﴾

س

سَ: عنقریب۔ جلد۔ حرف استقبال ہے۔ مضارع پر داخل ہوتا ہے۔

س ا

سٰبِحٰتِ: (ف) تیرنے والیاں۔ کشتیاں۔ سَبْحٌ سے اسمِ فاعل۔ واحد سَابِحَةٌ. سَبْحٌ تیزی سے تیرنے اور اڑنے کے مضمون میں استعمال ہوتا ہے۔ (المفردات ص ۲۲۱) یہاں مراد وہ فرشتے ہیں جو روحوں کو لے کر تیزی سے اُڑتے ہیں۔ ۳/۷۹،

سٰبِغٰتٍ: (ن) کشادہ اور پوری زرہیں، لمبی زرہیں جو آدمی کے پورے جسم کو چھپالیں۔ سُبُوْغٌ سے اسمِ فاعل۔ واحد سَابِغَةٌ. ۱۱/۳۴،

سَابِقٌ: (ن) سبقت لے جانے والا، آگے بڑھنے والا۔ سَبْقٌ و سَبَاقٌ سے اسمِ فاعل۔ ۳۲/۳۵،

سٰبِقٰتِ: سبقت کرنے والیاں، آگے بڑھنے والیاں، مراد فرشتے۔ جو حکم خداوندی سے پاکر اسے پورا کرنے کے لئے دوڑتے ہیں، سَبْقٌ و سَبَاقٌ سے اسمِ فاعل۔ ۴/۷۹،

سَابِقُوْا: (مفا) سبقت لیجاؤ، جلدی چلو، دوڑو۔ مُسَابَقَةٌ سے امر۔ ۲۱/۵۷،

سٰبِقُوْنَ: سبقت لے جانے والے، آگے بڑھنے والے، سَبَاقٌ سے اسمِ فاعل، ۱۰۰/۹، ۶۱/۲۳، ۱۰/۵۶،

سٰبِقِیْنَ: سبقت لے جانے والے، آگے بڑھنے والے۔ ۳۹/۲۹،

سَاجِدًا: (ن) سجدہ کرنے والا، سُجُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۹/۳۹،

سٰجِدُوْنَ: سجدہ کرنے والے۔ ۱۱۲/۹،

سٰجِدِیْنَ: سجدہ کرنے والے۔ ۱۱/۷، ۱۲۰/۷، ۴/۱۲، ۲۹/۱۵، ۳۱/۱۵، ۳۲/۱۵، ۹۸/۱۵، ۴۶/۲۶، ۲۱۹/۲۶، ۷۲/۳۸،

سَاحَتِهِمْ: ان کا آنگن، ان کی کشادہ جگہ۔ ان کا میدان۔ ان کے سامنے۔ ۱۷۷/۳۷

سٰحِرٍ: (ف) جادوگر، سِحْرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۲/۷، ۷۹/۱۰، ۶۹/۲۰،

سٰحِرُ: جادوگر۔ ۴۹/۴۳،

سَاحِرُ: جادوگر ۶۹/۲۰،

سٰحِرٌ: جادوگر۔ ۱۰۹/۷، ۲/۱۰، ۳۴/۲۶، ۴/۳۸، ۲۴/۴۰، ۳۹/۵۱،

سَاحِرٌ: جادوگر۔ ۵۲/۵۱،

سٰحِرٰنِ: دو جادوگر۔ ۶۳/۲۰،

سٰحِرُوْنَ: جادوگر۔ واحد ساحِرٌ۔ ۷۷/۱۰،

سَاحِلِ: ساحل، دریا کا کنارہ، جمع سَوَاحِلُ ۳۹/۲۰،

سٰخِرِیْنَ: (ن،ف) مذاق اُڑانے والے۔ ٹھٹھا کرنیوالے، سُخْرٌ و سُخْرِیَةٌ سے اسم فاعل۔ واحد سَاخِرٌ. ۵۶/۳۹،

سَادَتَنَا: ہمارے سردار۔ واحد سَیِّدٌ. ۶۷/۳۳،

سَادِسُهُمْ: ان کا چھٹا۔ ۲۲/۱۸، ۷/۵۸،

سَارَ: (ض) اس نے سیر کی۔ وہ چلا۔ سَیْرٌ سے ماضی۔ ۲۹/۲۸،

سَارِبٌ: (ن) گلیوں میں پھرنے والا۔ راہ چلنے والا۔ ظاہر ہونے والا۔ سُرُوْبٌ سے اسم فاعل جمع سَرَبٌ۔ ۱۰/۱۳،

سَارِعُوْا: (مفا) تم جلدی کرو، تم دوڑو۔ مُسَارَعَةٌ سے امر۔ ۱۳۳/۳،

سَارِقٌ: (س) چور۔ چوری کرنے والا۔ سَرِقَةٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۵،

سَارِقَةٌ: چوری کرنے والی۔ ۳۸/۵،

سٰرِقُوْنَ: چوری کرنے والے۔ ۷۰/۱۲،

سٰرِقِیْنَ: چوری کرنے والے۔ ۷۳/۱۲،

سَاعَةَ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت کا دن۔ قرآن مجید میں یہ لفظ جہاں جہاں بھی آیا ہے اس سے مراد قیامت ہے۔ ۸۵/۱۵، ۲۱/۱۸، ۳۶/۱۸، ۷۵/۱۹، ۱۵/۲۰، ۷/۲۲، ۶۳/۳۳، ۵۹/۴۰، ۵۰/۴۱، ۱۷/۴۲، ۶۶/۴۳، ۱۸/۴۷،

سَاعَةٌ: گھڑی، وقت، قیامت۔ ۳۴/۷، ۴۵/۱۰، ۴۹/۱۰، ۶۱/۱۶، ۳۰/۳۴، ۳۵/۴۶،

سَاعَةِ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت۔ ۱۸۷/۷، ۱۱۷/۹، ۷۷/۱۶، ۴۹/۲۱، ۱/۲۲، ۱۱/۲۵، ۳۴/۳۱، ۶۳/۳۳، ۴۷/۴۱، ۱۸/۴۲، ۶۱/۴۳، ۸۵/۴۳، ۴۲/۷۹،

سَاعَةِ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت۔ ۵۵/۳۰،

سَاعَةُ: گھڑی، وقت، قیامت۔ ۳۱/۶، ۴۰/۶، ۱۰۷/۱۲، ۵۵/۲۲، ۱۲/۳۰، ۱۴/۳۰، ۵۵/۳۰، ۳/۳۴، ۴۶/۴۰، ۲۷/۴۵، ۳۲/۴۵، ۱/۵۴، ۴۶/۵۴،

سَافِلَهَا: (ک، س، ن) اس کے نیچے رہنے والا۔ سَفَالٌ و سُفُوْلٌ سے اسم فاعل۔ ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵،

سٰفِلِیْنَ: نیچے ہونے والے، پست ہونے والے، ۵/۹۵،

سَاقِ: پنڈلی۔ ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ہے۔ جمع سُوْقٌ، سِیْقَانٌ و اَسْوُقٌ۔ ۲۹/۷۵،

سَاقٍ: پنڈلی۔ ۴۲/۶۸،

سَاقُ: پنڈلی۔ ۲۹/۷۵، ۳۰/۷۵،

سَاقِطًا: (ن) گرنے والا، سُقُوْطٌ سے اسم فاعل، ۴۴/۵۲،

سَاقَیْهَا: اس کی دونوں پنڈلیاں۔ یہ اصل میں سَاقَیْنِ تھا جو حالت نصبی و جری میں سُوْقٌ کا تثنیہ ہے، اضافت کے سبب نون حذف ہو گیا۔ ۴۴/۲۷،

سَاكِنًا: (ن) ساکن۔ ٹھہرا ہوا۔ رہنے والا۔ سُکُوْنٌ سے اسم فاعل۔ ۴۵/۲۵،

سَالَتْ: (ض) وہ جاری ہوئی۔ وہ بہی۔ سَیْلَانٌ سے ماضی مونث۔ ۱۷/۱۳،

سٰلِمُوْنَ: (س) صحیح سالم، بے عیب۔ تندرست سلامةٌ سے اسم فاعل۔ ۴۳/۶۸،

سٰمِدُوْنَ: (ن) غافل ہونے والے۔ تکبر کرنے والے۔ کھیل کود میں وقت ضائع کرنے والے۔ سُمُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۶۱/۵۳،

سٰمِرًا: (ن) افسانہ گو۔ داستان سرا۔ کہانی کہنے والا، سَمَرٌ و سُمُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۲۳،

سَامِرِیُّ: سامری، ایک شخص کا نام جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوہِ طور پر تشریف لے جانے کے بعد ان کی قوم سے سونے کے زیورات لیکر بچھڑے کی مورتی بنادی اور اس طرح ان کی قوم کو گائے کی پوجا میں مبتلا کیا۔ ۸۵/۲۰، ۸۷/۲۰، ۹۵/۲۰،

سَاوٰی: (مفا) اس نے برابر کر دیا، وہ برابر ہو گیا۔

مُسَاوَاۃٌ سے ماضی۔ ۹۶/۱۸،

سَاہِرَۃ: میدان، صاف ہموار زمین۔ جہنم۔ جمع سَوَاہِرٌ۔ ۱۴/۷۹،

سَاھَمَ: (مذ) اس نے قرعہ ڈالا، مُسَاھَمَۃٌ سے ماضی۔ ۱۴۱/۳۷،

سَاھُوْنَ: (ن) بے خبر، بھولنے والے، غافل، سَھْوٌ سے اسم فاعل واحد سَاھِیْ، یہ اصل میں سَاھِیُوْنَ تھا 'ی' مضموم سے پہلے "ہ" مکسور ہے جس سے 'ی' کا ضمہ ثقیل ہوگیا اس لئے اس کو نقل کرکے 'ہ' کو دیدیا جس سے 'ی' اور 'و' دونوں ساکن ہوگئے اس لئے 'ی' کو حذف کردیا گیا۔ ۱۱/۵۱، ۵/۱۰۷،

سَآءَ: (ن) وہ بُرا ہے۔ سَوْءٌ سے ماضی۔ فعل ذم ہے۔ ۲۲/۴، ۳۸/۴، ۶۶/۵، ۳۱/۶، ۱۳۶/۶، ۱۷۷/۷، ۴/۹، ۲۵/۱۹، ۵۹/۱۶، ۳۲/۱۷، ۱۰۱/۲۰، ۱۴۳/۲۹، ۵۸/۲۷، ۴/۲۹، ۱۷۷/۳۷، ۲۱/۳۵، ۱۵/۵۸، ۲/۶۳

سَآئِبَۃ: سائبہ، وہ جانور جو اہل جاہلیت بُت کے نام پر آزاد کرتے تھے، جمع سَوَائِبُ ۱۰۳/۵،

سَآءَتْ: (ن) وہ بُری ہے۔ سَوْءٌ سے ماضی۔ ۹۷/۴، ۱۱۵/۴، ۲۹/۱۸، ۶۶/۲۵، ۶/۴۸،

سٰٓئِحٰتٍ: (ض) سیاحت کرنے والیاں، روزہ رکھنے والیاں، پارسا عورتیں، سِیَاحَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۶۶،

سَآئِحُوْنَ: سیاحت کرنیوالے۔ روزہ رکھنے والے، پھرنے والے۔ سِیَاحَۃٌ سے اسم فاعل۔ واحد سَائِحٌ. ۱۱۲/۹

سَآئِغًا: (ن) خوش ذائقہ، مزہ دار، آسانی سے حلق میں اترنے والا سَوْغٌ سے اسم فاعل، ۶۶/۱۶،

سَآئِغٌ: خوش ذائقہ۔ مزہ دار۔ ۱۲/۳۵

سَآئِقٌ: (ن) ہمراہ لانے والا۔ ہانکنے والا۔ یہاں وہ فرشتہ مراد ہے جو حشر میں کھینچ کر لائے گا۔ سَوْقٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۵۰

سَآئِلَ: (ف) سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا۔ سُؤَالٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۹۳،

سَآئِلِ: سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا، ۱۹/۵۱، ۲۵/۷۰،

سَآئِلٌ: سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا ۱/۷۰،

سَآئِلِیْنَ: سوال کرنے والے، پوچھنے والے، مانگنے والے۔ ۱۷۷/۲، ۷/۱۲

سَاَلَ: اس نے سوال کیا۔ سُؤَالٌ سے ماضی، ۱/۷۰

س ب

سُبَاتًا: (ن) آرام۔ راحت۔ تکان دور کرنا۔ قطع کرنا۔ مصدر ہے۔ سَبْتٌ سے مشتق ہے جس کے معنی موندنے اور قطع کرنے کے ہیں، اللہ تعالٰی نے نیند بھی انسان کے تمام ہموم وغموم اور افکار کو قطع کرکے اس کے قلب ودماغ کو ایسی راحت دیتی ہے کہ دنیا کی کوئی راحت اس کا بدل نہیں ہوسکتی۔ (معارف القرآن: مفتی محمد شفیع: ج۸، ص ۲۵۳) ۴۷/۲۵، ۹/۷۸،

سَبَبٍ: سبب، ذریعہ، حیلہ، رسی، سامان ۱۵/۲۲

سَبَبًا: سبب، ذریعہ، حیلہ، رسی، سامان، جمع اسباب، ۸۴/۱۸، ۸۵/۱۸، ۸۹/۱۸، ۹۲/۱۸

سَبْتِ: سنیچر کا دن، ہفتہ کا دن۔ کام کاج سے قطع تعلق کا دن۔ جمع اَسْبُتٌ و سُبُوْتٌ.

٦٥/٢، ٤٧/٣، ١٥٣/٣، ١٦٣/٧،

سَبْتٌ: سنیچر کا دن۔ ہفتہ کا دن۔ ١٢٤/١٦،

سَبْتِهِمْ: ان کا سنیچر منانا، ان کا کام چھوڑ دینا۔ ١٦٣/٧،

سَبَّحَ: (تف) اس نے تسبیح کی، اس نے پاکی بیان کی۔ تَسْبِیْحٌ سے ماضی۔ ١/٥٧، ١/٥٩، ١/٦١

سَبِّحْ: تو تسبیح کر۔ تو پاکی بیان کر۔ تَسْبِیْحٌ سے امر۔ ٤١/٣، ٩٨/١٥، ١٣٠/٢٠، ٥٨/٢٥، ٥٥/٤٠، ٣٩/٥٠، ٤٨/٥٢، ٧٤/٥٦، ٩٦/٥٦، ٥٢/٦٩، ٣/١١٠،

سَبِّحِ: تو تسبیح کر۔ ١/٨٧

سَبْحًا: (ف) تیزی سے تیرنا۔ مشغول ہونا۔ مصدر ہے۔ ٧/٧٣، ٣/٧٩

سُبْحٰنَ: (ف) وہ پاک ہے۔ وہ مقدس ہے۔ تَسْبِیْحٌ کا اسم مصدر۔ ١٠٨/١٢، ٩٣/١٧، ١٠٨/١٧، ٢٢/٢١، ٩١/٢٣، ٨/٢٧، ٦٨/٢٨، ١٧/٣٠، ٣٦/٣٦، ٨٣/٣٦، ١٥٩/٣٧، ١٨٠/٣٧، ١٣/٤٣، ٨٢/٤٣، ٤٣/٥٢، ٢٣/٥٩، ٢٩/٦٨،

سُبْحٰنَ: وہ پاک ہے۔ یہاں کلام کے شروع میں لانے سے اس بات پر تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ اس کے بعد جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس پر اللہ کے سوا کسی کو قدرت نہیں۔ وہ ہر قسم کے عیب ونقص اور عجز سے پاک ہے۔ اس کو ایک رات میں اپنے بندے کا مکہ سے بیت المقدس لے جانا کچھ مشکل نہیں، وہ قادر مطلق اور ہر چیز کا خالق ہے۔ ١/١٧

سُبْحٰنَكَ: تو پاک ہے۔ ٣٢/٢، ١٩١/٣، ١١٦/٥، ١٤٣/٧، ١٠/١٠، ٨٧/٢١، ١٦/٢٤، ١٨/٢٥، ٤١/٣٤،

سُبْحٰنَهٗ: وہ پاک ہے، ١١٦/٢، ١٧١/٤، ١٠٠/٦، ٣١/٩، ١٨/١٠، ٦٨/١٠، ١/١٦، ٥٧/١٦، ٤٣/١٧، ٣٥/١٩، ٢٦/٢١، ٤٠/٣٠، ٤/٣٩، ٦٧/٣٩

سَبَّحُوْا: (تف) انھوں نے تسبیح کی۔ انھوں نے پاکی بیان کی۔ تَسْبِیْحٌ سے ماضی۔ ١٥/٣٢

سَبِّحُوْا: تم تسبیح کرو۔ تم پاکی بیان کرو۔ تَسْبِیْحٌ سے امر۔ ١١/١٩،

سَبِّحُوْهُ: تم اس کی تسبیح کرو۔ تم اس کی پاکی بیان کرو۔ ٤٢/٣٣،

سَبِّحْهُ: تو اس کی تسبیح کر۔ تو اس کی پاکی بیان کر۔ ٤٠/٥٠، ٤٩/٥٢، ٢٦/٧٦،

سَبْعٌ: (ف) سات۔ ساتواں ہونا۔ اسم عدد ہے۔ ٢٩/٢، ٢٦١/٢، ٤٣/١٢، ٤٧/١٢، ١٧/٢٣، ١٢/٣١، ٣/٦٧، ٧/٦٩، ١٥/٧١،

سَبْعًا: سات۔ ٨٧/١٥، ١٢/٧٨،

سَبْعٍ: سات۔ ٤٦/١٢، ٨٦/٢٣،

سَبْعِ: سات۔ ٤٤/١٧،

سَبْعُ: سات۔ ٤٣/١٢، ٤٦/١٢، ٤٨/١٢،

سَبُعُ: درندہ، جمع اَسْبُعٌ و سِبَاعٌ، درندہ کو اس لئے سَبُعٌ کہا گیا کہ اس کی قوت تام (پوری) ہوتی ہے جس طرح سَبْعٌ عدد تام ہے (المفردات ص ٢٢٢)۔ ٣/٥

سَبْعَةٍ: سات۔ ١٩٦/٢،

سَبْعَةُ: سات۔ ٤٤/١٥، ٢٧/٣١،

سَبْعَةٌ: سات۔ ٢٢/١٨،

سَبْعُوْنَ: ستر۔ ٣٢/٦٩،

سَبْعِيْنَ: ستر۔ ١٥٥/٧، ٨٠/٩

سَبَقَ: (ن) اس نے سبقت کی۔ وہ پہلے ہو چکا۔ وہ آگے بڑھ گیا، سَبْقٌ سے ماضی۔ ٦٨/٨، ٩٩/٢٠، ٤٠/١١، ٢٧/٢٣،

سَبْقًا: سبقت کرنا۔ پہلے ہونا۔ مقدم ہونا۔ مصدر ہے۔ ٤/٧٩

سَبَقَتْ: وہ سبقت کر چکی۔ وہ پہلے ہو چکی۔ ١٩/١٠

١١٠/١١، ١٢٩/٢٠، ١٠١/٢١، ١٧/٣٧، ٣٥/٣١، ١٣/٤٢،

سَبَقَکُمْ: اس نے تم سے سبقت کی۔ اس نے تم سے پہلے کیا۔ ٨٠/٧، ٢٨/٢٩،

سَبَقُوْا: انھوں نے سبقت کی۔ وہ آگے نکل گئے۔ ٥٩/٨،

سَبَقُوْنَا: انھوں نے ہم سے سبقت کی۔ وہ ہم سے آگے نکل گئے۔ ١١/٤٦، ١٠/٥٩،

سُبُلَ: راستے، راہیں، واحد سَبِیْلٌ۔ ١٦/٥، ١٥٣/٦، ٦٩/١٦،

سُبُلاً: راستے۔ راہیں۔ ١٥/١٦، ٥٣/٢٠، ٣١/٢١، ١٠/٤٣، ٢٠/٧١،

سُبُلَنَا: ہمارے راستے۔ ہماری راہیں۔ ١٢/١٤، ٦٩/٢٩،

سَبَا: قوم سبا۔ ایک قوم کا نام۔ ان کا وطن عرب میں یمن کی طرف تھا۔ ٢٢/٢٧، ١٥/٣٤،

سَبِیْلَ: راستہ، راہ، سَبِیْلٌ وہ راستہ ہے جس میں سہولت ہو اور اس کی جمع سُبُلٌ آتی ہے۔ سَبِیْلٌ ہر اس چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جس کے ذریعے کسی چیز تک پہنچا جا سکے خواہ وہ چیز خیر ہو یا شر (المفردات ص ٢٢٣) یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ٤٤/٤، ١٤٢/٧، ١٤٦/٧، ٨٩/١٠، ١٧/٢٥، ٢٩/٢٩، ١٥/٣١، ٢٩/٤٠، ٣/٧٦، ٢٠/٨٠،

سَبِیْلاً: راستہ۔ راہ۔ ٩٧/٣، ١٥/٤، ٢٢/٤، ٣٤/٤، ٥١/٤، ٨٨/٤، ٩٠/٤، ٩٨/٤، ١٣٧/٤، ١٤١/٤، ١٤٣/٤، ١٥٠/٤، ١٤٦/٧، ١٤٨/٧، ٣٢/١٧، ٤٢/١٧، ٤٨/١٧، ٧٢/١٧، ٨٤/١٧، ١١٠/١٧، ٩/٢٥، ٢٧/٢٥، ٣٤/٢٥، ٤٢/٢٥، ٥٧/٢٥، ١٩/٧٣، ٢٩/٧٦،

سَبِیْلِ: راستہ، راہ، ١٠٨/٢، ١٥٤/٢، ١٧٧/٢، ١٩٠/٢، ١٩٥/٢، ٢١٥/٢، ٢١٧/٢، ٢١٨/٢، ٢٤٤/٢، ٢٦١، ٢٦٢/٢، ٢٧٣/٢، ١٣/٣، ٩٩/٣، ١٤٦/٣، ١٥٧/٣، ١٦٧/٣، ١٦٩/٣، ٧٤/٤، ٧٥/٤، ٧٦/٤، ٨٤/٤، ٨٩/٤...... ١٠٦ جگہ

سَبِیْلٍ: راستہ، راہ، ٤٣/٦، ٩١/٩، ٦٧/١٥، ١١/٣٠، ٢١/٤٢، ٣٣/٤٢، ٣٦/٤٢،

سَبِیْلُ: راستہ۔ راہ۔ ٥٥/٦، ٩٣/٩، ٤٢/٤٢،

سَبِیْلٌ: راستہ۔ راہ۔ ٧٥/٣،

سَبِیْلاً: راستہ۔ راہ۔ ٦/٣١،

سَبِیْلَكَ: تیرا راستہ۔ تیری راہ۔ ٧/٤٠

سَبِیْلِكَ: تیرا راستہ۔ تیری راہ۔ ٨٨/١٠،

سَبِیْلَنَا: ہمارا راستہ۔ ہماری راہ۔ ١٢/٢٩،

سَبِیْلَهٗ: اس کا راستہ۔ اس کی راہ۔ ٦١/١٨، ٦٣/١٨،

سَبِیْلِهٖ: اس کا راستہ۔ اس کی راہ۔ ٣٥/٥، ١١٧/٦، ١٥٣/٦، ٩/٩، ٢٤/٩، ٣٠/١٤، ١٢٥/١٦، ٨/٣٩، ٣٠/٥٣، ٤/٦١، ٧/٦٨،

سَبِیْلِهِمْ: ان کا راستہ۔ ان کی راہ۔ ٥/٩،

سَبِیْلِیْ: میرا راستہ، میری راہ۔ ١٩٥/٣، ١٠٨/١٢، ١/٦٠،

س ت

سَتُبْصِرُ: عنقریب تو دیکھے گا۔ ٥/٦٨،

سِتَّةِ: چھ، اصل میں سِدْسَةٌ تھا، دوسرے "س" کو "تا" سے بدل کر اس میں دال کا ادغام کر دیا گیا۔ ٥٤/٧، ٣/١٠، ٧/١١، ٥٩/٢٥، ٤/٣٢، ٣٨/٥٠، ٤/٥٧،

سَتَجِدُنِیْ: بہت جلد تو مجھے پائے گا، ٦٩/١٨، ٢٧/٢٨، ١٠٢/٣٧،

سَتَجِدُوْنَ: عنقریب تم پاؤ گے۔ ٩١/٤،

سَتُدْعَوْنَ: عنقریب تم کو دعوت دی جائے گی۔ تم کو پکارا جائیگا۔ ١٦/٤٨،

سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ: تم ان (عورتوں) کا ذکر کرو گے۔ ٢٣٥/٢،

سِتْرًا: حجاب۔ پردہ۔ شرم وحیا۔ جمع سُتُوْرٌ و اَسْتَارٌ۔ ٩٠/١٨،

سَتُرَدُّوْنَ: عن قریب تم روکے جاؤ گے۔ عن قریب تم لوٹائے جاؤ گے۔ ١٠٥/٩

سَتُرْضِعُ: بہت جلد وہ دودھ پلائے گی۔ ۶/۶۵،

سَتُغْلَبُوْنَ: بہت جلد تم مغلوب ہوگے۔ ۱۲/۳،

سَتُكْتَبُ: بہت جلد وہ لکھی جائے گی۔ ۱۹/۴۳،

سِتِّيْنَ: ساٹھ۔ ۴/۵۸،

س ج

سَجٰى: (ن) اس نے قرار پکڑا۔ وہ چھا گیا۔ وہ ساکن ہوگیا، اس نے ڈھانپ لیا۔ سُجُوٌّ سے ماضی۔ ۲/۹۳،

سَجَدَ: (ن) اس نے سجدہ کیا، سُجُوْدٌ سے ماضی۔ ۳۰/۱۵، ۷۳/۳۸

سُجَّدٌ: سجدہ کرنیوالے۔ واحد سَاجِدٌ۔ ۵۸/۲، ۱۵۴/۴، ۱۶۱/۷، ۱۰۰/۱۲، ۴۸/۱۶، ۱۰۷/۱۷، ۵۸/۱۹، ۷۰/۲۰، ۶۴/۲۵، ۱۵/۳۲، ۲۹/۴۸،

سَجَدُوْا: انھوں نے سجدہ کیا۔ ۳۴/۲، ۱۰۲/۴، ۱۱/۷، ۶۱/۱۷، ۵۰/۱۸، ۱۱۶/۲۰،

سُجِّرَتْ: (تف) وہ بھڑکائے جائیں گے، وہ آگ سے پُر کی گئی، وہ خالی کی گئی، تَسْجِيْرٌ سے ماضی مجہول۔ ۶/۸۱،

سِجِلِّ: کاغذ کا طومار۔ صحیفہ۔ نوشتہ۔ فرشتہ۔ جمع سِجِلَّاتٌ "سِجِلّ اس پتھر کو کہا جاتا تھا جس پر لکھا جاتا تھا، پھر ہر وہ چیز جس پر لکھا جائے سِجِلّ کہلانے لگی۔ (المفردات ص ۲۲۴و۲۲۵)۔" ۱۰۴/۲۱،

سِجْنَ: (ن) قید خانہ۔ جمع سُجُوْنٌ۔ ۳۶/۱۲،

سِجْنِ: قید خانہ۔ ۳۹/۱۲، ۴۱/۱۲، ۴۲/۱۲، ۱۰۰/۱۲،

سِجْنُ: قید خانہ۔ ۳۳/۱۲،

سُجُوْدِ: (ن) سجدہ کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۲۵/۲، ۲۶/۲۲،

سِجِّيْلٍ: کنکر، آگ میں پکی ہوئی مٹی سے بنے ہوئے کنکر، سنگِ گِل سے معرب، ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵، ۴/۱۰۵

سِجِّيْنٍ: دوزخیوں کی روح کا قید خانہ، گنہگاروں کا اعمال نامہ، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے، ۷/۸۳،

سِجِّيْنٌ: دوزخیوں کی روح کا قید خانہ۔ ۸/۸۳،

س ح

سَحَابَ: (ن) بادل۔ ابر۔ سَحْبٌ سے۔ مشتق ہے۔ جمع سُحُبٌ۔ ۱۲/۱۳،

سَحَابًا: بادل۔ ابر۔ ۵۷/۷، ۴۳/۲۴، ۴۸/۳۰، ۹/۳۵،

سَحَابِ: بادل۔ ابر۔ ۱۶۴/۲، ۸۸/۲۷،

سَحَابٌ: بادل۔ ابر۔ ۴۰/۲۴، ۴۴/۵۲،

سَحَّارٍ: (ف) بڑا جادوگر۔ ماہر جادوگر۔ سِحْرٌ سے فَعَّالٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ۳۷/۲۶

سُحْتَ: حرام، رشوت، جمع اَسْحَاتٌ۔ ۶۲/۵، ۶۳/۵،

سُحْتِ: حرام۔ رشوت۔ ۴۲/۵،

سِحْرَ: (ف) جادو۔ جادو کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۲/۲، ۷۱/۲۰، ۳/۲۱، ۴۹/۲۶،

سِحْرِ: جادو۔ جادو کرنا۔ ۷۳/۲۰

سِحْرٍ: جادو۔ جادو کرنا۔ ۱۱۶/۷، ۵۸/۲۰،

سِحْرُ: جادو۔ جادو کرنا۔ ۸۱/۱۰،

سِحْرٌ: (ف) جادو، جادو کرنا۔ ۱۱۰/۵، ۷/۶، ۷۶/۱۰، ۷۷/۱۰، ۷/۱۱، ۱۳/۲۷، ۳۶/۲۸، ۴۳/۳۴، ۱۵/۳۷، ۳۰/۴۳، ۷/۴۶، ۱۵/۵۲، ۲/۵۴، ۶/۶۱، ۲۴/۷۴،

سَحَرٍ: سحر کا وقت، پچھلی رات، جمع اَسْحَارٌ، ۳۴/۵۴

سِحْرٰنِ: دو جادو۔ ۴۸/۲۸،

سَحَرَةَ: جادوگر۔ واحد سَاحِرٌ۔ ۴۰/۲۶،

سَحَرَةُ: جادوگر ١١٣/٧، ١٢٠/٧، ٨٠/١٠، ٧٠/٢٠، ٣٨/٢٦، ٤١/٢٦، ٤٦/٢٦،

سِحْرُكَ: تیرا جادو۔ ٥٧/٢٠

سَحَرُوْا: (ف) انھوں نے جادو کیا۔ انھوں نے نظر بندی کی۔ سِحْرٌ سے ماضی۔ ١١٦/٧،

سِحْرِهٖ: اس کا جادو۔ ٣٥/٢٦

سِحْرِهِمَا: ان دونوں کا جادو۔ ٦٣/٢٠،

سِحْرِهِمْ: ان کا جادو۔ ٦٦/٢٠

سُحْقًا: (س ک) دور کرنا۔ دفع ہونا۔ لعنت کرنا۔ مصدر ہے۔ ١١/٦٧،

سَحِيْقٍ: بہت دور۔ بعید۔ سُحْقٌ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ٣١/٢٢،

س خ

سَخِرَ: (س) اس نے مذاق اُڑایا۔ اس نے ٹھٹھا کیا۔ سُخْرٌ سے ماضی۔ ٧٩/٩

سَخَّرَ: (تف) اس نے مسخر کر دیا۔ اس نے تابع کر دیا۔ اس نے بس میں کر دیا۔ تَسْخِيْرٌ سے ماضی۔ ٢/١٣، ٣٢/١٤، ٣٣/١٤، ١٢/١٦، ١٤/١٦، ٦٥/٢٢، ٦١/٢٩، ٢٠/٣١، ٢٩/٣١، ١٣/٣٥، ٥/٣٩، ١٣/٤٣، ١٢/٤٥، ١٣/٤٥،

سَخَّرْنَا: ہم نے مسخر کر دیا۔ ہم نے تابع کر دیا ٧٩/٢١، ١٨/٣٨، ٣٦/٣٨

سَخَّرْنٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو مسخر کر دیا۔ ہم نے اس کو تابع کر دیا۔ ٣٦/٢٢

سَخِرُوْا: انھوں نے مذاق اُڑایا۔ انھوں نے ٹھٹھا کیا، انھوں نے ہنسی کی (بصلۂ مِن) ٧٩/٩، ٣٨/١١، ٤١/٢١

سَخَّرَهَا: اس نے اس کو مسخر کر دیا۔ اس نے اس کو کام میں لگا دیا۔ ٧/٦٩، ١٣/٤٢

سِخْرِيًّا: مذاق۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔ دل لگی۔ ١١٠/٢٣، ٦٣/٣٨،

سُخْرِيًّا: خدمت گار۔ تابعدار۔ مزدور۔ ٣٢/٤٣

سَخِطَ: (س) وہ غصہ ہوا، سَخَطٌ سے ماضی ٨٠/٥،

سَخَطٍ: سخت غصہ۔ عذاب۔ ١٦٢/٣،

س د

سَدًّا: (ض ن) دیوار۔ آڑ۔ روک۔ مصدر ہے۔ ٩٤/١٨، ٩/٣٦

سُدًى: بیکار، بے قید، مہمل، اَسْدَاءٌ سے واحد و جمع دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ٣٦/٧٥

سِدْرٍ: بیری کے درخت، واحد سِدْرَةٌ۔ ١٦/٣٤، ٢٨/٥٦،

سِدْرَةَ: بیری کا درخت۔ جمع سِدْرٌ۔ ١٦/٥٣،

سِدْرَةِ: بیری کا درخت۔ ١٤/٥٣،

سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى: سدرۃ المنتہٰی، اخیر حد پر بیری کا ایک درخت، ساتویں آسمان پر عرشِ الٰہی کے دائیں جانب ایک مقام ہے اس سے آگے فرشتوں کی رسائی نہیں۔ ١٤/٥٣،

سُدُسُ: چھٹا حصہ، جمع اَسْدَاسٌ۔ ١١/٤، ١٢/٤،

سَدِيْدًا: سیدھا، سَدَادٌ سے صفت مشبہ، ٩/٤، ٧٠/٣٣

سَدَّيْنِ: دو پہاڑ، دو رکاوٹیں۔ دو دیواریں۔ ٩٣/١٨،

س ر

سِرٌّ: چھپی ہوئی بات۔ بھید۔ راز۔ جمع اَسْرَارٌ۔ ٧/٢٠، ٦/٢٥

سِرًّا: چھپی ہوئی بات۔ بھید۔ راز۔ ٢٣٥/٢، ٢٧٤/٢، ٢٢/١٣، ٣١/١٤، ٧٥/١٦، ٢٩/٣٥،

سَرَابًا: چلے جانا۔ سراب۔ دھوکا۔ ریت جو موسم گرما میں دُور سے پانی کی طرح چمکتی ہو،

اس کو سراب اسی بنا پر کہتے ہیں کہ قریب پہنچتے ہی وہ نظر سے جاتا رہتا ہے۔ ٢٠/٢٨،

سَرَاب: سراب۔ دھوکا۔ چمکدار ریت۔ ٣٩/٢٤،

سَرَابِیْلَ: لباس، کُرتے، قمیص، واحد سِربالٌ ٨١/١٦،

سَرَابِیْلُهُمْ: ان کے لباس، ان کے کرتے ٥٠/١٤،

سِرَاجًا: چراغ۔ دیا۔ جمع سُرُجٌ۔ ٤٦/٣٣، ١٦/٧١، ١٣/٧٨،

سِرَاجًا: چراغ۔ ٦١/٢٥،

سَرَاحًا: (تف) رخصت کرنا، چھوڑنا، طلاق دینا، تَسْرِیْحٌ سے اسم مصدر۔ ٢٨/٣٣، ٤٩/٣٣،

سُرَادِقُهَا: اس کے پردے، اس کی قناتیں۔ اس کے خیمے۔ جمع سُرَادِقَاتٌ۔ ٢٩/١٨،

سِرَاعًا: (ک) سرعت کے ساتھ۔ جلدی کرتے ہوئے سُرْعَةٌ سے، واحد سَرِیْعٌ ٤٤/٥٠، ٤٣/٧٠،

سَرَّآءِ: (ن) سرور۔ خوشی۔ نعمت۔ فراخی۔ سُرُوْرٌ سے اسم۔ مصدر ١٣٤/٣،

سَرَّآءُ: سرور۔ خوشی۔ نعمت۔ فراخی۔ ٩٥/٧،

سَرَآئِرُ: بھید، راز، پوشیدہ باتیں، واحد سَرِیْرَةٌ ٩/٨٦،

سَرَبًا: (س) خشک، سوراخ، سرنگ، جگہ، جمع اَسْرَابٌ۔ ٦١/١٨،

سَرِّحُوْهُنَّ: (تف) تم ان عورتوں کو رخصت کردو، تم ان کو چھوڑ دو، تَسْرِیْحٌ سے امر، ٢٣١/٢، ٤٩/٣٣،

سَرْدِ: (ن) کڑیاں جوڑنا۔ زرہیں بنانا۔ مصدر ہے۔ ١١/٣٤،

سُرُرًا: تخت۔ واحد سَرِیْرٌ۔ ٣٤/٤٣،

سُرُرٍ: تخت۔ ٤٧/١٥، ٤٤/٣٧، ٢٠/٥٢، ١٥/٥٦،

سُرُرٌ: تخت۔ ١٣/٨٨،

سَرَقَ: (ض) اس نے چوری کی، سَرِقَةٌ و سَرَاقَةٌ سے ماضی۔ ٧٧/١٢، ٨١/١٢،

سِرَّكُمْ: تمہارا بھید۔ تمہارا راز۔ ٣/٦،

سَرْمَدًا: ہمیشہ۔ دائم۔ ٧١/٢٨، ٧٢/٢٨،

سُرُوْرًا: (ن) سرور۔ خوش کرنا۔ مصدر ہے۔ ١١/٧٦،

سِرَّهُمْ: ان کا بھید۔ ان کا راز۔ ٧٨/٩، ٨٠/٤٣،

سَرِيًّا: پانی کا چشمہ۔ چھوٹی نہر۔ جمع اَسْرِيَةٌ و سُرْيَانٌ ٢٤/١٩،

سَرِیْعُ: (ک) جلد کرنے والا۔ تیزی سے کرنے والا سُرْعَةٌ سے صفت مشبہ۔ ٢٠٢/٢، ١٩/٣، ١٩٩/٣، ٤/٥، ١٦٥/٦، ١٦٧/٧، ٤١/١٣، ٥١/١٤، ٣٩/٢٤، ٤٧/٤٠،

س ط

سُطِحَتْ: (ف) وہ بچھائی گئی، سَطْحٌ سے ماضی مجہول۔ ٢٠/٨٨،

س ع

سَعٰی: (ف) اس نے کوشش کی۔ وہ دوڑا۔ سَعْیٌ سے ماضی۔ ١١٤/٢، ٢٠٥/٢، ١٩/١٧، ٣٩/٥٣، ٣٥/٧٩،

سَعَةً: وسعت، فراخی، طاقت۔ مصدر ہے ٢٤٧/٢،

سَعَةٍ: (س) وسعت۔ فراخی۔ طاقت ٧/٦٥،

سَعَتِهٖ: اس کی وسعت، اس کی گنجائش ١٣٠/٤، ٧/٦٥،

سُعِدُوْا: (ف) وہ نیک بخت بنائے گئے۔ سَعْدٌ و سَعَادَةٌ سے ماضی مجہول۔ ١٠٨/١١،

سُعُرٍ: (ف) آگ بھڑکانا۔ آگ کی لپٹ۔ سودا، جنون۔ دیوانگی۔ سَعْرٌ سے۔ ٢٤/٥٤، ٤٧/٥٤،

سُعِّرَتْ: (تف) وہ دہکائی گئی۔ وہ بھڑکائی گئی۔ تَسْعِیْرٌ سے ماضی مجہول۔ ١٢/٨١،

سَعَوْا: (ف) انھوں نے سعی کی، انھوں نے کوشش کی۔ وہ لپکے۔ سَعْیٌ سے ماضی۔ ٥١/٢٢، ٥/٣٤،

سَعَىٰ: (ف) قصد کرنا۔ کام کرنا۔ دوڑنا۔ مصدر ہے۔ ١٠٢/٣٧،

سَعْيًا: قصد کرنا۔ کام کرنا۔ دوڑنا۔ ٢٦٠/٢،

سَعِيْدٌ: (س) نیک بخت، سَعَادَةٌ سے صفت مشبہ۔ ١٠٥/١١،

سَعِيْرًا: (ف) دہکتی ہوئی آگ، دوزخ، سَعْرٌ سے صفت مشبہ بمعنی مفعول۔ ١٠/٤، ٥٥/٤، ٩٧/١٧، ١١/٢٥، ٦٤/٣٣، ١٣/٤٨، ٤/٧٦، ١٢/٨٤،

سَعِيْرِ: دہکتی ہوئی آگ۔ دوزخ۔ ٤/٢٢، ٢١/٣١، ١٢/٣٤، ٦/٣٥، ٧/٤٢، ٥/٦٧، ١٠/٦٧، ١١/٦٧،

سَعْيُكُمْ: (ف) تمہاری کوشش، تمہاری کمائی۔ ٤/٩٢،

سَعْيُكُمْ: تمہاری کوشش۔ تمہاری کمائی۔ ٢٢/٧٦،

سَعْيَهٗ: اس کو کوشش۔ اس کی کمائی۔ ٤٠/٥٣،

سَعْيِهٖ: اس کی کوشش۔ اس کی کمائی۔ ٩٤/٢١،

سَعْيَهَا: اس کی کوشش۔ اس کی کمائی۔ ١٩/١٧،

سَعْيِهَا: اس کی کوشش۔ اس کی کمائی۔ ٩/٨٨،

سَعْيُهُمْ: ان کی کوشش، ان کی کمائی، ان کی دوڑ۔ ١٩/١٧، ١٠٤/١٨

س ف

سَفَاهَةٍ: (ک) بے وقوف ہونا۔ جہالت۔ بے عقلی۔ مصدر ہے۔ ٦٦/٧،

سَفَاهَةٌ: بیوقوف ہونا، جہالت، بے عقلی۔ ٦٧/٧،

سَفَرًا: سفر۔ جمع اَسْفَارٌ۔ ٤٢/٩،

سَفَرٍ: سفر۔ ١٨٤/٢، ١٨٥/٢، ٢٨٣/٢، ٤٣/٤، ٦/٥،

سَفَرَةٍ: لکھنے والے فرشتے جو لوگوں کے اعمال لکھتے ہیں۔ واحد سَافِرٌ۔ ١٥/٨٠،

سَفَرِنَا: ہمارا سفر۔ ٦٢/١٨،

سُفْلٰى: (ک، س، ن) بہت نیچی، پست ہونا، سُفُوْلٌ و سَفَالٌ سے اسم تفضیل۔ ٤٠/٩،

سَفِهَ: (س) وہ بیوقوف ہوا، اس نے ہلاک کیا، سَفَهٌ سے ماضی۔ ١٣٠/٢،

سَفَهًا: نادانی۔ بیوقوفی۔ مصدر ہے۔ ١٤٠/٦،

سُفَهَآءَ: بیوقوف، کم عقل، احمق، واحد سَفِيْهٌ۔ ٥/٤،

سُفَهَآءُ: بیوقوف، کم عقل، احمق۔ ١٣/٢، ١٤٢/٢، ١٥٥/٧،

سَفِيْنَةِ: (ض) کشتی۔ جہاز۔ چھال اُتارنا۔ سَفْنٌ سے جمع سَفَائِنُ و سُفُنٌ۔ ٧١/١٨، ١٥/٢٩،

سَفِيْنَةٌ: کشتی۔ جہاز۔ چھال اتارنا۔ ٧٩/١٨،

سَفِيْنَةُ: کشتی۔ جہاز۔ چھال اُتارنا۔ ٧٩/١٨،

سَفِيْهًا: (ف، ک، س) بیوقوف۔ نادانی کرنا۔ سَفَهٌ اور سَفَاهَةٌ سے صفت مشبہ۔ ٢٨٢/٢،

سَفِيْهُنَا: ہم میں کا بیوقوف۔ ٤/٧٢،

س ق

سَقٰى: (ض) اس نے پلایا، سَقْیٌ سے ماضی ٢٤/٢٨،

سَقٰهُمْ: اس نے ان کو پلایا۔ ٢١/٧٦،

سِقَايَةَ: پانی پلانا۔ پانی پلانے کی جگہ۔ پینے کا برتن۔ ١٩/٩، ٧٠/١٢،

سَقَرَ: آگ۔ دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ٤٨/٥٤، ٢٦/٧٤، ٤٢/٧٤،

سَقَرُ: آگ۔ دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ٢٧/٧٤،

سُقِطَ: (ن) وہ گرادیا گیا۔ سُقُوْطٌ سے ماضی مجہول۔ ١٤٩/٧،

سَقَطُوْا: (ن) وہ گر پڑے سُقُوْطٌ سے ماضی، ٤٩/٩،

سَقْفًا: چھت۔ مراد آسمان۔ جمع سُقُوْفٌ۔ ٣٢/٢١،

سُقُفًا: چھتیں۔ واحد سَقْفٌ۔ ٣٣/٤٣،

سَقْفِ: چھت۔ آسمان۔ ۵/۵۲،
سَقْفُ: چھت۔ آسمان۔ ۲۶/۱۶،
سُقْنٰهُ: (ن) ہم نے اس کو ہانک دیا۔ ہم نے اس کو چلایا۔ سَوْقٌ سے ماضی۔ ۵۷/۷، ۹/۳۵،
سُقُوْا: (ض) ان کو پلایا گیا۔ سَقْیٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۵/۴۷،
سُقْیٰهَا: اس کو پانی پلانا۔ سَقْیٌ سے اسم مصدر، جمع سُقْیَاتٌ۔ ۱۳/۹۱،
سَقَیْتَ: تو نے پلایا۔ ۲۵/۲۸،
سَقِیْمٌ: (س) بیمار۔ دُکھی۔ سُقْمٌ و سَقَامٌ سے صفت مشبہ۔ ۸۹/۳۷، ۱۴۵/۳۷،

س ک

سُکٰرٰی: (س) نشہ میں مست۔ بیہوش۔ سَکَرٌ سے جمع مکسر یا اسم جمع واحد سَکْرَانٌ۔ ۴۳/۴، ۲/۲۲،
سَکَتَ: (ن) وہ ساکت ہو گیا، وہ تھم گیا، وہ خاموش ہو گیا۔ سُکُوْتٌ سے ماضی۔ ۱۵۴/۷،
سَکَرًا: نشی کی چیز۔ نیند۔ جمع اَسْکَارٌ۔ ۶۷/۱۶،
سَکْرَةُ: بیہوشی، ضلالت، گمراہی، جمع سَکَرَاتٌ ۱۹/۵۰،
سُکِّرَتْ: (تف) وہ مست ہو گئی، اس کی نظر بندی کردی گئی، تَسْکِیْرٌ سے ماضی مجہول ۱۵/۱۵،
سَکْرَتِهِمْ: ان کی مستی۔ ان کی بیہوشی۔ ان کا نشہ۔ ۷۲/۱۵
سَکَنَ: (ن) اس نے سکون پایا۔ وہ ٹھہرا، اس نے آرام پایا۔ سُکُوْنٌ سے ماضی۔ ۱۳/۶،
سَکَنًا: تسکین، آرام، راحت، برکت ۹۶/۶، ۸۰/۱۶،
سَکَنٌ: تسکین، آرام، راحت۔ برکت۔ ۱۰۳/۹،

سَکَنْتُمْ: تم نے سکون حاصل کیا، تم آباد ہوئے۔ سُکُوْنٌ سے ماضی۔ ۴۵/۱۴، ۶/۶۵،
سِکِّیْنًا: (ن) چھری، چاقو، جمع سَکَاکِیْنُ، سُکُوْنٌ سے اسم مشتق، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے ”اس کو سِکِّیْن کا نام اس لئے دیا گیا کہ یہ مذبوح کی حرکت کو زائل کردیتی ہے (المفردات ص ۲۳۷)“ ۳۱/۱۲،
سَکِیْنَةَ: تسکین۔ اطمینان۔ ۴/۴۸، ۱۸/۴۸،
سَکِیْنَةٌ: تسکین۔ اطمینان۔ ۲۴۸/۲،
سَکِیْنَتَهٗ: اس کی تسکین۔ اس کا اطمینان۔ ۲۶/۹، ۴۰/۹، ۲۶/۴۸،

س ل

سَلْ: (ف) تو سوال کر۔ تو دریافت کر۔ تو پوچھ۔ سُؤَالٌ سے امر۔ ۲۱۱/۲
سَلٰسِلَا: زنجیریں۔ واحد سِلْسِلَةٌ۔ ۴/۷۶
سَلٰسِلُ: زنجیریں۔ ۷۱/۴۰
سُلٰلَةٍ: (ض) خلاصہ۔ چنی ہوئی۔ نچوڑی ہوئی۔ سَلٌّ سے اسم مشتق۔ ۱۲/۲۳، ۸/۳۲،
سَلَمَ: (س) سلامتی۔ امان۔ بے عیب ہونا۔ صحیح سالم ہونا۔ مصدر ہے۔ ۹۴/۴،
سَلٰمًا: سلامتی۔ امان۔ سلام۔ سالم۔ ۶۹/۱۱، ۵۲/۱۵، ۶۲/۱۹، ۶۹/۲۱، ۶۳/۲۵، ۷۵/۲۵، ۲۵/۵۱، ۲۶/۵۶،
سَلٰمِ: سلامتی، امان، سلام، سالم۔ ۱۶/۵، ۱۲۷/۶، ۲۵/۱۰،
سَلٰمٍ: سلامتی۔ سلام۔ سالم۔ ۴۸/۱۱، ۴۶/۱۵، ۳۴/۵۰،
سَلٰمُ: سلامتی۔ سلام۔ سالم۔ ۳۳/۱۹، ۴۷/۲۰، ۲۳/۵۹،
سَلٰمٌ: سلامتی۔ سلام۔ سالم۔ ۵۴/۶، ۴۶/۷، ۱۰/۱۰، ۶۹/۱۱، ۲۳/۱۳، ۲۴/۱۳، ۳۲/۱۶، ۱۵/۱۹، ۴۷/۱۹، ۵۹/۲۷، ۵۵/۲۸، ۴۴/۳۳، ۵۸/۳۶،

۹۷/۳۷، ۱۰۹/۳۷، ۱۲۰/۳۷، ۱۳۰/۳۷، ۱۸۱/۳۷، ۷۳/۳۹، ۸۹/۴۳، ۲۵/۵۱،
۹۱/۵۶، ۵/۹۷،

سَلْسَبِیْلًا: بہتا ہوا صاف پانی۔ جنت کے ایک
چشمہ کا نام۔ ۱۸/۷۶،

سِلْسِلَةٍ: زنجیریں۔ جمع سَلَاسِلُ. ۳۲/۶۹،

سُلْطٰنًا: اقتدار، قوت، غلبہ، دلیل، جمع سَلَاطِیْنُ.
۱۵۱/۳، ۹۱/۴، ۱۴۴/۴، ۱۵۳/۴، ۸۱/۶، ۳۳/۷، ۳۳/۱۷، ۸۰/۱۷،
۷۱/۲۲، ۳۵/۲۸، ۳۵/۳۰،

سُلْطٰنٍ: اقتدار۔ قوت۔ دلیل۔ ۷۱/۷، ۶۸/۱۰، ۹۶/۱۱،
۴۰/۱۲، ۱۰/۱۴، ۱۱/۱۴، ۲۲/۱۴، ۱۵/۱۸، ۳۵/۲۳، ۲۱/۲۷، ۲۱/۳۴، ۳۰/۳۷،
۲۳/۴۰، ۳۵/۴۰، ۵۶/۴۰، ۱۹/۴۴، ۳۸/۵۱، ۳۸/۵۲، ۲۳/۵۳، ۳۳/۵۵،

سُلْطٰنٌ: اقتدار، قوت، دلیل، ۴۲/۱۵، ۹۹/۱۶، ۶۵/۱۷، ۱۵۶/۳۷،

سُلْطٰنُهٗ: اس کی قوت، اس کا غلبہ، اس کی حکومت ۱۰۰/۱۶،

سُلْطٰنِیَهْ: میری حکومت۔ میری قوت۔ ۲۹/۶۹،

سَلَّطَهُمْ: (تف) اس نے ان کو مسلط کیا۔ اس نے
ان کو تعینات کیا، تَسْلِیْطٌ سے ماضی ۹۰/۴،

سَلَفَ: (ن) وہ ہو چکا۔ وہ گزر گیا۔ سَلَفٌ سے
ماضی۔ ۲۷۵/۲، ۲۲/۴، ۲۳/۴، ۹۵/۵، ۳۸/۸،

سَلَفًا: گیا گزرا۔ مصدر ہے۔ اسم کے معنی میں
استعمال ہوا ہے۔ ۵۶/۴۳،

سَلَقُوْكُمْ: (ض) وہ تم سے بڑھ بڑھ کر بولے۔
انھوں نے تم سے زبان درازی کی۔ سَلْقٌ
سے ماضی۔ ۱۹/۳۳،

سَلَكَ: (ن) اس نے چلایا۔ سُلُوْكٌ سے
ماضی۔ ۵۳/۲۰،

سَلَكَكُمْ: اس نے تم کو چلایا۔ اس نے تم کو داخل
کیا۔ ۴۲/۷۴،

سَلَكْنٰهُ: ہم نے اس کو چلایا۔ ہم نے اس کو داخل
کیا۔ ۲۰۰/۲۶،

سَلَكَهٗ: اس نے اس کو چلایا، اس نے اس کو داخل
کیا۔ ۲۱/۳۹،

سَلْمِ: سلامتی، صلح، اسم ہے۔ مذکر و مؤنث دونوں
کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ۶۱/۸، ۳۵/۴۷،

سِلْمِ: اسلام، اسم ہے۔ مذکر و مؤنث دونوں کے
لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۲۰۸/۲،

سَلَمَ: سلامتی، صلح، عاجزی، جمع سِلَامٌ و اَسْلَامٌ.
۹۰/۴، ۹۱/۴، ۲۸/۱۶، ۸۷/۱۶،

سَلَمًا: (س) سالم۔ پورا۔ مصدر ہے۔ ۲۹/۳۹،

سَلَّمَ: (تف) اس نے حفاظت کی، اس نے بچا لیا،
تَسْلِیْمٌ سے ماضی۔ ۴۳/۸،

سُلَّمًا: سیڑھی، زینہ، جمع سَلَالِمُ و سَلَالِیْمُ ۳۵/۶،

سُلَّمٌ: سیڑھی۔ زینہ۔ ۳۸/۵۲،

سَلَّمْتُمْ: (تف) تم نے سپرد کر دیا۔ تم نے حوالہ کر
دیا۔ تَسْلِیْمٌ سے ماضی۔ ۲۳۳/۲،

سَلِّمُوْا: تم سلام کرو تَسْلِیْمٌ سے امر۔ ۶۱/۲۴، ۵۶/۳۳،

سَلْوٰی: بٹیر کے مشابہ ایک پرندہ، ۵۷/۲، ۱۶۰/۷، ۸۰/۲۰،

سَلْهُمْ: تو ان سے سوال کر، تو ان سے پوچھ، ۴۰/۶۸،

سَلِیْمٍ: (س) صحیح سالم، تندرست، پاک، بے
عیب، سَلَامَةٌ سے صفت مشبہ۔ ۸۹/۲۶، ۸۴/۳۷،

سُلَیْمٰنَ: حضرت سلیمان علیہ السلام مشہور جلیل
القدر نبی اور حضرت داؤد علیہ السلام کے
فرزند، ۱۰۲/۲، ۱۶۳/۴، ۸۴/۶، ۷۸/۲۱، ۷۹/۲۱، ۸۱/۲۱، ۱۵/۲۷،
۱۷/۲۷، ۱۸/۲۷، ۳۰/۲۷، ۳۶/۲۷، ۴۴/۲۷، ۱۲/۳۴، ۳۰/۳۸، ۳۴/۳۸،

سُلَیْمٰنُ: حضرت سلیمان علیہ السلام۔ ۱۰۲/۲،
۱۶/۲۷، ۱۸/۲۷،

س م

سَمِّ: (ن) ناک، سوراخ۔ زہر دینا۔ جمع سِمَامٌ و سُمُوْمٌ۔ ۴۰/۷،

سَمّٰعُوْنَ: (س) خوب کان لگا کر سننے والے۔ جاسوس، سَمْعٌ سے مبالغہ، واحد سَمَّاعٌ۔
۴۱/۵، ۴۲/۵، ۴۷/۹،

سَمّٰکُمُ: (تف) اس نے تمہارا نام رکھا۔ تَسْمِیَۃٌ سے ماضی۔ ۷۸/۲۲،

سِمَانٌ: موٹی۔ واحد سَمِیْنٌ۔ ۴۳/۱۲، ۴۶/۱۲،

سَمٰوٰتِ: آسمان۔ واحد سَمَآءٌ۔ ۳۳/۲، ۱۰۷/۲،
۱۱۶/۲، ۱۱۷/۲، ۱۶۴/۲، ۲۵۵/۲، ۲۸۴/۲، ۲۹/۳، ۸۳/۳،
۱۰۹/۳، ۱۲۹/۳، ۱۳۳/۳، ۱۸۰/۳، ۱۸۹/۳، ۱۹۰/۳، ۱۹۱/۳،
۱۲۶/۴، ۱۳۱/۴، ۱۳۲/۴، ۱۷۰/۴، ۱۷۱/۴، ۱۷/۵، ۱۸/۵،
۴۰/۵، ۹۷/۵، ... ۱۷۶ جگہ

سَمٰوٰتٍ: آسمان۔ ۲۹/۲، ۱۲/۴۱، ۱۲/۶۵، ۳/۶۷، ۱۵/۷۱،

سَمٰوٰتُ: آسمان۔ ۱۲۳/۱۱، ۱۰۷/۱۱، ۱۰۸/۱۱، ۴۸/۱۴، ۴۴/۱۷،
۹۰/۱۹، ۷۱/۲۳، ۶۷/۳۹، ۵/۴۲،

سَمَآءَ: آسمان، بلندی، ابر، بارش، جمع سَمٰوٰتٌ
۲۲/۲، ۶/۶، ۵۲/۱۱، ۹۲/۱۷، ۱۶/۲۱، ۳۲/۲۱، ۱۰۴/۲۱، ۶۵/۲۲، ۹/۳۴،
۲۷/۳۸، ۱۳/۴۰، ۱۲/۴۱، ۴۷/۵۱، ۷/۵۵، ۵/۶۷، ۱۱/۷۱، ۸/۷۲،

سَمَآءِ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۱۹/۲، ۲۲/۲،
۲۹/۲، ۵۹/۲، ۱۴۴/۲، ۱۶۴/۲، ۵/۳، ۱۵۳/۴، ۱۱۲/۵، ۱۱۴/۵،
۳۵/۶، ۹۹/۶، ۱۲۵/۶، ۴۰/۷، ۹۶/۷، ۱۶۲/۷، ۱۱/۸، ۳۲/۸،
۳۳/۱۰، ۶۱/۱۰، ۱۷/۱۳، ۲۴/۱۴، ۳۲/۱۴، ۳۸/۱۴، ۸۶ جگہ

سَمَآءٍ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۱۲/۴۱،

سَمَآءُ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۴۴/۱۱، ۲۵/۲۵،
۲۵/۳۰، ۱۰/۴۴، ۲۹/۴۴، ۹/۵۲، ۳۷/۵۵، ۱۶/۶۹، ۸/۷۰، ۱۸/۷۳، ۹/۷۷،

۱۹/۷۸، ۲۷/۷۹، ۱۱/۸۱، ۱/۸۲، ۱/۸۴،

سَمْعَ: قوت سامعہ۔ کان۔ سننا۔ اسم بھی ہے اور مصدر بھی۔ جمع اَسْمَاعٌ۔ ۳۱/۱۰، ۲۰/۱۱، ۱۸/۱۵،
۷۸/۱۶، ۳۶/۱۷، ۷۸/۲۳، ۲۲۳/۲۶، ۹/۳۲، ۳۷/۵۰، ۲۳/۶۷،

سَمْعًا: سننا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۱/۱۸، ۴۲/۲۶،

سَمْعِ: سننا۔ ۲۱۲/۲۶، ۹/۷۲،

سَمِعَ: اس نے سنا۔ سَمْعٌ و سَمَاعَۃٌ سے ماضی۔ ۱۸۱/۳، ۱/۵۸،

سَمِعَتْ: اس (عورت) نے سنا۔ ۳۱/۱۲،

سَمِعْتُمْ: تم نے سنا۔ ۱۴۰/۴،

سَمِعْتُمُوْهُ: تم نے اس کو سنا۔ ۱۲/۲۴، ۱۶/۲۴،

سَمْعُکُمْ: تمہارے کان، تمہاری قوت سماعت، ۴۶/۶،

سَمْعُکُمْ: تمہارے کان، تمہاری قوت سماعت، ۲۲/۴۱،

سَمِعْنَا: ہم نے سنا۔ ہم نے سمجھا۔ ۹۳/۲، ۲۸۵/۲،
۱۹۳/۳، ۴۶/۴، ۷/۵، ۲۱/۸، ۳۱/۸، ۶۰/۲۱، ۲۴/۲۳، ۵۱/۲۴، ۳۱/۲۸،
۲۲/۳۴، ۷/۳۸، ۳۰/۴۶، ۱/۷۲، ۱۳/۷۲،

سَمِعُوْا: انہوں نے سنا۔ ۸۳/۵، ۱۲/۲۵، ۵۵/۲۸، ۱۴/۳۵،
۷/۶۷، ۵۱/۶۸،

سَمِعَهٗ: اس نے اسے سنا۔ ۱۸۱/۲،

سَمْعِهٖ: اس کا کان۔ اس کی قوت سماعت۔ ۲۳/۴۵،

سَمْعِهِمْ: ان کے کان۔ ۷/۲، ۲۰/۲، ۱۰۸/۱۶،

سَمْعُهُمْ: ان کے کان۔ ۲۰/۴۱، ۲۶/۴۶،

سَمْکَهَا: (ن) اس کا ابھار۔ اس کی چھت۔ اس کی بلندی۔ مصدر ہے۔ ۲۸/۷۹،

سَمُوْمِ: گرم ہوا، لو، تیز بھاپ، جمع سَمَائِمُ
۲۷/۱۵، ۲۷/۵۲،

سَمُوْمِ: گرم ہوا۔ لو۔ تیز بھاپ۔ ۴۲/۵۶،

سَمُّوْهُمْ: (تف) تم ان کا نام لو۔ تَسْمِیَۃٌ سے

امر۔ ۳۳/۱۳،

سَمِیًّا: ہمنام۔نظیر۔ ۷/۱۹، ۶۵/۱۹،

سَمَّیْتُمُوْهَا: تم نے اس (مؤنث) کا نام رکھ لیا۔ تَسْمِیَةٌ سے ماضی۔ ۷۱/۷، ۴۰/۱۲، ۲۳/۵۳،

سَمَّیْتُهَا: میں نے اس کا نام رکھ لیا۔ ۳۶/۳،

سَمِیْعًا: سننے والا۔ سَمْعٌ سے صفت مشبہ۔ اللہ تعالٰی کا اسمِ صفاتی۔ ۵۸/۴، ۱۳۴/۴، ۱۴۸/۴، ۲/۷۶،

سَمِیْع: سننے والا۔ ۲۴/۱۱،

سَمِیْعُ: سننے والا۔ ۱۲۷/۲، ۱۳۷/۲، ۳۵/۳، ۳۸/۳، ۷۶/۵، ۱۳/۶، ۱۱۵/۶، ۶۱/۸، ۶۵/۱۰، ۳۴/۱۲، ۳۹/۱۴، ۱/۱۷، ۴/۲۱، ۲۲۰/۲۶، ۵/۲۹، ۶۰/۲۹، ۲۰/۳۰، ۵۶/۳۰، ۳۶/۳۱، ۱۱/۴۲، ۶/۴۴،

سَمِیْعٌ: سننے والا۔ ۱۸۱/۲، ۲۲۴/۲، ۲۲۷/۲، ۲۴۴/۲، ۲۵۶/۲، ۳۴/۳، ۱۲۱/۳، ۲۰۰/۷، ۱۷/۸، ۴۲/۸، ۵۳/۸، ۹۸/۹، ۱۰۳/۹، ۲۱/۲۲، ۷۵/۲۲، ۶۱/۲۴، ۲۱/۲۴، ۲۸/۳۱، ۵۰/۳۴، ۱/۴۹، ۱/۵۸،

سَمِیْنٍ: (ن) فربہ، موٹا، تازہ، سِمَنٌ سے صفت مشبہ جمع سِمَانٌ و سُمَنَاءُ۔ ۲۶/۵۱،

س ن

سِنٌّ: دانت۔ جمع اَسْنَانٌ۔ ۴۵/۵،

سِنِّ: دانت۔ ۴۵/۵،

سَنَا: چمک۔ روشنی۔ بجلی کی کوند۔ ۴۳/۲۴،

سَنَابِلَ: بالیں۔ خوشے۔ واحد سُنْبُلٌ۔ ۲۶۱/۲،

سُنْبُلٰتٍ: بالیں، خوشے، واحد سُنْبُلَةٌ۔ ۴۳/۱۲، ۴۶/۱۲،

سُنْبُلَةٍ: بال۔ خوشا۔ ۲۶۱/۲،

سُنْبُلِهٖ: اس کی بال۔ اس کا خوشہ۔ ۴۷/۱۲،

سَنَةٌ: سال، برس، جمع سِنُوْنَ و سَنَوَاتٌ۔ ۲۶/۵، ۱۵/۴۶،

سَنَةٍ: سال۔ برس۔ ۹۶/۲، ۴۷/۲۲، ۱۴/۲۹، ۵/۳۲، ۴/۷۰،

سِنَةٌ: (ض س) اونگھ، غفلت، غنودگی، وَسَنٌ سے اسم مصدر۔ ۲۵۵/۲،

سُنَّةَ: عادت، طریقہ، راہ، رسم، اسم ہے، جمع سُنَنٌ ۷۷/۱۷، ۳۸/۳۳، ۶۲/۳۳، ۲۳/۴۸،

سُنَّتَ: عادت، طریقہ۔ ۴۳/۳۵، ۸۵/۴۰،

سُنَّةِ: عادت۔ طریقہ۔ راہ۔ رسم۔ ۶۲/۳۳، ۴۳/۳۵، ۲۳/۴۸،

سُنَّةُ: عادت۔ طریقہ۔ راہ۔ رسم۔ ۳۸/۸، ۱۳/۱۵، ۵۵/۱۸،

سَنَجْزِیْ: عنقریب ہم جزا دیں گے۔ عنقریب ہم بدلہ دیں گے۔ ۱۴۵/۳، ۱۵۷/۶،

سَنُدْخِلُهُمْ: بہت جلد ہم ان کو داخل کرینگے۔ ۵۷/۴، ۱۲۲/۴،

سُنْدُسٍ: باریک کپڑا، باریک ریشمی کپڑا، ۳۱/۱۸، ۲۱/۷۶،

سَنَدْعُ: بہت جلد ہم بلائیں گے۔ ۱۸/۹۶،

سَنُرَاوِدُ: بہت جلد ہم بہلائیں گے۔ بہت جلد ہم پھیر دینگے۔ ۶۱/۱۲،

سَنُرِیْهِمْ: عنقریب ہم ان کو دکھائیں گے ۵۳/۴۱،

سَنَزِیْدُ: عنقریب ہم زیادہ دیں گے، ۵۸/۲، ۱۶۱/۷،

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ: عنقریب ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے، عنقریب ہم ان کو بتدریج لے جائیں گے۔ ۱۸۲/۷، ۴۴/۶۸،

سَنَسِمُهٗ: بہت جلد ہم ان کو داغ لگائیں گے ۱۶/۶۸،

سَنَشُدُّ: ہم بہت جلد مضبوط کریں گے۔ ہم بہت جلد قوی کریں گے۔ ۳۵/۲۸،

سَنُطِیْعُکُمْ: عنقریب ہم تمہاری اطاعت کریں گے، عنقریب ہم تمہارا کہنا مانیں گے ۲۶/۴۷،

سَنُعَذِّبُهُمْ: عنقریب ہم ان کو عذاب دیں گے۔ عنقریب ہم ان کو سزا دیں گے ۱۰۱/۹،

سَنُعِیْدُهَا: عنقریب ہم اس کو لوٹائیں گے،

عنقریب ہم اس کو دوبارہ کریں گے۔
عنقریب ہم اس کا اعادہ کریں گے۔ ۲۱/۲۰،

سَنَفْرُغُ: بہت جلد ہم فارغ ہوں گے۔ بہت جلد ہم قصد کریں گے۔ ۳۱/۵۵،

سَنُقَتِّلُ: عن قریب ہم خوب قتل کریں گے، ۱۲۷/۷،

سَنُقْرِئُكَ: عنقریب ہم آپ کو پڑھائیں گے، ۶/۸۷،

سَنَقُوْلُ: عنقریب ہم۔ ہم کہیں گے۔ ۸۸/۱۸،

سَنَكْتُبُ: عنقریب ہم لکھیں گے۔ ۱۸۱/۳، ۷۹/۱۹،

سَنُلْقِيْ: بہت جلد ہم ڈالیں گے۔ بہت جلد ہم نازل کریں گے۔ ۱۵۱/۳، ۵/۷۳،

سَنُمَتِّعُهُمْ: بہت جلد ہم ان کو فائدہ پہنچائیں گے بہت جلد ہم ان کو آرام پہنچائیں گے۔ ۴۸/۱۱،

سُنَنَ: طریقے۔ دستور۔ واحد سُنَّةٌ. ۲۶/۴،

سُنَنٌ: طریقے۔ دستور۔ ۱۳۷/۳،

سَنَنْظُرُ: بہت جلد ہم دیکھیں گے۔ ۲۷/۲۷،

سَنُؤْتِيْهِمْ: بہت جلد ہم ان کو دیں گے۔ ۱۶۲/۴،

سِنِيْنَ: سال، برس، قحط، واحد سَنَةٌ اس کا استعمال اکثر قحط کے سال کے لئے ہوتا ہے، عَامٌ (برس) کا استعمال اس برس کے لئے ہوتا ہے جس میں آسودگی و سرسبزی ہو (المفردات ص ۲۴۵، ۲۵۴) ۱۳۰/۷، ۹/۱۰، ۴۲/۱۲، ۴۷/۱۲، ۱۲/۱۷، ۱۱/۱۸، ۲۵/۱۸، ۴۰/۲۰، ۱۱۲/۲۳، ۱۸/۲۶، ۲۰۵/۲۶، ۴/۳۰،

س و

سُوًى: ہموار جس کی دونوں طرفیں برابر ہوں ۵۸/۲۰،

سَــوّٰى: (تف) اس نے پورا پورا بنایا۔ اس نے ٹھیک بنایا، اس نے برابر کیا، تَسْوِيَةٌ سے ماضی۔ ۳۸/۷۵، ۷/۸۲،

سُــوَاعًــا: ایک بت کا نام۔ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم اس کو پوجا کرتی تھی۔ ۲۳/۷۱،

سَوّٰكَ: اس نے تجھ کو تندرست کیا۔ اس نے تجھ کو صحیح سالم بنایا۔ ۳۷/۱۸، ۷/۸۲،

سَوّٰىهُ: اس نے اس کو تندرست کیا۔ اس نے اس کو صحیح سالم بنایا۔ ۹/۳۲،

سَــوّٰىهَا: اس نے اس (آسمان) کو برابر کیا۔ اس نے اس کو درست بنایا۔ ۲۸/۷۹، ۷/۹۱، ۱۴/۹۱،

سَــوّٰىهُنَّ: اس نے ان (آسمانوں) کو درست کر کے بنایا۔ ۲۹/۲،

سَوَآءَ: برابر۔ پورا۔ ٹھیک۔ اسم مصدر ہے۔ اس سے تثنیہ اور جمع نہیں بنتا۔ ۱۰۸/۲، ۱۲/۵، ۲۵/۲۲، ۲۲/۲۸، ۱۰/۴۱، ۱/۶۰،

سَوَآءُ: برابر۔ ٹھیک۔ ۱۱۳/۳، ۸۹/۴، ۲۱/۳۵،

سَوَآءِ: برابر۔ ۶۰/۵، ۷۷/۵، ۵۵/۳۷، ۲۲/۳۸، ۴۷/۴۴،

سَوَآءٍ: برابر۔ ۶۴/۳، ۵۸/۸، ۱۰۹/۲۱،

سَوَآءٌ: برابر، ۶/۲، ۱۹۳/۷، ۱۰/۱۳، ۲۱/۱۴، ۷۱/۱۶، ۱۳۶/۲۶، ۲۸/۳۰، ۱۰/۴۱، ۱۶/۵۲، ۶/۶۳،

سُوْدٌ: کالے۔ واحد اَسْوَدُ۔ ۲۷/۳۵،

سُوَرٍ: سورتیں۔ واحد سُوْرَةٌ. ۱۳/۱۱،

سُــوْرٍ: دیوار۔ فصیل۔ شہر پناہ۔ جمع اَسْــوَارٌ و سِيْرَانٌ ۱۳/۵۷،

سُوْرَةً: سورت۔ ۲۳/۲، ۳۸/۱۰،

سُوْرَةٌ: سورت۔ ۶۴/۹، ۸۶/۹، ۱۲۴/۹، ۱۲۷/۹، ۱/۲۴، ۲۰/۴۷،

سَوْطَ: (ن) کوڑا مارنا، سختی، شدت، جمع اَسْوَاطٌ و سِيَاطٌ. ۱۳/۸۹،

سَوْفَ: عنقریب، جلد، اب، بعید کے لئے حرف استقبال ہے مضارع پر داخل ہوتا ہے۔

۳۰/۴، ۵۶/۴، ۷۹/۴، ۱۱۰/۴، ۱۳۶/۴، ۱۵۲/۴، ۱۲/۵، ۵۳/۵،
۵/۶، ۴۷/۶، ۱۳۵/۶، ۱۲۲/۷، ۱۴۳/۷، ۲۸/۹، ۳۹/۱۱، ۹۳/۱۱،
۹۸/۱۴، ۷۰/۱۵، ۹۶/۱۵، ۵۵/۱۶، ۸۷/۱۸، ۵۹/۱۹، ۲۲/۱۹، ۴۲/۲۵، ۷۰/۲۵
...... ۴۴ جگہ

سُوْقِ: پنڈلیاں۔ کھیتی کی جڑیں۔ بالیں۔ واحد سَاقٌ۔ ۳۳/۳۸

سُوْقِهٖ: (کھیتی کی) نالیں۔ اس کی جڑیں۔ اس کے تنے۔ ۲۹/۴۸

سَوَّلَ: (تف) اس نے چکمہ دیا۔ اس نے فریب دیا، اس نے زینت دلائی، تَسْوِیْلٌ سے ماضی۔ ۲۵/۴۷

سَوَّلَتْ: اس (مؤنث) نے چکمہ دیا۔ اس نے زینت دلائی۔ ۱۸/۱۲، ۸۳/۱۲، ۹۶/۲۰

سَوِیًّا: سیدھا، درست، بالکل ٹھیک ٹھاک، تندرست، سَوَاءٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۰/۱۹، ۱۷/۱۹، ۴۳/۱۹، ۲۲/۶۷

سَوَّیْتُهٗ: (تف) میں نے اس کو درست کیا، میں نے اس کو پورا پورا بنایا، تَسْوِیَةٌ سے ماضی۔ ۲۹/۱۵، ۷۲/۳۸

سُوْٓءَ: بُرائی، گناہ، آفت۔ ۴۹/۳، ۷۹/۴، ۱۶۵/۶، ۱۳۱/۷، ۱۶۷/۷، ۴۴/۳۹، ۲۳/۱۲، ۲۱/۱۳، ۶/۱۳، ۲۷/۱۶، ۹۴/۱۶، ۱۱۹/۱۶، ۶۳/۲۷

سُوْٓءًا: بُرائی، گناہ، آفت۔ ۳۰/۳، ۱۱۰/۴، ۱۲۳/۴، ۵۳/۹، ۲۵/۱۲، ۱۱/۱۳، ۱۷/۳۳

سُوْٓءِ: بُرائی۔ گناہ۔ آفت۔ ۴۹/۲، ۱۴۸/۴، ۱۲۵/۷، ۵۳/۱۲، ۵۹/۱۶، ۲۷/۳۹، ۲/۶۰

سُوْٓءٍ: بُرائی۔ گناہ۔ آفت۔ ۳۰/۳، ۱۴۹/۴، ۷۳/۷، ۵۴/۱۱، ۹۳/۱۱، ۵۱/۱۲، ۲۸/۱۹، ۲۲/۲۰، ۱۵۶/۲۶، ۱۱/۲۷، ۱۲/۲۷، ۳۲/۲۸

سُوْٓءٌ: بُرائی۔ گناہ۔ آفت۔ ۱۸۸/۷، ۳۷/۹، ۱۸/۱۳، ۵/۲۷

۸/۳۵، ۶۱/۳۹، ۷۷/۳۰، ۳۵/۳۰، ۵۲/۳۰، ۱۳/۳۷

سُوْٓءُ: بُرائی۔ گناہ۔ آفت۔ ۹۷/۲

سَوٰٓءِ: (ن) برابر ہونا۔ مصدر ہے۔ ۹۸/۹، ۶۰/۱۶، ۲۰/۲۵، ۶/۳۸، ۱۲/۳۸

سَوٰٓءِ: برابر ہونا۔ ۲۸/۱۹، ۳۷/۲۱، ۷۷/۲۱

سَوْاٰی: بُرا فعل، بُرا انجام، اَسْوَاءٌ کی تانیث ۱۰/۳۰

سَوْاٰتِكُمْ: تمہاری شرم گاہیں، واحد سَوْاٰةٌ ۲۶/۷

سَوْاٰتِهِمَا: ان دونوں کی شرم گاہیں۔ ۲۰/۷، ۲۷/۷

سَوْاٰتُهُمَا: ان دونوں کی شرم گاہیں۔ ۲۲/۷، ۱۲۱/۲۰

سَوْءَةَ: لاش، عیب، رسوائی۔ جمع سَوْاٰتٌ۔ ۳۱/۵

سَوِیَّ: سیدھا، درست، صحیح، سَوَاءٌ سے صفت مشبہ۔ جمع سَوَایَا۔ ۱۳۵/۲۰

س ہ

سُهُوْلِهَا: اس (زمین) کا نرم حصہ۔ اس کا ہموار حصہ۔ واحد سَهْلٌ۔ ۷۴/۷

س ء

سُؤَالِ: (ف) سوال کرنا۔ مانگنا۔ پوچھنا۔ مصدر ہے۔ ۲۴/۳۸

سَاَتْلُوْا: عن قریب میں تلاوت کروں گا، عن قریب میں پڑھوں گا۔ ۸۳/۱۸

سَاُرْهِقُهٗ: عن قریب میں اس کو سخت تکلیف دوں گا۔ ۱۷/۷۴

سَاُورِیْكُمْ: بہت جلد میں تم کو دکھاؤں گا۔ ۱۴۵/۷، ۳۷/۲۱

سَاَسْتَغْفِرُ: عن قریب میں بخشش طلب کروں گا۔ ۴۷/۱۹

سَاُصْرِفُ: البتہ میں پھیر دوں گا۔ البتہ میں برگشتہ کردوں گا۔ ١٣٦/٧،

سَاُصْلِيْهِ: میں جلد ہی اس کو داخل کردوں گا ٢٦/٧٤،

سَاَلَ: اس نے سوال کیا۔ اس نے مانگا۔ اس نے پوچھا۔ سُؤَالٌ سے ماضی۔ ١/٧٠،

سُئِلَ: اس سے سوال کیا گیا۔ اس سے پوچھا گیا۔ سُؤَالٌ سے ماضی مجہول۔ ١٠٨/٢،

سُئِلَتْ: اس (عورت) سے سوال کیا گیا۔ اس سے پوچھا گیا۔ ٨/٨١،

سَاَلْتُكَ: میں نے تجھ سے سوال کیا۔ میں نے تجھ سے پوچھا۔ ٧٦/١٨،

سَاَلْتُكُمْ: میں نے تم سے سوال کیا۔ میں نے تم سے مانگا۔ ٧٢/١٠، ٤٧/٣٤،

سَاَلْتُمْ: تم نے سوال کیا۔ تم نے مانگا۔ تم نے پوچھا۔ ٦١/٢،

سَاَلْتُمُوْهُ: تم نے اس کا سوال کیا۔ تم نے اس کو مانگا۔ ٣٤/١٤

سَاَلْتُمُوْهُنَّ: تم نے ان عورتوں سے سوال کیا۔ تم نے ان سے مانگا۔ ٥٣/٣٣،

سَاَلْتَهُمْ: تم نے ان سے سوال کیا۔ تم نے ان سے پوچھا۔ ٦٥/٩، ٦١/٢٩، ٦٣/٢٩، ٢٥/٣١، ٣٨/٣٩، ٩/٤٣، ٨٧/٤٣

سَاُلْقِيْ: عن قریب میں ڈال دوں گا۔ ١٢/٨،

سَاَلَكَ: اس نے تجھ سے سوال کیا۔ اس نے تجھ سے پوچھا۔ ١٨٦/٢،

سُؤْلَكَ: تیرا سوال، تیری تمنا، تیری خواہش، ٣٦/٢٠

سَاَلُوْا: انھوں نے سوال کیا، انھوں نے مانگا، ١٥٣/٤،

سُئِلُوْا: ان سے سوال کیا گیا۔ ١٤/٣٣

سَاَلَهَا: اس نے اس (مؤنث) کا سوال کیا۔ اس نے اس کو پوچھا۔ ١٠٢/٥،

سَاَلَهُمْ: اس نے ان سے سوال کیا۔ اس نے ان سے پوچھا۔ ٨/٦٧،

سَاُنَبِّئُكَ: عنقریب میں تجھے خبر دوں گا۔ ٧٨/١٨،

سَاُنْزِلُ: عنقریب میں اتار دوں گا۔ ٩٣/٦،

س ی

سَيَّارَةٌ: (ض) کاروان، قافلہ، سَيَّارٌ کا مؤنث۔ سَيْرٌ سے صفت مشبہ۔ ٩٦/٥، ١٠/١٢،

سَيَّارَةٌ: کاروان۔ قافلہ۔ ١٩/١٢،

سَيُبْطِلُهٗ: بہت جلد وہ اس کو مٹا دے گا۔ ٨١/١٠،

سَيُجْزَوْنَ: بہت جلد ان کو جزا دی جائے گی۔ بہت جلد ان کو بدلہ دیا جائے گا۔ ١٢٠/٦، ١٨٠/٧،

سَيَجْزِيْ: وہ جلد ہی بدلہ دے گا۔ ١٤٤/٣،

سَيَجْزِيْهِمْ: عن قریب وہ ان کو جزا دے گا۔ عنقریب وہ ان کو بدلہ دے گا۔ ١٣٨/٦، ١٣٩/٦،

سَيَجْعَلُ: عنقریب وہ بنائے گا۔ ٩٦/١٩، ٧/٦٥،

سَيُجَنَّبُهَا: بہت جلد اس کو اس سے بچایا جائے گا۔ ١٧/٩٢،

سَيُحْبِطُ: عنقریب وہ بیکار کردے گا۔ ٣٢/٤٧،

سَيَحْلِفُوْنَ: بہت جلد وہ قسمیں کھائیں گے۔ ٤٢/٩، ٩٥/٩،

سِيْحُوْا: (ض) تم سیاحت کرو۔ تم پھرو۔ سِيْحٌ و سِيَاحَةٌ سے امر۔ ٢/٩،

سَيِّدًا: (ن) سردار ہونا، عنداللہ معزز، قانع، جس نے دونوں جہان دے کر خالق جہان کو لے لیا، سِيَادَةٌ سے صفت مشبہ۔ جمع سَادَةٌ اصل میں یہ سَيْوِدٌ تھا، یائے ساکن کی

وجہ سے واؤ کو یا سے تبدیل کر کے ادغام کر دیا۔ ۳۹/۳،

سَيَدْخُلُوْنَ: وہ عنقریب داخل ہوں گے۔ ۶۰/۴۰،

سَيُدْخِلُهُمْ: بہت جلد وہ ان کو داخل کریگا۔ ۹۹/۹

سَيِّدَهَا: اس کا خاوند۔ اس کا شوہر۔ ۲۵/۱۲،

سَيَذَّكَّرُ: بہت جلد وہ نصیحت حاصل کریگا۔ ۱۰/۸۷،

سَيْرَ: (ض) سیر کرنا۔ چلنا۔ مصدر ہے۔ ۱۸/۳۴،

سَيَرَى: عنقریب وہ دیکھے گا۔ ۹۴/۹،

سَيْرًا: سیر کرنا۔ چلنا۔ ۱۰/۵۲،

سُيِّرَتْ: (تف) وہ چلائی گئی۔ وہ ریزہ ریزہ ہو کر اڑی۔ تَسْيِيْرٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۱/۱۳، ۳/۸۱

سُيِّرَتِ: وہ چلائی گئی۔ ۲۰/۷۸،

سِيْرَتَهَا: اس کی سیرت، اس کی چال، اس کی حالت، ۲۱/۲۰،

سَيَرْحَمُهُمُ: بہت جلد وہ ان پر رحم کرے گا۔ ۷۱/۹

سِيْرُوْا: تم سیر کرو۔ تم چلو پھرو۔ سَيْرٌ سے امر۔ ۱۳۷/۳، ۱۱/۶، ۳۶/۱۶، ۶۹/۲۷، ۲۰/۲۹، ۴۲/۳۰، ۱۸/۳۴،

سَيُرِيْكُمْ: بہت جلد وہ تم کو دکھائے گا۔ ۹۳/۲۷،

سَيَصْلَوْنَ: وہ جلد ہی داخل ہوں گے۔ ۱۰/۴،

سَيُصِيْبُ: عنقریب وہ پہنچے گا۔ ۱۲۴/۶، ۹۰/۹،

سَيُصِيْبُهُمْ: عنقریب وہ ان کو پہنچے گا۔ ۵۱/۳۹،

سَيُطَوَّقُوْنَ: عنقریب ان کو طوق پہنایا جائے گا۔ ۱۸۰/۳،

سَيُغْفَرُ: بہت جلد ان کی مغفرت کی جائے گی، ۱۶۹/۷

سَيَغْلِبُوْنَ: عنقریب وہ غالب آ جائیں گے۔ ۳/۳۰

سِيْقَ: (ن) وہ ہانکا گیا، سَوْقٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۱/۳۹ ۷۳/۳۹

سَيَقُوْلُ: بہت جلد وہ کہے گا، ۱۴۲/۲، ۱۴۸/۶، ۱۱/۴۸، ۱۵/۴۸،

سَيَقُوْلُوْنَ: بہت جلد وہ کہیں گے۔ ۲۲/۱۸، ۸۵/۲۳، ۸۷/۲۳، ۸۹/۲۳،

سَيْلَ: (ض) سیلاب، بہنا، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع سُيُوْلٌ۔ ۱۶/۳۴،

سَيْلٌ: سیلاب۔ بہنا۔ ۱۷/۱۳،

سِيْمَاهُمْ: ان کا حلیہ، ان کا چہرہ، ان کی علامت۔ ۲۷۳/۲، ۴۶/۷، ۴۸/۷، ۳۰/۴۷، ۴۱/۵۵،

سِيْمَاهُمْ: ان کا حلیہ۔ ان کا چہرہ۔ ان کی علامت، ۲۹/۴۸،

سَيَنَالُهُمْ: عنقریب وہ ان کو پائے گا۔ ۱۵۲/۷،

سَيْنَاءَ: سینا۔ مشہور پہاڑ کوہِ طور جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہم کلام اور نبوت سے سرفراز ہوئے۔ ۲۰/۲۳،

سِيْنِيْنَ: سینین، کوہِ سینا کو سینین بھی کہا جاتا ہے ۲/۹۵،

سَيَهْدِيْنِ: عنقریب وہ مجھے ہدایت کرے گا، ۶۲/۲۶، ۹۹/۳۷، ۲۷/۴۳

سَيَهْدِيْهِمْ: عنقریب وہ ان کو ہدایت کریگا ۵/۴۷،

سَيُهْزَمُ: عنقریب وہ شکست دیئے جائیں گے، ۴۵/۵۴،

سِيْءَ: وہ غمگین ہوا۔ وہ ناخوش ہوا۔ وہ بری لگی، وہ ڈر گئے۔ سُوْءٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۷/۱۱ ۳۳/۲۹

سَيِّئًا: بد۔ برا۔ سُوْءٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۰۲/۹،

سَيِّءُ: بد۔ برا۔ ۴۳/۳۵،

سَيِّءِ: بد۔ برا۔ ۴۳/۳۵،

سَيِّئَاتُ: برے کام۔ گناہ۔ واحد سَيِّئَةٌ۔ ۱۸/۴، ۱۵۳/۷، ۱۶۸/۷، ۲۷/۱۰، ۷۸/۱۱، ۱۱۴/۱۱، ۴۵/۱۶، ۸۴/۲۸، ۳/۲۹، ۱۰/۳۵، ۹/۴۰، ۴۵/۴۰، ۲۵/۴۲، ۲۱/۴۵

سَيِّئَاتُ: برے کام، گناہ، ۱۰/۱۱، ۳۴/۱۶، ۴۸/۳۹، ۵۱/۳۹، ۳۳/۴۵،

سَيِّئَاتِكُمْ: تمہارے برے اعمال۔ تمہارے

گناہ۔ ۲۷۱/۲، ۳۱/۴، ۱۲/۵، ۲۹/۸، ۸/۶۶

سَیِّاٰتِنَا: ہماری برائیاں۔ ہمارے گناہ۔ ۱۹۳/۳

سَیِّاٰتِہٖ: اس کی برائیاں۔ اس کے گناہ۔ ۹/۶۴، ۵/۶۵

سَیِّاٰتِہِمْ: ان کی برائیاں۔ ان کے گناہ۔ ۱۹۵/۳، ۶۵/۵، ۷۰/۲۵، ۷/۲۹، ۱۶/۴۶، ۲/۴۷، ۵/۴۸

سِیْٓئَتْ: وہ بدشکل کردی گئی۔ سُوْءٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۷/۶۷

سَیِّئَۃَ: برائی۔ گناہ۔ ۲۲/۱۳، ۹۶/۲۳، ۵۴/۲۸

سَیِّئَۃً: برائی۔ گناہ۔ ۸۱/۲، ۸۵/۴، ۴۰/۴۰

سَیِّئَۃِ: برائی، گناہ ۱۶۰/۶، ۹۵/۷، ۶/۱۳، ۴۶/۲۷، ۹۰/۲۷، ۸۴/۲۸

سَیِّئَۃٍ: برائی۔ گناہ۔ ۷۹/۴، ۲۷/۱۰، ۴۰/۴۲

سَیِّئَۃُ: برائی۔ گناہ۔ ۳۴/۴۱

سَیِّئَۃٌ: برائی، گناہ ۱۲۰/۳، ۷۸/۴، ۱۳۱/۷، ۳۶/۳۰، ۴۰/۴۲، ۴۸/۴۲

سَیِّئُہٗ: اس کی برائی۔ اس کا گناہ۔ ۳۸/۱۷

سَیُؤْتِیْنَا: بہت جلد وہ ہمیں دے گا۔ ۵۹/۹

﴿بَابُ الشین﴾

ش ا

شَاخِصَةٌ: (ف) پھٹی کی پھٹی رہ جانے والی (آنکھیں) کھلی کی کھلی رہ جانے والی۔ شُخُوْصٌ سے اسم فاعل۔ ۹۷/۲۱،

شٰرِبُوْنَ: (س) پینے والے۔ شُرْبٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَارِبٌ۔ ۵۴/۵۶، ۵۵/۵۶،

شٰرِبِیْنَ: پینے والے۔ ۶۶/۱۶، ۴۶/۳۷، ۱۵/۴۷،

شَارِکْهُمْ: (مفا) تو ان کے ساتھ شریک ہو جا، تو ان کے ساتھ شامل ہو جا۔ مُشَارَکَۃٌ سے امر۔ ۶۴/۱۷،

شَاطِیْ: جانب۔ سرا۔ کنارہ۔ جمع شَوَاطِیْ۔ ۳۰/۲۸،

شَاعِرٌ: (ن) شاعر، شعر کہنے والا۔ جمع شُعَرَاءُ ۳۶/۳۷، ۴۱/۶۹،

شَاعِرٌ: شاعر۔ شعر کہنے والا۔ ۵/۲۱، ۳۰/۵۲،

شَافِعِیْنَ: (ف) سفارش کرنے والے، شَفَاعَۃٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَافِعٌ۔ ۱۰۰/۲۶،

شٰفِعِیْنَ: سفارش کرنے والے۔ ۴۸/۷۴،

شَآقُّوْا: (مفا) وہ مخالف ہوئے۔ مُشَاقَّۃٌ و شِقَاقٌ سے ماضی۔ ۱۳/۸، ۳۲/۴۷، ۴/۵۹،

شَاکِرًا: (ن) شکرگزار، قدردان۔ احسان ماننے والا، شُکْرٌ سے اسم فاعل، ۱۴۷/۴، ۱۲۱/۱۶، ۳/۷۶،

شَاکِرٌ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۱۵۸/۲،

شٰکِرُوْنَ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۸۰/۲۱،

شٰکِرِیْنَ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۱۴۴/۳، ۱۴۵/۳، ۵۳/۶، ۶۳/۶، ۱۷/۷، ۱۴۴/۷، ۱۸۹/۷، ۲۲/۱۰، ۶۶/۳۹،

شَاکِلَتِهٖ: اس کی روش۔ اس کا طریقہ۔ اس کی عادت، اس کی نیت۔ شَکْلٌ سے اسم فاعل، جمع شَوَاکِلُ۔ ۸۴/۱۷،

شٰمِخٰتٍ: (ن) بلند ہونے والیاں، اونچی ہونے والیاں۔ تکبر کرنے والیاں۔ شُمُوْخٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَامِخَۃٌ۔ ۲۷/۷۷،

شَانِئَكَ: (ف، س) تیرا دشمن۔ شَنْأٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۱۰۸،

شَاوِرْهُمْ: (مفا) تو ان سے مشورہ کر۔ مُشَاوَرَۃٌ سے امر۔ ۱۵۹/۳،

شَاهِدًا: (س، ک) شاہد، گواہ، حاضر ہونے والا، شَهَادَۃٌ و شُهُوْدٌ سے اسم فاعل ۴۵/۳۳، ۸/۴۸، ۱۵/۷۳،

شَاهِدٍ: شاہد۔ گواہ۔ حاضر ہونے والا۔ ۳/۸۵،

شَاهِدٌ: شاہد۔ گواہ۔ حاضر ہونے والا۔ ۱۷/۱۱، ۲۶/۱۲، ۱۰/۴۶،

شٰهِدُوْنَ: گواہ، حاضر ہونے والے، اسم فاعل، واحد شَاهِدٌ۔ ۱۵۰/۳۷،

شٰهِدِیْنَ: گواہ۔ حاضر ہونے والے۔ ۵۳/۳، ۸۱/۳، ۱۸۳/۵، ۱۱۳/۵، ۱۷/۹، ۵۶/۲۱، ۷۸/۲۱، ۴۳/۲۸،

شَآءَ: (س) اس نے چاہا۔ اس نے ارادہ کیا۔ مَشِیْئَۃٌ سے ماضی۔ اصل میں شَیَأَ تھا ی متحرک اور اس کا ماقبل مفتوح ہے اس لئے

"ی" کو الف سے بدل لیا گیا۔ ۲۰/۲، ۲۲/۲،
۲۲۰/۲، ۲۵۳/۲، ۲۵۵/۲، ۹۰/۳، ۲۸/۵، ۳۵/۶، ۳/۶، ۱۰۷/۶،
۱۱۲/۶، ۱۲۸/۶، ۱۳۷/۶، ۱۳۹/۶، ۱۳۸/۶، ۱۸۹/۷، ۲۸/۹،
۱۶/۱۰، ۳۹/۱۰، ۹۹/۱۰، ۳۳/۱۱، ۱۰۷/۱۱، ۱۰۸/۱۱، ۱۱۸/۱۱، ۹۹/۱۲،
..... ۵۶ جگہ

ش ب

شُبِّہَ: (تف) وہ مشابہ کیا گیا۔ وہ مانند کر دیا گیا۔ تَشْبِیْہٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۵۷/۴،

ش ت

شَتّٰی: جدا جدا۔ مختلف۔ متفرق۔ واحد شَتِیْتٌ ۵۳/۲۰، ۱۴/۵۹، ۴/۹۲،

شِتَآءِ: جاڑا۔ موسم سرما۔ جمع اَشْتِیَۃٌ۔ ۲/۱۰۶،

ش ج

شَجَرَ: (ن) اختلاف ہوا۔ جھگڑا ہوا۔ شُجُوْرٌ سے ماضی۔ ۶۵/۴،

شَجَرِ: درخت۔ پیڑ۔ جمع اَشْجَارٌ۔ ۶۸/۱۶، ۸۰/۳۶،

شَجَرٍ: درخت۔ پیڑ۔ ۳۲/۵۶،

شَجَرُ: درخت۔ پیڑ۔ ۱۸/۲۲، ۲/۵۵،

شَجَرٌ: درخت۔ پیڑ۔ ۱۰/۱۶،

شَجَرَتَ: درخت۔ پیڑ۔ جمع شَجَرَاتٌ۔ ۴۳/۴۴،

شَجَرَۃَ: درخت۔ ۳۵/۲، ۱۹/۷، ۲۲/۷، ۶۰/۱۷،

شَجَرَۃً: درخت۔ پیڑ۔ ۲۰/۲۳، ۱۴۶/۳۷،

شَجَرَۃِ: درخت، پیڑ۔ ۲۰/۷، ۲۲/۷، ۱۲۰/۲۰، ۳۰/۲۸، ۱۸/۴۸،

شَجَرَۃٍ: درخت۔ پیڑ۔ ۲۴/۱۴، ۲۶/۱۴، ۳۵/۲۴، ۲۷/۳۱،

شَجَرَۃُ: درخت۔ پیڑ۔ ۶۲/۳۷،

شَجَرَۃٌ: درخت۔ پیڑ۔ ۶۳/۳۷،

شَجَرَتَھَا: اس کا درخت۔ ۷۲/۵۶،

شَجَرَھَا: اس کا درخت۔ ۶۰/۲۷،

ش ح

شُحَّ: (س ض ن) حرص، لالچ، کنجوسی۔ "وہ بخل جس میں حرص ہو اور جو عادت بن جائے شُحّ کہلاتا ہے۔" (المفردات ص ۲۵٦)
۱۲۸/۴، ۹/۵۹، ۱۶/۶۴،

شُحُوْمَھُمَا: ان دونوں کی چربیاں۔ واحد شَحْمٌ۔ ۱۴۶/۶،

ش د

شِدَادٌ: سخت، زبردست، مضبوط، واحد شَدِیْدٌ ۱۲/۷۸،

شِدَادٌ: سخت۔ زبردست۔ مضبوط۔ ۴۸/۱۲، ۶/۶۶،

شَدَدْنَا: (ن ض) ہم نے مضبوط کیا۔ ہم نے قوت دی۔ شَدٌّ سے ماضی۔ ۲۰/۳۸، ۲۸/۷۶،

شُدُّوْا: تم مضبوط باندھو۔ شَدٌّ سے امر۔ ۴/۴۷،

شَدِیْدَ: سخت۔ مستحکم۔ مضبوط۔ شَدٌّ و شِدَّۃٌ سے صفت مشبہ۔ جمع اَشِدَّۃٌ۔ ۵۰/۱۰،

شَدِیْدًا: سخت، مستحکم۔ مضبوط۔ ۵۶/۳، ۱۹۳/۷، ۵۸/۱۷،
۲/۱۸، ۲۱/۲۷، ۱۱/۳۳، ۲۷/۴۱، ۱۵/۵۸، ۸/۷۲، ۱۰/۷۵، ۸/۷۲،

شَدِیْدِ: سخت۔ مستحکم۔ مضبوط۔ ۲/۱۴، ۳/۴۰، ۲۶/۵۰،

شَدِیْدٍ: سخت۔ مضبوط۔ ۸۰/۱۱، ۵/۱۷، ۱۶/۴۸، ۳۳/۴۲،
۳۶/۴۴، ۱۶/۴۸،

شَدِیْدٌ: سخت۔ مضبوط۔ ۱۶۵/۲، ۱۹۶/۲، ۲۱۱/۲، ۱۱/۳،
۴/۵، ۹۸/۵، ۱۳/۸، ۲۵/۸، ۴۸/۸، ۵۲/۸، ۶/۱۳، ۱۳/۱۳، ۳/۲۰،
۲۲/۳۰، ۵/۵۳، ۴/۵۹، ۷/۵۹،

شَدِيْدٌ: سخت۔ مضبوط۔ ۴/۲، ۱۴۴/۹، ۱۰۲/۱۱، ۴/۱۳،
۲/۲۲، ۴/۳۵، ۱۰/۳۵، ۲۶/۳۸، ۱۶/۴۲، ۲۶/۴۲، ۲۰/۵۷، ۲۵/۵۷، ۱۳/۵۹،
۱۲/۸۵، ۸/۱۰۰،

ش ر

شَرٌّ: (ن س) شر، بُرائی۔ عیب کرنا۔ جمع شُرُوْرٌ.
۲۲/۸، ۵۵/۸، ۱۱/۱۰، ۵۵/۳۸، ۱۱/۷۶،

شَرًّا: شر۔ بُرائی۔ عیب کرنا۔ ۱۱/۲۲، ۸/۹۹،

شَرِّ: شر، بُرائی، عیب کرنا۔ ۱۱/۱۷، ۳۵/۴۱، ۲/۱۱۳، ۳/۱۱۳،
۴/۱۱۳، ۵/۱۱۳، ۴/۱۱۴،

شَرٌّ: شر۔ بُرائی۔ عیب کرنا۔ ۶۰/۵، ۷۲/۲۲،

شَرُّ: شر، بُرائی، عیب کرنا، ۸۳/۱۷، ۳۹/۲۱، ۵۱/۲۱، ۲۰/۷۰، ۶/۹۸،

شَرٌّ: شر۔ بُرائی۔ عیب کرنا۔ ۲۱۶/۲، ۱۸۰/۳، ۶۰/۵،
۷۷/۱۲، ۵۹/۱۹، ۳۴/۲۵، ۱۰/۷۲،

شَرَابًا: پینے کی چیز۔ جمع اَشْرِبَةٌ. ۲۱/۷۶، ۲۲/۷۸،

شَرَابِ: پینے کی چیز۔ ۵۱/۳۸،

شَرَابُ: پینے کی چیز۔ ۲۹/۱۸،

شَرَابٌ: پینے کی چیز۔ ۴/۶، ۲/۱۰، ۱۰/۱۶، ۶۹/۱۶، ۴۲/۳۸،

شَرَابِكَ: تیرے پینے کی چیز۔ ۲۵۹/۲،

شَرَابُهٗ: اس کے پینے کی چیز۔ ۱۲/۳۵،

شَرِبَ: (س) اس نے پیا، شُرْبٌ سے ماضی، ۲۴۹/۲،

شُرْبَ: پینا۔ مصدر ہے۔ ۵۵/۵۶،

شِرْبِ: پانی پینے کی ایک باری، پانی پینے کا ایک
وقت، شُرْبٌ سے اسم ہے جمع اَشْرَابٌ، ۲۸/۵۴،

شِرْبٌ: پانی پینے کی ایک باری، پانی پینے کا ایک
وقت۔ ۱۵۵/۲۶،

شِرْبٌ: پانی پینے کی ایک باری۔ پانی پینے کا ایک
وقت۔ ۱۵۵/۲۶،

شَرِبُوْا: انھوں نے پیا۔ شُرْبٌ سے ماضی ۲۴۹/۲،

شَرَحَ: (ف) اس نے کھولا۔ اس نے ظاہر کیا۔
شَرْحٌ سے ماضی۔ ۱۰۶/۱۶، ۲۲/۳۹،

شَرِّدْ: (تف) تو ان کو منتشر کردے۔ تو ان کو سزا
دے۔ تَشْرِيْدٌ سے امر۔ ۵۷/۸،

شِرْذِمَةٌ: تھوڑے سے آدمی۔ قلیل جماعت۔
جمع شَرَاذِمُ و شَرَاذِيْمُ. ۵۴/۲۶،

شَرَرٍ: شرارے، چنگاریاں، شعلے، واحد شَرَرَةٌ ۳۲/۷۷،

شَرَعَ: (ف) اس نے مقرر کیا۔ اس نے راہ ڈالی،
اس نے بیان کیا۔ اس نے واضح کیا۔
شَرْعٌ سے ماضی۔ ۱۳/۴۲،

شُرَّعًا: پانی کی سطح کے قریب تیرتی ہوئی (مچھلیاں)،
پانی کے اوپر ظاہر ہونے والی۔ شُرُوْعٌ سے
اسم فاعل۔ واحد شَارِعٌ ۱۶۳/۷،

شِرْعَةً: شریعت۔ دستور۔ طریقہ۔ شَرْعٌ سے
اسم فاعل۔ "شَرْعٌ کے معنی واضح راستے پر
چلنے کے ہیں" (المفردات ص ۲۵۸) ۴۸/۵،

شَرَعُوْا: (ف) انھوں نے مقرر کیا۔ انھوں نے
راہ ڈالی۔ شَرْعٌ سے ماضی۔ ۲۱/۴۲،

شَرْقِيًّا: شرقی۔ مشرق کی سمت۔ ۱۶/۱۹،

شَرْقِيَّةٍ: شرقی۔ مشرق کی سمت۔ ۳۵/۲۴،

شِرْكٌ: شرک۔ شریک ٹھرانا۔ ساجھا۔ شِرْكَةٌ
و اِشْرَاكٌ سے اسم ہے۔ ۱۳/۳۱،

شِرْكِ: شرک۔ شریک ٹھرانا۔ ۲۲/۳۴،

شِرْكٌ: شرک۔ شریک ٹھرانا۔ ۴۰/۳۵، ۴/۴۶،

شُرَكَآءَ: شریک۔ ساجھی۔ واحد شَرِيْكٌ.
۱۰۰/۶، ۱۹۰/۷، ۲۲/۱۰، ۱۶/۱۳، ۳۳/۱۳، ۲۸/۳۰، ۲۷/۳۴،

شُرَكَآءُ: شریک۔ ساجھی۔ ۱۲/۴، ۱۳۹/۶، ۲۹/۳۹، ۲۱/۴۲،

شُرَکَوُا: شریک۔ساجھی۔ ۹۴/۶، ۲۱/۴۲،

شُرَکَآءَ کُمْ: تمہارے شریک۔ ۱۹۵/۷، ۷۱/۱۰، ۲۳/۲۸،

شُرَکَآءَ کُمْ: تمہارے شریک۔ ۴۰/۳۵،

شُرَکَآئِکُمْ: تمہارے شریک۔ ۳۴/۱۰، ۳۵/۱۰، ۴۰/۳۰،

شُرَکَآؤُکُمْ: تمہارے شریک۔ ۲۲/۶، ۲۸/۱۰،

شُرَکَآئِنَا: ہمارے شریک۔ ۱۳۶/۶،

شُرَکَآؤُنَا: ہمارے شریک۔ ۸۶/۱۶،

شُرَکَآءَ هُمْ: ان کے شریک۔ ۸۶/۱۶،

شُرَکَآءِ هِمْ: ان کے شریک۔ ۱۳۶/۶، ۱۳/۳۰، ۲۱/۲۸،

شُرَکَآؤُ هُمْ: ان کے شریک۔ ۱۳۷/۶، ۲۸/۱۰،

شُرَکَآءِ یَ: میرے شریک۔ ۴۷/۴۱،

شُرَکَآءِ یَ: میرے شریک۔ ۲۷/۱۶، ۵۲/۱۸، ۶۲/۲۸، ۷۴/۲۸

شِرْکِکُمْ: تمہارا شریک۔ ۱۴/۳۵،

شَرَوْا: (ض) انھوں نے بیچا۔ شِرَاءٌ سے ماضی۔ ۱۰۲/۲،

شَرَوْهُ: انھوں نے اس کو بیچ ڈالا۔ ۲۰/۱۲،

شَرُّهُ: اس کا شر۔ اس کی بُرائی۔ ۷/۷۶

شَرِیْعَةٍ: شریعت۔ سیدھا راستہ۔ شَرْعٌ سے اسم، جمع شَرَائِعُ۔ ۱۸/۴۵،

شَرِیْكَ: شریک۔ ساجھی۔ شِرْکَةٌ سے فاعل کے معنی میں۔ جمع شُرَکَاءُ۔ ۱۶۳/۶،

شَرِیْكٌ: شریک۔ ساجھی۔ ۱۱۱/۱۷، ۲/۲۵،

ش ط

شَطْرَ: (ن) سمت، طرف۔ جانب۔ اسم ہے۔ جمع شُطُوْرٌ و اَشْطُرٌ۔ ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲، ۱۵۰/۲،

شَطْرَهُ: اس کی سمت، اسکی طرف، اسکی جانب۔ ۱۴۴/۲، ۱۵۰/۲،

شَطَطًا: (ض) زیادتی۔ ناحق، جھوٹ، حد سے تجاوز کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۴/۱۸، ۴/۷۲

شَطْئَهُ: اس کی سوئی۔ اس کی کونپل۔ اس کا پتہ۔ جمع شُطُوْءٌ و اَشْطَاءٌ۔ ۲۹/۴۸،

ش ع

شَعَآئِرَ: نشانیاں، واحد شِعَارٌ و شَعِیْرَةٌ۔ ۲/۵، ۳۲/۲۲،

شَعَآئِرِ: نشانیاں۔ ۱۵۸/۲، ۳۶/۲۲

شُعَبٍ: شاخیں، پھانکیں، جماعتیں، قبیلے، واحد شُعْبَةٌ۔ ۳۰/۷۷

شِعْرَ: (ن) شعر، شعر کہنا۔ مصدر ہے۔ ۶۹/۳۶،

شِعْرٰی: ایک ستارہ کا نام۔ قبیلہ خزاعہ کے لوگ اس کی پوجا کرتے تھے۔ ۴۹/۵۳،

شُعَرَآءُ: شاعر لوگ۔ واحد شَاعِرٌ۔ ۲۲۴/۲۶،

شُعُوْبًا: کنبے۔ خاندان۔ واحد شَعْبٌ۔ ۱۳/۴۹،

شُعَیْبًا: شعیب علیہ السلام مشہور پیغمبر ہیں۔ ۸۵/۷، ۹۰/۷، ۹۲/۷، ۸۴/۱۱، ۹۴/۱۱، ۳۶/۲۹

شُعَیْبُ: حضرت شعیب علیہ السلام، ۸۸/۷، ۸۷/۱۱، ۹۱/۱۱،

شُعَیْبٌ: حضرت شعیب علیہ السلام۔ ۱۷۷/۲۶

ش غ

شَغَفَهَا: (ف) اس نے اس کے دل میں جگہ کر لی، وہ اس کے دل میں اُتر گیا۔ شَغَفٌ سے ماضی۔ ۳۰/۱۲

شُغُلٍ: (ف) شُغل۔ مشغلہ۔ کام۔ جمع اَشْغَالٌ و شُغُوْلٌ۔ ۵۵/۳۶

شَغَلَتْنَا: اس نے ہمیں مشغول کر لیا۔ اس نے ہمیں کام میں لگایا (بصلہ عَنْ) شَغْلٌ

سے ماضی۔ ۱۱/۲۸،

ش ف

شَفَا: کنارہ، آخری حصہ، جمع اَشْفَاءٌ ۱۰۳/۳، ۱۰۹/۹،

شَفَاعَۃَ: (ف) شفاعت کرنا۔ سفارش کرنا۔ مصدر ہے۔ شفاعت کے لفظی معنی ملنے یا ملانے کے ہیں۔ اس لئے شفاعت کے معنی یہ ہوئے کہ کسی کمزور طالب حق کے ساتھ اپنی قوت ملا کر اس کو قوی کر دیا جائے یا بیکس اکیلے شخص کے ساتھ خود مل کر اس کو جوڑا بنا دیا جائے۔ (معارف القرآن ۲/۳۹۷)۔ ۸۷/۱۹، ۸۶/۴۳،

شَفَاعَۃً: شفاعت کرنا۔ سفارش کرنا۔ ۸۵/۴،

شَفَاعَۃُ: شفاعت کرنا۔ سفارش کرنا۔ ۱۰۹/۲۰، ۲۳/۳۴، ۴۳/۳۹، ۴۸/۷۴،

شَفَاعَۃٌ: شفاعت کرنا۔ سفارش کرنا۔ ۴۸/۲، ۱۲۳/۲، ۲۵۴/۲،

شَفَاعَتُھُمْ: ان کی شفاعت۔ ان کی سفارش۔ ۲۳/۳۶، ۲۶/۵۳،

شِفَآءٌ: (ض) شفا۔ بیماری سے اچھا ہونا۔ صحت پانا، مصدر اسم بھی ہے۔ جمع اَشْفِیَۃٌ. ۵۷/۱۰، ۶۹/۱۶، ۸۲/۱۷، ۴۴/۴۱

شَفَتَیْنِ: دو ہونٹ۔ شَفَۃٌ کا تثنیہ۔ جمع شِفَاۃٌ و شَفَوَاتٌ. ۹/۹۰،

شَفْعِ: جفت۔ جوڑا۔ ۳/۸۹،

شُفَعَآءَ: سفارش کرنے والے۔ واحد شَفِیْعٌ. ۵۳/۷، ۴۳/۳۹،

شُفَعٰٓؤُا: سفارش کرنے والے۔ ۱۳/۳۰،

شُفَعَآءَ کُمْ: تمہارے سفارشی۔ ۹۴/۶،

شُفَعَآؤُنَا: ہمارے سفارشی۔ ۱۸/۱۰،

شَفَقِ: شفق۔ کنارہ۔ جمع اَشْفَاقٌ. ۱۶/۸۴،

شَفِیْعٍ: سفارش کرنے والا۔ شَفَاعَۃٌ سے فاعل کے معنی میں۔ ۳/۱۰، ۴/۳۲، ۱۸/۴۰،

شَفِیْعٌ: سفارش کرنے والا۔ ۵۱/۶، ۷۰/۶،

ش ق

شَقًّا: (ن) پھاڑنا۔ چیرنا۔ مصدر ہے۔ ۲۶/۸۰،

شِقِّ: مشقت، سختی "وہ مشقت اور تکان جو انسان کے نفس اور بدن کو لاحق ہوتی ہے" (المفردات ص ۲۶۴)۔ ۷/۱۶

شِقَاقَ: (مفا) مخالفت۔ ضد۔ مشقت میں ڈالنا۔ مُشَاقَّۃٌ سے مصدر ہے۔ ۳۵/۴،

شِقَاقٍ: مخالفت، ضد، مشقت میں ڈالنا۔ ۱۳۷/۲، ۱۷۶/۲، ۵۳/۲۲، ۲/۳۸، ۵۲/۴۱،

شِقَاقِیْ: میری مخالفت۔ میری عداوت۔ ۸۹/۱۱،

شُقَّۃُ: مسافت۔ دوری۔ یہاں غزوۂ تبوک کی مسافت مراد ہے۔ ۴۲/۹،

شَقَقْنَا: (ن) ہم نے پھاڑا۔ ہم نے چیرا۔ شَقٌّ سے ماضی۔ ۲۶/۸۰،

شَقُوْا: (س) وہ بدبخت ہوئے۔ شَقَاءٌ، شَقَاوَۃٌ اور شِقْوَۃٌ سے ماضی۔ ۱۰۶/۱۱،

شِقْوَتُنَا: (س) ہماری کمبختی۔ مصدر ہے۔ ۱۰۶/۲۳،

شَقِیًّا: بدبخت، محروم، شَقَاوَۃٌ سے صفت مشبہ، جمع اَشْقِیَاءُ و شَقَاوَۃٌ. ۴/۱۹، ۳۲/۱۹، ۴۸/۱۹،

شَقِیٌّ: بدبخت۔ محروم۔ ۱۰۵/۱۱،

ش ك

شَكّ: (ن) شک، شبہ کرنا، دھوکا، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع شُکُوْكٌ ۱۵۷/۴، ۹۴/۱۰، ۱۰۴/۱۰، ۶۲/۱۱، ۱۱۰/۱۱، ۹/۱۴، ۶۶/۲۷، ۲۱/۳۴، ۵۴/۳۴، ۸/۳۸، ۳۴/۴۰، ۴۵/۴۱، ۱۴/۴۲، ۹/۴۴

شَكٌّ: شک۔ شبہ کرنا۔ دھوکا۔ ۱۰/۱۴

شَكَرَ: (ن) اس نے شکر کیا، اس نے قدر جانی، شُکْرٌ سے ماضی۔ ۴۰/۲۷، ۳۵/۵۴

شُكْرًا: شکر کرنا۔ احسان ماننا۔ ''نعمت کے تصور اور اس کے اظہار کو شکر کہتے ہیں'' (المفردات ص ۲۶۵) مصدر ہے۔ ۱۳/۳۴

شَكَرْتُمْ: تم نے شکر کیا۔ تم نے احسان مانا۔ شُکْرٌ سے ماضی۔ ۱۴۷/۴، ۷/۱۴

شَكْلِهٖ: اس کی شکل، اس کی مثل، اس کی مانند، جمع اَشْکَالٌ۔ ۵۸/۳۸

شَكُوْرًا: (ن) بڑا شکر گزار۔ بڑا قدر دان۔ شُکْرٌ سے مبالغہ۔ ۳/۷۶

شَكُوْرٍ: بڑا شکر گزار۔ بڑا قدر دان۔ ۵/۱۴، ۳۱/۳۱، ۱۹/۳۴، ۳۳/۴۲

شَكُوْرُ: بڑا شکر گزار۔ بڑا قدر دان۔ ۱۳/۳۴، ۳۴/۳۵

شَكُوْرٌ: بڑا شکر گزار، بڑا قدر دان، ۳۰/۳۵، ۲۳/۴۲، ۱۷/۶۴

شُكُوْرًا: (ن) شکر گزاری، شکر کرنا۔ مصدر ہے۔ ۶۲/۲۵، ۹/۷۶

ش م

شِمَالِ: شمال، بائیں طرف، اسم ہے، جمع اَشْمُلٌ اور شُمُلٌ۔ ۱۷/۱۸، ۱۸/۱۸، ۱۷/۵۰، ۴۱/۵۶، ۳۷/۷۰

شِمَالِ: شمال۔ بائیں طرف۔ ۱۵/۳۴

شِمَالِهٖ: اس کی بائیں طرف۔ ۲۵/۶۹

شَمَآئِلِ: بائیں طرف۔ واحد شِمَالٌ۔ ۴۸/۱۶

شَمَآئِلِهِمْ: ان کے بائیں طرف۔ ۱۷/۷

شَمْسَ: سورج، دھوپ، جمع شُمُوْسٌ۔ ۷۸/۶، ۹۶/۶، ۵۴/۷، ۵/۱۰، ۴/۱۲، ۲/۱۳، ۳۳/۱۴، ۱۲/۱۶، ۱۷/۱۸، ۳۳/۲۱، ۴۵/۲۵، ۶۱/۲۹، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۵/۳۹، ۱۶/۷۱

شَمْسًا: سورج۔ دھوپ۔ ۱۳/۷۶

شَمْسِ: سورج۔ دھوپ۔ ۲۵۸/۲، ۷۸/۱۷، ۸۶/۱۸، ۹۰/۱۸، ۱۳۰/۲۰، ۲۴/۲۷، ۳۷/۴۱، ۳۹/۵۰، ۱/۹۱

شَمْسُ: سورج۔ دھوپ۔ ۱۸/۲۲، ۳۸/۳۶، ۴۰/۳۶، ۳۷/۴۱، ۵/۵۵، ۹/۷۵، ۱/۸۱

ش ن

شَنَاٰنُ: (ف، س) دشمنی کرنا۔ عداوت رکھنا۔ مصدر ہے۔ ۲/۵، ۸/۵

ش و

شَوٰی: منہ کی کھال۔ اطراف بدن یعنی ہاتھ پیر وغیرہ؛ واحد شَوَاۃٌ۔ ۱۶/۷۰

شُوَاظٌ: شعلے، لپٹ، شعلہ جس میں دھواں نہ ہو۔ اسم ہے۔ ۳۵/۵۵

شَوْبًا: (ن) ملاوٹ، آمیزش، وہ آنچ جس میں دھواں نہ ہو۔ مصدر ہے۔ ۶۷/۳۷

شُوْرٰی: (مفا) مشورہ کرنا۔ رائے دینا۔ مصدر ہے۔ ۳۸/۴۲

شَوْكَةِ: جماعت۔ (یعنی قافلہ) تکلیف۔ ہتھیار، کانٹا۔ ۷/۸

ش ہ

شِهَابًا: شعلہ۔ انگارا۔ رات کے وقت آسمان پر جوتارا ٹوٹتا ہوا نظر آتا ہے۔ جمع شُهُبٌ. شُهْبَانٌ و اَشْهُبٌ. ۹/۷۲،

شِهَابٌ: شعلہ۔ انگارا۔ آسمان پر جوتارا ٹوٹتا ہوا نظر آتا ہے۔ ۱۸/۱۵، ۱۰/۳۷،

شَهٰدٰتٍ: گواہیاں۔ اقرار۔ واحد شَهَادَةٌ. ۶/۲۴، ۸/۲۴،

شَهٰدٰتِهِمْ: ان کی گواہیاں۔ ان کے اقرار۔ ۳۳/۷۰،

شَهَادَةً: گواہی، قطعی خبر، ظاہر، مصدر ہے، بطور اسم بھی استعمال ہوتا ہے۔ ۲۸۳/۲، ۱۰۶/۵، ۲/۶۵،

شَهَادَةُ: گواہی، قطعی خبر۔ ظاہر۔ ۱۹/۶، ۱۳۰/۶، ۴/۲۴،

شَهَادَةِ: گواہی، قطعی خبر، ظاہر، ۲۸۲/۲، ۱۰۸/۵، ۷۳/۶، ۹۴/۹، ۱۰۵/۹، ۹/۱۳، ۹۲/۲۳، ۶/۳۲، ۴۶/۳۹، ۲۲/۵۹، ۸/۶۲، ۱۸/۶۴،

شَهَادَةُ: گواہی۔ قطعی خبر۔ ظاہر۔ ۱۰۶/۵، ۶/۲۴،

شَهَادَتُنَآ: ہماری گواہی۔ ۱۰۷/۵،

شَهَادَتُهُمْ: ان کی گواہی۔ ۱۹/۴۳،

شَهَادَتِهِمَا: ان دونوں کی گواہی۔ ۱۰۷/۵،

شُهُبًا: شعلے۔ انگارے۔ ٹوٹنے والے ستارے، واحد شِهَابٌ. ۸/۷۲،

شَهِدَ: اس نے شہادت دی۔ اس نے گواہی دی، اس نے پایا، شَهَادَةٌ و شُهُوْدٌ سے ماضی ۱۸۵/۲، ۱۸/۳، ۲۶/۱۲، ۲۰/۴۱، ۸۶/۴۳، ۱۰/۴۶،

شُهَدَآءَ: موجود، گواہ۔ حاضر۔ واحد شَهِيْدٌ. ۱۳۳/۲، ۱۴۳/۲، ۱۴۰/۳، ۱۳۵/۴، ۸/۵، ۴۴/۵، ۱۴۴/۶، ۷۸/۲۲، ۴/۲۴، ۱۳/۲۴،

شُهَدَآءِ: موجود، گواہ، حاضر۔ ۲۸۲/۲، ۶۹/۴، ۱۳/۲۴، ۶۹/۳۹،

شُهَدَآءُ: موجود، گواہ، حاضر۔ ۲۸۲/۲، ۹۹/۳، ۶/۲۴، ۱۹/۵۷،

شُهَدَآءَكُمْ: تمہارے مددگار۔ تمہارے گواہ ۲۳/۲، ۱۵۰/۶،

شَهِدْتُمْ: تم نے بتایا تم نے گواہی دی۔ شَهَادَةٌ سے ماضی۔ ۲۱/۴۱،

شَهِدْنَا: ہم نے اقرار کرلیا۔ ہم نے گواہی دی۔ شُهُوْدٌ اور شَهَادَةٌ سے ماضی۔ ۱۳۰/۶، ۱۷۲/۷، ۸۱/۱۲، ۴۹/۲۷،

شَهِدُوْا: انھوں نے اقرار کیا۔ انھوں نے گواہی دی۔ ۸۶/۳، ۱۵/۴، ۱۳۰/۶، ۱۵۰/۶، ۳۷/۷، ۱۹/۴۳،

شَهْرَ: مہینہ، جمع اَشْهُرٌ اور شُهُوْرٌ. ۱۸۵/۲، ۲/۵، ۹۷/۵،

شَهْرًا: مہینہ۔ ۳۶/۹، ۱۵/۴۶،

شَهْرِ: مہینہ۔ ۱۹۴/۲،

شَهْرٍ: مہینہ۔ ۳/۹۷

شَهْرُ: مہینہ۔ ۱۸۵/۲، ۱۹۴/۲،

شَهْرٌ: مہینہ۔ ۱۲/۳۴،

شَهْرَيْنِ: دو مہینے۔ شَهْرٌ کا تثنیہ۔ ۹۲/۴، ۴/۵۸،

شَهَوٰتِ: (س،ن) خواہشیں، مزے۔ پسندیدہ چیزیں۔ واحد شَهْوَةٌ. وہ چیزیں جن کیلئے نفس میں انتہائی رغبت اور میلان پیدا ہو۔ صاحب کشاف نے لکھا ہے کہ یہاں دینوی اشیاء سے نفرت دلائی گئی ہے اور ثواب عنداللہ کی طرف رغبت پیدا کی گئی ہے۔ اور مشتہیات کہنے کی بجائے شہوات کا لفظ استعمال کر کے دنیاوی اشیا سے نفرت دلانے میں زور اور مبالغہ پیدا کیا گیا ہے۔ (مظہری ۷۱/۳) ۱۴/۳، ۲۷/۴، ۵۹/۱۹،

شَهْوَةً: (س،ن) شہوت، خواہش کرنا۔ آرزو کرنا

"جس چیز کی خواہش ہو اس کی طرف جی کے للچانے کو شہوت کہتے ہیں" (المفردات ... ۲/۷) ... ۸۱/۷، ۵۵/۲۷،

شُهُوْدًا: (س) گواہ۔ حاضرین۔ دیکھنے والے۔ واحد شَاهِدٌ ۶۱/۱۰، ۱۳/۷۴،

شُهُوْدٌ: گواہ۔ حاضرین۔ ۷/۸۵،

شُهُوْرِ: مہینے۔ واحد شَهْرٌ۔ ۳۶/۹،

شَهِيْدًا: گواہ، اقرار کرنے والا، نگران، جمع شُهَدَاءُ ۱۴۳/۲، ۳۳/۴، ۴۱/۴، ۷۲/۴، ۷۹/۴، ۱۵۹/۴، ۱۶۶/۴، ۱۱۷/۵، ۲۹/۱۰، ۴۳/۱۳، ۸۴/۱۶، ۸۹/۱۶، ۹۶/۱۷، ۷۸/۲۲، ۷۵/۲۸، ۵۲/۲۹، ۵۵/۳۳، ۸/۴۶، ۲۸/۴۸،

شَهِيْدٍ: گواہ، اقرار کرنے والا، نگران۔ ۴۱/۴، ۷۳/۱۱،

شَهِيْدٌ: گواہ۔ اقرار کرنے والا۔ نگران۔ ۲۸۲/۲، ۹۸/۳، ۱۹/۶، ۴۶/۱۰، ۱۷/۲۲، ۴۷/۳۴، ۵۳/۴۱، ۲۱/۵۰، ۳۷/۵۰، ۶/۵۸، ۹/۸۵، ۷/۱۰۰،

شَهِيْدَيْنِ: دو گواہ۔ دو اقرار کرنے والے۔ شَهِيْدٌ کا تثنیہ۔ ۲۸۲/۲،

شَهِيْقًا: (ض س ف) دہاڑنا۔ چیخنا۔ چلانا۔ مصدر ہے۔ ۷/۶۷،

شَهِيْقٌ: دہاڑنا۔ چیخنا۔ چلانا۔ ۱۰۶/۱۱،

ش ء

شِئْتَ: (س) تو نے چاہا۔ تو نے ارادہ کیا۔ مَشِيْئَةٌ سے ماضی۔ ۱۵۵/۷، ۷۷/۱۸، ۲۲/۲۳،

شِئْتُمْ: تم نے چاہا۔ مَشِيْئَةٌ سے ماضی۔ ۵۸/۲، ۲۲۳/۲، ۱۶۱/۷، ۱۵/۳۹، ۴۰/۴۱،

شِئْتُمَا: تم دونوں نے چاہا۔ ۳۵/۲، ۱۹/۷،

شَأْنٍ: (ف) حالت۔ مشغلہ۔ کام۔ جمع شُئُوْنٌ۔ ۶۱/۱۰، ۲۹/۵۵،

شَأْنٌ: حالت۔ مشغلہ۔ کام۔ ۳۷/۸۰،

شِئْنَا: ہم نے چاہا۔ ۱۷۶/۷، ۸۶/۱۷، ۵۱/۲۵، ۱۳/۳۲، ۲۸/۷۶،

شَأْنِهِمْ: ان کا حال، ان کا کام، ان کا معاملہ، ۶۲/۲۴،

ش ی

شَيٰطِيْنَ: شیاطین۔ سرکش لوگ۔ واحد شَيْطٰنٌ ۱۱۲/۶، ۱۲۱/۶، ۲۷/۷، ۳۰/۷، ۶۸/۱۹، ۸۳/۱۹، ۳۷/۳۸،

شَيٰطِيْنِ: شیاطین۔ سرکش لوگ۔ ۲۷/۱۷، ۸۲/۲۱، ۹۷/۲۳، ۶۵/۳۷، ۵/۶۷،

شَيٰطِيْنُ: شیاطین۔ سرکش لوگ۔ ۱۰۲/۲، ۷۱/۶، ۲۱۰/۲۶، ۲۲۱/۲۶،

شَيٰطِيْنِهِمْ: ان کے شیطان۔ ان کے سرکش لوگ۔ ۱۴/۲،

شَيْبًا: (ض) بڑھاپا۔ بالوں کی سفیدی۔ مصدر ہے۔ ۴/۱۹،

شِيْبًا: بڑھاپا۔ واحد اَشْيَبُ۔ ۱۷/۷۳،

شَيْبَةً: بڑھاپا۔ بالوں کا سفید ہونا، مصدر ہے، ۵۴/۳۰،

شِيَةَ: داغ، دھبہ، جمع شِيَاتٌ، اصل میں وَشْيَةٌ تھا۔ ۷۱/۲،

شَيْخًا: بوڑھا، جمع شُيُوْخٌ و اَشْيَاخٌ۔ ۷۲/۱۱، ۷۸/۱۲،

شَيْخٌ: بوڑھا۔ ۲۳/۲۸،

شَيْطٰنَ: شیطان۔ سرکش۔ شریر۔ ۸۳/۴، ۱۱۹/۴، ۲۲/۷، ۵/۱۲، ۵۳/۱۷، ۴۴/۱۹، ۶/۳۵، ۶۰/۳۶،

شَيْطٰنًا: شیطان۔ سرکش۔ شریر۔ ۱۱۷/۴، ۳۶/۴۳،

شَيْطٰنِ: شیطان، سرکش، شریر۔ ۱۶۸/۲، ۲۰۸/۲، ۳۶/۳، ۷۶/۴، ۹۰/۵، ۱۴۲/۶، ۲۰۰/۷، ۲۰۱/۷، ۱۱/۸، ۹۸/۱۶، ۳۵/۱۹، ۲۱/۲۴، ۱۵/۲۸، ۳۶/۴۱، ۱۰/۵۸، ۱۹/۵۸، ۱۶/۵۹،

شَیْطٰنٍ: شیطان، سرکش، شریر، ۱۷/۱۵، ۳/۲۲، ۷/۳۷، ۲۵/۸۱

شَیٰطِیْنُ: شیطان۔ سرکش۔ شریر۔ ۳۶/۲، ۲۶۸/۲،
۲۷۵/۲، ۱۵۵/۳، ۱۷۵/۳، ۶۰/۴، ۱۲۰/۴، ۹۱/۵، ۴۳/۶، ۶۸/۶،
۲۰/۷، ۲۷/۷، ۱۷۵/۷، ۴۸/۸، ۴۲/۱۲، ۱۰۰/۱۲، ۲۲/۱۴، ۶۳/۱۶،
۲۷/۱۷، ۶۴/۱۷، ۶۳/۱۸، ۱۲۰/۲۰، ۵۲/۲۲، ۲۹/۲۵…… ۳۴ جگہ

شِیَعًا: فرقے۔ گروہ۔ مددگار۔ واحد شِیْعَۃٌ۔
۶۵/۶، ۱۵۹/۶، ۴/۲۸، ۳۲/۳۰،

شِیَعِ: فرقے۔ گروہ۔ ۱۰/۱۵،

شِیْعَۃٍ: فرقہ۔ گروہ۔ جمع شِیَعٌ و اَشْیَاعٌ۔ عربی زبان میں شیعہ اس گروہ یا جماعت کو کہتے ہیں جس کے افراد بنیادی نظریات اور طور طریق میں یکساں ہوں۔ ۶۹/۱۹،

شِیْعَتِہٖ: اس کے رفیق۔ اس کے گروہ۔ ۱۵/۲۸، ۸۳/۳۷،

شُیُوْخًا: بوڑھے۔ واحد شَیْخٌ۔ ۶۷/۴۰،

شَیْئًا: چیز۔ کچھ۔ یہ اصل میں شَاءَ کا مصدر ہے۔ ۴۸/۲، ۱۲۳/۲، ۱۷۰/۲، ۲۱۶/۲، ۲۲۹/۲، ۲۸۲/۲،
۱۰/۳، ۶۴/۳، ۱۱۶/۳، ۱۲۰/۳، ۱۴۴/۳، ۱۷۶/۳، ۱۷۷/۳،
۱۹/۴، ۲۰/۴، ۳۶/۴، ۱۷/۵، ۴۱/۵، ۴۲/۵، ۱۰۴/۵، ۸۰/۶،
۱۹۱/۷، ۱۹/۸، ۳/۹، ۲۵/۹…… ۷۷ جگہ

شَیْءٍ: چیز۔ کچھ۔ ۲۰/۲، ۲۹/۲، ۱۰۶/۲، ۱۰۹/۲، ۱۱۳/۲،
۱۴۸/۲، ۱۵۵/۲، ۲۳۱/۲، ۲۵۵/۲، ۲۵۹/۲، ۲۶۴/۲، ۲۸۴/۲،
۲۸۲/۲، ۲۶/۳، ۲۸/۳، ۲۹/۳، ۹۲/۳، ۱۵۴/۳، ۱۶۵/۳، ۱۸۹/۳،
۳/۴، ۳۲/۴، ۳۳/۴، ۵۹/۴، ۸۵/۴…… ۸۸ جگہ

شَیْءٌ: چیز۔ کچھ۔ ۱۷۸/۲، ۵۰/۴، ۱۲۸/۳، ۱۵۴/۳، ۹۳/۶،
۷۲/۱۱، ۱/۲۲، ۱۸/۳۵، ۵/۳۸، ۶/۳۸، ۱۱/۴۲، ۲/۵۰، ۱۱/۹۰،

﴿بَابُ الصَّاد﴾

صٓ: حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ ۱/۳۸،

ص ا

صَابِرًا: (ن) صبر کرنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ ثابت قدم رہنے والا۔ صَبْرٌ سے اسم فاعل۔ ۶۹/۱۸، ۴۴/۳۸،

صٰبِرٰتِ: صبر کرنے والی (عورتیں)۔ واحد صَابِرَةٌ۔ ۳۵/۳۳،

صَابِرَةٌ: صبر کرنے والی، ثابت قدم رہنے والی، ۶۶/۸،

صَابِرُوْا: (ملا) تم صبر کے ساتھ جمے رہو۔ تم مضبوطی سے جمے رہو، مُصَابَرَةٌ سے امر ''اپنے آپ کو عبادت پر جمائے رکھنا اور اپنی خواہشات سے جہاد کرتے رہنا صبر ہے۔'' (المفردات ص ۲۷۴)۔ ۲۰۰/۳،

صٰبِرُوْنَ: صبر کرنے والے۔ ثابت قدم رہنے والے واحد صَابِرٌ۔ ۶۵/۸، ۸۰/۲۸، ۱۰/۳۹،

صٰبِرِيْنَ: صبر کرنے والے۔ ثابت قدم رہنے والے، ۱۵۳/۲، ۱۵۵/۲، ۱۷۷/۲، ۲۴۹/۲، ۱۷/۳، ۱۴۲/۳، ۱۴۶/۳، ۴۶/۸، ۶۶/۸، ۱۲۶/۱۶، ۸۵/۲۱، ۳۵/۲۲، ۳۵/۳۳، ۱۰۲/۳۷، ۳۱/۴۷

صٰبِئُوْنَ: فرقۂ صابی، بے دین، ایک ستارہ پرست قوم۔ واحد صَابِیٌ۔ ۶۹/۵،

صٰبِئِيْنَ: صابئین، بے دین، ستارہ پرست ۶۲/۲، ۱۷/۲۲،

صَاحِبٌ: (س) ہم مجلس، محبت رکھنے والا، ساتھی، صُحْبَةٌ سے اسم فاعل، جمع صَحَابَةٌ و اَصْحَابٌ۔ ۴۶/۳۴، ۴۸/۶۸،

صَاحِبِ الْحُوْتِ: مچھلی والا، مراد حضرت یونس علیہ السلام جنھیں مچھلی نے نگل لیا تھا۔ ۴۸/۶۸،

صَاحِبَةً: ساتھ رہنے والی۔ بیوی۔ ۳/۷۲

صَاحِبَةٌ: ساتھ رہنے والی۔ بیوی۔ جمع صَوَاحِبُ۔ ۱۰۱/۶،

صَاحِبَتِهٖ: اس کے ساتھ رہنے والی۔ اس کی بیوی۔ ۱۲/۷۰، ۳۶/۸۰،

صَاحِبُكُمْ: تمہارا ساتھی۔ تمہارا رفیق۔ ۴۶/۳۴،

صَاحِبُكُمْ: تمہارا ساتھی، تمہارا رفیق، ۲/۵۳، ۲۲/۸۱،

صَاحِبِهٖ: اس کا ساتھی۔ اس کا رفیق۔ ۴۰/۹، ۳۷/۱۸

صَاحِبُهٗ: اس کا ساتھی۔ اس کا رفیق۔ ۳۴/۱۸،

صَاحِبَهُمْ: ان کا ساتھی۔ ان کا رفیق۔ ۲۹/۵۴،

صَاحِبِهِمْ: ان کا ساتھی۔ ان کا رفیق۔ ۱۸۴/۷،

صَاحِبْهُمَا: (ف) ان دونوں کے ساتھ رہ، ان دونوں کی رفاقت کر، مُصَاحَبَةٌ سے امر، ۱۵/۳۱،

صَاحِبَيِ: دو ساتھی۔ دو رفیق، صَاحِبٌ کا تثنیہ، اصل میں صَاحِبَيْنِ تھا۔ اضافت کے سبب تثنیہ کا نون ساقط ہو گیا۔ ۳۹/۱۲، ۴۱/۱۲

صَاخَّةُ: (ن) بڑی سخت آواز، کان پھوڑ دینے والی آواز، بہرا کر دینے والی آواز، صَخٌّ سے اسم فاعل۔ جمع صَوَاخُّ۔ ۳۳/۸۰،

صَادِقٌ: (ن) سچا، صِدْقٌ سے اسم فاعل۔ ۵۴/۱۹،

صَادِقًا: سچا۔ ۲۸/۴۰،

صَادِقٌ: سچا۔ ۵/۵۱،

صٰدِقٰتِ: سچی عورتیں، سچ بولنے والیاں، صِدْقٌ سے اسم فاعل۔ واحد صَادِقَةٌ. ۳۵/۳۳،

صٰدِقُوْنَ: سچے مرد۔ سچ بولنے والے۔ ۱۴۶/۶، ۸۲/۱۲، ۶۴/۱۵، ۴۹/۲۷، ۱۵/۴۹، ۸/۵۹

صٰدِقِیْنَ: سچے مرد۔ سچ بولنے والے۔ ۲۳/۲، ۳۱/۲، ۹۴/۲، ۱۱۱/۲، ۱۷/۳، ۹۳/۳، ۱۶۸/۳، ۱۸۳/۳، ۱۱۹/۵، ۴۰/۶، ۱۴۳/۶، ۷۰/۷، ۱۰۶/۷، ۱۹۴/۷، ۱۱۹/۹، ۴۸/۱۰، ۱۳/۱۱، ۳۲/۱۱، ۱۷/۱۲، ۲۷/۱۲، ۵۱/۱۲، ۷/۱۵، ۳۸/۲۱، ۶/۲۴......۵۰ جگہ

صٰرِمِیْنَ: (ن) کاٹنے والے، (پھل) توڑنے والے، صَرْمٌ سے اسم فاعل۔ واحد صَارِمٌ. ۲۲/۶۸،

صٰعِقَةً: (ف) بجلی کی کڑک۔ سخت آواز۔ غضب، شدید عذاب۔ جمع صَوَاعِقُ. صَعِقٌ ایسی شدید آواز کو کہتے ہیں جس کو سننے والا بیہوش ہو جائے یا مر جائے، ہر مہلک عذاب کو بھی صاعقہ کہتے ہیں۔ ۱۳/۴۱،

صٰعِقَةِ: بجلی کی کڑک۔ سخت آواز۔ غضب۔ شدید عذاب۔ ۱۳/۴۱،

صٰعِقَةُ: بجلی کی کڑک۔ سخت آواز۔ غضب۔ شدید عذاب۔ ۵۵/۲، ۱۵۳/۴، ۱۷/۴۱، ۴۴/۵۱،

صٰغِرُوْنَ: (س،ک) بے عزت، ذلیل، خوار، صَغَارٌ سے اسم فاعل، واحد صَاغِرٌ. ۲۹/۹، ۳۷/۲۷

صٰغِرِیْنَ: بے عزت، ذلیل، خوار، ۱۳/۷، ۱۱۹/۷، ۳۲/۱۲

صٰٓفّٰتِ: (ن) صف بستہ (فرشتے)۔ پر باندھے ہوئے صَفٌّ سے اسم فاعل، واحد صَافَّةٌ ۱/۳۷،

صٰٓفّٰتٍ: صف بستہ، پر باندھے ہوئے۔ ۴۱/۲۴، ۱۹/۶۷،

صّٰفِنٰتُ: (ض) نہایت تیز رو گھوڑے، وہ گھوڑے جو تین پاؤں پر کھڑے ہوں اور چوتھے پاؤں کے سم کی نوک کو زمین پر ٹکانے والے ہوں، صُفُوْنٌ سے اسم فاعل۔ واحد صَافِنَةٌ. ۳۱/۳۸

صَآفُّوْنَ: صف بستہ، پر باندھے ہوئے۔ صَفٌّ سے اسم فاعل۔ واحد صَافٌّ. ۱۶۵/۳۷،

صَالِ: (ض) جانے والا۔ پہنچنے والا۔ صَلْیٌ سے اسم فاعل اصل میں صَالِیٌ تھا۔ آخر سے "ی" حذف ہوگئی۔ ۱۶۳/۳۷،

صٰلِحًا: حضرت صالح علیہ السلام۔ قوم ثمود کے جلیل القدر پیغمبر۔ ۷۳/۷، ۷۵/۷، ۶۱/۱۱، ۶۶/۱۱، ۴۵/۲۷،

صَالِحًا: نیک، اچھا، بھلا، صَلَاحٌ سے اسم فاعل، جمع صُلَحَاءُ. ۶۲/۲، ۶۹/۵، [illegible]/۷، [illegible]/۷، ۱۸۹/۷، ۱۰۲/۹، ۲۱/۱۱، ۶۶/۱۱، ۹۷/۱۶، ۸۲/۱۸، ۸۸/۱۸، ۱۱۰/۱۸، ۶۰/۱۹، ۸۲/۲۰، ۵۱/۲۳، ۱۰۰/۲۳، ۷۰/۲۵، ۷۱/۲۵، ۱۹/۲۷، ۴۵/۲۷، ۶۷/۲۸، ۸۰/۲۸، ۴۴/۳۰، ۱۲/۳۲، ۳۱/۳۳

صٰلِحٌ: حضرت صالح علیہ السلام۔ ۸۹/۱۱،

صَالِحٍ: نیک، اچھا، بھلا۔ ۴۶/۱۱،

صٰلِحُ: حضرت صالح علیہ السلام۔ ۷۷/۷، ۶۲/۱۱،

صَالِحُ: نیک، اچھا، بھلا۔ ۱۰/۳۵، ۴/۶۶،

صٰلِحٌ: حضرت صالح علیہ السلام۔ ۱۴۲/۲۶،

صَالِحٌ: نیک۔ اچھا۔ بھلا۔ ۱۲۰/۹،

صٰلِحٰتِ: نیک، اچھے کام، صَلَاحٌ سے اسم فاعل، واحد صَالِحَةٌ. ۲۵/۲، ۸۲/۲، ۲۷۷/۲، ۵۷/۳، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴، ۱۲۴/۴، ۱۷۳/۴، ۹/۵، ۹۳/۵، ۴۲/۷، ۹/۱۰، ۴/۱۰، ۱۱/۱۱، ۲۳/۱۱، ۲۹/۱۳، ۲۳/۱۴، ۹/۱۷، ۲/۱۸، ۱۰۷/۱۸، ۳۰/۱۸، ۹۶/۱۹، ۷۵/۲۰، ۱۱۲/۲۰، ۹۴/۲۱...... ۵۹ جگہ

صٰلِحٰتُ: نیکیاں۔ اچھے کام۔ ۴۶/۱۸، ۷۶/۱۹،

صٰلِحٰتُ: نیک عورتیں۔ ۳۴/۴

صٰلِحُونَ: نیک مرد۔ نیک لوگ۔ صَلَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۸/۷، ۱۰۵/۲۱، ۱۱/۷۲،

صٰلِحِینَ: نیک بندے، نیک لوگ۔ ۱۳۰/۲، ۳۹/۳، ۴۶/۳، ۱۱۴/۳، ۶۹/۴، ۸۴/۵، ۸۵/۶، ۱۹۶/۷، ۷۵/۹، ۹/۱۲، ۱۰۱/۱۲، ۱۲۲/۱۶، ۲۵/۱۷، ۷۲/۲۱، ۷۵/۲۱، ۸۶/۲۱، ۳۲/۲۴، ۸۳/۲۶، ۱۹/۲۷، ۲۷/۲۸، ۹/۲۹، ۲۷/۲۹، ۱۰۰/۳۷، ۱۱۲/۳۷، ۱۰/۶۳، ۵۰/۶۸،

صَالِحَینِ: دو نیک بندے۔ دو نیک آدمی۔ ۱۰/۶۶،

صَالُوا: (ض) آنے والے، داخل ہونے والے، صُلِیٌّ سے اسم فاعل، اصل میں "صَالُونَ" تھا اضافت کے سبب جمع کا نون حذف ہوگیا۔ ۵۹/۳۸، ۱۶/۸۳،

صٰمِتُونَ: (ن) خاموش رہنے والے۔ چپ رہنے والے، صَمْتٌ سے اسم فاعل، واحد صَامِتٌ۔ ۱۹۳/۷،

صٰٓئِمٰتِ: (ن) روزہ دار عورتیں، صَوْمٌ اور صِیَامٌ سے اسم فاعل۔ واحد صَائِمَةٌ۔ ۳۵/۳۳

صَآئِمِینَ: روزہ دار مرد۔ صَوْمٌ سے اسم فاعل۔ واحد صَائِمٌ۔ ۳۵/۳۳،

ص ب

صَبَّ: (ن) اس نے برسایا۔ اس نے اوپر سے ڈالا۔ صَبٌّ سے ماضی۔ ۱۳/۸۹،

صَبًّا: اوپر سے برسانا۔ اوپر سے ڈالنا۔ مصدر ہے۔ ۲۵/۸۰،

صَبَاحُ: صبح، دن کا ابتدائی حصہ، اسم ہے۔ ۱۷۷/۳۷،

صَبَّارٍ: (ن) بڑا صبر کرنے والا۔ بڑا تحمل کرنے والا، صَبْرٌ سے مبالغہ۔ ۵/۱۴، ۳۱/۳۱، ۱۹/۳۴، ۳۳/۴۲،

صَبَبْنَا: ہم نے اوپر سے ڈالا۔ ہم نے اوپر سے بہایا۔ صَبٌّ سے ماضی۔ ۲۵/۸۰،

صُبْحًا: صبح۔ فجر۔ جمع اَصْبَاحٌ۔ ۳/۱۰۰،

صُبْحِ: صبح۔ فجر۔ ۳۴/۷۴، ۱۸/۸۱،

صُبْحُ: صبح۔ فجر۔ ۸۱/۱۱،

صَبَّحَهُمْ: (تف) وہ صبح کے وقت ان پر آ پڑا۔ اس نے صبح کے وقت غارت کیا۔ تَصْبِیْحٌ سے ماضی۔ ۳۸/۵۴،

صَبْرًا: صبر۔ تحمل۔ سہنا۔ مصدر ہے۔ ۲۵۰/۲، ۱۲۶/۷، ۶۷/۱۸، ۷۲/۱۸، ۷۵/۱۸، ۷۸/۱۸، ۸۲/۱۸، ۵/۷۰،

صَبْرِ: صبر۔ تحمل۔ سہنا۔ ۴۵/۲، ۱۵۳/۲، ۱۷/۹۰، ۳/۱۰۳،

صَبْرٌ: صبر۔ تحمل۔ سہنا۔ ۱۸/۱۲، ۸۳/۱۲،

صَبَرَ: اس نے صبر کیا، اس نے تحمل کیا۔ وہ ٹھہرا رہا، صَبْرٌ سے ماضی۔ ۴۳/۴۲، ۳۵/۴۶،

صَبَرْتُمْ: تم نے صبر کیا۔ ۲۴/۱۳، ۱۲۶/۱۶،

صَبْرُكَ: تیرا صبر کرنا۔ ۱۲۷/۱۶،

صَبَرْنَا: ہم نے صبر کیا۔ ہم جمے رہے۔ ۲۱/۱۴، ۴۲/۲۵،

صَبَرُوا: انھوں نے صبر کیا۔ ۳۴/۶، ۱۳۷/۷، ۱۱/۱۱، ۲۲/۱۳، ۴۲/۱۶، ۹۶/۱۶، ۱۱۰/۱۶، ۱۱۱/۲۳، ۷۵/۲۵، ۵۴/۲۸، ۵۹/۲۹، ۲۴/۳۲، ۳۵/۴۱، ۵/۴۹، ۱۲/۷۶،

صِبْغٍ: (ف ض ن) سالن، روٹی ڈبونا، جمع صِبَاغٌ ۲۰/۲۳،

صِبْغَةَ: رنگ (مراد اللہ تعالیٰ کا دین) غوطہ دینا، جمع اَصْبَاغٌ۔ ۱۳۸/۲،

صِبْغَةً: رنگ (مراد اللہ کا دین) غوطہ دینا۔ ۱۳۸/۲،

صُبُّوا: (ن) وہ ڈالے گئے، وہ گرائے گئے، صَبٌّ سے ماضی مجہول۔ ۴۸/۴۴،

صَبِیًّا: بچہ، لڑکا، "وہ بچہ جو بلوغ کو نہ پہنچا ہو" (المفردات ص۲۷۴) جمع صِبْیَةٌ و صِبْیَانٌ۔ ۱۲/۱۹، ۲۹/۱۹،

ص ح

صِحَاف: رکابیاں، پلیٹیں، طباق، واحد صَحْفَةٌ ۷۱/۴۳

صُحُفًا: صحیفے، کتابیں۔ اوراق۔ واحد صَحِیفَةٌ ۵۲/۷۴، ۲/۹۸،

صُحُفِ: صحیفے۔ کتابیں۔ اوراق۔ ۱۳۳/۲۰، ۳۶/۵۳، ۱۸/۸۷، ۱۹/۸۷،

صُحُفُ: صحیفے۔ کتابیں۔ ۱۳/۸۰،

صُحُفٌ: صحیفے۔ کتابیں۔ ۱۰/۸۱،

ص خ

صَخْرَ: بڑے پتھر، سخت پتھر، واحد صَخْرَةٌ ۹/۸۹،

صَخْرَةِ: بڑا پتھر۔ سخت پتھر۔ جمع صَخْرٌ اور صُخُورٌ۔ ۶۳/۱۸،

صَخْرَةٍ: بڑا پتھر۔ ۱۶/۳۱،

ص د

صَدَّ: (ن) اس نے روکا۔ اس نے باز رکھا (بصلۂ عن) صَدٌّ اور صُدُودٌ سے ماضی۔ ۵۵/۴

صَدٌّ: (ن) روکنا۔ باز رکھنا۔ حائل ہونا۔ مصدر ہے۔ ۲۱۷/۲

صُدَّ: وہ روکا گیا۔ صَدٌّ سے ماضی مجہول۔ ۳۷/۴۰

صَدَدْتُّمْ: تم نے روکا۔ تم نے باز رکھا۔ ۹۴/۱۶،

صَدَدْنٰكُمْ: ہم نے تم کو روکا۔ ہم نے تم کو بند کیا۔ ۳۲/۳۴

صَدْرًا: سینہ۔ جمع صُدُوْرٌ۔ ۱۰۶/۱۶

صَدْرَكَ: تیرا سینہ۔ ۱/۹۴

صَدْرِكَ: تیرا سینہ۔ ۲/۷،

صَدْرُكَ: تیرا سینہ۔ ۱۲/۱۱، ۹۷/۱۵،

صَدْرَهٗ: اس کا سینہ۔ ۱۲۵/۶، ۲۲/۳۹،

صَدْرِیْ: میرا سینہ۔ ۲۵/۲۰

صَدْعِ: (ف) پھٹنا، شق ہونا، (مراد زمین سے کھیتی کا پھوٹ نکلنا) ظاہر ہونا، مصدر ہے۔ ۱۲/۸۶،

صَدَفَ: (ض) وہ پھرا، اس نے منہ موڑا، وہ کترایا، (بصلۂ عن)، صَدْفٌ سے ماضی۔ ۱۵۷/۶

صَدَفَیْنِ: پہاڑ کی دو پھانکیں۔ پہاڑ کے دونوں کنارے۔ دونوں پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ صَدَفٌ کا تثنیہ۔ ۹۶/۱۸،

صِدْقًا: صدق، سچائی، نیک نامی، مصدر ہے، ۱۱۵/۶،

صِدْقِ: صدق۔ سچائی۔ نیک نامی۔ ۳۲/۳۹، ۳۳/۳۹

صِدْقٍ: صدق۔ سچائی۔ نیک نامی۔ ۲/۱۰، ۹۳/۱۰، ۸۰/۱۷، ۵۰/۱۹، ۸۴/۲۶، ۵۵/۵۴،

صَدَقَ: (ن) اس نے سچ کہا، اس نے سچ کر دکھایا، صِدْقٌ سے ماضی۔ ۹۵/۳، ۲۲/۳۳، ۵۲/۳۶، ۲۷/۴۸،

صَدَّقَ: (تف) اس نے تصدیق کی۔ اس نے سچ کر دکھایا، تَصْدِیْقٌ سے ماضی۔ ۲۰/۳۴، ۳۷/۳۷، ۳۳/۳۹، ۳۱/۷۵، ۶/۹۲،

صَدَقٰتِ: صدقے۔ خیراتیں۔ زکوتیں۔ واحد صَدَقَةٌ۔ ۲۷۱/۲، ۲۷۶/۲، ۵۸/۹، ۷۹/۹، ۱۰۴/۹،

صَدَقٰتٍ: صدقے، خیراتیں، زکوتیں۔ ۱۳/۵۸،

صَدَقٰتُ: صدقے۔ خیراتیں۔ زکوتیں۔ ۶۰/۹

صَدَقٰتِكُمْ: تمہارے صدقے۔ تمہاری خیراتیں۔ ۲۶۴/۲،

صَدُقٰتِهِنَّ: ان عورتیں کے مہر، واحد صَدُقَةٌ۔ ۴/۴

صَدَقَتْ: اس (مؤنث) نے سچ کہا۔ وہ سچ بولی، صِدْقٌ سے ماضی۔ ۲۶/۱۲

صَدَقْتَ: تو نے سچ کہا، صِدْقٌ سے ماضی۔ ۲۷/۲۷،
صَدَّقْتَ: (تف) اس نے تصدیق کی۔ اس نے سچ مانا۔ تَصْدِيقٌ سے ماضی۔ ۱۲/۶۶،
صَدَّقْتَ: تو نے سچ کر دکھایا۔ تَصْدِيقٌ سے ماضی۔ ۱۰۵/۳۷،
صَدَقَةٌ: صدقہ۔ خیرات۔ زکوٰۃ۔ ۱۰۳/۹، ۱۲/۵۸،
صَدَقَةٍ: صدقہ، خیرات، زکوٰۃ، ۱۹۶/۲، ۲۶۳/۲، ۱۱۴/۴،
صَدَقْتَنَا: تو نے ہم کو سچ بتایا۔ ۱۱۳/۵،
صَدَقَكُمُ: اس نے تم کو سچ کر دکھایا۔ ۱۵۲/۳،
صَدَقَنَا: اس نے ہم کو سچ کر دکھایا۔ ۷۴/۳۹،
صَدَقْنٰهُمُ: ہم نے ان کو سچ کر دکھایا۔ ۹/۲۱،
صَدَقُوا: انھوں نے سچ کہا۔ ۱۷۷/۲، ۴۳/۹، ۳/۲۹، ۲۳/۳۳، ۲۱/۴۷،
صِدْقِهِمْ: ان کا سچ۔ ۸/۳۳، ۲۴/۳۳،
صِدْقُهُمْ: ان کا سچ۔ ۱۱۹/۵،
صَدُّوا: (ن) انھوں نے روکا۔ صَدٌّ سے ماضی۔ ۱۶۷/۴، ۹/۹، ۸۸/۱۶، ۱/۴۷، ۳۲/۴۷، ۳۴/۴۷، ۱۶/۵۸، ۲/۶۳،
صُدُّوا: وہ روکے گئے۔ صَدٌّ و صُدُودٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۳/۱۳،
صُدُودًا: (ن) رکنا۔ روگردانی کرنا۔ منہ موڑنا۔ مصدر ہے۔ ۶۱/۴،
صُدُورَ: سینے۔ واحد صَدْرٌ۔ ۱۴/۹،
صُدُورِ: سینے۔ ۱۱۹/۳، ۱۵۴/۳، ۷/۵، ۴۳/۸، ۵۷/۱۰، ۵/۱۱، ۴۶/۲۲، ۱۰/۲۹، ۴۹/۲۹، ۴۳/۳۱، ۳۸/۳۵، ۷/۳۹، ۲۴/۴۲، ۶/۵۷، ۴/۶۴، ۱۳/۶۷، ۱۰/۱۰۰، ۵/۱۱۴،
صُدُورُ: سینے۔ ۱۹/۴۰
صُدُورِكُمْ: تمہارے سینے، ۲۹/۳، ۱۵۴/۳، ۵۱/۱۷، ۸۰/۴۰،
صُدُورَهُمْ: ان کے سینے۔ ۵/۱۱،
صُدُورِهِمْ: ان کے سینے، ۴۳/۷، ۴۷/۱۵، ۵۶/۴۰، ۹/۵۹، ۱۳/۵۹،
صُدُورُهُمْ: ان کے سینے۔ ۱۱۸/۳، ۹۰/۴، ۴۳/۲۷، ۶۹/۲۸،
صَدُّوكُمْ: انھوں نے تمہیں روکا۔ ۲/۵، ۲۵/۴۸،
صَدَّهَا: اس نے اس (مؤنث) کو روکا۔ ۴۳/۲۷،
صَدَّهُمْ: اس نے ان کو روکا۔ ۲۴/۲۷، ۳۸/۲۹،
صَدِّهِمْ: ان کو روکنا۔ ۱۶۰/۴،
صَدِيدٍ: (ن) وہ پانی جو دوزخیوں کے خون اور کھالوں سے بہے گا اور اس میں پیپ اور خون ملا ہوا ہوگا، پیپ، کچلہو، چلانا، رونا، ۱۶/۱۴،
صَدِيقٍ: سچا۔ دوست۔ جمع اَصْدِقَاءُ۔ ۱۰۱/۲۶،
صِدِّيقًا: بہت سچا۔ "صدیق وہ ہے جس سے کثرت سے صدق ظاہر ہو اور جو کبھی جھوٹ نہ بولتا ہو" (المفردات ص ۲۷۷) صِدْقٌ سے مبالغہ۔ ۴۱/۱۹، ۵۶/۱۹،
صِدِّيقُ: بہت سچا۔ ۴۶/۱۲،
صِدِّيقَةٌ: سچی۔ ایمان والی۔ ۷۵/۵،
صَدِيقِكُمْ: تمہارا گہرا دوست۔ ۶۱/۲۴،
صِدِّيقُونَ: صدیق۔ سچے۔ ایمان والے۔ ۱۹/۵۷،
صِدِّيقِينَ: صدیق۔ سچے۔ ایمان والے۔ ۶۹/۴،

ص ر

صِرٌّ: سخت سردی۔ پالا۔ ٹھر۔ ۱۱۷/۳،
صِرَاطٌ: راستہ، راہ، اصل میں سِرَاطٌ ہے اس میں "س" کا "ص" سے اقلاب ہے تاکہ یہ اطباق میں "ط" کے مطابق ہو جائے۔ جمع صُرُطٌ۔ ۵/۱، ۶/۱، ۶۶/۳۶، ۱۱۸/۳۷،
صِرَاطًا: راستہ۔ راہ۔ ۶۸/۴، ۱۷۵/۴، ۴۳/۱۹، ۲/۴۸، ۲۰/۴۸،
صِرَاطِ: راستہ۔ راہ۔ ۱/۱۴، ۱۳۵/۲۰، ۲۴/۲۲، ۲۳/۳۷، ۶/۳۴،

۴۳/۳۷، ۲۲/۳۸، ۵۳/۴۲

صِــــرَاطِ: راستہ۔راہ۔ ۱۴۲/۲، ۲۱۳/۲، ۵۱/۳، ۱۰۱/۳، ۱۲/۵، ۳۹/۶، ۸۷/۶، ۱۶۱/۶، ۸۶/۷، ۲۵/۱۰، ۵۶/۱۱، ۷۶/۱۶، ۱۲۱/۱۶، ۵۴/۲۲، ۷۳/۲۳، ۴۶/۲۴، ۶۱/۳۶، ۵۲/۴۲، ۴۳/۴۳، ۲۲/۶۷

صِرَاطٌ: راستہ۔راہ۔ ۱۲۶/۶،

صِرَاطٌ: راستہ،راہ۔ ۵۱/۳، ۴۱/۱۵، ۳۶/۱۹، ۶۱/۳۶، ۶۱/۴۳، ۶۴/۴۳،

صِرَاطَكَ: تیراراستہ۔ ۱۶/۷،

صِرَاطِيْ: میراراستہ۔ ۱۵۳/۶،

صَرَّةٍ: چیخ۔فریاد۔شور۔حیرت۔صَرِیْرٌ و صِرٌّ سے۔ ۲۹/۵۱،

صَرْحَ: (ف)محل،بلند مکان۔برج۔ظاہر کرنا۔ جمع صُرُوْحٌ. ۴۴/۲۷،

صَرْحًا: محل۔بلند مکان۔برج۔ ۳۸/۲۸، ۳۶/۴۰،

صَرْحٌ: محل۔بلند مکان۔برج۔ ۴۴/۲۷،

صَرْصَرًا: تیز آندھی جس میں سخت آواز ہو،سخت ٹھنڈک،"صَــــرٌّ سے ہے جس کے معنی باندھنے کے ہیں اور یہ بھی بندش ہی کی طرف راجع ہے، کیونکہ ٹھنڈک میں جما دینے کی خاصیت ہے۔" (المفردات ص ۲۷۹) جمع صَرَاصِرُ. ۱۶/۴۱،

صَرْصَرٍ: نہایت تند و تیز آندھی،سخت ٹھنڈک ۶/۶۹،

صَرْعٰى: (ف) زمین پر گرے ہوئے۔بیہوش۔ صَرْعٌ سے فَعِیْلٌ کے وزن پر بمعنی مفعول ہے۔واحد صَرِیْعٌ. ۷/۶۹

صَرَفَ: (ض) اس نے پھیر دیا۔اس نے دور رکھا، صَرْفٌ سے ماضی۔ ۱۲۷/۹، ۳۴/۱۲

صَرْفًا: پھیرنا،ٹالنا،(صلہ عَنْ) مصدر ہے ۱۹/۲۵،

صُــرِفَتْ: وہ پھیری گئی۔صَرْفٌ سے ماضی مجہول۔ ۴۷/۷،

صَرَفَكُمْ: اس نے تم کو پھیر دیا۔اس نے تم کو دور رکھا۔ ۱۵۲/۳،

صَــرَفْنَا: ہم نے پھیرا۔ہم نے متوجہ کیا(صلہ اِلٰی) صَرْفٌ سے ماضی۔ ۲۹/۴۶،

صَــرَّفْــنَا: (تف) ہم نے طرح طرح سے بیان کیا۔ہم نے پھیر پھیر کر سمجھایا۔تَـصْرِیْفٌ سے ماضی۔"تَـصْـرِیْفٌ بھی صَـرْفٌ کی مانند ہے، البتہ تکثیر میں فرق ہے۔ تَـصْـرِیْفٌ کے معنی بہت پھیرنے کے ہیں اور صَــرْفٌ کے معنی صرف پھیرنے کے ہیں۔" (المفردات ص ۲۷۹)۔ ۴۱/۱۷، ۸۹/۱۷، ۵۴/۱۸، ۱۱۳/۲۰، ۲۷/۴۶،

صَرَّفْنٰهُ: ہم نے اس کو طرح طرح سے بیان کیا، ہم نے اس کو تقسیم کیا۔ ۵۰/۲۵،

صُرْهُنَّ: (ن) تو ان کو مانوس کر لے۔تو ان کو ہلا لے۔صَوْرٌ سے امر۔ ۲۶۰/۲،

صَرِيْخَ: (ف) مددگار۔فریادرس۔مصدر بھی ہے اور صُرَاخٌ سے صفت مشبہ۔ ۴۳/۳۶،

صَــرِيْمِ: (ن) کٹی ہوئی کھیتی۔ٹوٹا ہوا (پھل) صَرْمٌ سے مفعول کے معنی میں۔ ۲۰/۶۸،

ص ع

صَعَدًا: کٹھن،سخت،مشکل کام،المناک۔ ۱۷/۷۲،

صَعِقَ: (س) ان کے ہوش اُڑ جائیں گے،وہ بیہوش ہو جائیں گے۔صَعْقٌ سے ماضی۔ ۶۸/۳۹،

صَعِقًا: بیہوش۔صَعْقٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۴۳/۷،

صَعُوْدًا: (س) بڑی چڑھائی،دشوار گھاٹی،دوزخ

کے ایک پہاڑ کا نام۔ ۱۷/۲،

صَعِیْدًا: مٹی۔ خاک۔ زمین۔ صاف میدان۔ صُعُوْدٌ سے صفت مشبہ۔ ۴۳/۴، ۶/۵، ۸/۱۸، ۴۰/۱۸،

ص غ

صَغَارٌ: (س ک) خرابی۔ ذلت۔ خواری۔ مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ ۱۲۴/۶،

صَغَتْ: وہ جھک گئی۔ وہ مائل ہوگئی۔ صَغْوٌ اور صَغْیٌ سے ماضی۔ ۴/۶۶،

صَغِیْرًا: چھوٹا، صِغَرٌ سے صفت مشبہ جمع صِغَارٌ اور صُغَرَاءُ۔ ۲۸۲/۲، ۲۴/۱۷،

صَغِیْرٍ: چھوٹا۔ ۵۳/۵۴،

صَغِیْرَۃً: چھوٹی۔ صِغَرٌ سے صفت مشبہ جمع صَغَائِرُ۔ ۱۲۱/۹، ۴۹/۱۸،

ص ف

صَفَا: ایک مشہور پہاڑی کا نام جو مکہ معظمہ میں مسجد حرام کے پاس واقع ہے، واحد صَفَاۃٌ، ۱۵۸/۲،

صَفًّا: صف۔ قطار۔ مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ ۴۸/۱۸، ۶۴/۲۰، ۱/۳۷، ۴/۶۱، ۳۸/۷۸، ۲۲/۸۹،

صَفَحَ: (ف) درگزر کرنا۔ کنارہ کش ہونا۔ مصدر ہے۔ ۸۵/۱۵،

صَفْحًا: درگزر کرنا۔ کنارہ کش ہونا۔ ۵/۴۳،

صُفْرٌ: زرد، پیلا، صُفْرَۃٌ سے صفت مشبہ۔ واحد اَصْفَرُ۔ ۳۳/۷۷،

صَفْرَاءُ: زرد، پیلا، صُفْرَۃٌ سے صفت مشبہ، ۶۹/۲،

صَفْصَفًا: چٹیل میدان۔ ہموار میدان۔ جمع صَفَاصِفُ۔ ۱۰۶/۲۰،

صَفْوَانٍ: چکنا اور صاف پتھر۔ ہموار۔ واحد صَفْوَانَۃٌ۔ ۲۶۴/۲،

ص ك

صَکَّتْ: (ن) اس نے ہاتھ مارا۔ اس نے پیٹ لیا، صَکٌّ سے ماضی۔ ۲۹/۵۱،

ص ل

صَلِّ: (تف) تو نماز پڑھ۔ تو دعا دے۔ تَصْلِیَۃٌ سے امر۔ ۱۰۳/۹، ۲/۱۰۸،

صَلّٰی: اس نے نماز پڑھی۔ ۳۱/۷۵، ۱۵/۸۷،

صَلٰوۃَ: نماز۔ دعا۔ رحمت۔ ۳/۲، ۴۳/۲، ۸۳/۲، ۱۱۰/۲، ۱۷۷/۲، ۲۷۷/۲، ۴۳/۴، ۷۷/۴، ۱۰۲/۴، ۱۰۳/۴، ۱۶۲/۴، ۱۲/۵، ۵۵/۵، ۷۲/۶، ۱۷۰/۷، ۳/۸، ۵/۹، ۱۱/۹، ۱۸/۹، ۵۴/۹، ۷۱/۹، ۸۷/۱۰، ۱۱۴/۱۱، ۲۲/۱۳، ۳۱/۱۴، ۳۷/۱۴، ۴۰/۱۴، ۴۷ جگہ

صَلٰوۃِ: نماز، دعا، رحمت ۴۵/۲، ۱۵۳/۲، ۲۳۸/۲، ۱۰۱/۴، ۱۴۲/۴، ۶/۵، ۵۸/۵، ۹۱/۵، ۱۰۶/۵، ۳۰/۱۴، ۳۱/۱۹، ۵۵/۱۹، ۱۳۲/۲۰، ۷۳/۲۱، ۳۵/۲۲، ۷۸/۲۲، ۵۸/۲۴، ۹/۶۲،

صَلٰوۃُ: نماز۔ دعا۔ رحمت۔ ۱۰۰/۱۲،

صَلٰوۃِالْوُسْطٰی: درمیانی نماز۔ عصر کی نماز مراد ہے۔ ۲۳۸/۲،

صَلٰوتَكَ: تیری نماز۔ تیری دعا۔ ۱۰۳/۹،

صَلَاتِكَ: تیری نماز۔ تیری دعا۔ ۱۱۰/۱۷،

صَلٰوتُكَ: تیری نماز۔ تیری دعا۔ ۸۷/۱۱،

صَلَاتَهٗ: اس کی نماز۔ اس کی دعا۔ ۴۱/۲۴،

صَلَاتِهِمْ: ان کی نماز۔ ان کی دعا۔ ۹۲/۶، ۲/۲۳، ۲۳/۷۰، ۳۴/۷۰، ۵/۱۰۷،

صَلَاتُهُمْ: ان کی نماز۔ ان کی دعا۔ ۳۵/۸

صَلَاتِیْ: میری نماز۔ میری دعا۔ ۱۶۲/۶،

صُلْبِ: پیٹھ۔ کمر۔ جمع اَصْلَابٌ۔ ۷/۸۶،

صَلَبُوْهُ: (ض) انھوں نے اس کو سولی دی۔ انھوں نے اس کو پھانسی دی صَلْبٌ سے ماضی، ۱۵۷/۴،

صَلَحَ: (ن ف ک) وہ نیک ہوا، صَلَاحٌ و صُلُوْحٌ سے ماضی۔ ۲۳/۱۳، ۸/۴۰،

صُلْحًا: (مفا) صلح۔ میل۔ ملاپ۔ مُصَالَحَةٌ سے۔ ۱۲۸/۴،

صُلْحُ: صلح۔ میل ملاپ۔ ۱۲۸/۴،

صَلْدًا: (ض) صاف سپاٹ اور سخت پتھر جس پر کچھ نہ اُگے۔ جمع اَصْلَادٌ۔ ۲۶۴/۲،

صَلْصَالٍ: وہ خشک مٹی جو آگ میں نہ پکائی گئی ہو اور بجانے سے کھن کھن بولتی ہو۔ وہ خشک مٹی جو انگلی مارنے سے بجنے لگے جیسے پکی مٹی کے برتن، صَلْصَلَةٌ سے۔ ۲۶/۱۵، ۲۸/۱۵، ۳۳/۱۵، ۱۴/۵۵،

صَلُّوْا: (تف) تم درود بھیجو۔ تم رحمت بھیجو (بصلہٗ علیٰ) تَصْلِیَةٌ سے امر۔ ۵۶/۳۳،

صَلَوٰتِ: نمازیں، دعائیں، رحمتیں، واحد صَلوٰۃٌ ۲۳۸/۲، ۹۹/۹،

صَلَوٰتٌ: نمازیں۔ دعائیں۔ رحمتیں۔ یہود کے عبادت خانے۔ ۱۵۷/۲، ۴۰/۲۲،

صَلَوٰتِهِمْ: ان کی نمازیں ان کی دعائیں۔ ۹/۲۳،

صَلُّوْهُ: (تف) تم اس کو لے جاؤ۔ تم اس کو داخل کرو، تم اس کو ڈالو، تَصْلِیَةٌ سے امر۔ ۳۱/۶۹،

صِلِیًّا: (س) پہنچنا، داخل ہونا، داخل ہونے والے مصدر بھی ہے اور اسم فاعل بھی۔ واحد صَالٍ۔ ۷۰/۱۹،

ص م

صُمٌّ: (ن) بہرے، بہرا ہونا۔ واحد اَصَمُّ۔ ۴۲/۱۰، ۸۰/۲۷، ۵۲/۳۰، ۴۰/۴۳،

صُمًّا: بہرے۔ بہرا ہونا۔ ۹۷/۱۷، ۷۳/۲۵،

صُمُّ: بہرے۔ بہرا ہونا۔ ۲۲/۸، ۴۵/۲۱،

صُمٌّ: بہرے۔ بہرا ہونا۔ ۱۸/۲، ۱۷۱/۲، ۳۹/۶،

صَمَدُ: بے نیاز۔ بے احتیاج جو کھاتا پیتا نہ ہو (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام)۔ ۲/۱۱۲،

صَمُّوْا: (ف) وہ بہرے بن گئے۔ صَمٌّ صَمَمٌ سے ماضی۔ ۷۱/۵

ص ن

صُنْعَ: (ف) کاری گری۔ بنانا۔ کام کرنا۔ مصدر ہے۔ ۸۸/۲۷،

صُنْعًا: کاری گری۔ بنانا۔ کام کرنا۔ ۱۰۴/۱۸،

صَنْعَةَ: کاریگری، بنانا، کام کرنا، مصدر ہے، ۸۰/۲۱،

صَنَعُوْا: انھوں نے بنایا۔ انھوں نے کیا۔ صُنْعٌ سے ماضی۔ ۱۶/۱۱، ۳۱/۱۳، ۶۹/۲۰،

صِنْوَانٌ: ملے ہوئے۔ ایک جڑ والے۔ ایک جڑ سے نکلی ہوئی دو شاخیں۔ واحد صِنْوٌ۔ ۴/۱۳،

صِنْوَانٍ: ایک جڑ والے۔ ۴/۱۳،

ص و

صَوَابًا: ٹھیک بات۔ حق۔ درست۔ ۳۸/۷۸،

صُوَاعَ: پیالہ۔ بادشاہی پیمانہ، ایک برتن جس سے پیا بھی جاتا تھا اور ناپا بھی، اُسے صَاعٌ بھی کہتے تھے جمع صِیْعَانٌ۔ ۷۲/۱۲،

صَوَاعِقَ: کڑک، بجلیاں، واحد صَاعِقَةٌ. ۱۳/۱۳،

صَوَاعِقِ: کڑک۔ بجلیاں۔ ۱۹/۲،

صَوَآفَّ: صف بستہ۔ صف باندھنے والیاں۔ صَفٌّ سے اسم فاعل۔ واحد صَافَّةٌ. ۳۶/۲۲،

صَوَامِعُ: عیسائی راہبوں کے عبادت خانے۔ چھوٹے گرجے۔ واحد صَوْمَعَةٌ. ۴۰/۲۲،

صَوْتِ: آواز۔ آواز کرنا۔ مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ جمع اَصْوَاتٌ. ۲/۴۹،

صَوْتُ: آواز۔ ۱۹/۳۱،

صَوْتِكَ: تیری آواز، تیرا آواز کرنا۔ ۶۴/۱۷، ۱۹/۳۱،

صُوْرِ: صور۔ سینگ۔ ۷۳/۶، ۹۹/۱۸، ۱۰۲/۲۰، ۱۰۱/۲۳، ۸۷/۲۷، ۵۱/۳۶، ۶۸/۳۹، ۲۰/۵۰، ۱۳/۶۹، ۱۸/۷۸،

صُوْرَةٍ: صورت۔ شکل۔ چہرہ۔ ۸/۸۲،

صُوَرَكُمْ: تمہاری صورتیں۔ تمہاری شکلیں۔ واحد صُوْرَةٌ. ۶۴/۴۰، ۳/۶۴،

صَوَّرَكُمْ: (تف) اس نے تمہاری تصویر کھینچی، اس نے تمہاری شکل بنائی۔ تَصْوِيْرٌ سے ماضی ۶۴/۴۰، ۳/۶۴،

صَوَّرْنٰكُمْ: ہم نے تمہاری صورتیں (شکلیں) بنائیں۔ ۱۱/۷،

صَوْمًا: (ن) روزہ، روزہ رکھنا۔ مصدر ہے۔ ۲۶/۱۹،

ص ہ

صِهْرًا: سسرال، داماد، خسر، بہنوئی، جمع اَصْهَارٌ ۵۴/۲۵،

ص ی

صَيَاصِيْهِمْ: ان کے قلعے، ان کی پناہ گاہیں واحد صِيْصِيَةٌ اور صِيْصَةٌ. ۲۶/۳۳،

صِيَامَ: روزہ رکھنا۔ مصدر ہے۔ ۱۸۷/۲،

صِيَامًا: (ن) روزہ رکھنا۔ ۹۵/۵،

صِيَامِ: روزہ رکھنا۔ ۱۸۷/۲،

صِيَامٍ: روزہ رکھنا۔ ۱۹۶/۲،

صِيَامُ: روزہ رکھنا۔ ۱۸۳/۲، ۱۹۶/۲، ۹۲/۴، ۸۹/۵، ۴/۵۸،

صَيِّبٍ: زور کی بارش، برسنے والا بادل۔ صَوْبٌ سے مبالغہ۔ ۱۹/۲،

صَيْحَةَ: (ض) چیخ، کڑک، ہولناک آواز۔ مصدر ہے۔ ۴۲/۵۰،

صَيْحَةً: چیخ۔ کڑک۔ ہولناک آواز۔ ۲۹/۳۶، ۴۹/۳۶، ۵۳/۳۶، ۱۵/۳۸، ۳۱/۵۴،

صَيْحَةٍ: چیخ۔ کڑک۔ ہولناک آواز۔ ۴/۶۳،

صَيْحَةُ: چیخ۔ کڑک۔ ہولناک آواز۔ ۶۷/۱۱، ۹۴/۱۱، ۷۳/۱۵، ۸۳/۱۵،

صَيْدَ: شکار۔ شکار کرنا۔ مصدر ہے۔ ۹۵/۵،

صَيْدِ: شکار۔ شکار کرنا۔ ۱/۵، ۹۴/۵،

صَيْدُ: شکار۔ شکار کرنا۔ ۹۶/۵،

صَيْفِ: (ض) موسم گرما۔ جمع اَصْيَافٌ۔ ۲/۱۰۶،

بَابُ الضاد

ض ا

ضَاحِكًا: (س) ہنستے ہوئے۔ ضِحْكٌ سے اسم فاعل۔ ۱۹/۲۷،

ضَاحِكَةٌ: ہنستے ہوئے (مؤنث) خنداں۔ جمع ضَوَاحِكُ۔ ۳۹/۸۰

ضَآرِّهِمْ: (ن) ان کو ضرر پہنچانے والا، ان کو نقصان پہنچانے والا، ضَرٌّ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۵۸،

ضَآرِّيْنَ: ضرر پہنچانے والے، نقصان پہنچانے والے ضَرٌّ سے اسم فاعل، واحد ضَآرٌّ، ۱۰۲/۲،

ضَاقَ: (ض) وہ تنگ دل ہوا۔ وہ تنگ ہوا۔ ضَيْقٌ و ضِيْقٌ سے ماضی۔ ۷۷/۱۱، ۳۳/۲۹،

ضَاقَتْ: وہ تنگی کرنے لگی، وہ تنگ ہوگئی، ۲۵/۹، ۱۱۸/۹،

ضَآلًّا: (ض،س) گمراہ، ناواقف، بےخبر۔ ضَلَالٌ سے اسم فاعل۔ جمع ضُلَّالٌ۔ ۷/۹۳،

ضَآلُّوْنَ: گمراہ، راہ بھولے ہوئے، ضَلَالٌ سے اسم فاعل واحد ضَآلٌّ۔ ۹۰/۳، ۵۶/۱۵، ۵۱/۵۶، ۲۶/۶۸، ۳۲/۸۳،

ضَآلِّيْنَ: گمراہ۔ بھٹکے ہوئے۔ ۷/۱، ۱۹۸/۲، ۷۷/۶، ۱۰۶/۲۳، ۲۰/۲۶، ۸۶/۲۶، ۶۹/۳۷، ۹۲/۵۶،

ضَامِرٍ: (ن،ک) کمزور۔ (اونٹ یا سواری کا جانور) لاغر۔ دُبلا۔ ضُمْرَةٌ و ضُمُوْرٌ سے اسم فاعل۔ جمع ضُمَّرٌ۔ ۲۷/۲۲،

ضَآئِقٌ: تنگ ہونے والا۔ ضَيْقٌ و ضِيْقٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲/۱۱،

ض ب

ضَبْحًا: (ف) ہانپتے ہوئے (گھوڑے) ہنہناتے ہوئے۔ تیز دوڑنے کی حالت میں گھوڑے کا پیٹ سے آواز نکالنا۔ مصدر ہے۔ ۱/۱۰۰،

ض ح

ضُحٰى: دن کی روشنی۔ دن چڑھے۔ چاشت کا وقت۔ ۹۸/۷، ۵۹/۲۰،

ضُحٰى: دن کی روشنی۔ دن چڑھے۔ ۱/۹۳،

ضَحِكَتْ: (س) وہ ہنسی ضِحْكٌ سے ماضی، ۷۱/۱۱،

ضُحٰهَا: اس کی دھوپ۔ اس کی روشنی۔ اس کے دن چڑھے۔ ۲۹/۷۹، ۴۶/۷۹، ۱/۹۱،

ض د

ضِدًّا: مخالف۔ دشمن۔ جمع اَضْدَادٌ۔ واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ یہاں جمع کے معنی میں ہے۔ ۸۲/۱۹،

ض ر

ضَرًّا: (ن) ضرر، تکلیف۔ مصدر ہے۔ ۷۶/۵، ۱۸۸/۷، ۴۹/۱۰، ۱۲/۱۳، ۸۹/۲۰، ۳/۲۵، ۴۲/۳۴، ۱۱/۴۸، ۲۱/۷۲،

ضُرٌّ: (ن) ضرر۔ تکلیف۔ سختی۔ ۵۳/۱۶،

ضُرٍّ: ضرر۔ تکلیف۔ سختی۔ ۵۶/۱۷،

ضُرٍّ: ضرر۔ تکلیف۔ سختی۔ ۶۷/۹، ۱۲/۱۰، ۱۰۷/۱۰، ۸۳/۲۱، ۷۵/۲۳، ۲۳/۳۶، ۳۸/۳۹،

ضُرٌّ: ضرر، تکلیف۔ سختی۔ ۱۲/۱۰، ۸۸/۱۲، ۵۳/۱۶، ۶۷/۱۷، ۸۳/۲۱،

ضُرٌّ: ضرر۔ تکلیف۔ سختی۔ ۳۳/۳۰، ۸/۳۹، ۴۹/۳۹،

ضِرَارًا: (مفا) ضرر پہنچانا۔ ایذا دینا۔ تکلیف دینا۔ مصدر ہے۔ ۲۳۱/۲، ۱۰۷/۹،

ضَرَّاءَ: تکلیف۔ سختی۔ مصیبت۔ اسم ہے۔ ۲۱/۱۰، ۱۰/۱۱، ۵۰/۴۱،

ضَرَّآءِ: تکلیف، سختی، مصیبت، ۱۷۷/۲، ۱۳۴/۳، ۴۲/۶، ۹۴/۷،

ضَرَّآءُ: تکلیف۔ سختی۔ مصیبت۔ ۲۱۴/۲، ۹۵/۷،

ضَرْبَ: مارنا، چلنا، بصلہ فی مصدر بمعنی امر، ۴/۴۷،

ضَرْبًا: مارنا، بیان کرنا۔ (مثل) چلنا (بصلہ فی) ۲۷۳/۲، ۹۳/۳۷،

ضَرَبَ: اس نے بیان کیا۔ اس نے بتایا۔ اس نے ظاہر کیا۔ ضَرْبٌ سے ماضی۔ ۲۴/۱۴، ۷۵/۱۶، ۷۶/۱۶، ۱۱۲/۱۶، ۲۸/۳۰، ۷۸/۳۶، ۲۹/۳۹، ۱۷/۴۳، ۱۰/۶۶، ۱۱/۶۶،

ضُرِبَ: وہ بیان کیا گیا، وہ بتایا گیا، وہ قائم کیا جائے گا ضَرْبٌ سے ماضی مجہول، ۷۳/۲۲، ۵۷/۴۳، ۱۳/۵۷،

ضُرِبَتْ: وہ ڈال دی گئی۔ وہ ماردی گئی۔ ضَرْبٌ سے ماضی مجہول۔ ۶۱/۲، ۱۱۲/۳،

ضَرَبْتُمْ: تم نے سفر کیا، تم چلے، ۹۴/۴، ۱۰۱/۴، ۱۰۶/۵،

ضَرَبْنَا: ہم نے بتایا۔ ہم نے کہہ سنایا۔ ۴۵/۱۴، ۱۱/۱۸، ۳۹/۲۵، ۵۸/۳۰، ۲۷/۳۹،

ضَرَبُوْا: وہ چلے۔ انھوں نے سفر کیا۔ ۱۵۶/۳،

ضَرَبُوْا: انھوں نے بیان کیا۔ ۴۸/۱۷، ۹/۲۵،

ضَرَبُوْهُ: انھوں نے اس کو بیان کیا۔ ۵۸/۴۳،

ضَرَرِ: ضرر۔ نقصان۔ ۹۵/۴،

ضَرُّهٗ: اس کا ضرر۔ اس کا نقصان۔ ۱۳/۲۲،

ضُرَّهٗ: اس کی تکلیف۔ ۱۲/۱۰،

ضُرِّهٖ: اس کی تکلیف۔ ۳۸/۳۹،

ضَرِيْعٍ: خاردار جھاڑ۔ دوزخ کا ایک کانٹے دار درخت جو بہت کڑوا، بدبودار، اور آگ سے زیادہ گرم ہوگا۔ ۶/۸۸،

ض ع

ضِعٰفًا: ضعیف، ناتواں۔ واحد ضَعِیْفٌ۔ ۹/۴،

ضَعُفَ: (ک) وہ ضعیف ہوا۔ وہ کمزور ہوا۔ وہ ناتواں ہوا، ضُعْفٌ و ضَعْفٌ سے ماضی، ۷۳/۲۲،

ضَعْفًا: سستی۔ کمزوری۔ مصدر ہے۔ ۶۶/۸،

ضِعْفَ: دوگنا۔ دوچند۔ جمع اَضْعَافٌ۔ ۷۵/۱۷

ضِعْفًا: دوگنا۔ دوچند۔ ۳۸/۷، ۶۱/۳۸،

ضِعْفِ: دوگنا۔ دوچند۔ ۳۷/۳۴،

ضِعْفٌ: دوگنا۔ دوچند۔ ۳۸/۷،

ضُعْفًا: (ک) ضعف، ناتوانی، کمزوری، مصدر ہے ۵۴/۳۰،

ضُعْفٍ: ضعف، ناتوانی، کمزوری۔ ۵۴/۳۰،

ضُعَفَآءَ: ضعیف، کمزور، ناتواں، واحد ضعیف ۹۱/۹،

ضُعَفَآءُ: ضعیف، کمزور، ناتواں۔ ۲۶۶/۲،

ضُعَفٰٓؤُا: ضعیف، کمزور، ناتواں۔ ۲۱/۱۴، ۴۷/۴۰،

ضَعُفُوْا: وہ ضعیف ہوئے، وہ کمزور ہوئے، ۱۴۶/۳،

ضِعْفَيْنِ: دوگنا، دوچند، ضِعْفٌ کا تثنیہ۔ ۲۶۵/۲، ۳۰/۳۳، ۶۸/۳۳،

ضَعِيْفًا: ضعیف، سست، کمزور۔ ضُعْفٌ و ضَعْفٌ سے صفت مشبہ۔ ۲۸۲/۲، ۲۸/۴، ۷۶/۴، ۹۱/۱۱،

ض غ

ضِغْثًا: جھاڑو، سینکوں کا مٹھا، جمع اَضْغَاثٌ۔ ۴۴/۳۸،

ض ف

ضَفَادِعَ: (ش) مینڈک۔ واحد ضِفْدِعٌ و ضِفْدَعَةٌ۔ ۱۳۳/۷،

ض ل

ضَلَّ: وہ گمراہ ہوا۔ وہ بہکا۔ وہ بھٹکا۔ ضَلَالٌ سے ماضی۔ ۱۰۸/۲، ۱۱۶/۴، ۱۳۶/۴، ۱۲/۵، ۱۰۵/۵، ۲۴/۶، ۹۴/۶، ۳۷/۷، ۳۰/۱۰، ۱۰۸/۱۰، ۲۱/۱۱، ۸۷/۱۲، ۱۲۵/۱۶، ۱۵/۱۷، ۶۷/۱۷، ۱۰۴/۱۸، ۹۲/۲۷، ۷۵/۲۸، ۳۶/۳۳، ۷۴/۴۰، ۴۸/۴۱، ۲/۵۳، ۳۰/۵۳، ۱/۶۰، ۷/۶۸،

ضَلَالاً: (ض) گمراہی۔ بھٹکنا۔ گم ہو جانا۔ مصدر ہے۔ ۶۰/۴، ۱۱۶/۴، ۱۳۶/۴، ۱۶۷/۴، ۳۶/۳۳، ۲۴/۷۱،

ضَلَلٍ: گمراہی۔ بھٹکنا۔ گم ہو جانا۔ ۸/۳۴،

ضَلَلٍ: گمراہی۔ بھٹکنا۔ گم ہو جانا۔ ۱۱۶/۴، ۴۷/۹، ۶۰/۷، ۸/۱۲، ۳۰/۱۲، ۱۲/۱۳، ۳/۱۴، ۳۸/۱۹، ۵۴/۲۱، ۹۷/۲۶، ۸۵/۲۸، ۱۱/۳۱، ۲۴/۳۴، ۴۷/۳۶، ۲۲/۳۹، ۲۵/۴۰، ۵۰/۴۰، ۱۸/۴۲، ۳۰/۴۳، ۳۲/۴۶، ۲۷/۵۰، ۲۴/۵۴، ۴۷/۵۴، ۲/۶۲، ۹/۶۷، ۲۹/۶۷،

ضَلَلُ: گمراہی۔ بھٹکنا۔ گم ہو جانا۔ ۳۲/۱۰، ۱۸/۱۴، ۱۲/۲۲،

ضَلٰلَةَ: (ض) گمراہی۔ بہکنا۔ بھٹکنا۔ مصدر ہے۔ ۱۶/۲، ۱۷۵/۲، ۴۴/۴،

ضَلٰلَةِ: گمراہی۔ بہکنا۔ بھٹکنا۔ ۷۵/۱۹،

ضَلٰلَةُ: گمراہی۔ بہکنا۔ بھٹکنا۔ ۳۰/۷، ۳۶/۱۶،

ضَلٰلَةٌ: گمراہی۔ بہکنا۔ بھٹکنا۔ ۶۱/۷،

ضَلٰلِهِمْ: ان کی گمراہی۔ ان کا بھٹکنا۔ ۸۱/۲۷، ۵۳/۳۰،

ضَلٰلِكَ: تیری گمراہی، تیری غلطی، تیری خطا۔ ۹۵/۱۲،

ضَلَلْتُ: میں گمراہ ہوا۔ میں بھٹکا۔ ضَلَالٌ و ضَلَالَةٌ سے ماضی۔ ۵۶/۶، ۵۰/۳۴،

ضَلَلْنَا: ہم گمراہ ہوئے۔ ہم بھٹک گئے۔ ۱۰/۳۲،

ضَلُّوْا: وہ گمراہ ہوئے، وہ بھٹکے، ۱۶۷/۴، ۷۷/۵، ۱۴۰/۶، ۳۷/۷، ۱۴۹/۷، ۴۸/۱۷، ۹۲/۲۰، ۹/۲۵، ۱۷/۲۵، ۷۴/۴۰، ۲۸/۴۶،

ض ن

ضَنْكًا: (ک) تنگی، تنگ ہونا۔ مصدر ہے۔ ۱۲۴/۲۰،

ضَنِيْنٍ: (ض،س) کنجوسی کرنے والے۔ بخیل، ضَنٌّ سے صفت مشبہ۔ ۲۴/۸۱،

ض ء

ضَأْنِ: دنبہ۔ بھیڑ۔ واحد ضَائِنٌ۔ ۱۴۳/۶،

ض ی

ضِيَآءً: (ن) چمک، روشنی، اسم مصدر بھی ہے اور ضَوْءٌ کی جمع بھی۔ اصل میں ضِوَاءٌ ہے واؤ سے ماقبل پر کسرہ ہونے کی بنا پر واؤ کو "یا" سے بدل دیا گیا۔ ۵/۱۰، ۴۸/۲۱،

ضِيَآءٍ: چمک۔ روشنی۔ ۷۱/۲۸،

ضَيْرَ: (ض) ضرر۔ نقصان۔ ہرج۔ مصدر ہے ۵۰/۲۶،

ضِيْزٰى: (ض۔ف) بہت بھدی، بہت بے ڈھنگی، بہت ناقص۔ ضَيْزٌ سے اسم تفضیل۔ ۲۲/۵۳،

ضَيْفِ: (ض) مہمان۔ جمع اَضْيَاف و ضُيُوْفٌ۔ ۵۱/۱۵، ۲۴/۵۱،

ضَيْفِهٖ: اس کے مہمان۔ ۳۷/۵۴،

ضَيْفِيْ: میرے مہمان۔ ۷۸/۱۱، ۶۸/۱۵،

ضَيْقٍ: (ض) تنگ دل ہونا۔ تنگ ہونا۔ مصدر ہے۔ ۱۲۷/۱۶، ۷۰/۲۷،

ضَيِّقًا: تنگ۔ ضَيْقٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۲۵/۶، ۱۳/۲۵،

بَابُ طاء

ط ا

طَابَ: (ض) وہ پسند آیا، وہ بھلا معلوم ہوا، طِیْبٌ سے ماضی۔ ۳/۴

طَارِدِ: (ن) دور کرنے والا۔ نکالنے والا۔ ہانکنے والا۔ طَرْدٌ سے اسم فاعل۔ ۲۹/۱۱، ۱۱۴/۲۶،

طَارِقِ: (ن) رات میں نمودار ہونے والا (ستارہ) رات کو آنے والا، طُرُوْقٌ سے اسم فاعل، ۱/۸۶،

طَارِقُ: رات میں نمودار ہونے والا (ستارہ) رات کو آنے والا۔ ۲/۸۶،

طَاعَةٌ: (ن) اطاعت کرنا۔ فرمانبرداری۔ حکم ماننا۔ مصدر ہے۔ ۸۱/۴، ۵۳/۲۴، ۲۱/۴۷،

طَاعِمٍ: (س) کھانے والا، طَعْمٌ سے اسم فاعل، ۱۴۵/۶،

طَاغُوْتَ: شیطان۔ سرکش۔ نافرمان۔ جمع۔ طَوَاغِیْتُ. ۶۰/۵، ۳۶/۱۶، ۱۷/۳۹،

طَاغُوْتِ: شیطان۔ سرکش۔ نافرمان۔ ۲۵۶/۲، ۵۱/۴، ۶۰/۴، ۷۶/۴،

طَاغُوْتُ: شیطان۔ سرکش۔ نافرمان۔ ۲۵۷/۲،

طَاغُوْنَ: (س) شیطان، سرکش، نافرمان، طُغْیَانٌ سے اسم فاعل۔ واحد طَاغِیْ. ۵۳/۵۱، ۳۲/۵۲،

طَاغِیَةِ: زور کی آواز۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ طُغْیَانٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۶۹،

طٰغِیْنَ: شیطان، سرکش، نافرمان، ۳۰/۳۷، ۵۵/۳۸، ۳۱/۶۸،

طَاغِیْنَ: شیطان۔ سرکش۔ نافرمانی۔ ۲۲/۷۸،

طَافَ: اس نے طواف کیا۔ اس نے چکر کاٹا۔ وہ پھرا (بصلہ علیٰ) طَوْفٌ سے ماضی۔ ۱۹/۶۸،

طَاقَةَ: طاقت۔ قوت۔ ۲۴۹/۲، ۲۸۶/۲،

طَالَ: (ن ک) دراز ہوا۔ لمبا ہوا۔ طُوْلٌ سے ماضی۔ ۸۶/۲۰، ۴۴/۲۱، ۱۶/۵۷،

طَالِبُ: (ن) طالب۔ مانگنے والا۔ چاہنے والا۔ مراد خود ساختہ معبود۔ طَلَبٌ سے اسم فاعل، جمع طُلَّابٌ. ۷۳/۲۲،

طَالُوْتَ: بنی اسرائیل کے ایک بادشاہ کا نام جو حضرت داؤد علیہ السلام کے ابتدائی عہد میں گزرا۔ ۲۴۷/۲،

طَالُوْتُ: بنی اسرائیل کے ایک بادشاہ کا نام۔ ۲۴۹/۲،

طَآمَّةُ: (ن) آفت، ہنگامہ، قیامت۔ طَمٌّ سے اسم فاعل۔ ۳۴/۷۹،

طٰٓئِرٍ: پرندہ۔ اُڑنے والا۔ نحوست۔ تمہاری بدقسمتی۔ واحد طَیْرٌ۔ ۳۸/۶،

طٰٓئِرُکُمْ: تمہاری نحوست، تمہاری بدقسمتی، ۴۷/۲۷، ۱۹/۳۶،

طٰٓئِرَهٗ: اس کی نحوست، اس کی بری قسمت۔ ۱۳/۱۷،

طٰٓئِرُهُمْ: ان کی نحوست، ان کی بری قسمت، ۱۳۱/۷،

طَآئِعِیْنَ: اطاعت کرنے والے۔ خوشی سے کرنے والے۔ فرمانبردار۔ طَوْعٌ و طَاعَةٌ سے اسم فاعل۔ واحد طَائِعٌ. ۱۱/۴۱،

طَآئِفٌ: وسوسہ، پھر جانے والا۔ چکر لگانے والا (مراد عذاب) طَوْفٌ و طَوَافٌ سے اسم

فاعل ۔ ۲۰۱/۷،

طَآئِفٌ: وسوسہ، چکر لگانے والا، پھر جانے والا ۱۹/۶۸،

طَآئِفَةٌ: گروہ، جماعت۔ طَوْفٌ سے اسم فاعل جمع طَوَائِفُ. ۱۵۴/۳، ۴/۲۸،

طَآئِفَةٍ: گروہ، جماعت۔ ۶۶/۹، ۸۳/۹،

طَآئِفَةٌ: گروہ۔ جماعت۔ ۶۹/۳، ۷۲/۳، ۱۵۴/۳، ۸۱/۴، ۱۰۲/۴، ۱۱۳/۴، ۸۷/۷، ۱۲۲/۹، ۱۳/۳۳، ۲/۲۴، ۱۴/۶۱، ۲۰/۷۳،

طَآئِفَتٰنِ: دو گروہ، دو جماعتیں، دو فرقے، ۱۲۲/۳، ۹/۴۹،

طَآئِفَتَيْنِ: دو گروہ، دو جماعتیں، دو فرقے ۱۵۶/۶، ۷/۸

طَآئِفِيْنَ: طواف کرنے والے، گرد پھرنے والے، طَوْفٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۵/۲، ۲۶/۲۲،

ط ب

طِبَاقًا: (مفا) اوپر تلے، تہ بہ تہ، مصدر بمعنی صفت، ۳/۶۷، ۱۵/۷۱،

طِبْتُمْ: تم مزے میں رہے۔ تم خوشحال ہوئے۔ تم پاکیزہ ہوئے۔ طِيْبٌ سے ماضی۔ ۷۳/۳۹

طَبَعَ: (ف) اس نے مہر کی۔ اس نے بندش لگائی۔ طَبْعٌ سے ماضی۔ ۱۵۵/۴، ۹۳/۹، ۱۰۸/۱۶، ۱۶/۴۷،

طُبِعَ: مہر کردی گئی۔ بندش کردی گئی۔ طَبْعٌ سے ماضی مجہول۔ ۸۷/۹، ۳/۶۳

طَبَقًا: طبقہ، درجہ، حالت، منزل۔ یہاں وہ شدائد مراد ہیں جو قیامت کے دن واقع ہوں گے۔ جمع اَطْبَاقٌ. ۱۹/۸۴،

طَبَقٍ: طبقہ۔ درجہ، حالت، منزل۔ ۱۹/۸۴،

طِبْنَ: وہ خوشی سے دیں۔ وہ خوش دلی سے چھوڑیں۔ طِيْبٌ سے ماضی۔ ۴/۴،

ط ح

طَحٰهَا: (ف) اس نے اس کو بچھایا۔ اس نے اس کو پھیلایا۔ طَحْوٌ سے ماضی۔ ۶/۹۱،

ط ر

طَرَآئِقَ: طریقے۔ راہیں، فرقے، واحد طَرِيْقَةٌ. ۱۷/۲۳، ۱۱/۷۲،

طَرَدْتُّهُمْ: (ن) میں نے ان کو دور کر دیا۔ میں نے ان کو نکال دیا۔ طَرْدٌ سے ماضی۔ ۳۰/۱۱

طَرَفًا: ایک گروہ۔ ایک ٹکڑا۔ ایک حصہ۔ جمع اَطْرَافٌ. ۱۲۷/۳،

طَرْفِ: نظر۔ نگاہ۔ آنکھ۔ ہر چیز کا منتہی، آنکھ جھپکانا۔ پلک مارنا۔ ۴۸/۳۷، ۵۲/۳۸، ۵۶/۵۵،

طَرْفٍ: نظر۔ نگاہ۔ آنکھ جھپکانا۔ پلک مارنا۔ ۴۵/۴۲

طَرْفُكَ: تیری نگاہ، تیری نظر، تیرا پلک جھپکنا، ۴۰/۲۷،

طَرْفُهُمْ: ان کی نگاہ۔ ان کی نظر۔ ۴۳/۱۴،

طَرَفَيِ: دونوں طرف۔ دونوں کنارے۔ ۱۱۴/۱۱،

طَرِيًّا: تر و تازہ، طَرَاوَةٌ سے صفت مشبہ، ۱۴/۱۶، ۱۲/۳۵،

طَرِيْقَ: راہ۔ راستہ۔ جمع طُرُقٌ. ۱۶۹/۴،

طَرِيْقًا: راہ۔ راستہ۔ ۱۶۸/۴، ۷۷/۲۰،

طَرِيْقٍ: راہ۔ راستہ۔ ۳۰/۴۶

طَرِيْقَةً: طریقہ۔ روش۔ راہ۔ جمع طَرَائِقُ۔ ۱۰۴/۲۰،

طَرِيْقَةِ: طریقہ۔ روش۔ راہ۔ ۱۶/۷۲،

طَرِيْقَتِكُمُ: تمہارا طریقہ۔ تمہاری راہ۔ ۶۳/۲۰،

ط س

طٰسٓ: حروف مقطعات ہیں۔ ان کی مراد اللہ

تعالیٰ ہی کو معلوم ہے۔ ١/٢٧،

طٰسٓمٓ: حروفِ مقطعات ہیں۔ ١/٢٦، ١/٢٨،

ط ع

طَعَامَ: کھانا۔خوراک۔جمع اَطعِمَةٌ. ٥/٥، ٨/٢١، ٧/٢٥، ٢٠/٢٥، ٨/٧٦،

طَعَامًا: کھانا۔خوراک۔ ١٩/١٨، ١٣/٧٣،

طَعَامِ: کھانا۔خوراک۔ ٩٣/٣، ٣٣/٦٩، ١٨/٨٩، ٣/١٠٧،

طَعَامٍ: کھانا۔خوراک۔ ٦١/٢، ٥٣/٣٣،

طَعَامُ: کھانا۔خوراک۔ ١٨٤/٢، ٥/٥، ٩٥/٥، ٤٣/٤٤،

طَعَامٌ: کھانا۔خوراک۔ ٣٧/١٢، ٣٦/٦٩، ٦/٨٨،

طَعَامِكَ: تیرا کھانا۔تیری خوراک۔ ٢٥٩/٢،

طَعَامُكُمْ: تمہارا کھانا۔تمہاری خوراک۔ ٥/٥،

طَعَامِهٖ: اس کا کھانا۔اس کی خوراک۔ ٢٤/٨٠،

طَعَامُهٗ: اس کا کھانا۔اس کی خوراک۔ ٩٦/٥،

طَعِمْتُمْ: (س) تم نے کھالیا۔تم کھا چکے۔ طَعْمٌ سے ماضی۔ ٥٣/٣٣،

طَعِمُوْا: انھوں نے کھالیا۔وہ کھا چکے۔ ٩٣/٥،

طَعْمُهٗ: اس کا مزہ۔اس کا ذائقہ۔جمع طُعُوْمٌ. ١٥/٤٧،

طَعْنًا: (ن ف ض) طعنہ دینا۔عیب لگانا۔(بصلہ فی) مصدر ہے۔ ٤٦/٤،

طَعَنُوْا: انھوں نے طعنہ دیا۔انھوں نے عیب دیا۔ طَعْنٌ سے ماضی۔ ١٢/٩،

ط غ

طَغٰی: (ن س) وہ حد سے نکل گیا۔اس نے سرکشی کی۔ طُغْیَانٌ سے ماضی۔ ٢٤/٢٠، ٤٣/٢٠، ١٧/٥٣، ١٧/٧٩، ٣٧/٧٩

طَغَا: طغیانی۔سرکشی۔ ١١/٦٩،

طَغَوْا: انھوں نے سرکشی۔(نافرمانی) کی۔ ١١/٨٩،

طَغْوٰهَا: اس کی سرکشی۔اس کی شرارت۔ طَغْوٰ سے اسم مصدر۔ ١١/٩١،

طُغْیَانًا: (ف) سرکشی، نافرمانی۔مصدر ہے۔ ٦٤/٥، ٦٨/٥، ٦٠/١٧، ٨٠/١٨،

طُغْیَانِهِمْ: ان کی سرکشی۔ان کی گمراہی۔ ١٥/٢، ١١٠/٦، ١٨٦/٧، ١١/١٠، ٧٥/٢٣،

ط ف

طَفِقَ: (س) وہ کرنے لگا۔اس نے شروع کیا. طَفْقٌ و طُفُوْقٌ سے ماضی۔ ٣٣/٣٨،

طَفِقَا: وہ دونوں کرنے لگے۔ان دونوں نے شروع کیا۔ ٢٢/٧، ١٢١/٢٠،

طِفْلًا: لڑکا۔بچہ۔جمع اَطْفَالٌ. ٥/٢٢، ٦٧/٤٠،

طِفْلِ: لڑکا۔بچہ۔ ٣١/٢٤،

ط ل

طَلٌّ: شبنم۔اوس۔پھوار۔جمع طِلَالٌ و طِلَلٌ ٢٦٥/٢،

طَلَاقَ: (ن ک) طلاق۔جدائی۔رخصت کرنا۔ مصدر ہے ''اصل میں طلاق کے معنی بندش سے رہا کر دینے کے ہیں'' (المفردات ص ٣٠٦)۔ ٢٢٧/٢،

طَلَاقُ: طلاق، جدائی۔رخصت کرنا۔ ٢٢٩/٢،

طَلَبًا: (ن) طلب کرنا۔ڈھونڈنا۔تلاش کرنا۔ ٤١/١٨،

طَلْحٍ: کیلے، کیلے کا درخت، واحد طَلْحَةٌ ٢٩/٥٦،

طَلْعٌ: خوشہ۔گچھا۔کھجور کے درخت کا پہلا پھول وہ گابھا یا گچھا جو بعد میں خوشہ بنتا ہے۔

واحد طَلْعَةٌ. ۱۰/۵۰

طَلَعَتْ: (ن) وہ (آفتاب) طلوع ہوا۔ وہ چمکی۔ وہ (دھوپ) نکلی۔ طُلُوْعٌ سے ماضی۔ ۱۷/۱۸،

طَلْعِهَا: اس کا خوشہ، اس کا سر، اس کا پھل۔ ۹۹/۶،

طَلْعُهَا: اس کا خوشہ، اس کا سر۔ اس کا پھول۔ ۱۴۸/۲۶، ۶۵/۳۷،

طَلَّقْتُمُ: (تف) تم نے طلاق دی۔ تَطْلِيْقٌ سے ماضی۔ ۲۳۱/۲، ۲۳۲/۲، ۲۳۶/۲، ۱/۶۵،

طَلَّقْتُمُوْهُنَّ: تم نے ان عورتوں کو طلاق دی ۲۳۷/۲، ۴۹/۳۳،

طَلَّقَكُنَّ: اس نے تم (عورتوں) کو طلاق دی۔ ۵/۶۶،

طَلِّقُوْهُنَّ: تم ان عورتوں کو طلاق دو۔ تَطْلِيْقٌ سے امر۔ ۱/۶۵،

طَلَّقَهَا: اس نے اس عورت کو طلاق دی۔ ۲۳۰/۲،

طُلُوْعِ: (ن) طلوع ہونا، نکلنا، مصدر ہے، ۱۳۰/۲۰، ۳۹/۵۰،

ط م

طُمِسَتْ: (ض ن) وہ (ستارے) بے نور کر دیے گئے۔ وہ مٹا دیے گئے۔ طَمْسٌ سے ماضی مجہول۔ ۸/۷۷،

طَمَسْنَا: ہم نے بے نور کر دیا۔ ہم نے مٹا دیا۔ طَمْسٌ سے ماضی۔ ۶۶/۳۶، ۳۷/۵۴،

طَمَعًا: (س) طمع، لالچ، توقع، امید، مصدر ہے۔ ”کسی چیز کی خواہش کی بنا پر اس کی طرف جی للچانے کا نام طمع ہے“ (المفردات ص ۳۰۷) ۵۶/۷، ۱۲/۱۳، ۲۴/۳۰، ۱۶/۳۲

ط و

طُوًى: وادیٔ طوٰی۔ مقدس وادی جہاں حضرت موسٰیؑ کو رسالت ملی۔ ۱۲/۲۰، ۱۶/۷۹،

طَوّٰفُوْنَ: (ن) بہت پھرنے والے۔ بہت چکر کاٹنے والے۔ طَوْفٌ و طَوَافٌ سے مبالغہ۔ ۵۸/۲۴،

طُوْبٰى: (ض) خوشحالی۔ جنت کا ایک درخت ۲۹/۱۳،

طَوْدِ: (ن) پہاڑ، مراد یہ ہے کہ پانی کا ہر حصہ بڑے پہاڑ کی طرح کھڑا ہو گیا۔ جمع اَطْوَادٌ. ۶۳/۲۶،

طُوْرَ: طور سینا، پہاڑ، ہرا بھرا پہاڑ، ۶۳/۲، ۹۳/۲، ۱۵۴/۴،

طُوْرِ: کوہ طور۔ ۵۲/۱۹، ۸۰/۲۰، ۲۰/۲۳، ۲۹/۲۸، ۴۶/۲۸، ۱/۵۲، ۲/۹۵،

طَوْعًا: (ن س) اطاعت کرنا۔ فرمانبرداری کرنا۔ مصدر ہے۔ ۸۳/۳، ۵۳/۹، ۱۵/۱۳، ۱۱/۴۱،

طَوَّعَتْ: (تف) اس نے رغبت دلائی۔ اس نے آمادہ کیا۔ تَطْوِيْعٌ سے ماضی۔ ۳۰/۵،

طُوْفَانَ: طوفان۔ ”ہر وہ حادثہ جو انسان کو گھیر لے طوفان ہے۔“ (المفردات ص ۳۱۲) ۱۳۳/۷،

طُوْفَانُ: طوفان۔ ۱۴/۲۹،

طَوْلًا: (ک ن) وسعت، قدرت، مہر، مصدر ہے ۲۵/۴،

طَوْلِ: مال۔ دولت۔ مہر۔ وسعت۔ ۸۶/۹، ۳/۴۰،

طُوْلًا: (ک) طول، لمبائی، درازی، مصدر ہے، ۳۷/۱۷،

طَوِيْلًا: (ک) طویل، لمبا، دراز، طُوْلٌ سے اسم فاعل۔ جمع طِوَالٌ. ۷/۷۳، ۲۶/۷۶،

ط ہ

طٰهٰ: حروف مقطعات ہیں۔ ۱/۲۰،

طَهِّرْ: (تف) تو پاک رکھ، تَطْهِيْرٌ سے امر، ۲۶/۲۲، ۴/۷۴،

طَهِّرَا: تم دونوں پاک رکھو۔ ۱۲۵/۲،

طَهَّرَكِ: اس نے تجھ کو پاک کیا۔ یعنی گناہوں سے محفوظ رکھا۔ اس نے تجھ کو ستھرا کیا۔ ۴۲/۳،

طَهُوْرًا: پاک کرنے والا۔ مصدر بھی ہے اور اسم بھی۔ ۴۸/۲۵، ۲۱/۷۶،

ط ی

طَيّ: (ض) لپٹنا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۴/۲۱،

طَيِّبًا: پاکیزہ۔ ستھرا۔ حلال۔ طِيْبًا سے صفت مشبہ۔ ۱۶۸/۲، ۴۳/۴، ۲/۵، ۸۸/۵، ۶۹/۸، ۱۱۴/۱۶،

طَيِّب: پاکیزہ۔ ستھرا۔ حلال۔ ۱۷۹/۳، ۲/۴، ۳۷/۸، ۲۴/۲۲،

طَيِّبٌ: پاکیزہ۔ ستھرا۔ حلال۔ ۱۰۰/۵، ۵۸/۷، ۱۰/۳۵،

طَيِّبٰتِ: نفیس چیزیں۔ عمدہ چیزیں۔ پاک چیزیں۔ واحد طَيِّبَةٌ۔ ۵۷/۲، ۱۷۲/۲، ۲۶۷/۲، ۸۷/۵، ۳۲/۷، ۱۵۷/۷، ۱۶۰/۴، ۲۶/۸، ۹۳/۱۰، ۷۲/۱۶، ۷۰/۱۷، ۸۱/۲۰، ۵۱/۲۳، ۲۶/۲۴، ۶۴/۴۰، ۱۶/۴۵،

طَيِّبٰتٍ: نفیس چیزیں۔ پاک چیزیں۔ ۱۶۰/۴،

طَيِّبٰتُ: نفیس چیزیں۔ پاک چیزیں۔ ۴/۵، ۵/۵، ۲۶/۲۴،

طَيِّبٰتِكُمْ: تمہاری لذت کی چیزیں۔ تمہاری نعمتیں، تمہاری نیکیاں۔ ۲۰/۴۶،

طَيِّبَةً: پاکیزہ۔ عمدہ۔ اچھی۔ صفت مشبہ۔ جمع طَيِّبٰتٌ۔ ۳۸/۳، ۷۲/۹، ۲۴/۱۴، ۹۷/۱۶، ۶۱/۲۴، ۱۲/۶۱،

طَيِّبَةٍ: پاکیزہ۔ عمدہ۔ اچھی۔ ۲۲/۱۰، ۲۴/۱۴،

طَيِّبَةٌ: پاکیزہ۔ عمدہ۔ اچھی۔ ۱۵/۳۴،

طَيِّبُوْنَ: پاکیزہ لوگ، ستھرے مراد، واحد طَيِّبٌ۔ ۲۶/۲۴،

طَيِّبِيْنَ: پاکیزہ۔ ستھرے۔ واحد طَيِّبٌ۔ ۳۲/۱۶، ۲۶/۲۴،

طَيْر: (ض) پرندے۔ اڑنا۔ طَيَرَانٌ سے صفت مشبہ۔ واحد طَائِرٌ۔ ۷۹/۲۱، ۲۰/۲۷، ۱۰/۳۴، ۱۹/۳۸،

طَيْرًا: پرندے۔ اڑنا۔ ۴۹/۳، ۱۱۰/۵، ۳/۱۰۵،

طَيْرِ: پرندے۔ اڑنا۔ ۲۶۰/۲، ۴۹/۳، ۱۱۰/۵، ۷۹/۱۶، ۱۶/۲۷، ۱۷/۲۷، ۱۹/۶۷،

طَيْرٍ: پرندے۔ اڑنا۔ ۲۱/۵۶،

طَيْرُ: پرندے۔ اڑنا۔ ۳۶/۱۲، ۴۱/۱۲، ۳۱/۲۲، ۴۱/۲۴،

طِيْنًا: (ض) گارا۔ مٹی۔ خاک۔ لیپنا۔ ۶۱/۱۷،

طِيْنِ: گارا۔ مٹی۔ خاک۔ لیپنا۔ ۴۹/۳، ۱۱۰/۵، ۳۸/۲۸،

طِيْنٍ: گارا۔ مٹی۔ خاک۔ لیپنا۔ ۲/۶، ۱۲/۷، ۱۲/۲۳، ۷/۳۲، ۱۱/۳۷، ۷۶/۳۸، ۷۱/۳۸، ۳۳/۵۱،

بَابُ الظَّاء

ظ ا

ظَالِمِ: (ض) ظالم، بے رحم، بے انصاف۔ ظُلْمٌ سے اسم فاعل۔ جمع ظُلَّامٌ۔ ۷۵/۴

ظَالِمُ: ظالم۔ بے رحم۔ بے انصاف۔ ۲۷/۲۵

ظَالِمٌ: ظالم، بے رحم، بے انصاف، ۳۵/۱۸، ۳۲/۳۵، ۱۱۳/۳۷

ظَالِمَةُ: ظلم کرنے والی، نافرمانی کرنے والی۔ جمع ظَوَالِمُ۔ ۱۱/۲۱

ظَالِمَةٌ: ظلم کرنے والی۔ نافرمانی کرنے والی۔ ۱۰۲/۱۱، ۴۵/۲۲، ۴۸/۲۲

ظٰلِمُوْنَ: ظالم، بے رحم، بے انصاف۔ ۵۱/۲
۹۲/۲، ۲۲۹/۲، ۲۵۴/۲، ۹۴/۳، ۱۲۸/۳، ۴۵/۵، ۲۱/۶، ۴۷/۶
۹۳/۶، ۱۳۵/۶، ۲۳/۹، ۲۳/۱۲، ۷۹/۱۲، ۴۴/۱۴، ۱۱۳/۱۶، ۴۷/۱۷
۹۹/۱۷، ۳۸/۱۹، ۶۴/۲۱، ۱۰۷/۲۳، ۵۰/۲۴، ۸/۴۲، ۳۷/۲۸، ۵۹/۲۸
...... ۳۳ جگہ

ظَالِمِیْ: ظلم کرنے والے۔ بے رحم، بے انصاف، اصل میں ظٰلِمِیْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے جمع کا نون حذف ہوگیا۔ ۹۷/۴، ۲۸/۱۶

ظٰلِمِیْنَ: ظلم کرنے والے، بے رحم۔ ۳۵/۲، ۹۵/۲،
۱۲۴/۲، ۱۴۵/۲، ۱۹۳/۲، ۲۴۶/۲، ۲۵۸/۲، ۲۷۰/۲، ۵۷/۳
۸۶/۳، ۱۴۰/۳، ۱۵۱/۳، ۱۹۲/۳، ۲۹/۵، ۵۱/۵، ۷۲/۵، ۱۰۷/۵
۳۳/۶، ۵۲/۶، ۵۸/۶، ۶۸/۶، ۱۲۹/۶، ۱۴۴/۶، ۵/۷، ۱۹/۷
...... ۹۱ جگہ

ظَآنِّیْنَ: (ن) گمان کرنے والے۔ اٹکل چلانے والے، ظَنٌّ سے اسم فاعل، واحد ظَانٌّ ۶/۴۸

ظَاهِرَ: (ف) ظاہر۔ عیاں۔ کھلا۔ نظر آنے والا۔ ظُهُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۰/۶

ظَاهِرًا: ظاہر۔ عیاں۔ کھلا۔ ۲۲/۱۸، ۷/۳۰

ظَاهِرٍ: ظاہر۔ عیاں۔ کھلا۔ ۳۳/۱۳

ظَاهِرُ: ظاہر۔ عیاں۔ کھلا۔ ۳/۵۷

ظَاهِرَةً: ظاہر۔ کھلی، نظر آنے والی۔ جمع ظَوَاهِرُ۔ ۲۰/۳۱، ۱۸/۳۴

ظٰهَرُوْا: (مفا) انھوں نے مدد کی۔ انھوں نے پشت پناہی کی۔ مُظَاهَرَةٌ سے ماضی۔ ۹/۶۰

ظَاهَرُوْهُمْ: انھوں نے ان کی مدد کی۔ انھوں نے ان کی پشت پناہی کی۔ ۲۶/۳۳

ظَاهِرُهٗ: اس کا ظاہر۔ اس کے باہر کی طرف۔ ۱۳/۵۷

ظٰهِرِیْنَ: زبردست۔ غلبہ پانے والے۔ ظُهُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۹/۴۰، ۱۴/۶۱

ظ ع

ظَعْنِكُمْ: (ف) تمہارا سفر کرنا۔ تمہارا کوچ کرنا۔ مصدر ہے۔ ۸۰/۱۶

ظ ف

ظُفُرٍ: ناخن۔ جمع اَظْفَارٌ۔ "اس کا استعمال انسان اور غیر انسان دونوں کیلئے ہوتا ہے۔" (المفردات ص ۳۱۴)۔ ۱۴۶/۶

ظ ل

ظَلَّ: (ف س) وہ ہوگیا۔ وہ ہوجاتا ہے۔ ظَلٌّ و ظُلُوْلٌ سے ماضی۔ فعل ناقص۔ ۵۸/۱۶، ۱۷/۴۳،

ظِلًّا: سایہ۔ چھاؤں۔ جمع ظِلَالٌ۔ ۴۵/۲۵،

ظِلًّا: سایہ۔ چھاؤں۔ ۵۷/۴،

ظِلَّ: سایہ۔ چھاؤں۔ ۲۴/۲۸،

ظِلٍّ: سایہ۔ چھاؤں۔ ۳۰/۵۶، ۴۳/۵۶، ۳۰/۷۷،

ظِلُّ: سایہ۔ چھاؤں۔ ۲۱/۳۵،

ظِلٰلًا: سائے۔ واحد ظِلٌّ۔ ۸۱/۱۶،

ظِلٰلٍ: سائے۔ ۵۶/۳۶، ۴۱/۷۷،

ظِلٰلُهٗ: اس کے سائے۔ ۴۸/۱۶،

ظِلٰلُهَا: اس (مؤنث) کے سائے۔ ۱۴/۷۶،

ظِلٰلُهُمْ: ان کے سائے۔ ۱۵/۱۳،

ظَلَّامٍ: ظلم کرنے والے۔ ظُلْمٌ سے اسم منسوب، قرآن کریم میں یہ لفظ نسبت کے معنوں میں آیا ہے۔ مبالغہ کے معنوں میں نہیں۔ ۱۸۲/۳، ۵۱/۸، ۱۰/۲۲، ۴۶/۴۱، ۲۹/۵۰،

ظَلْتَ: تو ہوگیا۔ ظِلًّا و ظُلُوْلًا سے ماضی۔ یہاں دوام کے معنی مراد ہیں۔ اصل میں ظَلِلْتَ تھا۔ کسرہ اور دو لاموں کے ایک ساتھ جمع ہونے سے ثقالت پیدا ہوگئی اس لئے پہلے لام کو تخفیف کیلئے حذف کردیا گیا ۹۷/۲۰،

ظُلَّةٍ: ابر۔ عذاب کا بادل، جمع ظُلَلٌ و ظِلَلٌ، ۱۸۹/۲۶،

ظُلَّةٌ: ابر۔ عذاب کا بادل۔ ۱۷۱/۷،

ظَلْتُمْ: تم ہوگئے۔ ظُلُوْلٌ سے ماضی۔ یہ بھی اصل میں ظَلِلْتُمْ تھا۔ پہلے لام کو ثقالت کی بنا پر حذف کردیا گیا۔ ۶۵/۵۶،

ظُلَلٍ: سائبان۔ بادل۔ مراد عذاب الٰہی۔ واحد ظُلَّةٌ۔ ۲۱۰/۲،

ظُلَلٌ: سائبان۔ بادل۔ مراد عذاب الٰہی۔ ۱۶/۳۹،

ظُلَلٌ: سائبان، بادل، طبق، مراد عذاب الٰہی، ۳۲/۳۱،

ظَلَّلْنَا: (تف) ہم نے سایہ کیا۔ تَظْلِیْلٌ سے ماضی۔ ۵۷/۲، ۱۶۰/۷،

ظَلَمَ: (ض) اس نے ظلم کیا۔ اس نے ستم کیا۔ ظُلْمٌ سے ماضی۔ ۲۳۱/۲، ۸۷/۱۸، ۱۱/۲۷، ۱/۶۵،

ظُلْمَ: ظلم، ناانصافی۔ زبردستی۔ سرکشی۔ ۸۲/۶،

ظُلْمًا: ظلم، ناانصافی، زبردستی۔ ۱۰/۴، ۳۰/۴، ۱۱۱/۲۰، ۱۱۲/۲۰، ۴/۲۵، ۱۴/۲۷، ۵۱/۲۰،

ظُلْمٍ: ظلم، ناانصافی، زبردستی۔ ۱۶۰/۴، ۸۲/۶، ۱۳۱/۶، ۱۱۷/۱۱، ۲۵/۲۲،

ظُلْمٌ: ظلم، ناانصافی، زبردستی۔ ۱۳/۳۱،

ظُلِمَ: اس پر ظلم کیا گیا۔ اس کے ساتھ ناانصافی کی گئی۔ ظُلْمٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۴۸/۴،

ظُلُمٰتِ: اندھیرے، تاریکیاں، واحد ظُلْمَةٌ ۲۵۷/۲، ۱۶/۵، ۱/۶، ۳۹/۶، ۵۹/۶، ۶۳/۶، ۹۷/۶، ۱۲۲/۶، ۱/۱۴، ۵/۱۴، ۸۷/۲۱، ۶۳/۲۷، ۴۳/۳۳، ۹/۵۷، ۱۱/۶۵،

ظُلُمٰتٍ: اندھیرے۔ تاریکیاں۔ ۱۷/۲، ۴۰/۲۴، ۶/۳۹،

ظُلُمٰتُ: اندھیرے۔ تاریکیاں۔ ۱۶/۱۳، ۲۰/۳۵،

ظُلُمٰتٌ: اندھیرے۔ تاریکیاں۔ ۱۹/۲، ۴۰/۲۴،

ظَلَمَتْ: اس نے ظلم کیا۔ اس نے زیادتی کی۔ ظُلْمٌ سے ماضی۔ ۵۴/۱۰،

ظَلَمْتُ: میں نے ظلم کیا۔ میں نے ناانصافی کی ۱۶/۲۸، ۴۴/۲۷

ظَلَمْتُمْ: تم نے ظلم کیا۔ تم نے بےانصافی کی۔ ۵۴/۲، ۳۹/۴۳

ظَلَمَكَ: اس نے تجھ پر ظلم کیا۔ اس نے تجھ سے بے انصافی کی۔ ۲۳/۲۸،

ظَلَمْنَا: ہم نے ظلم کیا۔ ہم نے ناانصافی کی۔ ۲۳/۷،

ظَلَمْنٰهُمْ: ہم نے ان پر ظلم کیا۔ ہم نے ان پر زیادتی کی۔ ۱۰۱/۱۱، ۱۱۸/۱۶، ۷۶/۴۳،

ظَلَمُوْا: انھوں نے ظلم کیا۔ انھوں نے بے انصافی کی۔ ۵۹/۲، ۱۵۰/۲، ۱۶۵/۲، ۱۱۷/۳، ۱۳۵/۳، ۶۴/۴، ۱۶۸/۴، ۴۵/۶، ۱۰۳/۷، ۱۶۲/۷، ۱۶۵/۷، ۲۵/۸، ۱۳/۱۰، ۵۴/۱۰، ۳۷/۱۱، ۶۷/۱۱، ۹۴/۱۱، ۱۰۱/۱۱، ۱۱۳/۱۱، ۱۱۶/۱۱، ۴۴/۱۴، ۴۵/۱۴، ۸۵/۱۶، ۵۹/۱۸، ۳/۲۱...... ۴۳ جگہ

ظُلِمُوْا: ان پر ظلم کیا گیا۔ ان کے ساتھ بے انصافی کی گئی۔ ظُلْمٌ سے ماضی مجہول۔ ۴۱/۱۶، ۳۹/۲۲، ۲۲۷/۲۶،

ظَلَمُوْنَا: انھوں نے ہم پر ظلم کیا۔ ۵۷/۲، ۱۶۰/۷،

ظُلْمِهٖ: اس کا ظلم، اس کی زیادتی۔ ۳۹/۵، ۳۱/۴۲،

ظَلَمَهُمْ: اس نے ان پر ظلم کیا۔ ۱۱۷/۳، ۳۳/۱۶،

ظُلْمِهِمْ: ان کا ظلم، ان کی بے انصافی۔ ۶/۱۳، ۶۱/۱۶،

ظَلُّوْا: (ن س) وہ ہو گئے۔ ظَلٌّ سے ماضی۔ فعل ناقص۔ ۱۴/۱۵، ۵۱/۳۰،

ظَلُوْمًا: بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف۔ ظُلْمٌ سے مبالغہ۔ ۷۲/۳۳،

ظَلُوْمٌ: بڑا ظالم، بڑا بے انصاف۔ ۳۴/۱۴،

ظِلُّهَا: اس کا سایہ۔ یہاں جنت کا دائمی عیش و آرام مراد ہے۔ ۳۵/۱۳،

ظَلِيْلًا: گھنی چھاؤں۔ گھنا سایہ۔ جمع اَظِلَّةٌ۔ ۵۷/۴،

ظَلِيْلٍ: گھنی چھاؤں۔ گھنا سایہ۔ ۳۱/۷۷،

ظ م

ظَمَأٌ: (س) پیاسا ہونا۔ تشنگی۔ مصدر ہے۔ ۱۲۰/۹،

ظَمْاٰنُ: پیاسا۔ تشنہ۔ ظَمَأٌ سے صفت مشبہ۔ ۳۹/۲۴،

ظ ن

ظَنٌّ: (ن) گمان۔ خیال۔ اٹکل۔ یقین۔ مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع ظُنُوْنٌ۔ ۷۸/۲، ۱۱۶/۶، ۱۴۸/۶، ۳۶/۱۰، ۶۶/۱۰، ۶/۴۸، ۱۲/۴۸، ۲۳/۵۳، ۲۸/۵۳،

ظَنَّ: اس نے گمان کیا! اس نے جانا۔ ظَنٌّ سے ماضی۔ ۲۴/۱۰، ۴۲/۱۲، ۸۷/۲۱، ۱۲/۲۴، ۲۴/۳۸، ۲۸/۷۵، ۱۴/۸۴،

ظَنَّا: ان دونوں نے گمان کیا۔ ان دونوں نے جانا۔ ان دونوں نے خیال کیا۔ ۲۳۰/۲،

ظَنًّا: گمان۔ خیال۔ اٹکل۔ یقین۔ ۳۶/۱۰، ۳۲/۴۵،

ظَنِّ: گمان۔ خیال۔ اٹکل۔ ۱۵۷/۴، ۱۲/۴۹،

ظَنٍّ: گمان۔ خیال۔ اٹکل۔ ۶۰/۱۰، ۲۷/۳۸،

ظَنُّكُمْ: تمہارا گمان۔ تمہارا خیال۔ ۶/۴۸،

ظَنُّكُمْ: تمہارا گمان۔ ۲۳/۴۱،

ظَنَنَّا: ہم نے گمان کیا۔ ہم نے خیال کیا۔ ۵/۷۲، ۱۲/۷۲،

ظَنَنْتُ: میں نے یقین کیا۔ میں نے جانا۔ ۲۰/۶۹،

ظَنَنْتُمْ: تم نے گمان کیا۔ تم نے خیال کیا۔ تم نے جانا۔ ۲۲/۴۱، ۲۳/۴۱، ۱۲/۴۸، ۲/۵۹، ۷/۷۲،

ظَنُّوْا: انھوں نے یقین کیا! انھوں نے جانا۔ ۱۷۱/۷، ۱۱۸/۹، ۲۲/۱۰، ۱۱۰/۱۲، ۵۳/۱۸، ۳۹/۲۸، ۴۸/۴۱، ۲/۵۹، ۷/۷۲،

ظُنُوْنَا: طرح طرح کے گمان۔ طرح طرح کے خیال۔ واحد ظَنٌّ۔ ۱۰/۳۳،

ظَنُّهٗ: اس کا گمان۔ اس کا اندیشہ۔ ۲۰/۳۴،

ظ ہ

ظَهَرَ: (ف) وہ ظاہر ہوا۔ وہ عیاں ہوا۔ وہ کھلا۔ ظُہُورٌ سے ماضی۔ ۴۱/۳۰، ۱۵۱/۶، ۳۳/۷، ۴۸/۹، ۳۱/۲۴

ظَهْرَكَ: (ن) تیری پیٹھ، تیری پشت، جمع ظُهُورٌ، ظُهْرَانٌ اور اَظْهُرٌ۔ ۳/۹۴

ظَهْرِهٖ: اس کی پیٹھ، اس کی پشت۔ ۳۳/۴۲، ۱۰/۸۴

ظَهْرِهَا: اس (مؤنث) کی پیٹھ، اس کی پشت ۴۵/۳۵

ظِهْرِيًّا: فراموش کیا ہوا۔ پس پشت ڈالا ہوا۔ جمع ظَهَارِیّ۔ ۹۲/۱۱

ظُهُوْرِكُمْ: تمہاری پیٹھیں، تمہاری پشتیں، واحد ظَهْرٌ۔ ۹۴/۶

ظُهُوْرِهٖ: اس کی پیٹھیں۔ اس کی پشتیں۔ ۱۳/۴۳

ظُهُوْرِهَا: اس (مؤنث) کی پیٹھیں۔ اس کی پشتیں۔ ۱۸۹/۲

ظُهُوْرُهَا: اس (مؤنث) کی پیٹھیں۔ اس کی پشتیں۔ ۱۳۸/۶

ظُهُوْرِهِمْ: ان کی پیٹھیں۔ ان کی پشتیں۔ ۱۰۱/۲، ۱۸۷/۳، ۳۱/۶، ۱۷۲/۷، ۳۹/۲۱

ظُهُوْرُهُمْ: ان کی پیٹھیں۔ ان کی پشتیں۔ ۳۵/۹

ظُهُوْرُهُمَا: ان دونوں کی پیٹھیں۔ ان دونوں کی پشتیں۔ ۱۴۶/۶

ظَهِيْرًا: پشت پناہی کرنے والا۔ مددگار۔ ظَهْرٌ سے فاعل کے معنی میں صفت مشبہ۔ ۸۸/۱۷، ۵۵/۲۵، ۱۷/۲۸، ۸۶/۲۸

ظَهِيْرٍ: پشت پناہی کرنے والا۔ مددگار۔ ۲۲/۳۴

ظَهِيْرٌ: پشت پناہی کرنے والا۔ مددگار۔ ۴/۶۶

ظَهِيْرَةِ: دوپہر۔ وقت ظہر۔ جمع ظَهَائِرٌ۔ ۵۸/۲۴

﴿بابُ العَینْ﴾

ع ا

عَابِدٌ: (ن) عبادت کرنے والا۔ بندگی کرنے والا، عِبَادَةٌ سے اسم فاعل۔ جمع عُبَّادٌ۔ ۳/۱۰۹،

عٰبِدٰتٍ: عبادت کرنے والیاں، بندگی کرنے والیاں، عِبَادَةٌ سے اسم فاعل، واحد عَابِدَةٌ۔ ۵/۶۶،

عٰبِدُوْنَ: عبادت کرنے والے۔ بندگی کرنے والے۔ ۱۳۸/۲، ۱۱۲/۹، ۴۷/۲۳، ۳/۱۰۹، ۵/۱۰۹،

عٰبِدِیْنَ: عبادت کرنے والے۔ بندگی کرنے والے۔ ۵۳/۲۱، ۷۳/۲۱، ۸۴/۲۱، ۱۰۶/۲۱، ۸۱/۴۳،

عَابِرِیْ: (ن) عبور کرنے والے۔ گزرنے والے۔ مسافر۔ عُبُوْرٌ سے اسم فاعل۔ اصل میں عَابِرِیْنَ تھا اضافت کی وجہ سے جمع کا نون حذف ہوگیا۔ ۴۳/۴،

عَاتِیَۃٍ: (ن) تیز۔ نافرمان۔ سرکش۔ حد سے نکل جانے والی۔ عُتُوٌّ سے اسم فاعل۔ ۶/۶۹،

عَاجِلَۃَ: (س) جلد ملنے والی چیز۔ یہاں دنیا کی خوشحالی مراد ہے۔ عَجَلٌ و عَجَلَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۱۸/۱۷، ۲۰/۷۵، ۲۷/۷۶،

مَحْسُوْرًا: (ن،ض) پچھتایا ہوا۔ حسرت زدہ۔ عاجز۔ حَسْرٌ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۱۷،

مَحْشُوْرَةً: (ن،ض) جمع کی ہوئی، اکٹھی کی ہوئی، حَشْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹/۳۸،

مُحْصَنٰتِ: (اف) پاک دامن عورتیں۔ شوہروالی عورتیں۔ مسلمان عورتیں۔ آزاد عورتیں۔ اِحْصَانٌ سے اسم مفعول۔ ۲۵/۴، ۴/۲۴، ۲۳/۲۴،

مُحْصَنٰتِ: پاک دامن عورتیں۔ شوہروالی عورتیں۔ ۲۵/۴،

مُحْصَنٰتُ: پاک دامن عورتیں۔ شوہروالی عورتیں۔ ۲۴/۴، ۵/۵،

مُحَصَّنَةٍ: (تف) قلعہ بند، محفوظ۔ تَحْصِیْنٌ سے اسم مفعول۔ ۱۴/۵۹،

مُحْصِنِیْنَ: (اف) بیویوں والے۔ اِحْصَانٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۴، ۵/۵،

مُحْضَرًا: (اف) حاضر کیا ہوا، سامنے لایا ہوا۔ اِحْضَارٌ سے اسم مفعول۔ ۳۰/۳،

مُحْضَرُوْنَ: حاضر کیے ہوئے۔ سامنے لائے ہوئے ۱۶/۳۰، ۳۸/۳۴، ۳۲/۳۶، ۵۳/۳۶، ۷۵/۳۶، ۱۲۷/۳۷، ۱۵۸/۳۷،

مُحْضَرِیْنَ: حاضر کیے ہوئے۔ سامنے لائے ہوئے۔ ۶۱/۲۸، ۵۷/۳۷،

مَحْظُوْرًا: (ن) بند کی ہوئی، روکی ہوئی۔ حَظْرٌ سے اسم مفعول۔ ۲۰/۱۷،

مَحْفُوْظًا: (س) محفوظ، حفاظت کیا ہوا۔ حِفْظٌ سے اسم مفعول۔ ۳۲/۲۱،

مَحْفُوْظٍ: محفوظ، حفاظت کیا ہوا۔ ۲۲/۸۵،

مُحْكَمٰتٌ: (اف) محکم یعنی صاف صاف معنوں والی، واضح۔ اِحْكَامٌ سے اسم مفعول، واحد مُحْكَمَةٌ ۷/۳،

مُحْكَمَةٌ: صاف صاف مضمون والی، واضح، ۲۰/۴۷،

مُحَلِّقِیْنَ: (تف) بال منڈوانے والے، سر منڈوانے والے۔ تَحْلِیْقٌ سے اسم فاعل، واحد مُحَلِّقٌ ۲۷/۴۸،

مَحِلَّهُ: (ض) اس (قربانی) کے حلال ہونے کی جگہ، اس کی قربان گاہ، مراد حدود منیٰ۔ حِلٌّ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۹۶/۲، ۲۵/۴۸،

مَحِلُّهَا: اس کا ذبح کرنے کا مقام، اس کی قربان گاہ، یعنی حدود حرم۔ ۳۳/۲۲،

مُحِلِّي: (اف) حلال سمجھنے والے، حلال قرار دینے والے۔ اِحْلَالٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُحِلِّیْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون حذف ہو گیا، واحد مُحِلٌّ ۱/۵،

مُحَمَّدٍ: (تف) تعریف کیا ہوا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔ آپ سے پہلے اس نام سے کوئی موسوم نہیں ہوا۔ "وہ شخص جس کے اندر بکثرت خصائل حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ ہوں" (المفردات/ ۱۳۱) تَحْمِیْدٌ سے اسم مفعول۔ ۲/۴۷،

مُحَمَّدٌ: تعریف کیا ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔ ۱۴۴/۳، ۴۰/۳۳، ۲۹/۴۸،

مَحْمُوْدًا: (س) تعریف کیا ہوا۔ حَمْدٌ و مَحْمِدٌ سے اسم مفعول۔ ۷۹/۱۷،

مَحَوْنَا: (ن) ہم نے محو کر دی، ہم نے مٹا دی۔ مَحْوٌ سے ماضی۔ ۱۲/۱۷،

مُحْیِي: (اف) حیات دینے والا، زندہ کرنے

والا۔ اِحْیَاءٌ سے اسم فاعل ۔ ۵/۳۰، ۳۹/۴۱

مَحْیَاهُمْ: (س) ان کی حیات، ان کی زندگی حَیٰوۃٌ سے مصدر میمی۔ ۲۱/۴۵

مَحْیَایَ: میری حیات، میری زندگی۔ ۱۶۲/۶

مَحِیْصًا: (ض) پناہ گاہ، بھاگنے کی جگہ۔ حَیْصٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۲۱/۴

مَحِیْصٍ: پناہ گاہ، بھاگنے کی جگہ۔ ۲۱/۱۴، ۴۸/۴۱، ۳۵/۴۲، ۳۶/۵۰

مَحِیْضِ: (ض) حیض کا آنا، حیض کا مقام، حیض کا زمانہ۔ حَیْضٌ سے مصدر بھی ہے اور اسم ظرف زمان و مکان بھی۔ ۲۲۲/۲، ۴/۶۵

مُحِیْطًا: (اف) احاطہ کرنے والا، ہر طرف سے گھیرنے والا اِحَاطَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۸/۴، ۱۲۶/۴

مُحِیْطٍ: احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا۔ ۸۴/۱۱

مُحِیْطٌ: احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا۔ ۱۹/۲، ۱۲۰/۳، ۴۷/۸، ۹۲/۱۱، ۵۴/۴۱، ۲۰/۸۵

مُحِیْطَۃٌ: احاطہ کرنے والی، گھیرنے والی۔ ۴۹/۹، ۵۴/۲۹

م خ

مَخَاضُ: (ف،س) دردِ زہ ہونا، دردِ ولادت، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۲۳/۱۹

مُخْبِتِیْنَ: (اف) عاجزی کرنے والے۔ خشوع کرنے والے۔ اِخْبَاتٌ سے اسم فاعل، واحد مُخْبِتٌ۔ ۳۴/۲۲

مُخْتَالًا: (افت) تکبر کرنے والا، مغرور۔ اِخْتِیَالٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۴

مُخْتَالٍ: تکبر کرنے والا، غرور کرنے والا، ۱۸/۳۱، ۲۳/۵۷

مُخْتَلِفًا: (افت) مختلف، جدا جدا۔ اِخْتِلَافٌ سے اسم فاعل۔ ۱۴۱/۶، ۱۳/۱۶، ۲۷/۳۵، ۲۱/۳۹

مُخْتَلِفٍ: مختلف، جدا جدا، متفرق۔ ۸/۵۱

مُخْتَلِفٌ: مختلف، جدا جدا، متفرق۔ ۶۹/۱۶، ۲۷/۳۵، ۲۸/۳۵

مُخْتَلِفُوْنَ: اختلاف کرنے والے۔ ۳/۷۸

مُخْتَلِفِیْنَ: اختلاف کرنے والے، مراد دین میں اختلاف کرنے والے۔ ۱۱۸/۱۱

مَخْتُوْمٍ: (مفا) مہر لگی ہوئی، مہر زدہ۔ خَتْمٌ سے اسم مفعول۔ ۲۵/۸۳

مَخْذُوْلًا: (ن) بے بس، بے یار و مددگار۔ خَذْلٌ وخِذْلَانٌ سے اسم مفعول۔ ۲۲/۱۷

مُخْرَجَ: (اف) خارج کیا ہوا، ظاہر کیا ہوا۔ اِخْرَاجٌ سے اسم مفعول و مصدر میمی ۸۰/۱۷

مَخْرَجًا: (ن) خارج ہونے کی جگہ، نکلنے کی جگہ۔ خُرُوْجٌ سے اسم ظرف مکان ۲/۶۵

مُخْرِجٌ: (اف) خارج کرنے والا، ظاہر کرنے والا۔ اِخْرَاجٌ سے اسم فاعل ۹۵/۶

مُخْرِجٌ: خارج کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ ۷۲/۲، ۶۴/۹

مُخْرَجُوْنَ: (اف) خارج کئے ہوئے، نکالے ہوئے، اِخْرَاجٌ سے اسم مفعول ۳۵/۲۳، ۶۷/۲۷

مُخْرِجِیْنَ: خارج کئے ہوئے، نکالے ہوئے ۳۸/۱۵، ۱۶۷/۲۶

مُخْزِی: (اف) رسوا کرنے والا، ذلیل کرنے والا، اِخْزَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۹

مُخْسِرِیْنَ: (اف) خسارہ دینے والے، نقصان دینے والے، اِخْسَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُخْسِرٌ۔ ۱۸۱/۲۶

مُخْضَرَّۃً: (افعلا) سرسبز، سیاہی مائل سبز۔ اِخْضِرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲/۶۳

مَخْضُوْدٍ: (ن) بغیر کانٹے کا، کانٹا دور کیا ہوا۔ خَضْدٌ سے اسم مفعول۔ ۵۶/۲۸

مُخَلَّدُوْنَ: (تف) کسی چیز کا ہمیشہ رہنا۔ تَخْلِیْدٌ سے اسم مفعول۔ ۵۶/۱۷، ۷۶/۱۹

مُخْلَصًا: (اف) خالص کیا ہوا، ممتاز۔ اِخْلَاصٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹/۵۱

مُخْلِصًا: خالص کرنے والا، خاص کرنے والا۔ اِخْلَاصٌ سے اسم فاعل۔ ۳۹/۲، ۳۹/۱۱، ۳۹/۱۴

مُخْلِصُوْنَ: خالص کرنے والے، خاص کرنے والے۔ ۲/۱۳۹

مُخْلَصِیْنَ: خاص کئے ہوئے، منتخب۔ ۱۲/۲۴، ۱۵/۴۰، ۳۷/۴۰، ۳۷/۷۴، ۳۷/۱۲۸، ۳۷/۱۶۰، ۳۷/۱۶۹، ۳۸/۸۳

مُخْلِصِیْنَ: خالص کرنے والے۔ ۷/۲۹، ۱۰/۲۲، ۲۹/۶۵، ۳۱/۳۲، ۴۰/۱۴، ۴۰/۶۵، ۹۸/۵

مُخْلِفَ: (اف) وعدہ خلافی کرنے والا۔ اِخْلَافٌ سے اسم فاعل۔ ۱۴/۴۷

مُخَلَّفُوْنَ: (تف) پیچھے رہے ہوئے۔ تَخْلِیْفٌ سے اسم مفعول، واحد مُخَلَّفٌ۔ ۹/۸۱، ۴۸/۱۱، ۴۸/۱۵

مُخَلَّفِیْنَ: پیچھے رہے ہوئے، پیچھے چھوڑے ہوئے لوگ۔ ۴۸/۱۶

مُخَلَّقَۃٍ: (تف) تخلیق کی ہوئی، بنی ہوئی، پورے وقت پر پیدا ہونے والا۔ تَخْلِیْقٌ سے اسم مفعول۔ ۲۲/۵

مَخْمَصَۃٌ: سخت بھوک۔ اسم ہے۔ ۹/۱۲۰

مَخْمَصَۃٍ۔ ۵/۳

م د

مَدَّ: (ن) اس نے کھینچا، اس نے دراز کیا۔ مَدٌّ سے ماضی۔ ۱۳/۳، ۲۵/۴۵

مَدًّا: لمبا کرنا۔ دراز کرنا۔ کھینچنا۔ مصدر ہے۔ ۱۹/۷۵، ۱۹/۷۹

مِدَادًا: روشنائی، سیاہی، اسم ہے۔ ۱۸/۱۰۹

مَدَآئِنِ: بستیاں، شہر، واحد مَدِیْنَۃٌ ۷/۱۱۱، ۲۶/۳۶، ۲۶/۵۳

مُدْبِرًا: (اف) پشت پھیرنے والا، پیچھے چلنے والا، اِدْبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۲۷/۱۰، ۲۸/۳۱

مُدَبِّرٰتِ: (تف) تدبیر کرنے والے (فرشتے) انتظام کرنے والے، وہ فرشتے جو اللہ کی طرف سے کائنات کے انتظام پر مامور ہیں، تَدْبِیْرٌ سے اسم فاعل، واحد مُدَبِّرَۃٌ۔ ۷۹/۵

مُدْبِرِیْنَ: (اف) پیٹھ موڑنے والے، اِدْبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۹/۲۵، ۲۱/۵۷، ۲۷/۸۰، ۳۰/۵۲، ۳۷/۹۰، ۴۰/۳۳

مُدَّتْ: وہ دراز کی گئی، وہ کھینچی گئی۔ مَدٌّ سے ماضی مجہول۔ ۸۴/۳

مُدَّتِھِمْ: ان کی مقررہ مدت، ان (کے معاہدہ) کی میعاد۔ ۹/۴

مُدَّثِّرُ: (تفع) چادر میں لپٹنے والا، لحاف میں لپٹنے والا، مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ تَدَثُّرٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُتَدَثِّرٌ تھا، "تا" کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۷۴/۱

مُدْحَضِیْنَ: (اف) خطاوار، شکست خوردہ، اِدْحَاضٌ سے اسم مفعول، واحد مُدْحَضٌ۔ ۳۷/۱۴۱

مَدْحُوْرًا: (ن) مردود کیا ہوا، رحمت سے دور کیا

ہوا۔ دَخرٌ ودُخورٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۷، ۱۸/۱۷، ۳۹/۱۷

مُدْخَلَ: (اف) داخل کرنا، پہنچانا، مکان، اِدْخالٌ سے مصدر میمی واسم ظرف مکان۔ ۸۰/۱۷،

مُدْخَلاً: داخل ہونے کی جگہ۔ ۳۱/۴، ۵۹/۲۲،

مُدَّخَلاً: (افت) داخل ہونے کی جگہ۔ اِدِّخالٌ سے اسم ظرف، اصل میں مُدْتَخَلا تھا، تا کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۵۷/۹،

مَدَدًا: مدد، اعانت۔ ۱۰۹/۱۸،

مَدَدْنٰھَا: (ن) ہم نے اس کو دراز کیا، ہم نے اس کو کھینچا۔ مَدٌّ سے ماضی۔ ۱۹/۱۵، ۷/۵۰،

مِدْرَارًا: (ض) بہت برسنے والا، دَرٌّ سے مبالغہ۔ ۶/۶، ۵۲/۱۱، ۱۱/۷۱،

مُدْرَکُوْنَ: (اف) ہاتھ آئے ہوئے، پکڑے ہوئے۔ اِدْرَاکٌ سے اسم مفعول۔ ۶۱/۲۶،

مُدَّکِرٍ: (افت) نصیحت حاصل کرنے والا، عبرت پکڑنے والا۔ اِدِّکارٌ سے اسم فاعل، اصل میں یہ مُذْتَکِرٌ تھا، باب اِفْتِعَال کی وجہ سے مُدْتَکِرٌ ہوگیا پھر تا کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۱۵/۵۴، ۱۷/۵۴، ۲۲/۵۴، ۳۲/۵۴، ۴۰/۵۴، ۵۱/۵۴،

مُدْھَآمَّتٰنِ: (افعیلا) سرسبز۔ گہرا سبز۔ دوسیاہی مائل سبز۔ اِدْھِیْمَامٌ سے اسم فاعل واسم مفعول، واحد مُدْھَامَّۃٌ۔ ۶۴/۵۵،

مُدْھِنُوْنَ: (اف) دین میں سستی کرنے والے، سرسری سمجھنے والے۔ اِدْھَانٌ سے اسم فاعل۔ ۸۱/۵۶،

مَدْیَنَ: ایک بستی کا نام۔ ۸۵/۷، ۷۰/۹، ۸۴/۱۱، ۹۵/۱۱، ۴۰/۲۰، ۴۴/۲۲، ۲۲/۲۸، ۲۳/۲۸، ۴۵/۲۸، ۳۶/۲۹

مَدِیْنَۃً: مدینہ، شہر، یثرب کا نام، یہ وہ مقدس شہر ہے جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وطن مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما کر تشریف لے گئے اور وہیں آپ ﷺ کا روضہ مبارک بھی ہے، جمع مَدَائِنُ ومُدُوْنٌ۔ ۱۵/۲۸،

مَدِیْنَۃِ: مدینہ، یثرب کا نام۔ ۱۲۳/۷، ۱۰۱/۹، ۱۲۰/۹، ۳۰/۱۲، ۶۷/۱۵، ۱۹/۱۸، ۸۲/۱۸، ۴۸/۲۷، ۱۵/۲۸، ۱۸/۲۸، ۲۰/۲۸، ۶۰/۳۳، ۲۰/۳۶، ۸/۶۳،

مَدِیْنُوْنَ: (ض) جزا دیے ہوئے۔ بدلہ دیے ہوئے، تابعدار، دِیْنٌ سے اسم مفعول۔ ۵۳/۳۷،

مَدِیْنِیْنَ: بدلہ دیے ہوئے، جن کا حساب کتاب ہو گیا۔ ۸۶/۵۶،

م ذ

مُذَبْذَبِیْنَ: شک وشبہ میں پڑے ہوئے، پس و پیش میں مبتلا۔ ذَبْذَبَۃٌ سے اسم مفعول، واحد مُذَبْذَبٌ۔ ۱۴۳/۴،

مُذْعِنِیْنَ: (اف) اطاعت کرنے والے۔ فرمانبردار، اِذْعَانٌ سے اسم فاعل، واحد مُذْعِنٌ۔ ۴۹/۲۴،

مُذَکِّرٌ: (تف) یاد دلانے والا، نصیحت کرنے والا۔ تَذْکِیْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۸۸،

مَذْکُوْرًا: (ن) ذکر کیا ہوا، قابلِ ذکر۔ ذِکْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱/۷۶،

مَذْمُوْمًا: (ن) مذموم، ملامت کیا ہوا، بدحال کیا ہوا۔ ذَمٌّ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۱۷، ۲۲/۱۷،

مَذْمُوْمٌ: مذموم۔ ملامت کیا ہوا۔ بدحال کیا

ہوا۔ ۲۹/۹۸،

مَذْءُوْمًا: مذمت کیا ہوا، ملامت کیا ہوا۔ ذَءْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۷،

م ر

مَرَّ: (ن) وہ گزر گیا، وہ (پہلی حالت پر) آ گیا مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۲۵۹/۲، ۱۲/۱۰، ۳۸/۱۱، ۸۸/۲۷،

مَرّٰتٍ: چند بار، بہت دفعہ، واحد مَرَّۃٌ۔ ۵۸/۲۴،

مَرَاضِعَ: دودھ پلانے والی عورتیں، واحد مُرْضِعٌ اور مُرْضِعَۃٌ۔ ۱۲/۲۸،

مُرٰغَمًا: (مفا) جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ ہجرت کا مقام۔ رِغَامٌ سے ظرف مکان ۱۰۰/۴،

مَرَافِقِ: کہنیاں، واحد مِرْفَقٌ۔ ۶/۵،

مِرَآءً: (مفا) بحث کرنا، جھگڑا کرنا، مصدر ہے۔ ۲۲/۱۸،

مَرَّتْ: وہ چلی گئی۔ وہ گزر گئی۔ مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۱۸۹/۷،

مَرَّۃً: ایک بار۔ ایک دفعہ۔ جمع مَرّٰتٌ۔ ۸۰/۹، ۱۲۶/۹، ۳۷/۲۰

مَرَّۃٍ: ایک بار۔ ۹۴/۶، ۱۱۰/۶، ۵۶/۸، ۱۳/۹، ۸۳/۹، ۷/۱۷، ۵۱/۱۷، ۳۸/۱۸، ۷۹/۳۶، ۲۱/۴۱،

مِرَّۃٍ: قوت، طاقت۔ ۶/۵۳،

مُرْتَابٌ: (افت) شبہ میں پڑنے والا، شک کرنے والا۔ اِرْتِیَابٌ سے اسم فاعل۔ ۳۴/۴۰

مَرَّتٰنِ: دو بار، دو دفعہ۔ مَرَّۃٌ کا تثنیہ۔ ۲۲۹/۲،

مُرْتَفَقًا: (افت) آرام، منزل، ٹھکانہ۔ اِرْتِفَاقٌ سے ظرف مکان۔ ۲۹/۱۸، ۳۱/۱۸

مُرْتَقِبُوْنَ: (افت) انتظار کرنے والے، دیکھنے والے۔ اِرْتِقَابٌ سے اسم فاعل۔ ۵۹/۴۴،

مَرَّتَیْنِ: دو مرتبہ، دو بار۔ مَرَّۃٌ کا تثنیہ۔ ۱۰۱/۹، ۱۲۶/۹، ۴/۱۷، ۵۴/۲۸، ۳۱/۳۳

مَرَجَ: (ن) اس نے ایک دوسرے سے ملایا، اس نے آزاد چھوڑ دیا، مَرْجٌ سے ماضی۔ ۵۳/۲۵، ۱۹/۵۵،

مَرْجَانُ: چھوٹا مونگا، چھوٹے موتی، واحد مَرْجَانَۃٌ۔ ۲۲/۵۵، ۵۸/۵۵،

مَرْجِعُکُمْ: (ض) تمہارا رجوع کرنا۔ تمہارا لوٹنا۔ ۵۵/۳، ۴۸/۵، ۱۰۵/۵، ۱۶۴/۶، ۴/۱۰، ۲۳/۱۰، ۴/۱۱، ۸/۲۹، ۱۵/۳۱، ۷/۳۹، ۶۰/۶،

مَرْجِعَهُمْ: ان کا رجوع کرنا، ان کا لوٹنا۔ ۶۸/۳۷،

مَرْجِعُهُمْ: ان کا رجوع کرنا، ان کا لوٹنا۔ ۱۰۸/۶، ۴۶/۱۰، ۷۰/۱۰، ۲۳/۳۱،

مُرْجِفُوْنَ: (اف) فساد کرنے والے، افواہیں پھیلانے والے۔ اِرْجَافٌ سے اسم فاعل واحد مُرْجِفٌ۔ ۶۰/۳۳،

مَرْجُوًّا: (ن) امید کیا ہوا۔ رَجَاءٌ سے اسم مفعول۔ ۶۲/۱۱،

مَرْجُوْمِیْنَ: (ن) سنگسار کئے ہوئے۔ پتھر مار کر ہلاک کئے ہوئے۔ رَجْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱۶/۲۶،

مُرْجَوْنَ: (اف) ڈھیل دیئے ہوئے۔ مہلت دیئے ہوئے، ملتوی کئے ہوئے۔ اِرْجَآءٌ سے مفعول، واحد مُرْجٰی۔ ۱۰۶/۹،

مَرَحًا: (س) اکڑتا ہوا۔ اتراتا ہوا۔ مصدر ہے۔ ۳۷/۱۷، ۱۸/۳۱،

مَرْحَبًا: کشادہ ہونا، آرام دہ جگہ۔ رَحْبٌ سے مصدر میمی و ظرف مکان۔ ۵۹/۳۸، ۶۰/۳۸،

مَرْحَمَۃِ: (س) رحم کرنا، مہربانی کرنا، نرمی کرنا۔

رَحْمٌ سے مصدر میمی۔ ٧٥/١٩،

مَرَدٌّ: (ن) لوٹانا، پھیرنا۔ رَدٌّ سے مصدر میمی۔ ١١/١٣، ٤٣/٣٠، ٤٧/٤٢،

مَرَدًّا: لوٹایا جانا، مراد انجام۔ ٧٦/١٩،

مَرَدٍّ: لوٹائے جانے کا وقت یا مقام۔ رَدٌّ سے اسم ظرف زمان و مکان۔ ٤٤/٤٢،

مُرْدِفِيْنَ: (اف) یکے بعد دیگرے آنے والے پیچھے آنے والے۔ اِرْدَافٌ سے اسم فاعل ٩/٨،

مَرَدَّنَا: ہمارا لوٹایا جانا۔ ٤٣/٤٠

مَرَدُوْا: (ک۔ن) انہوں نے سرکشی کی، انہوں نے ضد کی، مَرْدًا و مُرُوْدَةً سے ماضی ١٠١/٩،

مَرْدُوْدٌ: (ن) رد کیا ہوا، لوٹایا ہوا۔ رَدٌّ سے اسم مفعول۔ ٧٦/١١،

مَرْدُوْدُوْنَ: رد کیے ہوئے، لوٹائے ہوئے ١٠/٧٩،

مُرْسٰهَا: (ن) اس کا رکنا، اس کا ٹھہرنا۔ اِرْسَاءٌ سے مصدر میمی۔ ١٨٧/٧، ٤١/١١، ٤٢/٧٩،

مُرْسِلٌ: (اف) بھیجنے والا، مبعوث کرنے والا۔ جاری کرنے والا۔ اِرْسَالٌ سے اسم فاعل۔ ٢/٣٥،

مُرْسَلًا: بھیجا ہوا، پیغمبر۔ اِرْسَالٌ سے اسم مفعول۔ ٤٣/١٣،

مُرْسَلٌ: بھیجا ہوا، پیغمبر۔ ٧٥/٧،

مُرْسَلٰتِ: بھیجی ہوئیں، مسلسل چلنے والی ہوائیں یا مسلسل احکام لانے والے فرشتے مراد ہیں۔ اِرْسَالٌ سے اسم مفعول ١/٧٧

مُرْسِلَةٌ: بھیجنے والی (مراد بلقیس)۔ ٣٥/٢٧،

مُرْسِلُوا: بھیجنے والے، پیدا کرنے والے، اصل میں مُرْسِلُوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون حذف ہو گیا۔ ٢٧/٥٤

مُرْسَلُوْنَ: بھیجے ہوئے، پیغمبر۔ ٧٥/١٥، ٦١/١٥، ١٠/٢٧، ٣٥/٢٧، ١٣/٣٦، ١٤/٣٦، ١٦/٣٦، ٥٢/٣٦، ٣١/٥١،

مُرْسَلِيْنَ: بھیجے ہوئے، رسول بنائے ہوئے۔ ٢٥٢/٢، ٣٤/٦، ٤٨/٦، ٦/٧، ٧٧/٧، ٨٠/١٥، ٥٦/١٨، ٢٠/٢٥، ٢١/٢٦، ١٠٥/٢٦، ١٢٣/٢٦، ١٤١/٢٦، ١٦٠/٢٦، ١٧٦/٢٦، ٧/٢٨، ٦٥/٢٨، ٣/٣٦، ٢٠/٣٦، ٣٧/٣٧، ١٢٣/٣٧، ١٣٣/٣٧، ١٣٩/٣٧، ١٧١/٣٧، ١٨١/٣٧،

مُرْسِلِيْنَ: بھیجے ہوئے۔ رسول بنائے ہوئے ٤٥/٢٨، ٥/٤٤،

مُرْشِدًا: (اف) راہبر، سیدھے راستے پر چلانے والا۔ اِرْشَادٌ سے اسم فاعل۔ ١٧/١٨،

مِرْصَادًا: (ن) وہ جگہ جہاں بیٹھ کر کسی کی نگرانی یا انتظار کیا جائے۔ گھات لگانے کی جگہ، کمین گاہ۔ رَصَدٌ سے مبالغہ یا اسم ظرف ٢١/٧٨،

مِرْصَادِ: گھات لگانے کی جگہ، کمین گاہ۔ ١٤/٨٩،

مَرْصَدٍ: گھات کی جگہ، انتظار کی جگہ۔ ٥/٩،

مَرْصُوْصٌ: (ن) مضبوط، سیسہ پلائی ہوئی۔ رَصٌّ سے اسم مفعول۔ ٤/٦١،

مَرَضًا: (س) مرض، بیماری، پریشانی، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ١٠/٢،

مَرَضٌ: (س) مرض، بیماری، پریشانی، ١٠/٢، ٥٢/٥، ٤٩/٨، ١٢٥/٩، ٥٣/٢٢، ٥٠/٢٤، ١٢/٣٣، ٣٢/٣٣، ٦٠/٣٣، ٢٠/٤٧، ٢٩/٤٧، ٣١/٧٤،

مَرْضٰى: مریض، بیمار، واحد مَرِیْضٌ۔ ٤٣/٤، ١٠٢/٤، ٦/٥، ٩١/٩، ٢٠/٧٣،

مَرْضَاتَ: (س) رضامندی، خوشنودی۔ رِضَى سے مصدر میمی۔ ١/٦٦،

مَرْضَاتِ: رضامندی، خوشنودی، ٢٠٧/٢، ٢٦٥/٢، ١١٤/٤،

مَرْضَاتِيْ: میری رضامندی، میری خوشنودی ١/٦٠،

مَرِضْتُ: میں مریض ہوتا ہوں۔ میں بیمار ہوتا

ہوں۔ مَرَضٌ سے ماضی۔ حرف شرط کی وجہ سے مضارع کے معنی ہوگئے۔ ۸۰/۲۲،

مُرْضِعَةٍ: (اف) دودھ پلانے والی۔ اِرْضَاعٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۲۲،

مَرْضِيًّا: خوش کیا ہوا، پسندیدہ، رِضًی سے اسم مفعول۔ ۵۵/۱۹،

مَرْضِيَّةً: خوش کی ہوئی، پسندیدہ۔ ۲۸/۸۹،

مَرْعٰی: (ف) چراگاہ۔ رَعْیٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۴/۸۷،

مَرْعٰهَا: اس کے چرنے کی جگہ۔ اس کا چارہ۔ ۳۱/۷۹،

مِرْفَقًا: (ن) سہولت، آرام، کامیابی کا ذریعہ۔ رِفْقٌ سے مصدر میمی۔ ۱۶/۱۸،

مَرْفُوْدُ: (ض) انعام دیا ہوا، مدد کیا ہوا۔ رَفْدٌ سے اسم مفعول۔ ۹۹/۱۱،

مَرْفُوْعٌ: (ف) بلند کیا ہوا۔ اُٹھایا ہوا۔ رَفْعٌ اور رِفَاعَةٌ سے اسم مفعول۔ ۵/۵۲،

مَرْفُوْعَةٍ: بلند مرتبہ، اٹھائی ہوئی۔ ۳۴/۵۶، ۱۳/۸۰،

مَرْفُوْعَةٌ: بلند کی ہوئی، اٹھائی ہوئی۔ ۱۳/۸۸،

مَرْقَدِنَا: (ن) ہماری خوابگاہ، ہماری قبر۔ رُقُوْدٌ سے ظرف مکان۔ ۵۲/۳۶،

مَرْقُوْمٌ: (ن) لکھا ہوا، مہر لگی ہوئی تحریر۔ رَقْمٌ سے اسم مفعول۔ ۹/۸۳، ۲۰/۸۳،

مَرْكُوْمٌ: (ن) تہ بہ تہ، جما ہوا، گہرا بادل۔ رَكْمٌ سے اسم مفعول۔ ۴۴/۵۲،

مَرُّوْا: وہ گزرے۔ مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۷۲/۲۵، ۳۰/۸۳،

مَرْوَةَ: خانہ کعبہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام، اس کے قریب ہی ایک اور پہاڑی ہے جس کو صفا کہتے ہیں۔ حج اور عمرہ کے لئے طواف کعبہ کے بعد ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان سعی کی جاتی ہے یعنی سات چکر لگائے جاتے ہیں اب یہ دونوں پہاڑیاں تقریباً ہموار ہوچکی ہیں، معمولی آثار باقی ہیں جن سے ان کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ۱۵۸/۲،

مَرْءِ: مرد، انسان، آدمی مؤنث مرءۃ۔ ۱۰۲/۲، ۲۴/۸،

مَرْءُ: مرد، انسان۔ ۴۰/۷۸، ۳۴/۸۰،

مُرِيْبٍ: شک میں ڈالنے والا۔ ۲۵/۵۰،

مُرِيْبٍ: (اف) شک میں ڈالنے والا۔ اِرَابَةٌ سے اسم فاعل۔ ۶۲/۱۱، ۱۱۰/۱۱، ۹/۱۴، ۵۴/۳۴، ۴۵/۴۱، ۱۴/۴۲،

مِرْيَةٍ: شک۔ تردد۔ وہ شک جس سے تردد پیدا ہو۔ ۱۷/۱۱، ۱۰۹/۱۱، ۵۵/۲۲، ۲۳/۳۲، ۵۴/۴۱،

مَرِيْجٍ: (ن) الجھا ہوا کام، الجھی ہوئی بات، مَرْجٌ سے مفعول کے معنی میں صفت مشبہ۔ ۵/۵۰،

مَرِيْدًا: (ن،ک) سرکش، خدا کا نافرمان۔ مَرْدًا ومُرَادَةً و مُرُوْدَةٌ سے صفتِ مشبہ، جمع مُرَدَآءُ۔ ۱۱۷/۴،

مَرِيْدٍ: سرکش، اللہ تعالیٰ کا نافرمان۔ ۳/۲۲،

مَرِيْضًا: مریض، بیمار۔ مَرَضٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۸۴/۲، ۱۸۵/۲، ۱۹۶/۲،

مَرِيْضٌ: مریض، بیمار۔ ۶۱/۲۴، ۱۷/۴۸،

مَرْيَمَ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ۸۷/۲، ۲۵۳/۲، ۳۶/۳، ۴۴/۳، ۴۵/۳، ۱۵۶/۴، ۱۵۷/۴، ۱۷۱/۴، ۱۷/۵، ۴۶/۵، ۷۲/۵، ۷۵/۵، ۷۸/۵، ۱۱۰/۵، ۱۱۲/۵، ۱۱۴/۵، ۱۱۶/۵، ۳۱/۹، ۱۶/۱۹، ۳۴/۱۹، ۵۰/۲۳، ۷/۳۳، ۵۷/۴۳، ۲۷/۵۷، ۶/۶۱، ۱۴/۶۱، ۱۲/۶۶،

مَرْيَمُ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ۳۷/۳، ۴۲/۳، ۴۳/۳، ۴۵/۳، ۲۷/۱۹،

مَرِیْٓــئًا: (ک، س، ف) خوشگوار، جلد ہضم ہونے والا۔ مَرَائَۃٌ سے صفت مشبہ۔ ۴/۴،

م ز

مِزَاجُہٗ: (مفا) اس کا باہم ملانا، اس کی آمیزش، مصدر ہے۔ ۲۷/۸۳،

مِزَاجُهَا: اس کی ملاوٹ، اس کی آمیزش، ۵/۷۶، ۱۷/۷۶،

مُزْجٰىةٍ: (اف) تھوڑی، ناقص، حقیر۔ اِزْجَاءٌ سے اسم مفعول۔ ۸۸/۱۲،

مُزَحْزِحِہٖ: اس کو بچانے والا، اس کو دور کرنے والا۔ زَحْزَحَۃٌ سے اسم فاعل، رباعی مجرد کے باب فَعْلَلَۃٌ سے ہے۔ ۹۶/۲،

مُزْدَجَرٌ: (افت) ڈانٹ، نصیحت، منع کرنا، اِزْدِجَارٌ سے مصدر میمی، اصل میں مُزْتَجَرٌ تھا 'تا' کو 'دال' سے بدل لیا۔ ۴/۵۴،

مُزِّقْتُمْ: (تف) تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے، تم ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جاؤ گے۔ تَمْزِیْقٌ سے ماضی مجہول۔ ۷/۳۴،

مَزَّقْنٰهُمْ: ہم نے ان کو ریزہ ریزہ کر دیا، ہم نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ تَمْزِیْقٌ سے ماضی۔ ۱۹/۳۴،

مُزَّمِّلُ: (تفع) کپڑے میں لپٹنے والا، مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ اصل میں مُتَزَمِّلُ تھا۔ تا کو زاء سے بدل کر زاء کا زاء میں ادغام کر دیا۔ تَزَمُّلٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۷۳،

مُزْنِ: (ن) سفید بادل، پانی سے بھرا ہوا بادل، چلا جانا، واحد مُزْنَۃٌ۔ ۶۹/۵۶،

مَزِیْدٌ: (ض) مزید، زیادہ، زیادتی کرنا، مصدر میمی بھی ہے اور اسم بھی۔ ۳۰/۵۰،

مَزِیْدٌ: مزید، زیادہ، زیادہ کرنا۔ ۳۵/۵۰،

م س

مَسٌّ: (ن، س) مس کرنا، چھونا، لگنا، مصدر ہے ۴۸/۵۴،

مَسَّ: وہ مس ہو گیا، وہ چھو گیا، وہ لگ گیا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۴۰/۳، ۹۵/۷، ۱۲/۱۰، ۳۳/۳۰، ۸/۳۹، ۴۹/۳۹،

مَسِّ: آسیب، جن، لپٹنا۔ ۲۷۵/۲،

مِسَاسَ: (مفا) مالش، ہاتھ لگانا، چھونا، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۹۷/۲۰،

مَسٰجِدَ: (ن) مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں، عبادت خانے۔ سُجُوْدٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۱۴/۲، ۱۷/۹، ۱۸/۹، ۱۸/۷۲،

مَسٰجِدِ: مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں ۱۸۷/۲،

مَسٰجِدُ: مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں ۴۰/۲۲،

مُسٰفِحٰتٍ: (مفا) بدکار عورتیں، زنا کرنے والیاں سِفَاحٌ سے اسم فاعل، واحد مُسَافِحَۃٌ ۲۵/۴،

مُسٰفِحِیْنَ: بدکار، زنا کرنے والے ۲۴/۴، ۵/۵،

مَسَاقُ: (ن) چلنا، ہنکانا، سَوْقٌ سے مصدر میمی۔ ۳۰/۷۵،

مَسٰكِنَ: (ن) گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ سُکُوْنٌ سے اسم ظرف مکان، واحد مَسْکَنٌ ۷۲/۹، ۱۲/۶۱،

مَسٰكِنِ: گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ ۴۵/۱۴،

مَسٰكِنُ: گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ ۲۴/۹،

مَسٰكِنَكُمْ: تمہارے گھر، تمہارے مکان ۱۸/۲۷،

مَسٰكِنِكُمْ: تمہارے گھر، تمہارے مکان، ۱۳/۲۱،

مَسٰكِنِهِمْ: ان کے گھر، ان کے مکان۔ ۱۲۸/۲۰، ۳۸/۲۹، ۲۶/۳۲،

مَسٰکِنُھُمْ: یان کے گھر، ان کے مکان، ۵۸/۲۸، ۲۵/۴۶

مَسٰکِیْنَ: مسکین لوگ، غریب محتاج، واحد مِسْکِیْنٌ. ۱۷۷/۲، ۸۹/۵، ۹۵/۵، ۷۹/۱۸، ۲۲/۲۴

مَسٰکِیْنِ: مسکین، غریب محتاج۔ ۸۳/۲، ۲۱۵/۲، ۳۶/۴، ۴۱/۸، ۶۰/۹، ۷/۵۹

مَسٰکِیْنُ: مسکین، غریب محتاج۔ ۸/۴

مُسَبِّحُوْنَ: (تف) تسبیح پڑھنے والے، اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے والے، تَسْبِیْحٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶۶/۳۷

مُسَبِّحِیْنَ: تسبیح پڑھنے والے، اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے والے۔ ۱۴۳/۳۷

مَسْبُوْقِیْنَ: (ن،ض) پیچھے چھوڑے ہوئے، عاجز۔ سَبْقٌ سے اسم مفعول۔ ۶۰/۵۶، ۴۱/۷۰

مُسْتَاْخِرِیْنَ: (افت) تاخیر سے آنے والے، پیچھے رہنے والے، اِسْتِئْخَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُسْتَاْخِرٌ. ۲۴/۱۵

مُسْتَاْنِسِیْنَ: (است) اُنس کرنے والے، جی لگانے والے۔ اِسْتِیْنَاسٌ سے اسم فاعل، واحد مُسْتَاْنِسٌ. ۵۳/۳۳

مُسْتَبْشِرَةٌ: (است) خوش ہونے والی۔ اِسْتِبْشَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۹/۸۰

مُسْتَبْصِرِیْنَ: (است) سب کچھ دیکھنے والے۔ ہوشیار (دنیاوی معاملات میں) اِسْتِبْصَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۲۹

مُسْتَبِیْنَ: (است) بیان کرنے والی، واضح ہدایت والی، روشن، اِسْتِبَانَةٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۷/۳۷

مُسْتَخْفٍ: (است) چھپنے والا، اِسْتِخْفَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۱۳

مُسْتَخْلَفِیْنَ: (است) خلیفہ بنائے ہوئے، جانشین بنائے ہوئے، اِسْتِخْلَافٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۵۷

مُسْتَسْلِمُوْنَ: (است) اطاعت کرنے والے، فرمانبردار۔ اِسْتِسْلَامٌ سے اسم فاعل۔ ۲۶/۳۷

مُسْتَضْعَفُوْنَ: (است) ضعیف بے بس، کمزور اِسْتِضْعَافٌ سے اسم مفعول۔ ۲۶/۸

مُسْتَضْعَفِیْنَ: ضعیف، بے بس، کمزور۔ ۷۵/۴، ۹۷/۴، ۹۸/۴، ۱۲۷/۴

مُسْتَطَرٌ: (افت) لکھا ہوا۔ اِسْتِطَارٌ سے اسم مفعول۔ ۵۳/۵۴

مُسْتَطِیْرًا: پھیلنے والا، عام۔ اِسْتِطَارَةٌ سے اسم فاعل۔ ۷/۷۶

مُسْتَعَانُ: (است) وہ جس سے مدد طلب کی جائے، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ اِسْتِعَانَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۱۲، ۱۱۲/۲۱

مُسْتَغْفِرِیْنَ: (است) مغفرت چاہنے والے، معافی مانگنے والے۔ اِسْتِغْفَارٌ سے اسم فاعل، ۱۷/۳

مُسْتَقْبِلَ: (است) آگے ہونے والا، سامنے آنے والا۔ اِسْتِقْبَالٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۴۶

مُسْتَقْدِمِیْنَ: (است) آگے ہونے والے، پہلے زمانے کے لوگ۔ اِسْتِقْدَامٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۱۵

مُسْتَقَرًّا: (است) ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ اِسْتِقْرَارٌ سے اسم مفعول واسم ظرف مکان۔ ۲۴/۲۵، ۶۶/۲۵، ۷۶/۲۵

مُسْتَقَرٌّ: (است) ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ ۳۸/۳۶

مُسْتَقَرُّ: ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ ۱۲/۷۵

مُسْتَقَرٌّ: ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ ۳۶/۲، ۶۷/۶، ۹۸/۶، ۲۴/۷،

مُسْتَقِرًّا: قرار پکڑنے والا، ٹھہرنے والا۔ اِسْتِقْرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۴۰/۲۷،

مُسْتَقِرٌّ: قرار پکڑنے والا، ٹھہرنے والا۔ ۳/۵۴، ۳۸/۳۶،

مُسْتَقَرَّهَا: اس کے ٹھہرنے کی جگہ۔ ۶/۱۱،

مُسْتَقِيمَ: (افت) سیدھا، درست، صحیح۔ اِسْتِقَامٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۱، ۱۶/۷، ۱۱۸/۳۷،

مُسْتَقِيمًا: سیدھا، درست۔ ۶۸/۴، ۱۷۵/۴، ۱۲۶/۶، ۱۵۳/۶، ۲/۴۸، ۲۰/۴۸

مُسْتَقِيمٍ: سیدھا، درست۔ ۳۵/۱۷، ۱۸۲/۲۶،

مُسْتَقِيمٍ: سیدھا، درست۔ ۱۴۲/۲، ۲۱۳/۲، ۵۱/۳، ۱۰۱/۳، ۱۶/۵، ۳۹/۶، ۸۷/۶، ۱۶۱/۶، ۲۵/۱۰، ۵۶/۱۱، ۷۶/۱۶، ۱۲۱/۱۶، ۵۴/۲۲، ۶۷/۲۲، ۴۶/۲۴، ۴/۳۶، ۶۱/۳۶، ۵۲/۴۲، ۴۳/۴۳، ۶۱/۴۳، ۲۲/۶۷،

مُسْتَقِيمٌ: سیدھا۔ درست۔ ۵۱/۳، ۴۱/۱۵، ۳۶/۱۹، ۶۱/۳۶، ۶۱/۴۳، ۶۴/۴۳

مُسْتَكْبِرًا: (است) تکبر کرنے والا، غرور کرنے والا، اِسْتِكْبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۷/۳۱، ۸/۴۵

مُسْتَكْبِرُونَ: تکبر کرنے والے، غرور کرنے والے۔ ۲۲/۱۶، ۵/۶۳،

مُسْتَكْبِرِينَ: تکبر کرنے والے، غرور کرنے والے۔ ۲۳/۱۶، ۶۷/۲۳

مُسْتَمِرٌّ: (است) قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط، اِسْتِمْرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۱۹/۵۴،

مُسْتَمِرٌّ: قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط۔ ۲/۵۴،

مُسْتَمْسِكُونَ: (است) مضبوط پکڑنے والے، چنگل سے پکڑنے والے۔ اِسْتِمْسَاكٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۴۳،

مُسْتَمِعُونَ: (افت) سننے والے۔ اِسْتِمَاعٌ سے اسم فاعل۔ ۱۵/۲۶،

مُسْتَمِعُهُمْ: ان کا سننے والا۔ ۳۸/۵۲،

مُسْتَنْفِرَةٌ: (است) بدکنے والی، وحشی۔ اِسْتِنْفَارٌ سے اسم فاعل۔ ۵۰/۷۴،

مُسْتَوْدَعٌ: (است) پناہ کی جگہ۔ اِسْتِيدَاعٌ سے اسم مفعول و اسم ظرف مکان۔ ۹۸/۶،

مُسْتَوْدَعَهَا: اس کی امانت رکھنے کی جگہ، اس کے سونپنے کی جگہ۔ ۶/۱۱،

مَسْتُورًا: (ن) چھپانے والا۔ سِتْرٌ سے اسم مفعول بمعنی اسم فاعل۔ ۴۵/۱۷،

مَسْتُورٍ: چھپانے والا۔ ۲/۵۲،

مَسَّتْهُ: (س،ن) اس نے اس کو چھوا، وہ اس کو پہنچی۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۰/۱۱، ۵۰/۴۱،

مُسْتَهْزِءُونَ: (است) مذاق کرنے والے، ہنسی اڑانے والے، اِسْتِهْزَاءٌ سے اسم فاعل، ۱۴/۲،

مُسْتَهْزِءِينَ: ٹھٹھا (مذاق) کرنے والے، ہنسی اڑانے والے۔ ۹۵/۱۵،

مَسَّتْهُمْ: اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچی، ۲۰۱/۷،

مَسَّتْهُمُ: اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچی۔ ۲۱۴/۲،

مُسْتَيْقِنِينَ: (است) یقین کرنے والے۔ اِسْتِيقَانٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۴۵

مَسْجِدَ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ سُجُودٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۲۹/۹، ۷/۱۷، ۲۷/۴۸،

مَسْجِدَ الْحَرَامَ: خانہ کعبہ کی مسجد، اس مسجد کی حدود میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی چیزیں حرام فرمادیں جو دوسرے مقامات پر حلال ہیں اس لئے اسکو مسجد الحرام کہا گیا۔ ۲۸/۹، ۲۷/۴۸،

مَسْجِدًا: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۰۷/۹، ۲۱/۱۸

مَسْجِدِ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲، ۱۵۰/۲، ۱۹۱/۲، ۱۹۶/۲، ۲۱۷/۲، ۲/۵، ۳۴/۸، ۷/۹، ۱۹/۹، ۱/۱۷، ۲۵/۲۲، ۲۵/۴۸

مَسْجِدٍ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۲۹/۷، ۳۱/۷

مَسْجِدٌ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۰۸/۹

مَسْجُوْرِ: (ن) خشک کیا ہوا، بھڑکایا ہوا۔ لبریز، پُر۔ سِجْرٌ و سُجُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۶/۵۲

مَسْجُوْنِیْنَ: (ن) قیدی، باز رکھنا۔ سَجْنٌ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۲۶

مَسْحًا: (ف) مسح کرنا، ہاتھ پھیرنا، پونچھنا، مصدر ہے۔ ۳۳/۳۸

مُسَحَّرِیْنَ: (تف) سحر زدہ، جادو کئے ہوئے۔ تَسْحِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۵۳/۲۶، ۱۸۵/۲۶

مَسْحُوْرًا: (ف) سحر زدہ، جادو کیا ہوا، بے بس سِحْرٌ سے اسم مفعول۔ ۴۷/۱۷، ۱۰۱/۱۷، ۸/۲۵

مَسْحُوْرُوْنَ: سحر زدہ، جادو کئے ہوئے، بے بس۔ ۱۵/۱۵

مُسَخَّرِ: (تف) فرمانبردار بنایا ہوا، معلق کیا ہوا تَسْخِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۶۴/۲

مُسَخَّرٰتٍ: مسخر کی ہوئیں، فرمانبردار بنائی ہوئیں، (مراد تارے) واحد مُسَخَّرَۃٌ۔ ۵۴/۷، ۷۹/۱۶

مُسَخَّرٰتٌ: مسخر کی ہوئیں۔ فرمانبردار بنائی ہوئیں۔ ۱۲/۱۶

مَسَخْنٰهُمْ: (ف) ہم نے ان کو مسخ کیا، ہم نے ان کی صورت بگاڑ دی۔ مَسْخٌ سے ماضی۔ ۶۷/۳۶

مَسَدٍ: (ن) خوب بٹی ہوئی۔ مونج۔ کھجور کی چھال۔ ۵/۱۱۱

مُسْرِفٌ: (اف) اسراف کرنے والا، بے جا خرچ کرنے والا۔ اِسْرَافٌ سے اسم فاعل۔ ۲۸/۴۰، ۳۴/۴۰

مُسْرِفُوْنَ: اسراف کرنے والے، بے جا خرچ کرنے والے۔ ۸۱/۷، ۳۲/۵، ۱۹/۳۶

مُسْرِفِیْنَ: اسراف کرنے والے، بے جا خرچ کرنے والے۔ ۱۴۱/۶، ۳۱/۷، ۱۲/۱۰، ۸۳/۱۰، ۹/۲۱، ۱۵۱/۲۶، ۴۳/۴۰، ۵/۴۳، ۳۱/۴۴، ۳۴/۵۱

مَسْرُوْرًا: (ن،ک) مسرور، خوش کیا ہوا۔ سُرُوْرٌ سے اسم مفعول۔ ۹/۸۴، ۱۳/۸۴

مَسْطُوْرًا: (ن) لکھا ہوا۔ سَطْرٌ سے اسم مفعول۔ ۵۸/۱۷، ۶/۳۳

مَسْطُوْرٍ: لکھا ہوا۔ ۲/۵۲

مَسْغَبَۃٍ: (ن،س) بھوک، فاقہ، کھانے کی شدید خواہش، مصدر میمی بھی ہے اسم بھی۔ ۱۴/۹۰

مُسْفِرَۃٌ: (اف) چمکنے والی، روشن۔ اِسْفَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۸۰

مَسْفُوْحًا: (ف) بہتا ہوا، گرایا ہوا۔ سَفْحٌ سے اسم مفعول۔ ۱۴۵/۶

مِسْكٌ: مشک، کستوری، اسم معرب ہے۔ ۲۶/۸۳

مَسَّكُمْ: اس نے تم کو مس کیا، وہ تم کو پہنچا، وہ تم کو لگا۔ ۶۸/۸، ۱۴/۲۴

مَسَّكُمُ: اس نے تم کو مس کیا، وہ تم کو پہنچا، وہ تم کو لگا۔ ۵۳/۱۶، ۶۷/۱۷

مَسْكَنَۃُ: مفلسی محتاجی، ذلت۔ ۶۱/۲، ۱۱۲/۳

مَسْكَنِهِمْ: (ن،ک) ان کا گھر، ان کے رہنے کی جگہ، جمع مَسَاكِنُ، سُكُوْنٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۵/۳۴

مَسْكُوْبٍ: (ن) گرتا ہوا، بہتا ہوا۔ سَكْبٌ و سُكُوْبٌ سے اسم مفعول۔ ۳۱/۵۶،

مَسْكُوْنَةٍ: (ن) بسی ہوئی، آباد مکان۔ سُكُوْنٌ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۲۴،

مِسْكِيْنَ: مسکین، مفلس محتاج، جمع مَسَاكِيْنُ۔ ۲۶/۱۷، ۳۸/۳۰، ۴۴/۷۴

مِسْكِيْنًا: مسکین، مفلس محتاج۔ ۴/۵۸، ۸/۷۶، ۱۶/۹۰،

مِسْكِيْنِ: مسکین، مفلس محتاج۔ ۳۴/۶۹، ۱۸/۸۹، ۳/۱۰۷،

مِسْكِيْنٍ: مسکین، مفلس محتاج۔ ۱۸۴/۲،

مِسْكِيْنٌ: مسکین۔ مفلس۔ محتاج۔ ۲۴/۶۸،

مُسْلِمًا: (اف) مسلمان، فرمانبردار۔ اِسْلَامٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۳، ۱۰۱/۱۲،

مُسْلِمٰتٍ: مسلمان عورتیں، فرمانبردار عورتیں ۳۵/۳۳،

مُسْلِمٰتٍ: مسلمان عورتیں، فرمانبردار عورتیں ۵/۶۶،

مُسْلِمَةً: مسلمان عورت، فرمانبردار عورت، ۱۲۸/۲،

مُسَلَّمَةٌ: (تف) صحیح وسالم، بے داغ، تندرست تَسْلِيْمٌ سے اسم مفعول۔ ۷۱/۲، ۹۲/۴،

مُسْلِمُوْنَ: مسلمان، فرمانبردار۔ ۱۳۲/۲، ۱۳۳/۲، ۱۳۶/۲، ۵۲/۳، ۶۴/۳، ۸۰/۳، ۸۴/۳، ۱۰۲/۳، ۱۱۱/۵، ۱۴/۱۱، ۱۰۸/۲۱، ۸۱/۲۷، ۴۶/۲۹، ۵۳/۳۰، ۱۳/۴۳،

مُسْلِمَيْنِ: دو مسلمان، دو فرمانبردار۔ مُسْلِمٌ کا تثنیہ۔ ۱۲۸/۲،

مُسْلِمِيْنَ: مسلمان، فرمانبردار، ۱۶۳/۶، ۱۲۶/۷، ۷۲/۱۰، ۸۴/۱۰، ۹۰/۱۰، ۲/۱۵، ۸۹/۱۶، ۱۰۲/۱۶، ۷۸/۲۲، ۳۱/۲۷، ۳۸/۲۷، ۴۲/۲۷، ۹۱/۲۷، ۵۳/۲۸، ۳۵/۳۳، ۱۲/۳۹، ۳۳/۴۱، ۶۹/۴۳، ۱۵/۴۶، ۳۶/۵۱، ۳۵/۶۸،

مُسَمًّی: (تف) معین، مقرر کیا ہوا، نام رکھا ہوا۔ تَسْمِيَةٌ سے اسم مفعول۔ ۲۸۲/۲، ۲/۶، ۶۰/۶، ۳/۱۱، ۲/۱۳، ۱۰/۱۴، ۶۱/۱۶، ۱۲۹/۲۰، ۵/۲۲، ۳۳/۲۲، ۵۳/۲۹، ۸/۳۰، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۴۵/۳۵، ۵/۳۹، ۴۲/۳۹، ۶۷/۴۰، ۱۴/۴۲، ۳/۴۶، ۴/۷۱،

مُسْمَعٍ: (اف) سنایا ہوا۔ اِسْمَاعٌ سے اسم مفعول۔ ۴۶/۴،

مُسْمِعٍ: سنانے والا، اِسْمَاعٌ سے اسم فاعل، ۲۲/۳۵،

مَسَّنَا: (ن، س) اس نے ہم کو مس کیا، اس نے ہم کو چھوا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۸۸/۱۲، ۳۸/۵۰،

مُسَنَّدَةٌ: (تف) دیوار سے لگائی ہوئی، سہارا لگائی ہوئی۔ تَسْنِيْدٌ سے اسم مفعول۔ ۴/۶۳،

مَسْنُوْنٍ: (ن) متغیر، سڑا ہوا، جس کا رنگ و بو بدل جائے، سَنٌّ سے اسم مفعول، ۲۶/۱۵، ۲۸/۱۵، ۳۳/۱۵،

مَسَّنِيَ: اس نے مجھ کو مس کیا، وہ مجھ کو پہنچ گیا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۸۸/۷، ۵۴/۱۵، ۸۳/۲۱، ۴۱/۳۸،

مُسْوَدًّا: (افعلا) سیاہ کیا ہوا، کالا۔ اِسْوِدَادٌ سے اسم مفعول۔ ۵۸/۱۶، ۱۷/۴۳،

مُسْوَدَّةٌ: سیاہ کی ہوئی، کالی۔ اِسْوِدَادٌ سے اسم مفعول۔ ۶۰/۳۹،

مُسَوَّمَةٌ: (تف) نشان کی ہوئی۔ ممتاز۔ نامزد۔ جنگل میں آزادی سے چرنے والے۔ تَسْوِيْمٌ اسم مفعول۔ ۸۳/۱۱، ۳۴/۵۱،

مُسَوَّمَةِ: نشان کی ہوئی۔ نامزد۔ ممتاز۔ ۱۴/۳،

مُسَوِّمِيْنَ: علامت بنانے والے، نشان بنانے والے، نامزد۔ تَسْوِيْمٌ سے اسم فاعل ۱۲۵/۳،

مَسَّهُ: اس نے اس کو مس کیا، وہ اس کو پہنچا۔ ۸۳/۱۷، ۴۹/۴۱، ۵۱/۴۱، ۲۰/۷۰، ۲۱/۷۰،

مَسَّهُ: اس نے اس کو مس کیا، وہ اس کو پہنچا۔ ۱۲/۱۰،

مَسَّهُمْ: اس نے ان کو مس کیا، اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچا۔ ۲۰۱/۷،

مَسْئُولًا: (ف) سوال کیا ہوا، پوچھا ہوا، سُؤَالٌ و سُؤْلٌ سے اسم مفعول ۳۳/۱۵، ۳۴/۱۷، ۳۶/۱۷، ۱۶/۲۵، ۱۵/۳۳،
مَسْئُولُوْنَ: سوال کئے ہوئے، باز پرس کئے ہوئے۔ ۲۴/۳۷،
مَسِيْحَ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ ۱۵۷/۴، ۱۷/۵، ۳۱/۹
مَسِيْحُ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ ۴۵/۳، ۱۷۱/۴، ۱۷۲/۴، ۱۷/۵، ۷۲/۵، ۷۵/۵، ۳۰/۹،
مُسِيْءُ: (اف) برائی کرنے والا، گنہگار، اِسَاءَةٌ سے اسم فاعل۔ ۵۸/۴۰،

م ش

مَشَارِبُ: (س) پینے کی چیزیں، پینے کا وقت شُرْبٌ سے اسم ظرف، واحد مَشْرَبٌ ۷۳/۳۶،
مَشَارِقَ: (س) مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات شَرْقٌ سے اسم ظرف، سورج طلوع ہونے کی جگہ روزانہ بدلتی رہتی ہے اس لئے جمع کا صیغہ لایا گیا۔ ۱۳۷/۷،
مَشَارِقِ: مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات ۵/۳۷،
مَشْرِقِ: مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات ۴۰/۷۰،
مَشَّاءٍ: (ض) بہت زیادہ چلنے والا۔ مَشْيٌ سے اسم مبالغہ۔ ۱۱/۶۸،
مَشَّاءٍ بِنَمِيْمٍ: بہت چغل خور۔ ۱۱/۶۸،
مُشْتَبِهًا: (افت) شبہ میں ڈالنے والا، ملتا جلتا، اِشْتِبَاهٌ سے اسم فاعل۔ ۹۹/۶،
مُشْتَرِكُوْنَ: (افت) شریک ہونے والے۔ اِشْتِرَاكٌ سے اسم فاعل۔ ۳۳/۳۷، ۳۹/۴۳،
مَشْحُوْنِ: (ف،ن،س) بھرا ہوا، شَحْنٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱۹/۲۶، ۴۱/۳۶، ۱۴۰/۳۷،
مَشْرَبَهُمْ: (س) ان کے پینے کی جگہ۔ ان کا گھاٹ۔ شُرْبٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی۔ ۶۰/۲، ۱۶۰/۷،
مَشْرِقِ: (ن) مشرق، سورج نکلنے کی جگہ۔ شُرُوْقٌ سے اسم ظرف۔ ۱۷۷/۲، ۲۵۸/۲، ۳۸/۴۳، ۹/۷۳،
مَشْرِقُ: مشرق، سورج نکلنے کی جگہ۔ ۱۱۵/۲، ۱۴۲/۲،
مَشْرِقَيْنِ: دو مشرق۔ مَشْرِقٌ کا تثنیہ۔ ۳۸/۴۳، ۱۷/۵۵،
مُشْرِقِيْنَ: (اف) صبح کے وقت، سورج نکلنے کے وقت، اِشْرَاقٌ سے اسم فاعل، واحد مُشْرِقٌ ۷۳/۱۵، ۶۰/۲۶،
مُشْرِكٌ: (اف) شرک کرنے والا، کافر۔ اِشْرَاكٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۱/۲،
مُشْرِكٌ: شرک کرنے والا، کافر۔ ۳/۲۴،
مُشْرِكٰتِ: شرک کرنے والیاں، کافر عورتیں ۲۲۱/۲، ۷۳/۳۳، ۶/۴۸،
مُشْرِكَةٌ: شرک کرنے والی، کافر عورت۔ ۳/۲۴،
مُشْرِكَةٍ: شرک کرنے والی، کافر عورت۔ ۲۲۱/۲،
مُشْرِكُوْنَ: شرک کرنے والے۔ ۱۲۱/۶، ۲۸/۹، ۳۳/۹، ۱۰۶/۱۲، ۱۰۰/۱۶، ۹/۶۱،
مُشْرِكِيْنَ: شرک کرنے والے۔ ۱۰۵/۲، ۱۳۵/۲، ۲۲۱/۲، ۶۷/۳، ۹۵/۳، ۱۴/۶، ۲۳/۶، ۷۹/۶، ۱۰۶/۶، ۱۳۷/۶، ۱۶۱/۶، ۱/۹، ۳/۹، ۴/۹، ۵/۹، ۶/۹، ۷/۹، ۱۷/۹، ۳۶/۹، ۱۱۳/۹، ۱۰۵/۱۰، ۱۰۸/۱۲، ۹۴/۱۵، ۱۲۰/۱۶، ۱۲۳/۱۶،..... ۳۶ جگہ
مَشْعَرِ: علامت، نشان، جمع مَشَاعِرُ۔ ۱۹۸/۲،
مَشْعَرِ الْحَرَامِ: مزدلفہ میں واقع ایک پہاڑ کا نام جس پر وقوف کرنا افضل ہے، تمام مزدلفہ میں وادیٔ محسر کے علاوہ کہیں بھی

قیام کیا جائے جائز ہے، مزدلفہ عرفات اور منی کے درمیان واقع ہے۔ ۱۹۸/۲،

مُشْفِقُوْنَ: (اف) ڈرنے والے۔ اِشْفَاقٌ سے اسم فاعل۔ ۲۸/۲۱، ۴۹/۲۱، ۵۷/۲۳، ۱۸/۴۲، ۲۷/۷۰،

مُشْفِقِيْنَ: ڈرنے والے۔ ۴۹/۱۸، ۲۲/۴۲، ۲۶/۵۲،

مِشْكٰوةٍ: چراغ رکھنے کا طاق۔ ۳۵/۲۴،

مَشْكُوْرًا: (ن) شکر کیا ہوا، مقبول، قدر کیا ہوا۔ شُكْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹/۱۷، ۲۲/۷۶،

مَشَوْا: (ض) وہ چلے۔ مَشْیٌ سے ماضی۔ ۲۰/۲،

مَشْهَدِ: (ک، س) شہادت دینا، حاضر ہونا، گواہی دینے کی جگہ۔ شُهُوْدٌ وشَهَادَةٌ سے اسم ظرف۔ ۳۷/۱۹،

مَشْهُوْدًا: شہادت دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ شُهُوْدٌ وشَهَادَةٌ سے اسم مفعول۔ ۷۸/۱۷،

مَشْهُوْدٍ: شہادت دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ ۳/۸۵،

مَشْهُوْدٌ: شہادت دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ ۱۰۳/۱۱،

مَشْئَمَةِ: بائیں طرف، کم بختی، بدبختی، اسم ہے۔ ۹/۵۶، ۱۹/۹۰،

مَشِيْدٍ: (ض) بلند کئے ہوئے، مضبوط قلعے، شَيْدٌ سے اسم مفعول۔ ۴۵/۲۲،

مُشَيَّدَةٍ: (تف) بلند کئے ہوئے، مضبوط بنائے ہوئے۔ تَشْيِيْدٌ سے اسم مفعول۔ ۷۸/۴،

مَشْيِكَ: تیری چال۔ ۱۹/۳۱،

م ص

مَصَابِيْحَ: چراغ۔ قندیل۔ واحد مِصْبَاحٌ۔ ۱۲/۴۱، ۵/۶۷،

مَصَانِعَ: مکانات، قلعے، واحد مَصْنَعَةٌ۔ ۱۲۹/۲۶،

مِصْبَاحٌ: چراغ، قندیل، صُبْحٌ سے اسم آلہ، ۳۵/۲۴،

مِصْبَاحُ: چراغ، قندیل۔ ۳۵/۲۴،

مُصْبِحِيْنَ: (اف) صبح کرنے والے، صبح کے وقت کو پانے والے۔ اِصْبَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۶۶/۱۵، ۸۳/۱۵، ۱۳۷/۳۷، ۱۷/۶۸، ۲۱/۶۸،

مُصَدِّقًا: (تف) تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا، تَصْدِيْقٌ سے اسم فاعل، ۴۱/۲، ۹۱/۲، ۹۷/۲، ۳/۳، ۳۹/۳، ۵۰/۳، ۴۷/۴، ۴۶/۵، ۴۸/۵، ۳۱/۳۵، ۳۰/۴۶، ۶/۶۱،

مُصَدِّقٌ: تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا ۸۹/۲،

مُصَدِّقٌ: تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا ۱۰۱/۲، ۸۱/۳، ۹۲/۶، ۱۲/۴۶،

مُصَّدِّقٰتِ: (تفع) صدقہ کرنے والیاں، خیرات دینے والیاں، تَصَدُّقٌ سے اسم فاعل، ۱۸/۵۷،

مُصَدِّقِيْنَ: تصدیق کرنے والے، سچا ماننے والے۔ ۵۲/۳۷،

مُصَّدِّقِيْنَ: (تفع) صدقہ دینے والے، خیرات دینے والے۔ تَصَدُّقٌ سے اسم فاعل۔ اصل میں مُتَصَدِّقِيْنَ تھا 'تا' کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا۔ ۱۸/۵۷،

مِصْرَ: ملک مصر۔ ۸۷/۱۰، ۲۱/۱۲، ۹۹/۱۲، ۵۱/۴۳،

مِصْرًا: کوئی شہر۔ ہر وہ شہر جس کی حد بندی ہو۔ جمع اَمْصَارٌ۔ ۶۱/۲،

مُصْرِخِكُمْ: (اف) تمہاری فریاد کو پہنچنے والا تمہارا مددگار۔ اِصْرَاخٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲/۱۴،

مُصْرِخِيَّ: میری فریاد کو پہنچنے والے، میرے مددگار، واحد مُصْرِخٌ۔ اصل میں یہ لفظ مُصْرِخِيْنَ اور یائے متکلم سے مرکب ہے اضافت کی وجہ سے مُصْرِخِيْنَ کا نون

حذف ہوگیا اور دونوں یاؤں میں ادغام ہوگیا۔ ۲۲/۱۴،

مَصْرِفًا: (ض) لوٹنے کی جگہ، بچنے کا راستہ۔ صَرْفٌ سے اسم ظرف، جمع مَصَارِفُ۔ ۵۳/۱۸،

مَصْرُوْفًا: (ض) لوٹایا ہوا، پھیرا ہوا۔ صَرْفٌ سے اسم مفعول۔ ۸/۱۱،

مُصْطَفَيْنَ: (افت) پسند کئے ہوئے، برگزیدہ، منتخب۔ اِصْطِفَاءٌ سے اسم مفعول۔ واحد مُصْطَفٰی۔ ۴۷/۳۸،

مُصَفًّی: (تف) صاف کیا ہوا، جھاگ اتارا ہوا۔ تَصْفِیَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۵/۴۷،

مُصْفَرًّا: (افعلا) زرد کیا ہوا۔ پیلا کیا ہوا۔ اِصْفِرَارٌ سے اسم مفعول۔ ۵۱/۳۰، ۲۱/۳۹، ۲۰/۵۷،

مَصْفُوْفَةٍ: (ن) صف بستہ، قطار در قطار۔ صَفٌّ سے اسم مفعول۔ ۲۰/۵۲،

مَصْفُوْفَةٌ: (ن) صف بستہ، قطار در قطار۔ ۱۵/۸۸،

مُصَلًّی: (تف) نماز پڑھنے کی جگہ۔ تَصْلِیَةٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۲۵/۲،

مُصْلِحٌ: (اف) اصلاح کرنے والا، سنوارنے والا۔ اِصْلَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۰/۲،

مُصْلِحُوْنَ: اصلاح کرنے والے، درست کرنے والے۔ ۱۱/۲، ۱۱۷/۱۱،

مُصْلِحِیْنَ: اصلاح کرنے والے، درست کرنے والے۔ ۱۷۰/۷، ۱۹/۲۸،

مُصَلِّیْنَ: نماز پڑھنے والے، واحد مُصَلِّی۔ ۲۲/۷۰، ۴۳/۷۴، ۴/۱۰۷،

مُصَوِّرُ: (تف) تصویر بنانے والا، پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ تَصْوِیْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۵۹،

مُصِیْبَةٌ: (اف) مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ اِصَابَةٌ سے اسم فاعل۔ جمع مَصَائِبُ۔ ۳۰/۴۲، ۲۲/۵۷، ۱۱/۶۴،

مُصِیْبَةً: مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ ۱۰۶/۵،

مُصِیْبَةٌ: مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ ۱۵۶/۲، ۱۶۵/۳، ۶۲/۴، ۷۲/۴، ۵۰/۹، ۴۷/۲۸،

مُصِیْبُهَا: اس کو پالینے والا۔ اس کو پہنچ جانے والا۔ ۸۱/۱۱،

مَصِیْرًا: (ض) لوٹنے کی جگہ، ٹھکانا۔ صَیْرٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی۔ ۹۷/۴، ۱۱۵/۴، ۱۵/۲۵، ۶/۴۸،

مَصِیْرُ: لوٹنے کی جگہ، ٹھکانا۔ ۱۲۶/۲، ۲۸۵/۲، ۲۸/۳، ۱۶۲/۳، ۱۸/۵، ۱۶/۸، ۷۳/۹، ۴۲/۲۲، ۴۸/۲۲، ۴۲/۲۴، ۵۷/۲۴، ۱۴/۳۱، ۱۸/۳۵، ۳/۴۰، ۱۵/۴۲، ۲۳/۵۰، ۱۵/۵۷، ۸/۵۸، ۴/۶۰، ۳/۶۴، ۶/۶۷، ۹/۶۶، ۶/۶۷

مَصِیْرُکُمْ: تمہارا لوٹنا۔ ۳۰/۱۴،

مُصَیْطِرٍ: داروغہ، حاکم، نگراں۔ سَیْطَرَةٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُسَیْطِرٍ تھا، س کو ص سے بدل دیا، جیسے سِرَاط کو صِرَاط کیا گیا۔ ۲۲/۸۸،

مُصَیْطِرُوْنَ: داروغہ، حاکم، نگراں، جمع کا صیغہ ہے۔ ۳۷/۵۲،

م ض

مَضٰی: (ض) وہ گزر گیا۔ مُضِیٌّ سے ماضی۔ ۸/۴۳،

مَضَاجِعِ: (ف) بستر، بچھونے، خواب گاہیں۔ ضَجْعٌ و ضُجُوْعٌ سے اسم ظرف، واحد مَضْجَعٌ۔ ۳۴/۴، ۱۶/۳۲،

مَضَاجِعِهِمْ: ان کی خواب گاہیں، ان کی قتل گاہیں۔ ۱۵۴/۳،

مُضَآرٍّ: (مفا) ضرور پہنچانے والا، نقصان دینے والا، ضِرَارٌ سے اسم مفعول۔ اصل میں مُضَارِرٌ تھا دونوں راؤں کا ادغام کر دیا۔ ۱۲/۴،

مُضٰعَفَةً: (مفا) دوگنا کیا ہوا، بڑھانا، مصدر بھی ہے اور اسم مفعول بھی۔ ۱۳۰/۳،

مَضَتْ: (ض ن) وہ گزر گئی، وہ ہو چکی۔ ۳۸/۸،

مُضْطَرٌّ: (افت) مضطر، بے قرار، بے بس۔ اِضْطِرَارٌ سے اسم مفعول، اصل میں مُضْتَرِرٌ تھا، 'تا' کو طا سے بدل کر 'را' کا را میں ادغام کر دیا۔ ۶۲/۲۷،

مُضْعِفُوْنَ: (اف) دوگناہ کرنے والے اِضْعَافٌ سے اسم فاعل۔ ۳۹/۳۰،

مُضْغَةً: بوٹی۔ گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا لوتھڑا۔ جمع مَضَغٌ۔ ۱۴/۲۳،

مُضْغَةً: بوٹی، گوشت، کا ٹکڑا۔ ۱۴/۲۳،

مُضْغَةٍ: بوٹی، گوشت کا ٹکڑا۔ ۵/۲۲،

مُضِلٍّ: (اف) گمراہ کرنے والا، بہکانے والا۔ اِضْلَالٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۳۹،

مُضِلٌّ: (اف) گمراہ کرنے والا، بہکانے والا۔ ۱۵/۲۸،

مُضِلِّیْنَ: گمراہ کرنے والے، بہکانے والے، ۵۱/۱۸،

مُضِیًّا: (ض) گزر جانا، آگے چلنا، مصدر میمی ۶۷/۳۶،

م ط

مُطَاعٍ: (اف) اطاعت کیا ہوا، پیشوا۔ اِطَاعَةٌ سے اسم مفعول۔ ۲۱/۸۱،

مَطَرَ: بارش، جمع اَمْطَارٌ۔ ۴۰/۲۵،

مَطَرًا: بارش۔ ۸۴/۷، ۱۷۳/۲۶، ۵۸/۲۷،

مَطَرٍ: بارش۔ ۱۰۲/۴،

مَطَرُ: بارش۔ ۱۷۳/۲۶،

مُطَفِّفِیْنَ: (تف) تول اور ناپ میں کمی کرنے والے۔ تَطْفِیْفٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۸۳

مَطْلَعِ: (ن) طلوع ہونے کی جگہ، چمکنا، برآمد ہونا، طُلُوْعٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی، جمع مطالع۔ ۵/۹۷،

مَطْلَعَ: طلوع ہونے کی جگہ، چمکنا، برآمد ہونا ۹۰/۱۸،

مُطَّلِعُوْنَ: (افت) واقف (مطلع) ہونے والے، جھانک کر دیکھنے والے۔ اِطِّلَاعٌ سے اسم فاعل، واحد مُطَّلِعٌ اصل میں مُطْتَلِعُوْنَ تھا طا کا تا میں ادغام کر دیا۔ ۵۴/۳۷،

مُطَلَّقٰتِ: (تف) مطلقہ عورتیں، طلاق دی ہوئی عورتیں۔ تَطْلِیْقٌ سے اسم مفعول، واحد مُطَلَّقَةٌ۔ ۲۴۱/۲،

مُطَلَّقٰتُ: مطلقہ عورتیں، طلاق دی ہوئی عورتیں، ۲۲۸/۲،

مَطْلُوْبُ: (ن) طلب کیا ہوا، چاہا ہوا، مراد مکھی۔ طَلَبٌ سے اسم مفعول۔ ۷۳/۲۲،

مُطْمَئِنٌّ: (افعلا) اطمینان والا، پرسکون۔ اِطْمِیْنَانٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۶/۱۶،

مُطْمَئِنَّةً: اطمینان پانے والی، سکون پانے والی۔ ۱۱۲/۱۶،

مُطْمَئِنَّةُ: اطمینان پانے والی، سکون پانے والی۔ ۲۷/۸۹،

مُطْمَئِنِّیْنَ: اطمینان والے، وطن بنانے والے قیام کرنے والے۔ ۹۵/۱۷،

مُطَّوِّعِیْنَ: (تفع) نفلی صدقات دینے والے،

خیرات کرنے والے۔ تَطَوُّعٌ سے اسم فاعل، واحد مُطَّوِّعٌ، اصل میں مُتَطَوِّعِینَ تھا، تا کو طا سے بدل کر 'تا' کا 'طا' میں ادغام کر دیا۔ ۷۹/۹،

مَطْوِیٰتٌ: لپٹے ہوئے۔ طَیٌّ سے اسم مفعول، واحد مَطْوِیَّةٌ. ۶۷/۳۹،

مُطَهَّرَةً: (تف) پاک کی ہوئی۔ تَطْهِیرٌ سے اسم مفعول۔ ۲/۹۸،

مُطَهَّرَةٍ: پاک کی ہوئی۔ ۱۴/۸۰،

مُطَهَّرَةٌ: پاک کی ہوئی۔ ۲۵/۲، ۱۵/۳، ۵۷/۴،

مُطَهِّرُكَ: تجھے پاک کرنے والا، تجھے دور رکھنے والا۔ تَطْهِیرٌ سے اسم فاعل۔ ۵۵/۳،

مُطَهَّرُوْنَ: پاک کیے ہوئے۔ ۷۹/۵۶

مُطَّهِّرِیْنَ: (تفع) پاک ہونے والے، تَطَهُّرٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُتَطَهِّرِیْن تھا، تا کا طا میں ادغام کر دیا۔ ۱۰۸/۹،

م ظ

مُظْلِمًا: (اف) تاریکی میں پڑے ہوئے، اندھیرے میں پڑے ہوئے۔ اِظْلَامٌ سے اسم فاعل، ۲۷/۱۰،

مُظْلِمُوْنَ: تاریکی میں پڑے ہوئے، اندھیرے میں داخل ہونے والے۔ ۳۷/۳۶

مَظْلُوْمًا: (ض) ظلم کیا ہوا، ستایا ہوا۔ ظُلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۳۳/۱۷

م ع

مَعَ: ساتھ، اسم ہے۔ ۴۳/۲، ۱۵۳/۲، ۱۹۳/۲، ۲۴۹/۲، ۴۳/۳، ۵۳/۳، ۱۹۳/۳، ۶۹/۴، ۱۴۶/۴، ۸۳/۵، ۱۹/۶، ۶۸/۶،

۴۷/۷، ۱۵۰/۷، ۶۶/۸، ۳۶/۹، ۳۶/۹، ۸۳/۹، ۸۶/۹، ۸۷/۹، ۹۳/۹، ۱۱۹/۹، ۱۲۳/۹، ۴۲/۱۱، ۳۱/۱۵

مُعْجِزِیْنَ: (مفا) عاجز کرنے والے، ہرانے والے۔ مُعَاجَزَةٌ سے اسم فاعل۔ ۵۱/۲۲، ۵/۳۴، ۳۸/۳۴،

مَعَادٍ: (ن) لوٹ کر آنے کی جگہ، عالم آخرت، عَوْدٌ سے اسم ظرف۔ ۸۵/۲۸،

مَعَاذَ: (ن) پناہ لینا، عَوْذٌ سے مصدر میمی، ۲۳/۱۲، ۷۹/۱۲،

مَعَاذِیْرَهٗ: اس کے عذر، اس کے بہانے، واحد مَعْذِرَةٌ اور مِعْذَارٌ. ۱۵/۷۵،

مَعَارِجَ: درجات، سیڑھیاں، واحد مِعْرَاجٌ ۳۳/۴۳

مَعَارِجِ: درجات، سیڑھیاں۔ ۳/۷۰

مَعَاشًا: (ض) معاش کا وقت، روزی کا وقت، کمائی کرنا۔ عَیْشٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی، جمع مَعَایِشَ. ۱۱/۷۸،

مَعَایِشَ: معاش کے سامان، روزیاں، روزی کے سامان، واحد مَعِیْشَةٌ. ۱۰/۷، ۲۰/۱۵،

مُعْتَبِیْنَ: (اف) مقبول، توبہ کیے ہوئے۔ اِعْتَابٌ سے اسم مفعول، واحد مُعْتَبٌ. ۲۴/۴۱،

مُعْتَدٍ: (افت) ظالم، حد سے بڑھنے والے۔ اِعْتِدَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲۵/۵۰، ۱۲/۶۸، ۱۲/۸۳،

مُعْتَدُوْنَ: سرکش لوگ، حد سے بڑھنے والے ۱۰/۹،

مُعْتَدِیْنَ: سرکش لوگ، حد سے تجاوز کرنے والے۔ ۱۹۰/۲، ۸۷/۵، ۱۱۹/۶، ۵۵/۷، ۷۴/۱۰،

مُعْتَرَّ: (افت) سوال کرنے والا۔ مانگنے والا۔ بے قرار محتاج۔ اِعْتِرَارٌ سے اسم فاعل۔ اصل میں مُعْتَرِرٌ تھا، را کا را میں ادغام کر دیا۔ ۳۶/۲۲

مُعْجِزٍ: (اف) عاجز بنانے والا، ہرانے والا۔

اِعْجَازٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۳۴،

مُعْجِزِی: عاجز بنانے والے، اصل میں مُعْجِزِیْن تھا، اضافت کی وجہ سے نون ساقط ہو گیا۔ ۲/۹، ۳/۹،

مُعْجِزِیْنَ: عاجز بنانے والے۔ ۱۳۴/۶، ۵۳/۱۰، ۲۰/۱۱، ۳۳/۱۱، ۳۶/۱۲، ۵۷/۲۲، ۲۲/۲۹، ۵۱/۳۹، ۳۱/۴۲،

مَعْدُوْدٍ: (ن) شمار کیا ہوا، گنا ہوا۔ عَدٌّ سے اسم مفعول۔ ۱۰۴/۱۱،

مَعْدُوْدَاتٍ: گنے ہوئے، چند گنتی کے دن، واحد مَعْدُوْدَةٌ. ۱۸۴/۲، ۲۰۳/۲، ۲۴/۳،

مَعْدُوْدَةً: گنتی کے چند دن۔ ۸۰/۲،

مَعْدُوْدَةٍ: گنتی کے چند دن۔ ۸/۱۱، ۲۰/۱۲،

مُعَذِّبُوْهَا: (تف) اس کو سخت عذاب دینے والے۔ تَعْذِیْبٌ سے اسم فاعل۔ ۵۸/۱۷،

مُعَذِّبَهُمْ: ان کو سخت عذاب دینے والا۔ ۳۳/۸،

مُعَذِّبُهُمْ: ان کو سخت عذاب دینے والا۔ ۱۶۴/۷،

مُعَذَّبِیْنَ: عذاب دیے ہوئے۔ تَعْذِیْبٌ سے اسم مفعول۔ ۱۳۸/۲۶، ۲۱۳/۲۶، ۳۵/۳۴، ۵۹/۳۷،

مُعَذِّبِیْنَ: سخت عذاب دینے والے۔ ۱۵/۱۷،

مَعْذِرَةً: عذر پیش کرنا، اسم بھی ہے اور مصدر میمی بھی۔ ۱۶۴/۷،

مَعْذِرَتُهُمْ: ان کا عذر، ان کا بہانہ، مصدر میمی، ۵۷/۳۰،

مُعَذِّرُوْنَ: (تف) عذر پیش کرنے والے۔ بہانہ تراشنے والے، تَعْذِیْرٌ سے اسم فاعل، ۹۰/۹،

مَعَرَّةٌ: ایذا، ضرر، تکلیف، عیب۔ ۲۵/۴۸،

مُعْرِضُوْنَ: (اف) اعراض کرنے والے، روگردانی کرنے والے، کنارہ کش۔ اِعْرَاضٌ سے اسم فاعل۔ ۸۳/۲، ۲۳/۳، ۲۳/۸، ۷۶/۹، ۱۰۵/۱۲، ۱/۲۱، ۲۴/۲۱، ۳۲/۲۱، ۴۲/۲۱، ۳/۲۳، ۷۱/۲۳، ۶۸/۳۲، ۶۸/۳۸، ۵/۴۶،

مُعْرِضِیْنَ: اعراض کرنے والے، منہ موڑنے والے۔ ۴/۶، ۸۱/۱۵، ۵/۲۶، ۴۶/۳۶، ۴۹/۷۴،

مَعْرُوْشٰتٍ: چڑھائے ہوئے۔ اونچے کئے ہوئے۔ بلند کئے ہوئے۔ تَعْرِیْشٌ سے اسم مفعول، واحد مَعْرُوْشَةٌ. ۱۴۱/۶،

مَعْرُوْفًا: (ض) نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ عِرْفَانٌ ومَعْرِفَةٌ سے اسم مفعول، ''معروف ہر وہ فعل ہے جس کی اچھائی عقل و شرع سے معلوم ہو، اور منکر اس فعل کو کہتے ہیں جس کا یہ (عقل و شرع) انکار کریں (المفردات/ ۳۳۱)۔ ۲۳۵/۲، ۵/۴، ۸/۴، ۱۵/۳۱، ۶/۳۳، ۳۲/۳۳،

مَعْرُوْفِ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۱۷۸/۲، ۱۸۰/۲، ۲۲۸/۲، ۲۳۲/۲، ۲۳۳/۲، ۲۳۴/۲، ۲۳۶/۲، ۲۴۱/۲، ۱۰۴/۳، ۱۱۰/۳، ۱۱۴/۳، ۶/۴، ۱۹/۴، ۲۵/۴، ۱۵۷/۷، ۶۷/۹، ۷۱/۹، ۱۱۲/۹، ۴۱/۲۲، ۱۷/۳۱،

مَعْرُوْفٍ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۲۲۹/۲، ۲۳۱/۲، ۲۴۰/۲، ۱۱۴/۴، ۱۲/۶۰، ۲/۶۵، ۶/۶۵،

مَعْرُوْفٌ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۲۶۳/۲، ۲۱/۴۷،

مَعْرُوْفَةٌ: معروف، پہچانی ہوئی، پسندیدہ ۵۳/۲۴،

مَعْزِ: بکریاں، اسم جنس۔ ۱۴۳/۶،

مَعْزِلٍ: (ض) کنارہ، الگ جگہ۔ عَزْلٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی۔ ۴۲/۱۱،

مَعْزُوْلُوْنَ: معزول کئے ہوئے، برطرف کئے ہوئے، الگ کئے ہوئے۔ عَزْلٌ سے اسم مفعول۔ ۲۱۲/۲۶،

مِعْشَارَ: دسواں حصہ، اسم ہے۔ ۴۵/۳۴،

مَعْشَرَ: بڑی جماعت، بڑا گروہ، جمع مَعَاشِرُ.

۱۲۸/۶، ۱۳۰/۶، ۳۳/۵۵،

مُعْصِرٰتِ: (اف) نچوڑنے والیاں، مراد پانی سے بھرے ہوئے بادل جو ابھی برسے نہ ہوں، اِعْصَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُعْصِرَةٌ ۱۴/۷۸،

مَعْصِيَتِ: (ض) معصیت، گناہ، نافرمانی، عِصْیٌ سے مصدر میمی و اسم جمع مَعَاصِی۔ ۸/۵۸، ۹/۵۸،

مُعَطَّلَةٍ: (تف) خالی پڑے ہوئے، بے کار رکھے ہوئے، ویران، تَعْطِیْلٌ سے اسم مفعول، ۴۵/۲۲،

مُعَقِّبَ: (تف) ہٹانے والا، روکرنے والا، تَعْقِیْبٌ سے اسم فاعل۔ ۴۱/۱۳،

مُعَقِّبٰتٌ: چوکیدار، ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے۔ دن اور رات میں باری باری آنے والے فرشتے۔ ۱۱/۱۳،

مَعَكَ: تیرے ساتھ۔ ۱۰۲/۴، ۸۸/۷، ۱۳۳/۷، ۴۸/۱۱، ۱۱۲/۱۱، ۲۸/۲۳، ۴۷/۲۷، ۵۶/۲۸، ۵۰/۳۳، ۲۰/۷۳،

مَعَكُمْ: تم سب کے ساتھ۔ ۴۱/۲، ۹۱/۲، ۸۱/۳، ۱۵۲/۳، ۱۳۱/۳، ۱۲/۵، ۵۳/۵، ۴۳/۶، ۷۱/۷، ۱۲/۸، ۷۵/۸، ۲۳/۹، ۵۴/۹، ۲۰/۱۰، ۱۰۲/۱۰، ۹۳/۱۱، ۶۶/۱۲، ۱۵/۲۲، ۱۰/۲۹، ۱۹/۳۶، ۵۹/۳۸، ۳۵/۴۷، ۳۱/۵۲، ۴/۵۷، ۱۴/۵۷، ۱۱/۵۹،

مَعَكُمَا: تم دونوں کے ساتھ۔ ۴۶/۲۰،

مَعْكُوْفًا: (ض) بند کیا ہوا، روکا ہوا۔ عَكْفٌ و عُكُوْفٌ سے اسم مفعول۔ ۲۵/۴۸،

مُعَلَّقَةِ: (تف) معلق، ادھر میں لٹکی ہوئی۔ تَعْلِیْقٌ سے اسم مفعول۔ ۱۲۹/۴،

مُعَلَّمٌ: (تف) تعلیم دیا ہوا، سکھایا ہوا۔ تَعْلِیْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۴/۴۴،

مَعْلُوْمٌ: (س) معلوم، جانا ہوا۔ عِلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۳۸/۱۵، ۸۱/۳۸،

مَعْلُوْمٍ: معلوم، جانا ہوا، ۲۱/۱۵، ۳۸/۲۶، ۱۵۵/۲۶، ۵۰/۵۶، ۲۲/۷۷،

مَعْلُوْمٌ: معلوم، جانا ہوا۔ ۴/۱۵، ۴۱/۳۷، ۱۶۴/۳۷، ۲۴/۷۰،

مَعْلُوْمٰتٌ: جانی ہوئی چیزیں، مقرر، واحد مَعْلُوْمَةٌ، عِلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹۷/۲،

مَعْلُوْمٰتٍ: جانی ہوئی چیزیں۔ مقرر۔ ۲۸/۲۲،

مُعَمَّرٍ: (تف) معمر، بوڑھا، عمر رسیدہ۔ تَعْمِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱/۳۵،

مَعْمُوْرِ: آباد، مراد وہ مسجد جو ساتویں آسمان پر ہے اور ہر وقت فرشتوں سے آباد رہتی ہے۔ عِمَارَةٌ سے اسم مفعول۔ ۴/۵۲،

مَعَنَا: ہمارے ساتھ۔ ۲۶/۹، ۲۲/۱۱، ۱۲/۱۲، ۶۳/۱۲، ۴۷/۲۰، ۶۱/۲۶،

مُعَوِّقِيْنَ: (تف) منع کرنے والے، روکنے والے، تَعْوِیْقٌ سے اسم فاعل، واحد مُعَوِّقٌ۔ ۱۸/۳۳،

مَعَهٗ: اس کے ساتھ۔ ۲۱۴/۲، ۲۴۹/۲، ۱۴۶/۳، ۳۹/۵، ۶۴/۷، ۷۲/۷، ۱۳۱/۷، ۱۵۷/۷، ۸۸/۷، ۴۳/۱۰، ۱۲/۱۱، ۴۰/۱۱، ۵۸/۱۱، ۶۶/۱۱، ۹۴/۱۱، ۳۶/۱۲، ۱۸/۱۳، ۴۲/۱۷، ۱۰۳/۱۷، ۹۱/۲۳، ۴۲/۲۳، ۷/۲۵، ۳۵/۲۵، ۶۵/۲۶، ۱۱۹/۲۶،

مَعَهَا: اس (مؤنث) کے ساتھ۔ ۲۱/۵۰،

مَعَهُمْ: ان کے ساتھ۔ ۸۹/۲، ۹۱/۲، ۱۰۱/۲، ۲۱۳/۲، ۷/۴، ۴۷/۴، ۱۰۸/۴، ۱۴۰/۴، ۱۵۰/۶، ۸۴/۲۱، ۴۳/۳۸، ۲۵/۵۷، ۷/۵۸، ۱۲/۵۹،

مَعِیَ: میرے ساتھ۔ ۱۰۵/۷، ۸۳/۹، ۶۷/۱۸، ۷۲/۱۸، ۷۵/۱۸، ۲۴/۲۱، ۶۲/۲۶، ۱۱۸/۲۶، ۳۴/۲۸، ۲۸/۶۷،

مَعِيْشَةً: سامان زندگی، جمع مَعَايِش۔ ۱۲۴/۲۰،

مَعِيْشَتَهَا: اس (مؤنث) کا سامان زندگی۔ ۵۸/۲۸،

مَعِيْشَتَهُمْ: ان کا سامان زندگی۔ ۳۲/۴۳

مَعِيْنٍ: (ض ف) بہتا ہوا۔ آب رواں۔ جاری چشمہ۔ عَيْنٌ و مَعْنٌ سے اسم مفعول۔ ۵۰/۲۳،

۴۵/۳۷، ۱۸/۵۶، ۳۰/۷۶

م غ

مَغَارٰتٍ: غار، گڑھے، واحد مَغَارَةٌ۔ ۵۷/۹

مَغَارِبِ: غروب ہونے کے مقامات۔ غُرُوْبٌ سے اسم ظرف، واحد مَغْرِبٌ، سورج غروب ہونے کے مقامات روزانہ بدلتے رہتے ہیں اس لئے مشارق کی طرح مغارب بھی جمع کا صیغہ لایا گیا۔ ۴۰/۷۰

مَغَارِبَهَا: اس کے غروب ہونے کے مقامات، ۱۳۷/۷

مُغَاضِبًا: (مفا) خفا ہونے والا، غصہ کرنے والا۔ مُغَاضَبَةٌ سے اسم فاعل۔ ۸۷/۲۱

مَغَانِمَ: غنیمت کے مال۔ واحد مَغْنَمٌ۔ ۹۴/۴، ۱۵/۴۸، ۲۰/۴۸

مَغَانِمُ: غنیمت کے مال۔ ۹۴/۴

مُغْتَسَلٌ: (افت) نہانے کی جگہ، نہانے کا پانی اِغْتِسَالٌ سے اسم ظرف۔ ۴۲/۳۸

مَغْرِبَ: (ن) غروب ہونے کی جگہ۔ غُرُوْبٌ سے اسم ظرف، جمع مَغَارِبُ۔ ۸۶/۱۸

مَغْرِبِ: غروب ہونے کی جگہ ۱۷۷/۲، ۲۵۸/۲، ۲۸/۲۶، ۹/۷۳

مَغْرِبُ: غروب ہونے کی جگہ۔ ۱۱۵/۲، ۱۴۲/۲

مَغْرِبَيْنِ: غروب ہونے کے دو مقام۔ (ایک سردی کا ایک گرمی کا)۔ ۱۷/۵۵

مُغْرَقُوْنَ: (اف) غرق کئے ہوئے، ڈبوئے ہوئے۔ اِغْرَاقٌ سے اسم مفعول۔ ۳۷/۱۱، ۲۷/۲۳، ۲۴/۴۴

مُغْرَقِيْنَ: غرق کئے ہوئے، ڈبوئے ہوئے۔ ۴۳/۱۱

مَغْرَمًا: (س) جرمانہ، تاوان۔ غُرْمٌ سے مصدر میمی، جمع مَغَارِمُ۔ ۹۸/۹

مَغْرَمٍ: جرمانہ، تاوان۔ ۴۰/۵۲، ۴۶/۶۸

مُغْرَمُوْنَ: (اف) تاوان زدہ، قرضدار۔ اِغْرَامٌ سے اسم مفعول۔ ۶۶/۵۶

مَغْشِيِّ: (س) بے ہوش۔ غَشْيٌ سے اسم مفعول، اصل میں مَغْشُوْيٌ تھا، واؤ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کر دیا۔ ۲۰/۴۷

مَغْضُوْبِ: غضب کیا ہوا، غصہ کیا ہوا۔ غَضَبٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۱

مَغْفِرَةٌ: (ض) مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ اسم بھی ہے مصدر بھی۔ ۲۶۸/۲، ۹۶/۴، ۳۵/۳۳، ۲۹/۴۸

مَغْفِرَةٍ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۱۷۵/۲، ۲۲۱/۲، ۳۲/۵۳، ۵۲/۵۷

مَغْفِرَةِ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۱۳۳/۳، ۶/۱۳، ۱۱/۳۶، ۴۳/۴۱، ۲۱/۵۷

مَغْفِرَةٌ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۲۶۳/۲، ۱۳۶/۳، ۱۵۷/۳، ۹/۵، ۴/۸، ۷۴/۸، ۱۱/۱۱، ۵۰/۲۲، ۲۶/۲۴، ۷/۳۴، ۴/۳۵، ۱۵/۴۷، ۴۳/۴۹، ۲۰/۵۷، ۱۴/۶۷

مَغْلُوْبٌ: (ض) مغلوب، کمزور، دبایا ہوا۔ غَلَبَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۰/۵۴

مَغْلُوْلَةٌ: (ن) بندھی ہوئی، بخیل۔ غَلٌّ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۱۷

مَغْلُوْلَةٌ: بندھی ہوئی، بخیل۔ ۶۴/۵

مُغْنُوْنَ: (اف) بچانے والے، دور کرنے والے، (بصلۂ عَنْ) اِغْنَاءٌ سے اسم فاعل۔ واحد مُغْنِي۔ ۲۱/۱۴، ۴۷/۴۰

مُغَيِّرًا: (تف) بدلنے والا، تغییرٌ سے اسم فاعل، ۵۳/۸

مُغِيْرٰتِ: (اف) غارت کرنے والیاں۔ شب خون مارنے والے۔ دھاوا بولنے والے۔ مراد

جنگی گھوڑے۔ اِغَارَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۱۰۰،

م ف

مَفَاتِحُ: کنجیاں، خزانے، واحد مِفْتَاحٌ۔ ۵۹/۶،

مَفَاتِحَهٗ: اس کی کنجیاں، اس کے خزانے، ۶۱/۲۴، ۷۶/۲۸

مَفَازًا: (ن) کامیابی۔ فَوْزٌ سے مصدر میمی۔ ۳۱/۷۸

مَفَازَةٍ: کامیابی، نجات۔ ۱۸۸/۳،

مَفَازَتِهِمْ: ان کی کامیابی۔ ۶۱/۳۹

مُفَتَّحَةً: (تف) خوب کھلی ہوئی۔ تَفْتِيْحٌ سے اسم مفعول۔ ۵۰/۳۸،

مُفْتَرٰی: (افت) افترا کرنے والا، بہتان تراشنے والا، تہمت لگانے والا۔ اِفْتِرَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۲۸، ۴۳/۳۴،

مُفْتَرٍ: بہتان تراشنے والا تہمت لگانے والا۔ ۱۰۱/۱۶،

مُفْتَرُوْنَ: بہتان لگانے والے۔ تہمت لگانے والے۔ ۵۰/۱۱،

مُفْتَرَيٰتٍ: خودساختہ، گھڑی ہوئی، مراد قرآن مجید کی سورتیں، واحد مُفْتَرَاةٌ. ۱۳/۱۱،

مُفْتَرِيْنَ: اپنی طرف سے بنانے والے، تہمت لگانے والے۔ ۱۵۲/۷،

مَفْتُوْنُ: (ض) فتنہ، جنون، دیوانہ۔ فَتْنٌ و فُتُوْنٌ سے اسم مفعول۔ ۶/۶۸،

مَفَرُّ: (ض) فرار ہونا، فرار ہونے کا وقت۔ فِرَارٌ سے مصدر میمی و اسم ظرف۔ ۱۰/۷۵،

مُفْرَطُوْنَ: (اف) آگے بھیجے ہوئے، پہلے بھیجے ہوئے۔ اِفْرَاطٌ سے اسم مفعول۔ ۶۲/۱۶،

مَفْرُوْضًا: (ن) فرض کیا ہوا، مقرر کیا ہوا۔ فَرْضٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۴، ۱۱۸/۴،

مُفْسِدَ: (اف) فساد کرنے والا۔ بگاڑنے والا۔ اِفْسَادٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۰/۲،

مُفْسِدُوْنَ: (اف) فساد کرنے والے، بگاڑنے والے۔ ۱۲/۲، ۹۴/۱۸،

مُفْسِدِيْنَ: فساد کرنے والے، بگاڑنے والے، ۶۰/۲، ۶۳/۳، ۶۴/۵، ۷۴/۷، ۸۶/۷، ۱۰۳/۷، ۱۴۲/۷، ۴۰/۱۰، ۸۱/۱۰، ۹۱/۱۰، ۸۵/۱۱، ۱۸۳/۲۶، ۱۴/۲۷، ۴/۲۸، ۷۷/۲۸، ۳۰/۲۹، ۳۶/۲۹، ۲۸/۳۸،

مُفَصَّلًا: (تف) مفصل، تفصیل وار۔ تَفْصِيْلٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱۴/۶،

مُفَصَّلٰتٍ: جدا جدا، کھلی ہوئی، واضح۔ ۱۳۳/۷،

مَفْعُوْلًا: (ف) کیا ہوا، انجام دیا ہوا، فَعْلٌ سے اسم مفعول، ۴۷/۴، ۴۲/۸، ۴۴/۸، ۵/۱۷، ۱۰۸/۱۷، ۳۷/۳۳، ۱۸/۷۳،

مُفْلِحُوْنَ: (اف) فلاح پانے والے، کامیاب۔ اِفْلَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۲، ۱۰۴/۳، ۸/۷، ۱۵۷/۷، ۸۸/۹، ۱۰۲/۲۳، ۵۱/۲۴، ۳۸/۳۰، ۵/۳۱، ۲۲/۵۸، ۹/۵۹، ۱۶/۶۴،

مُفْلِحِيْنَ: فلاح پانے والے، کامیاب ۶۷/۲۸،

م ق

مَقَابِرَ: قبرستان، قبریں، واحد مَقْبَرَةٌ. ۲/۱۰۲،

مَقَاعِدَ: (ن) بیٹھنے کی جگہیں، گھات لگانے کے مقامات۔ قُعُوْدٌ سے اسم ظرف، واحد مَقْعَدٌ. ۱۲۱/۳، ۹/۷۲،

مَقَالِيْدُ: کنجیاں، خزانے، واحد مِقْلَدٌ و مِقْلِيْدٌ. ۶۳/۳۹، ۱۲/۴۲،

مَقَامَ: (ن) قیام کرنا، کھڑا ہونا، کھڑے ہونے کی جگہ، قِيَامٌ سے مصدر میمی و اسم ظرف ۳۶/۵۵، ۴۰/۷۹،

مَقَامًا: قیام کرنا، کھڑا ہونا، کھڑا ہونے کی جگہ، مکان۔ ۷۹/۱۷، ۷۳/۱۹

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا: تعریف کیا ہوا مقام، احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ عرشِ الٰہی کے داہنی طرف ایک خاص مقام کا نام "مقامِ محمود" ہے، اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ سے قیامت کے دن اسی مقام پر رونق افروز کرنے کا وعدہ فرمایا ہے، مخلوقات میں سے آپ ﷺ کے علاوہ کسی کو بھی یہ مقام نصیب نہیں ہوگا (ترمذی)۔ ۷۹/۱۷،

مَقَام: قیام کی جگہ، کھڑا ہونا، مکان۔ ۱۲۵/۲،

مَقَامِ اِبْرٰهٖمَ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کھڑے ہونے کی جگہ، یہاں وہ پتھر مراد ہے جس پر کھڑے ہو کر آپ نے اپنے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی مدد سے خانہ کعبہ کی تعمیر کی، یہ پتھر اب بھی اپنی جگہ پر موجود ہے، طواف کعبہ کے بعد یہاں دو رکعت نماز ادا کرنا مستحب ہے۔ ۱۲۵/۲،

مَقَامٍ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۵۸/۲۶، ۲۶/۴۴، ۵۱/۴۴،

مَقَامُ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۹۷/۳،

مَقَامٌ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۱۶۴/۳۷،

مُقَامَ: (اف) رہنے کی جگہ، مکان۔ اِقَامَةٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۳/۳۳،

مُقَامًا: رہنے کی جگہ، مکان۔ ۶۶/۲۵، ۷۶/۲۵،

مُقَامَةِ: کھڑا ہونا، رہنا۔ ۳۵/۳۵،

مَقَامِعُ: (اف) گرز، بڑے بڑے ہتھوڑے، اِنْقِمَاعٌ سے اسم آلہ، واحد مِقْمَعٌ. ۲۱/۲۲،

مَقَامِكَ: تیرے قیام (کھڑے ہونے) کی جگہ کو۔ ۳۹/۲۷،

مَقَامَهُمَا: ان دونوں کا مقام، ان دونوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ ۱۰۷/۵،

مَقَامِيْ: میرا کھڑا ہونا، میرا رہنا۔ ۷۱/۱۰، ۱۴/۱۴،

مَقْبُوْحِيْنَ: (ا۔ف) برے بنے ہوئے، بدحال لوگ۔ قُبْحٌ وقَبَاحَةٌ سے اسم مفعول۔ ۴۲/۲۸،

مَقْبُوْضَةٌ: (ن) قبضہ کی ہوئی، پکڑی ہوئی۔ قَبْضٌ سے اسم مفعول۔ ۲۸۳/۲،

مَقْتًا: ناپسند کرنا۔ نفرت کرنا۔ بیزار ہونا۔ سخت ناراض ہونا، مصدر ہے۔ ۳۹/۳۵، ۳۵/۴۰، ۳/۶۱،

مَقْتًا: ناپسندیدہ۔ نفرت کیا ہوا۔ مصدر بمعنی مفعول۔ ۲۲/۴،

مَقْتُ: ناپسند کرنا۔ نفرت۔ بیزاری۔ ۱۰/۴۰،

مُقْتَحِمٌ: (افت) گھسنے والا، خطروں میں پڑنے والا، بیٹھنے والا، اِقْتِحَامٌ سے اسم فاعل، ۵۹/۳۸،

مُقْتَدِرًا: (افت) ہر طرح قدرت والا، قابو والا اِقْتِدَارٌ سے اسم فاعل۔ ۴۵/۱۸،

مُقْتَدِرٍ: ہر طرح کی قدرت والا، قابو والا۔ ۴۲/۵۴، ۵۵/۵۴،

مُقْتَدِرُوْنَ: ہر طرح کی قدرت رکھنے والے ۴۲/۴۳،

مُقْتَدُوْنَ: (افت) پیروی کرنے والے، پیچھے پیچھے چلنے والے۔ اِقْتِدَاءٌ سے اسم فاعل واحد مُقْتَدِی. ۲۳/۴۳،

مُقْتِرِ: (اف) تنگدست، نادار محتاج۔ اِقْتَارٌ سے اسم فاعل۔ ۲۳۶/۲،

مُقْتَرِفُوْنَ: (افت) کرنے والے، مرتکب ہونے والے۔ اِقْتِرَافٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۳/۶،

مُقْتَرِنِيْنَ: (افت) ساتھ ساتھ آنے والے، پرا باندھ کر آنے والے۔ اِقْتِرَانٌ سے اسم فاعل، واحد مُقْتَرِنٌ. ۵۳/۴۳،

مُقْتَسِمِيْنَ: (افت) تقسیم کرنے والے، بانٹنے

والے، حصے کرنے والے، مراد یہودی و عیسائی۔ اِقْتِسَام سے اسم فاعل۔ ۹۰/۱۵،

مُقْتَصِدٌ: (اف) متوسط درجے کا۔ درمیانی راہ چلنے والا۔ عہد کو پورا کرنے والا۔ اِقْتِصَادٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۳۱، ۳۲/۳۵،

مُقْتَصِدَةٌ: اعتدال پر رہنے والی۔ ۶۶/۵،

مَقْتُكُمْ: تمہاری اپنے آپ سے نفرت، بیزاری ۱۰/۴۰،

مِقْدَارٌ: مقدار، اندازہ، اسم ہے، جمع مَقَادِيْرٌ ۸/۱۳،

مِقْدَارُهٗ: اس کی مقدار، اس کا اندازہ۔ ۵/۳۲، ۴/۷۰،

مُقَدَّسِ: (تف) پاک کیا ہوا۔ تَقْدِيْسٌ سے اسم مفعول۔ ۱۲/۲۰، ۱۶/۷۹،

مُقَدَّسَةَ: پاک کی ہوئی۔ ۲۱/۵،

مَقْدُوْرًا: (ن،ض) مقرر کیا ہوا، اندازہ کیا ہوا قَدْرٌ سے اسم مفعول۔ ۳۸/۳۳،

مَقْرَبَةٍ: قرابت، رشتہ داری۔ ۱۵/۹۰،

مُقَرَّبُوْنَ: (تف) قریب کیے ہوئے، عزت دیے ہوئے۔ تَقْرِيْبٌ سے اسم مفعول۔ ۱۷۲/۴، ۱۱/۵۶، ۲۱/۸۳، ۲۸/۸۳،

مُقَرَّبِيْنَ: قریب کیے ہوئے، عزت دیے ہوئے۔ ۴۵/۳، ۱۱۴/۷، ۴۲/۲۶، ۸۸/۵۶،

مُقْرِنِيْنَ: (اف) قوت والے۔ طاقت رکھنے والے، قابو میں لانے والے۔ اِقْرَانٌ سے اسم فاعل۔ ۱۳/۴۳،

مُقَرَّنِيْنَ: (تف) جکڑے ہوئے، کس کر باندھے ہوئے۔ تَقْرِيْنٌ سے اسم مفعول۔ ۴۹/۱۴، ۱۳/۲۵، ۳۸/۳۸،

مُقْسِطِيْنَ: (اف) انصاف کرنے والے، عدل کرنے والے۔ اِقْسَاطٌ سے اسم فاعل ۴۲/۵، ۹/۴۹، ۸/۶۰،

مُقَسِّمٰتِ: (تف) تقسیم کرنے والیاں۔ تَقْسِيْمٌ سے اسم فاعل، واحد مُقَسِّمَةٌ یہاں ملائکہ مراد ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق کی تقسیم پر مقرر ہیں، یا ہوائیں مراد ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے بادلوں کو پھیلا کر بارش کو زمین کے مختلف حصوں پر تقسیم کرتی ہیں۔ ۴/۵۱،

مَقْسُوْمٌ: (ض) تقسیم کیا ہوا، بانٹا ہوا۔ قَسْمٌ سے اسم مفعول۔ ۴۴/۱۵،

مُقَصِّرِيْنَ: (تف) بال کتروانے والے، کم کرنے والے۔ تَقْصِيْرٌ سے اسم فاعل ۲۷/۴۸،

مَقْصُوْرٰتٌ: (ن) محفوظ کی ہوئی۔ چھپائی ہوئی عورتیں۔ قَصْرٌ سے اسم مفعول۔ واحد مَقْصُوْرَةٌ۔ ۷۲/۵۵،

نَخْشٰی: (س) ہم ڈرتے ہیں، ہمیں اندیشہ ہے۔ خَشْیَةٌ سے مضارع۔ خَشْیَةٌ اس خوف کو کہتے ہیں جس میں تعظیم ملی ہوئی ہو یعنی ڈرنے والا جس سے ڈر رہا ہو اس کی عظمت وقوت سے واقف ہو۔ (المفردات/ ۱۴۹) ۵۲/۵،

نُخْفِیْ: (اف) ہم چھپاتے ہیں، ہم پوشیدہ کرتے ہیں۔ اِخْفَاءٌ سے مضارع۔ ۳۸/۱۴،

نَخْلَ: کھجور کے درخت، اسم جنس ہے، واحد نَخْلَةٌ۔ ۱۴۱/۶، ۱۰/۵۰،

نَخْلًا: کھجور کے درخت۔ ۲۹/۸۰،

نَخْلِ: کھجور کے درخت۔ ۹۹/۶، ۷۱/۲۰،

نَخْلٍ: کھجور کے درخت۔ ۳۲/۱۸، ۱۴۸/۲۶، ۲۰/۵۴، ۷/۶۹،

نَخْلٌ: کھجور کے درخت۔ ۱۱/۵۵،

نَخْلٌ: کھجور کے درخت۔ ۶۸/۵۵،

نَخْلَةِ: کھجور کا درخت۔ ۲۳/۱۹، ۲۵/۱۹،

نُخْلِفُهٗ: ہم اس کے خلاف یں گے۔ اِخْلَافٌ سے مضارع۔ ۵۸/۲۰،

نَخْلُقْكُمْ: (ن) ہم تم کو تخلیق کرتے ہیں، ہم تم کو پیدا کرتے ہیں۔ خَلْقٌ سے مضارع ۲۰/۷۷،

نَخُوْضُ: (ن) ہم بحث کرتے ہیں، ہم باتوں میں مشغول ہوتے ہیں۔ خَوْضٌ سے مضارع۔ ۶۵/۹، ۴۵/۷۴،

نُخَوِّفُهُمْ: (تف) ہم ان کو ڈراتے ہیں۔ تَخْوِیْفٌ سے مضارع۔ ۶۰/۱۷،

نَخِیْلَ: کھجور کے درخت۔ ۱۱/۱۶،

نَخِیْلِ: کھجور کے درخت۔ ۶۷/۱۶،

نَخِیْلٍ: کھجور کے درخت۔ ۲۶۶/۲، ۹۱/۱۷، ۱۹/۲۳، ۳۴/۳۶،

نَخِیْلٌ: کھجور کے درخت۔ ۴/۱۳،

ن د

نَدَامَةَ: (س) ندامت، شرمندگی، مصدر واسم ۵۴/۱۰، ۳۳/۳۴،

نُدَاوِلُهَا: (مفا) ہم اس کو باری باری پھیرتے ہیں، ہم اس کو اول بدل کرتے ہیں۔ مُدَاوَلَةٌ سے مضارع۔ ۱۴۰/۳،

نِدَآءٌ: (مفا) پکارنا۔ آواز دینا۔ مصدر واسم۔ ۱۷۱/۲، ۳/۱۹،

نُدْخِلْكُمْ: (اف) ہم تم کو داخل کریں گے۔ اِدْخَالٌ سے مضارع۔ ۳۱/۴،

نُدْخِلَنَّهُمْ: ہم ان کو ضرور داخل کریں گے، ۹/۲۹،

نَدْخُلَهَا: (ن) ہم اس میں داخل ہوں گے۔ دُخُوْلٌ سے مضارع۔ ۲۲/۵،

نُدْخِلُهُمْ: ہم ان کو داخل کریں گے، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴،

نَدْرِیْ: (ن) ہم جانتے ہیں۔ دِرَایَةٌ سے مضارع ۳۲/۴۵، ۱۰/۷۲،

نَدْعُ: (ن) ہم بلائیں، ہم پکارتے ہیں۔ دَعْوَۃٌ سے مضارع، اصل میں نَدْعُوْ تھا۔ ٦۱/۳، ۱۸/۹٦،

نَدْعُوْا: ہم بلائیں گے، ہم عبادت کریں گے ۱۷/۲، ۸٦/۱۹، ۱۷/۱۷، ۳۳/۳۰

نَدْعُوَا: ہم پکاریں گے، ہم عبادت کریں گے ۱۴/۱۸،

نَدْعُوْہُ: ہم اس کو پکارتے ہیں، ہم اس سے دعا مانگتے ہیں۔ ۲۸/۵۲،

نَدُلُّکُمْ: (ن) ہم تم کو بتائیں۔ دَلَالَۃٌ سے مضارع۔ ۷/۳۴،

نَدِیًّا: مجلس، محفل۔ ۷۳/۱۹،

ن ذ

نَذْرٍ: (ن،ض) نذر، منت، اسم و مصدر ہے۔ ۲۷۰/۲،

نَذْرٍ: نذر، منت۔ ۷/۷٦،

نَذَرُ: (س) ہم چھوڑتے ہیں، ہم پڑا رہنے دیں گے۔ وَذْرٌ سے مضارع۔ ۷/۷،

نَذَرُ: ہم چھوڑ دیں گے، ہم پڑا رہنے دیں گے۔ ۱۱/۱۰، ۷۲/۱۹،

نُذْرًا: ڈرانا، مصدر ہے۔ ٦/۷۷،

نَذِیْرٌ: ڈرانے والا، مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ ۵٦/۵۳، ۲۳/۵۴، ۳۳/۵۴، ۳٦/۵۴،

نَذَرُهُمْ: ہم ان کو چھوڑ دیں گے۔ ۱۱۰/٦،

نُذُرِ: میرا ڈرانا۔ ۱٦/۵۴، ۱۸/۵۴، ۲۱/۵۴، ۳۰/۵۴، ۳۷/۵۴، ۳۹/۵۴،

نُذُرٌ: ڈرانے والے۔ یعنی پیغمبر، دھمکیاں، واحد نَذِیْرٌ. ۱۰۱/۱۰، ۲۱/۴٦،

نُذُرٌ: خوف دلانے والی چیزیں، ڈرانے والی نشانیاں۔ ۵/۵۴،

نُذُرٌ: خوف دلانے والی چیزیں مراد موسیٰ علیہ السلام کے معجزے۔ ۴۱/۵۴،

نَذَرْتُ: (ض،ن) میں نے نذر مانی، میں نے منت مانی۔ نَذْرٌ سے ماضی۔ ۳۵/۳، ۲٦/۱۹،

نَذَرْتُمْ: تم نے نذر مانی، تم نے منت مانی، ۲۷۰/۲،

نُذِقْهُ: (اف) ہم اس کو چکھائیں گے۔ اِذَاقَۃٌ سے مضارع۔ ۲۵/۲۲، ۱۹/۲۵، ۱۲/۳۴،

نَذْکُرَكَ: (ن) ہم تجھے یاد کریں گے۔ ذِکْرٌ سے مضارع۔ ۳۴/۲۰،

نَذِلَّ: (ض) ہم ذلیل ہوں گے۔ ذَلٌّ و ذِلَّۃٌ سے مضارع۔ ۱۳۴/۲۰،

نُذُوْرَهُمْ: ان کی نذریں۔ ان کی منتیں۔ واحد نَذْرٌ. ۲۹/۲۲،

نَذْهَبَنَّ: (ف) ہم ضرور لے جائیں گے۔ ذَهَابٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۸٦/۱۷، ۴۱/۴۳،

نَذِیْرًا: (اف) ڈرانے والا پیغمبر، اِنْذَارٌ سے (خلاف قیاس) فاعل، جمع نُذُرٌ. ۱۱۹/۲، ۱۰۵/۱۷، ۱/۲۵، ۷/۲۵، ۵۱/۲۵، ۵٦/۲۵، ۳۵/۳۳، ۲۸/۳۴، ۲۴/۳۵، ۳/۴۱، ۸/۴۸، ۳٦/۷۴،

نَذِیْرِ: میرا ڈرانا، یہ اصل میں نَذِیْرِیْ تھا، 'ی' حذف ہوگئی۔ ۱۷/٦۷،

نَذِیْرٍ: ڈرانے والا پیغمبر۔ ۱۹/۵، ۳٦/۲۸، ۳/۳۲، ۳۴/۳۴، ۲۴/۳۵، ۴۳/۳۵،

نَذِیْرُ: ڈرانے والا، پیغمبر۔ ۸۹/۱۵، ۳۷/۳۵،

نَذِیْرٌ: ڈرانے والا، پیغمبر۔ ۱۹/۵، ۱۸۴/۷، ۱۸۸/۷، ۲/۱۱، ۱۲/۱۱، ۲۵/۱۱، ۴۹/۲۲، ۱۱۵/۲٦، ۵۰/۲۹، ۴٦/۳۴، ۲۳/۳۵، ۲۴/۳۵، ۴۲/۳۵، ۷۰/۳۸، ۹/۴٦، ۵۰/۵۱، ۵۱/۵۱، ۵٦/۵۳، ۸/٦۷، ۹/٦۷، ۲٦/٦۷، ۲/۷۱،

نُذِیْقَنَّ: (اف) ہم ضرور چکھائیں گے، ہم ضرور بدلہ دیں گے۔ اِذَاقَۃٌ سے مضارع بانون تاکید ۲۷/۴۱،

نُذِيْقَنَّهُمْ: ہم ان کو ضرور چکھائیں گے، ہم ان کو ضرور بدلہ دیں گے۔ ۲۱/۳۲، ۵۰/۴۱،

نُذِيْقُهُ: ہم اس کو چکھائیں گے، ہم اس کو بدلہ دیں گے۔ ۹/۲۲،

نُذِيْقَهُمْ: ہم ان کو چکھائیں گے۔ ۱۶/۳۴،

نُذِيْقُهُمْ: ہم ان کو چکھائیں گے۔ ۷۰/۱۰،

ن ر

نَرَى: (ف) ہم دیکھتے ہیں، ہم دیکھ لیں۔ رُؤْيَةٌ و رَأْيٌ سے مضارع۔ ۵۵/۲،

نَرٰى: ہم دیکھتے ہیں۔ ۱۴۴/۲، ۹۴/۶، ۲۷/۱۱، ۲۱/۲۵، ۹۳/۳۸،

نَرٰكَ: ہم تجھے دیکھتے ہیں۔ ۶۰/۷، ۶۶/۷، ۲۷/۱۱، ۹۱/۱۱، ۳۶/۱۲، ۷۸/۱۲،

نُرَاوِدُ: (مفا) ہم بہلائیں گے، ہم مانگیں گے مُرَاوَدَةٌ سے مضارع۔ ۶۱/۱۲،

نَرٰهُ: ہم اس کو دیکھتے ہیں۔ ہم اس کو جانتے ہیں۔ ۷/۷۰

نَرٰهَا: ہم اس (مؤنث) کو دیکھتے ہیں، ہم اس کو جانتے ہیں۔ ۳۰/۱۲،

نُرَبِّكَ: (تف) ہم تجھ کو پرورش کرتے ہیں، اصل میں نُرَبِّيُ تھا، لَمْ کی وجہ سے یا کو ساقط کر دیا۔ ۱۸/۲۶،

نَرِثُ: (ض) ہم وارث ہوں گے، ہم مالک ہوں گے، مِيْرَاثٌ و وِرَاثَةٌ سے مضارع۔ ۴۰/۱۹،

نَرِثُهُ: ہم اس کے وارث ہوں گے، ہم اس کے مالک ہوں گے۔ ۸۰/۱۹،

نَرْجُمَنَّكُمْ: (ن) ہم تم کو ضرور سنگسار کریں گے۔ رَجْمٌ رُجُوْمٌ سے مضارع بانون تاکید، ۱۸/۳۶،

نُرَدُّ: (ن) ہم لوٹائے جائیں گے، ہم پھیرے جائیں گے۔ رَدٌّ سے مضارع مجہول۔ ۲۷/۶، ۱۷/۶، ۵۳/۷،

نَرُدُّهَا: ہم اس کو لوٹا دیں گے، ہم اس کو پھیر دیں گے۔ رَدٌّ سے مضارع۔ ۴۳/۷،

نَرْزُقُكَ: (ن) ہم تجھ کو رزق دیتے ہیں۔ رِزْقٌ سے مضارع۔ ۱۳۲/۲۰،

نَرْزُقُكُمْ: ہم تم کو رزق دیتے ہیں۔ ۱۵۱/۶،

نَرْزُقُهُمْ: ہم ان کو رزق دیتے ہیں۔ ۳۱/۱۷،

نُرْسِلُ: (اف) ہم ارسال کرتے ہیں، ہم بھیجتے ہیں۔ اِرْسَالٌ سے مضارع۔ ۵۹/۱۷، ۳۳/۵۱،

نُرْسِلُ: ہم ارسال کرتے ہیں، ہم بھیجتے ہیں۔ ۴۸/۶، ۵۹/۱۷، ۵۶/۱۸،

نُرْسِلَنَّ: ہم ضرور بھیج دیں گے۔ اِرْسَالٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۳۳/۷،

نَرْفَعُ: (ف) ہم بلند کرتے ہیں۔ رَفْعٌ سے مضارع۔ ۸۳/۶، ۷۶/۱۲،

نُرِيْ: (اف) ہم دکھاتے ہیں، اِرَاءَةٌ سے مضارع ۵۳/۴۱،

نُرِيَ: ہم دکھائیں گے۔ ۶/۲۸،

نُرِيْدُ: (اف) ہم ارادہ کرتے ہیں، ہم چاہتے ہیں۔ اِرَادَةٌ سے مضارع۔ ۱۱۳/۵، ۷۹/۱۱، ۱۸/۱۷، ۵/۲۸، ۹/۷۶،

نُرِيَكَ: ہم تجھے دکھائیں گے۔ ۲۳/۲۰، ۹۵/۲۳،

نُرِيَنَّكَ: ہم تجھ کو ضرور دکھائیں گے۔ اِرَاءَةٌ سے مضارع بانون تاکید ۴۶/۱۰، ۴۰/۱۳، ۷۷/۴۰، ۴۲/۴۳،

نُرِيَهُ: ہم اس کو دکھائیں گے۔ ۱/۱۷،

نُرِيَهُمْ: ہم ان کو دکھائیں گے۔ ۵۳/۴۱، ۴۸/۴۳،

ن ز

نَزَّاعَةً: (ف) ادھیڑنے والی، اتارنے والی۔ نَزْعٌ سے مبالغہ۔ ۱۶/۷۰،

نَزِدْ: (ض) ہم زیادہ کریں گے، ہم بڑھادیں گے۔ زِیَادَۃٌ سے مضارع۔ ۲۰/۴۲،

نَزْدَادُ: (افت) ہم زیادہ دیں گے۔ اِزْدِیَادٌ سے مضارع۔ ۶۵/۱۲،

نَزَعَ: (ف) اس نے باہر نکالا۔ نَزْعٌ سے ماضی۔ ۱۰۸/۷، ۳۳/۲۶،

نَزَعْنَا: ہم نے باہر نکالا۔ ۴۳/۷، ۴۷/۱۵، ۷۵/۲۸

نَزَعْنٰهَا: ہم نے اس کو باہر نکالا، (بصلة بَیْنَ) ۹/۱۱،

نَزَغَ: (ف) اس نے وسوسہ ڈال دیا، اس نے فساد ڈال دیا۔ نَزْغٌ سے ماضی۔ ۱۰۰/۱۲،

نَزْغٌ: وسوسہ ڈالنا، برائی پر ابھارنا، فتنہ میں ڈالنا، مصدر ہے۔ ۲۰۰/۷، ۳۶/۴۱،

نَزَلَ: (ض) وہ اترا، نُزُوْلٌ سے ماضی۔ ۱۰۵/۱۷، ۱۹۳/۲۶، ۱۷۷/۳۷، ۱۶/۵۷،

نَزَّلَ: (تف) اس نے تھوڑا تھوڑا کر کے اتارا۔ تَنْزِیْلٌ سے ماضی۔ ۱۷۶/۲، ۳/۳، ۱۳۶/۴، ۱۴۰/۴، ۷۱/۷، ۱۹۶/۷، ۱/۲۵، ۶۳/۲۹، ۲۳/۳۹، ۱۱/۴۳، ۲۶/۴۷، ۹/۶۷،

نَزَّلَ: اس نے اتارا۔ ۳۷/۶

نُزِّلَ: وہ اتارا گیا۔ تَنْزِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۷/۶، ۶/۱۵، ۴۴/۱۶، ۲۵/۲۵، ۳۲/۲۵، ۳۱/۴۳، ۲/۴۷،

نُزُلًا: دعوت، مہمانی، آؤ بھگت۔ ۱۹۸/۳، ۱۰۲/۱۸، ۱۰۷/۱۸، ۱۹/۳۲، ۶۲/۳۷،

نُزُلٌ: دعوت، مہمانی۔ ۹۳/۵۶،

نُزِّلَتْ: (تف) وہ اتاری گئی۔ تَنْزِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۰/۴۷،

نَزْلَةً: ایک دفعہ، ایک مرتبہ۔ مصدر مرۃ ۱۳/۵۳،

نَزَّلْنَا: ہم نے بتدریج نازل کیا، اتارا۔ ۲۳/۲، ۴۷/۴، ۷/۶، ۱۱۱/۶، ۹/۱۵، ۸۹/۱۶، ۹۵/۱۷، ۸۰/۲۰، ۹/۵۰، ۲۳/۷۶،

نَزَّلْنٰهُ: ہم نے اس کو بتدریج اتارا۔ ہم نے اس کو نازل کیا۔ ۱۰۶/۱۷، ۱۹۸/۲۶،

نَزَّلَهٗ: اس نے اس کو اتارا۔ ۹۷/۲، ۱۰۲/۱۶،

نُزُلُهُمْ: ان کی دعوت، ان کی مہمانی۔ ۵۶/۵۶،

نَزِیْدُ: (ض) ہم زیادہ دیں گے، ہم بڑھائیں گے۔ زِیَادَۃٌ سے مضارع۔ ۵۸/۲، ۱۶۱/۷،

نَزِیْدَکُمْ: ہم تمہارے لئے زیادہ کریں گے، ۳۰/۷۸

ن س

نُسَارِعُ: (مفا) ہم جلدی کریں گے۔ مُسَارَعَةٌ سے مضارع۔ ۵۶/۲۳،

نِسَآءَ: عورتیں، بیویاں، خدمت کرنے والیاں، جمع ہے اس کا واحد نہیں آتا۔ ۲۲۲/۲، ۲۳۱/۲، ۲۳۲/۲، ۲۳۶/۲، ۳/۴، ۱۹/۴، ۴۳/۴، ۶/۵، ۳۰/۳۳، ۳۲/۳۳، ۱/۶۵،

نِسَآءً: عورتیں، بیویاں۔ ۱/۴، ۱۱/۴، ۱۲۷/۴،

نِسَآءِ: عورتیں، بیویاں۔ ۲۳۵/۲، ۱۴/۳، ۴۲/۳، ۳/۴، ۷/۴، ۲۲/۴، ۲۴/۴، ۳۲/۴، ۳۴/۴، ۷۵/۴، ۹۸/۴، ۱۲۷/۴، ۱۲۹/۴، ۸۱/۷، ۳۱/۲۴، ۶۰/۲۴، ۵۵/۲۷، ۳۲/۳۳، ۵۹/۳۳،

نِسَآءٍ: عورتیں، بیویاں۔ ۱۱/۴۹،

نِسَآءُ: عورتیں، بیویاں۔ ۵۲/۳۳،

نِسَآءٌ: عورتیں، بیویاں۔ ۲۵/۴۸، ۱۱/۴۹،

نِسَاءَکُمْ: تمہاری عورتیں، ۴۹/۲، ۶۱/۳، ۱۴۱/۷، ۶/۱۴،

نِسَآئِکُمْ: تمہاری عورتیں، ۱۸۷/۲، ۱۵/۴، ۲۳/۴، ۳/۵۸،

نِسَاءِکُمْ: تمہاری عورتیں۔ ۲۳/۴،

نِسَآؤُكُمْ: تمہاری عورتیں۔ ۲۲۳/۲،

نِسَآءَنَا: ہماری عورتوں کو۔ ۶۱/۳،

نِسَآءَهُمْ: ان کی عورتوں کو۔ ۱۲۷/۷، ۴/۲۸، ۲۵/۴۰،

نِسَآءِهِمْ: ان کی عورتیں۔ ۲۲۶/۲، ۲/۵۸، ۳/۵۸،

نِسَآءِهِنَّ: انہی عورتوں پر، مراد مسلمان عورتیں، کیونکہ کافر عورت کا حکم مثل اجنبی مرد کے ہے۔ ۳۱/۲۴، ۵۵/۳۳،

نَسَبًا: رشتہ دار، قرابت دار، اسم ہے، جمع اَنْسَابٌ. ۵۴/۲۵، ۱۵۸/۳۷،

نُسَبِّحُ: (تف) ہم تسبیح کرتے ہیں، ہم پاکی بیان کرتے ہیں۔ تَسْبِيْحٌ سے مضارع ۳۰/۲،

نُسَبِّحَكَ: ہم تیری تسبیح کرتے ہیں، ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں۔ ۳۳/۲۰،

نَسْتَبِقُ: (افت) ہم سبقت کرتے ہیں، ہم آگے بڑھ جائیں گے، اِسْتِبَاقٌ سے مضارع ۱۷/۱۲،

نَسْتَحْوِذْ: (است) ہم گھیرتے ہیں، ہم حفاظت میں لیتے ہیں، ہم غلبہ پائیں گے۔ اِسْتِحْوَاذٌ سے مضارع۔ ۱۴۱/۴،

نَسْتَحْيِيْ: (است) ہم زندہ چھوڑیں گے۔ اِسْتِحْيَاءٌ سے مضارع۔ ۱۲۷/۷،

نَسْتَدْرِجُهُمْ: (است) ہم ان کو بتدریج (جہنم کی طرف) لے جائیں گے، ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑتے ہیں۔ اِسْتِدْرَاجٌ سے مضارع۔ ۱۸۲/۷، ۴۴/۶۸،

نَسْتَعِيْنُ: (است) ہم مدد چاہتے ہیں۔ اِسْتِعَانَةٌ سے مضارع۔ ۴/۱،

نَسْتَنْسِخُ: (است) ہم لکھواتے ہیں۔ اِسْتِنْسَاخٌ سے مضارع۔ ۲۹/۴۵،

نَسْجُدُ: (ن) ہم سجدہ کرتے ہیں۔ سُجُوْدٌ سے مضارع۔ ۶۰/۲۵،

نُسْخَتِهَا: اس کا لکھا ہوا، اس کے مضامین، جمع نُسَخٌ. ۱۵۴/۷،

نَسْخَرُ: (س) ہم تمسخر کرتے ہیں، ہم مذاق کرتے ہیں (بصلہ مِن) سَخَرٌ سے مضارع۔ ۳۸/۱۱،

نَسْرًا: نوح علیہ السلام کی قوم کے ایک بت کا نام۔ ۲۳/۷۱،

نَسْفًا: (ض) اڑا دینا۔ پھینکنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ مصدر ہے ۹۷/۲۰، ۱۰۵/۲۰،

نُسِفَتْ: وہ اڑائے جائیں گے، وہ ریزہ ریزہ کیے جائیں گے، نَسْفٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰/۷۷،

نَسْفَعًا: (ف) ہم گھسیٹیں گے، ہم پکڑ کر کھینچیں گے۔ سَفْعٌ سے مضارع۔ ۱۵/۹۶،

نُسْقِطْ: (اف) ہم ڈال دیں گے، ہم گرا دیں گے۔ اِسْقَاطٌ سے مضارع۔ ۹/۳۴،

نَسْقِيْ: (ض) ہم پلاتے ہیں۔ سَقْيٌ وسُقْيًا سے مضارع۔ ۲۳/۲۸،

نُسْقِيْكُمْ: (اف) ہم تم کو پلاتے ہیں۔ اِسْقَاءٌ سے مضارع۔ ۶۶/۱۶، ۲۱/۲۳،

نُسْقِيَهٗ: ہم اس کو پلاتے ہیں۔ ۴۹/۲۵،

نُسُكِ: قربانی، عبادت، اعمالِ حج، اسم ہے واحد نَسِيْكَةٌ. ۱۹۶/۲،

نُسْكِنَنَّكُمْ: (اف) ہم تم کو ضرور سکونت دیں گے، ہم تم کو ضرور بسائیں گے۔ اِسْكَانٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۴/۱۴،

نُسُكِيْ: میری قربانی، میری عبادت۔ ۱۶۲/۶،

نَسْلَ: نسل، اولاد۔ جمع اَنْسَالٌ. ۲۰۵/۲،

نَسلَخُ: (ن ف) ہم کھینچ لیتے ہیں، ہم اتار لیتے ہیں۔ سَلْخٌ سے مضارع۔ ٣٧/٣٦،

نَسلُکُهٗ: (ن) ہم اس کو ڈال دیتے ہیں، ہم اس کو داخل کرتے ہیں سَلْکٌ سے مضارع، ١٢/١٥،

نُسلِمَ: (اف) ہم اسلام لے آئیں، ہم فرمانبردار ہو جائیں۔ اِسْلَامٌ سے مضارع۔ ٧١/٦،

نَسلَهٗ: اس کی نسل، اس کی اولاد۔ ٨/٣٢،

نَسمَعُ: (س) ہم سنتے ہیں۔ سَمْعٌ سے مضارع۔ ٨٠/٤٣، ١٠/٦٧،

نَسِمُهٗ: (ض) ہم اس کو داغ لگائیں گے۔ وَسْمٌ سے مضارع۔ ١٦/٦٨،

نَسُوْا: (س) وہ بھول گئے، انہوں نے چھوڑ دیا نِسْیَانٌ سے ماضی۔ ١٣/٥، ١٤/٥، ٤٤/٦، ٥١/٧، ١٦٥/٧، ٢٦/٣٨،

نَسُوا: وہ بھول گئے، انہوں نے چھوڑ دیا۔ ٦٧/٩، ١٨/٢٥، ١٩/٥٩،

نِسْوَةٌ: عورتیں۔ ٣٠/١٢،

نَسُوقُ: (ن) ہم پہنچاتے ہیں، ہم چلاتے ہیں۔ ہم ہانکتے ہیں سَوْقٌ سے مضارع، ٨٦/١٩، ٢٧/٣٢،

نَسُوْهُ: وہ اس کو بھول گئے، انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔ ٥٣/٧، ٦/٥٨،

نُسَوِّیَ: (تف) ہم برابر کرتے ہیں، ہم ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں۔ تَسْوِیَةٌ سے مضارع ٤/٧٥،

نُسَوِّیکُمْ: ہم تم کو برابر کرتے ہیں۔ ٩٨/٢٦،

نَسْئَلُکَ: ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں۔ سُوءَ الٌ سے مضارع۔ ١٣٢/٢٠،

نَسِیَ: (س) وہ بھول گیا۔ نِسْیَانٌ سے ماضی۔ ٥٤/١٨، ٨٨/٢٠، ١١٥/٢٠، ٨/٣٩،

نَسِیًّا: بھولنے والا، چھوڑنے والا، غافل، نِسْیَانٌ سے صفت مشبہ۔ ٦٤/١٩،

نَسْیًا: بھولی ہوئی، مصدر بمعنی مفعول۔ ٢٣/١٩،

نَسِیَا: وہ دونوں بھول گئے، وہ دونوں غافل ہو گئے۔ ٦١/١٨،

نَسِیْتَ: تو بھول گیا، تو غافل ہو گیا۔ ٢٤/١٨،

نَسِیْتُ: میں بھول گیا، میں غافل ہو گیا۔ ٦٣/١٨، ٧٣/١٨،

نَسِیْتُمْ: تم بھول گئے تم نے ترک کر دیا، ١٤/٣٢، ٣٤/٤٥،

نَسِیْتَهَا: تو ان (احکام) کو بھول گیا، تو نے ان کو ترک کر دیا۔ ١٢٦/٢٠،

نُسَیِّرُ: (تف) ہم چلائیں گے۔ تَسْیِیْرٌ سے مضارع۔ ٤٧/١٨،

نَسِیْنَا: ہم بھول گئے۔ ٢٨٦/٢،

نَسِیْنٰکُمْ: ہم تم کو بھول گئے۔ ١٤/٣٢،

نَسِیَهُمْ: اس نے ان کو بھلا دیا۔ ٦٧/٩،

نَسِیْءُ: آگے پیچھے کر دینا، ہٹا دینا۔ ٣٧/٩،

ن ش

نَشَآءُ: (س، ن) ہم چاہتے ہیں۔ شَیْءٌ وَمَشِیْئَةٌ وَمَشَاءَةٌ سے مضارع۔ ٨٣/٦، ١٣٨/٦، ١٠٠/٧، ٣١/٨، ٨٧/١٠، ٥٦/١٢، ٧٦/١٢، ١١٠/١٢، ١٨/١٧، ٩/٢١، ٥/٢٢، ٦٦/٢٦، ٦٧/٣٦، ٤٣/٣٩، ٥٢/٤٢، ٦٠/٤٣، ٣٠/٤٧، ٦٥/٥٦، ٧٠/٥٦،

نَشْتَرِیْ: (افت) ہم خریدتے ہیں، ہم حاصل کرتے ہیں۔ اِشْتِرَاءٌ سے مضارع۔ ١٠٦/٥،

نَشُدُّ: (ن) ہم مضبوط کریں گے، ہم قوی کریں گے۔ شَدٌّ سے مضارع۔ ٣٥/٢٨،

نَشْرًا: (ن) پھیلانا، بکھیرنا، مصدر ہے۔ ٣/٧٧،

نُشِرَتْ: وہ کھولے جائیں گے، وہ پھیلائے جائیں گے۔ نَشْرٌ سے ماضی مجہول۔ ١٠/٨١،

نَشْرَحْ: (ف) ہم نے کھول دیا، ہم نے کشادہ کر دیا۔ شَرْحٌ سے مضارع۔ ۱/۹۴،

نُشْرِكَ: (اف) ہم شریک ٹھہرائیں۔ اِشْرَاكٌ سے مضارع۔ ۶۳/۳، ۳۸/۱۲، ۲/۷۲،

نَشْطًا: (ض،ن) بند کھولنا۔ گرہ کھولنا۔ مصدر و اسم۔ ۲/۷۹،

نُشُوْرًا: (ن) زندہ ہونا، منتشر ہونا، مصدر ہے ۳/۲۵، ۴۰/۲۵، ۴۷/۲۵،

نُشُوْرُ: زندہ ہونا، اٹھ کھڑا ہونا۔ ۹/۳۵، ۱۵/۶۷،

نُشُوْزًا: (ن،ض) زیادتی کرنا، مرد کا بیوی پر سختی کرنا، اعراض کرنا، مصدر ہے۔ ۱۲۸/۴،

نُشُوْزَهُنَّ: ان عورتوں کی سرکشی، ان کی نافرمانی مراد شوہر سے نفرت۔ ۳۴/۴،

نَشْهَدُ: (س) ہم گواہی دیتے ہیں۔ شہادۃٌ سے مضارع۔ ۱/۶۳،

نَشَآءُ: (ف،س) ہم چاہیں گے۔ شَیْءٌ ومشیئۃٌ سے مضارع۔ ۴/۲۶، ۹/۳۴، ۳۳/۳۶،

نَشْاَۃَ: (ف،ک) شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔ مصدر ہے۔ ۲۰/۲۹، ۴۷/۵۳، ۶۲/۵۶،

نَشْاَۃَ الْاٰخِرَۃَ: پچھلی پیدائش، مرنے کے بعد زندہ ہونا۔ ۲۰/۲۹،

نَشْاَۃَ الْاُخْرٰی: پچھلی پیدائش، مرنے کے بعد زندہ ہونا۔ ۴۷/۵۳،

نَشْاَۃَ الْاُوْلٰی: پہلی پیدائش۔ ۶۲/۵۶،

ن ص

نَصٰرٰی: نصرانی، عیسائی ۶۲/۲، ۱۱۱/۲، ۱۱۳/۲، ۱۲۰/۲، ۱۳۵/۲، ۱۴۰/۲، ۱۴/۵، ۱۸/۵، ۵۱/۵، ۶۹/۵، ۸۲/۵، ۳۰/۹، ۱۷/۲۲

نُصُبٍ: مصیبت، رنج، جسمانی تکلیف، جمع اَنْصَابٌ۔ ۴۱/۳۸،

نَصَبًا: رنج، تکلیف۔ ۶۲/۱۸،

نَصَبٌ: محنت، تکلیف، مشقت، ۱۲۰/۹، ۴۸/۱۵، ۳۵/۳۵،

نُصُبِ: پرستش گاہ۔ نشان۔ اسم ہے۔ جمع اَنْصَابٌ ۳/۵،

نُصُبٍ: پرستش گاہ۔ ۴۳/۷۰،

نُصِبَتْ: (ض) وہ (پہاڑ) کھڑے کئے گئے۔ وہ بلند کئے گئے۔ نَصْبٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۹/۸۸،

نَصْبِرَ: (ض) ہم صبر کریں گے۔ صَبْرٌ سے مضارع۔ ۶۱/۲،

نَصْبِرَنَّ: ہم ضرور صبر کریں گے، صَبْرٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۲/۱۴،

نَصَحْتُ: (ف) میں نے نصیحت کی، میں نے خیر خواہی کی۔ نُصْحٌ سے ماضی۔ ۷۹/۷، ۹۳/۷،

نَصَحُوْا: انہوں نے نصیحت کی، خیر خواہی کی، ۹۱/۹،

نُصْحِیْ: میری نصیحت، میری خیر خواہی۔ ۳۴/۱۱،

نَصَّدَّقَنَّ: (تفع) ہم ضرور صدقہ کریں گے، ہم ضرور خیرات کریں گے۔ تَصَدُّقٌ سے مضارع با نون تاکید، اصل میں نَتَصَدَّقَنَّ تھا، ت کو صاد سے بدل کر صاد کا صاد میں ادغام کر دیا۔ ۷۵/۹،

نَصْرَ: مدد کرنا، مصدر ہے۔ ۲۱۴/۲، ۴۳/۲۱،

نَصْرًا: مدد کرنا۔ ۱۹۲/۷، ۱۹/۲۵، ۳/۴۸،

نَصْرِ: مدد کرنا۔ ۵/۳۰،

نَصْرُ: مدد کرنا۔ ۲۱۴/۲، ۱۲۶/۳، ۱۰/۸، ۷۲/۸، ۴۷/۳۰، ۱/۱۱۰،

نَصْرٌ: مدد کرنا۔ ۱۰/۲۹، ۱۳/۶۱،

نَصْرَانِیًّا: نصرانی، عیسائی، جمع نصارٰی۔ ۶۷/۳،

نَصْرِفُ: (ض) ہم دور کر دیں، ہم پھیر دیں۔ صَرْفٌ سے مضارع۔ ۲۴/۱۲،

نُصَرِّفُ: (تف) ہم طرح طرح سے بیان کرتے ہیں، ہم کھول کر بیان کرتے ہیں، تَصْرِيفٌ سے مضارع۔ ۴۶/۶، ۶۵/۶، ۱۰۵/۶، ۵۸/۷،

نَصْرُكُمْ: تمہاری مدد۔ ۱۹۷/۷،

نَصَرَكُمُ: اس نے تمہاری مدد کی۔ ۱۲۳/۳، ۲۵/۹،

نَصْرُنَا: ہماری مدد۔ ۳۴/۶، ۱۱۰/۱۲،

نَصَرْنٰهُ: ہم نے اس کی مدد کی، ہم نے اس کی حفاظت کی۔ نَصْرٌ سے ماضی۔ ۷۷/۲۱،

نَصَرْنٰهُمْ: ہم نے ان کی مدد کی۔ ۱۱۶/۳۷،

نَصَرُوْا: انہوں نے مدد کی۔ ۷۲/۸، ۷۴/۸،

نَصَرُوْهُ: انہوں نے اس کی مدد کی۔ ۱۵۷/۷،

نَصَرُوْهُمْ: انہوں نے ان کی مدد کی۔ ۱۲/۵۹،

نَصَرَهُ: اس نے اس کی مدد کی۔ ۴۰/۹،

نَصْرِهٖ: اس کی مدد۔ ۱۳/۳، ۲۶/۸، ۶۲/۸،

نَصْرُهُمْ: ان کی مدد۔ ۵۷/۳۶،

نَصَرَهُمُ: اس نے ان کی مدد کی۔ ۲۸/۴۶،

نَصْرِهِمْ: ان کی مدد۔ ۳۹/۲۲،

نِصْفُ: نصف، آدھا، اسم ہے، جمع اَنْصَافٌ. ۲۳۷/۲، ۱۱/۴، ۱۲/۴، ۲۵/۴، ۱۷۶/۴،

نِصْفَهٗ: اس کا نصف، اس کا آدھا۔ ۳/۷۳، ۲۰/۷۳،

نُصْلِهٖ: (اف) ہم اس کو داخل کریں گے۔ اِصْلَاءٌ سے مضارع، اصل میں۔ نُصْلِيْ تھا، مشروط ہونے کی وجہ سے 'ی' گر گئی۔ ۱۱۵/۴،

نُصْلِيْهِ: ہم اس کو داخل کریں گے۔ ۳۰/۴،

نُصْلِيْهِمْ: ہم ان کو داخل کریں گے۔ ۵۶/۴،

نَصُوْحًا: (ف) حقیقی، خالص، صاف۔ نُصْحٌ سے مبالغہ۔ ۸/۶۶،

نَصِيْبًا: حصہ، ٹکڑا، قسمت، جمع نُصُبٌ و اَنْصِبَاءُ. ۲۳/۳، ۷/۴، ۳۳/۴، ۵۱/۴، ۱۱۸/۴، ۱۳۶/۶، ۵۶/۱۶، ۴۷/۴۰،

نَصِيْبٍ: حصہ، ٹکڑا، قسمت۔ ۲۰/۴۲،

نَصِيْبٌ: حصہ، ٹکڑا، قسمت۔ ۲۰۲/۲، ۷/۴، ۳۲/۴، ۳۳/۴، ۸۵/۴، ۱۴۱/۴،

نُصِيْبُ: (اف) ہم پہنچاتے ہیں، ہم متوجہ کرتے ہیں۔ اِصَابَةٌ سے مضارع ۵۶/۱۲،

نَصِيْبَكَ: تیرا حصہ۔ ۷۷/۲۸،

نَصِيْبَهُمْ: ان کا حصہ۔ ۳۳/۴، ۱۰۹/۱۱،

نَصِيْبُهُمْ: ان کا حصہ۔ ۳۷/۷،

نَصِيْرًا: (ن) مدد کرنے والا۔ نَصْرٌ سے مبالغہ، جمع اَنْصَارٌ. ۲۲/۴۸، ۴۵/۴، ۵۲/۴، ۷۵/۴، ۸۹/۴، ۱۲۳/۴، ۱۴۵/۴، ۱۷۳/۴، ۷۵/۱۷، ۸۰/۱۷، ۳۱/۲۵، ۱۷/۳۳، ۶۵/۳۳،

نَصِيْرٍ: مدد کرنے والا، بچانے والا۔ ۱۰۷/۲، ۱۲۰/۲، ۷۴/۹، ۱۱۶/۹، ۷۱/۲۲، ۲۲/۲۹، ۳۷/۳۵، ۸/۴۲، ۳۱/۴۲،

نَصِيْرٌ: مدد کرنے والا۔ ۴۰/۸، ۷۸/۲۲،

ن ض

نَضّٰخَتٰنِ: (ف) دو جوش مارنے والے، دو بہت پانی والے چشمے۔ نَضْخٌ سے مبالغہ، واحد نَضَّاخَةٌ. ۶۶/۵۵،

نَضِجَتْ: (س) وہ پک گئی، وہ جل گئی، وہ گل گئی، نُضْجٌ سے ماضی۔ ۵۶/۴،

نَضْرِبُ: ہم بیان کرتے ہیں ہم مارتے ہیں ضَرْبٌ سے مضارع۔ ۵/۴۳،

نَضْرِبُهَا: ہم اس کو بیان کرتے ہیں، ہم اس کو مارتے ہیں۔ ۴۳/۲۹، ۲۱/۵۹،

نَضْرَةَ: (ک س) تازگی، شادابی، رونق، مصدر ہے۔ ۲۴/۸۳،

نَضْرَةً: تازگی، شادابی، رونق۔ ۱۱/۷۶،

نَضْطَرُّهُمْ: (افت) ہم ان کو کھینچ کر لائیں گے، ہم ان کو مجبور کریں گے۔ اِضْطِرَارٌ سے مضارع۔ ۲۴/۳۱،

نَضَعُ: (ف) ہم رکھیں گے، ہم قائم کریں گے وَضْعٌ سے مضارع۔ ۴۷/۲۱،

نَضِيدٌ: (ض) اوپر تلے، تہ بہ تہ، گوندھے ہوئے نَضْدٌ سے صفت مشبہ بمعنی مفعول۔ ۱۰/۵۰،

نُضِيعُ: (اف) ہم ضائع کریں گے۔ اِضَاعَةٌ سے مضارع۔ ۱۷۰/۷، ۵۶/۱۲، ۳۰/۱۸،

ن ط

نَطْبَعُ: (ف) ہم بند لگا دیں گے، ہم مہر لگا دیں گے۔ طَبْعٌ سے مضارع۔ ۱۰۰/۷، ۷۴/۱۰،

نُطْعِمُ: (اف) ہم کھلائیں گے۔ اِطْعَامٌ سے مضارع۔ ۴۷/۳۶، ۴۴/۷۴،

نُطْعِمُكُمْ: ہم تم کو کھلاتے ہیں۔ ۹/۷۶،

نُطْفَةَ: صاف پانی، منی کا قطرہ، جمع نُطَفٌ۔ ۱۳/۲۳،

نُطْفَةٌ: صاف پانی، منی کا قطرہ۔ ۱۳/۲۳، ۳۷/۷۵،

نُطْفَةٍ: صاف پانی، منی کا قطرہ۔ ۴/۱۶، ۳۷/۱۸، ۵/۲۲، ۱۱/۳۵، ۷۷/۳۶، ۶۷/۴۰، ۴۶/۵۳، ۲/۷۶، ۱۹/۸۰،

نَطْمِسَ: (ض) ہم مسخ کر دیں گے، ہم بگاڑ دیں گے۔ طَمْسٌ سے مضارع۔ ۴۷/۴،

نَطْمَعُ: (س) ہم طمع رکھتے ہیں، ہم امید رکھتے ہیں۔ طَمَعٌ سے مضارع۔ ۸۴/۵، ۵۱/۲۶،

نَطْوِیْ: (ض) ہم تہ کریں گے، ہم لپیٹ دیں گے۔ طَیٌّ سے مضارع۔ ۱۰۴/۲۱،

نَطِيحَةُ: (ف ض) "وہ بکری جو دوسری بکری کا سینگ لگنے سے مر جائے (المفردات/ ۴۹۶) وہ جانور جسے کسی نے ٹکر ماردی اور وہ ذبح کئے بغیر مر گیا ہو۔ نَطْحٌ سے صفت بمعنی مفعول، جمع نطائح۔ ۳/۵،

نُطِيعُ: (اف) ہم اطاعت کریں گے، ہم کہنا مانیں گے۔ اِطَاعَةٌ۔ مضارع۔ ۱۱/۵۹،

نُطِيعُكُمْ: ہم تمہاری اطاعت کریں گے۔ ۲۶/۴۷،

ن ظ

نَظَرَ: (ن) اس نے دیکھا۔ نَظْرٌ و نَظَرٌ سے ماضی۔ ۱۲۷/۹، ۸۸/۳۷، ۲۰/۷۴، ۲۱/۷۴،

نَظْرَةً: ایک نگاہ بھر دیکھنا۔ مہلت دینا۔ مصدر مرة۔ ۸۸/۳۷،

نَظِرَةٌ: مہلت، ڈھیل، تاخیر۔ ۲۸۰/۲،

نَظَلُّ: (س) ہم رہتے ہیں۔ ظَلٌّ سے مضارع، فعل ناقص ہے۔ ۷۱/۲۶،

نَظُنُّ: (ن) ہم گمان کرتے ہیں۔ ہمیں خیال ہوتا ہے۔ ظَنٌّ سے مضارع۔ ۳۲/۴۵،

نَظُنُّكَ: ہم تجھے گمان کرتے ہیں، ہم تجھے خیال کرتے ہیں۔ ۶۶/۷، ۱۸۶/۲۶،

نَظُنُّكُمْ: ہم تم کو گمان کرتے ہیں، ہم تم کو خیال کرتے ہیں۔ ۲۷/۱۱،

ن ع

نِعَاجِهِ: اس کی بھیڑیں، اس کے دنبے، واحد نَعْجَةٌ۔ ۲۴/۳۸،

نُعَاس: (س) اونگھ، جھپکی، حواس کی سستی، مصدر ہے۔ ۱۱/۸،

نُعَاسًا: اونگھ، جھپکی، حواس کی سستی۔ ۱۵۴/۳،

نَعْبُدَ: (ن) ہم عبادت کرتے ہیں۔ عِبَادَةٌ سے مضارع۔ ۶۴/۳، ۷۰/۷، ۶۲/۱۱، ۳۵/۱۴

نَعْبُدُ: ہم عبادت کرتے ہیں۔ ۴/۱، ۱۳۳/۲، ۷۱/۲۶،

نَعْجَةٌ: ایک دنبی، ایک بھیڑ۔ ۲۳/۳۸،

نَعْجَةٌ: ایک دنبی، ایک بھیڑ۔ ۲۳/۳۸،

نَعْجَتِكَ: تیری بھیڑ (کی طرف) جمع نِعَاج، ۲۴/۳۸،

نُعْجِزَ: (اف) ہم عاجز کریں گے، ہم ہرا دیں گے۔ اعجازٌ سے مضارع۔ ۱۲/۷۲،

نُعْجِزَهٗ: ہم اس کو عاجز کریں گے۔ ۱۲/۷۲،

نَعُدْ: (ن) ہم وہی کریں گے، ہم دوبارہ کریں گے۔ عَوْدٌ سے مضارع، اصل میں نَعُوْدُ تھا، مشروط ہونے کی وجہ سے 'و' حذف ہوگئی۔ ۱۹/۸،

نَعُدُّ: (ن) ہم شمار کرتے ہیں، عَدٌّ سے مضارع، ۸۴/۱۹،

نَعِدُهُمْ: (ض) ہم ان سے (عذاب کا) وعدہ کرتے ہیں۔ وَعْدٌ سے مضارع۔ ۴۶/۱۰، ۴۰/۱۳، ۹۵/۲۳، ۷۷/۴۰،

نَعُدُّهُمْ: ہم ان کو شمار کرتے ہیں۔ ۶۲/۳۸،

نُعَذِّبَ: (تف) ہم عذاب دیں گے، ہم سزا دیں گے۔ تعذیبٌ سے مضارع۔ ۶۶/۹،

نُعَذِّبُهٗ: ہم اس کو عذاب دیں گے، ہم اس کو سزا دیں گے۔ ۸۷/۱۸،

نُعَذِّبُهُمْ: ہم ان کو عذاب دیں گے، ہم ان کو سزا دیں گے۔ ۱۰۱/۹،

نَعْفُ: (ن) ہم معاف کریں گے (بصلۂ عن) عَفْوٌ سے مضارع، اصل میں نَعْفُوْ تھا، ماقبل 'اِنْ' کی وجہ سے 'و' ساقط ہوگیا۔ ۶۶/۹،

نَعْقِلُ: (ض) ہم عقل سے کام لیتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں۔ عَقْلٌ سے مضارع۔ ۱۰/۶۷،

نَعْلَمَ: (س) ہم علم رکھتے ہیں، ہم جانتے ہیں، عِلْمٌ سے مضارع، ۱۴۳/۲، ۱۱۳/۵، ۱۲/۱۸، ۲۱/۳۴، ۳۱/۴۷،

نَعْلَمُ: ہم علم رکھتے ہیں، ہم جانتے ہیں۔ ۱۶۷/۳، ۳۳/۶، ۹۷/۱۵، ۱۰۳/۱۶، ۷۶/۳۶، ۱۶/۵۰،

نُعَلِّمَهٗ: (تف) ہم اس کو تعلیم دیں گے، ہم اس کو سکھا دیں گے۔ تعلیمٌ سے مضارع۔ ۲۱/۱۲،

نَعْلَمُهُمْ: ہم ان کو جانتے ہیں۔ ۱۰۱/۹،

نُعْلِنُ: (اف) ہم اعلان کرتے ہیں، ہم ظاہر کرتے ہیں۔ اعلانٌ سے مضارع۔ ۳۸/۱۴،

نَعْلَيْكَ: اپنے دونوں جوتوں کو، جمع نِعَالٌ۔ اصل میں نَعْلَيْنِ تھا، اضافت کی وجہ سے نون گر گیا۔ ۱۲/۲۰،

نَعَمٌ: چوپایہ (اونٹ، بکری، گائے، بھینس وغیرہ) اسم جنس ہے، جمع اَنْعَامٌ۔ ۹۵/۵،

نَعَمْ: ہاں، جی ہاں، حرف ایجاب ہے۔ ۴۴/۷، ۱۱۴/۷، ۴۲/۲۶، ۱۸/۳۷،

نِعْمَ: اچھا ہے، خوب ہے، کلمۂ مدح ہے۔ ۱۳۶/۳، ۱۷۳/۳، ۴۰/۸، ۲۴/۱۳، ۳۰/۱۶، ۳۱/۱۸، ۷۸/۲۲، ۵۸/۲۹، ۷۵/۳۷، ۳۰/۳۸، ۴۴/۳۸، ۷۴/۳۹، ۴۸/۵۱، ۲۳/۷۷،

نِعِمَّا: وہ کیا ہی اچھی ہے، یہ اصل میں نِعْمَ مَا تھا، دونوں میموں میں ادغام کرکے عین کو نون کی قریب ہونے کی بنا پر زیر دیدیا۔ ۲۷۱/۲، ۵۸/۴۔

نَعْمَاءَ: نعمتیں، انعام، مراد راحت و آسائش،

نِعْمَةٌ کا اسم جمع ۱۰/۱۱،

نَعْمَةِ: نعمت۔ آسائش۔ آرام کے سامان۔ ۱۱/۷۳،

نَعْمَتٍ: نعمت، آسائش، آرام کے سامان۔ ۲۷/۴۴،

نِعْمَتَ: نعمت، انعام، احسان، جمع نِعَمٌ و اَنْعُمٌ ۲۳۱/۲، ۱۰۳/۳، ۱۱/۵، ۲۸/۱۴، ۳۴/۱۴، ۸۳/۱۶، ۱۱۴/۱۶، ۳/۳۵،

نِعْمَةَ: نعمت، انعام، احسان۔ ۲۱۱/۲، ۷/۵، ۲۰/۵، ۶/۱۴، ۱۸/۱۶، ۹/۳۳، ۱۳/۴۳،

نِعْمَةُ: نعمت، انعام، احسان۔ ۵۳/۸، ۸/۳۹، ۴۹/۳۹، ۸/۴۹، ۳۵/۵۴،

نِعْمَتِ: نعمت، انعام، احسان۔ ۷۲/۱۶، ۳۱/۳۱،

نِعْمَةِ: نعمت، انعام، احسان۔ ۷۱/۱۶، ۶۷/۲۹، ۲/۶۸، ۱۱/۹۳،

نِعْمَةِ: نعمت، انعام، احسان۔ ۱۷۱/۳، ۱۷۴/۳، ۵۳/۱۶، ۱۹/۹۲،

نِعْمَةُ: نعمت، انعام، احسان۔ ۵۷/۳۷،

نِعْمَةٌ: نعمت، انعام، احسان۔ ۲۲/۲۶، ۴۹/۶۸،

نِعْمَتَكَ: تیری نعمت۔ تیرا انعام۔ تیرا فضل۔ ۱۹/۲۷، ۱۵/۴۶،

نِعْمَتَهٗ: اس کی نعمت۔ اس کا انعام۔ ۶/۵، ۶/۱۲، ۸۱/۱۶، ۲/۴۸،

نِعْمَتِهٖ: اس کی نعمت، اس کا انعام۔ ۱۰۳/۳،

نِعْمَتِیْ: میری نعمت، میرا انعام، میرا فضل۔ ۱۵۰/۲، ۳/۵، ۱۱۰/۵،

نِعْمَتِیَ: میری نعمت، میرا انعام، میرا فضل۔ ۴۰/۲، ۴۷/۲، ۱۲۲/۲،

نُعَمِّرْكُمْ: (تف) ہم تمہاری عمر زیادہ کرتے ہیں۔ تَعْمِیْرٌ سے مضارع۔ ۳۷/۳۵،

نُعَمِّرْهُ: ہم اس کی عمر زیادہ کرتے ہیں۔ ۶۸/۳۶،

نَعْمَلُ: (س) ہم عمل کریں گے۔ عَمَلٌ و عَمَالٌ سے مضارع۔ ۱۲/۳۴، ۳۷/۳۵،

نَعْمَلَ: ہم عمل کرتے ہیں۔ ۵۳/۷،

نَعْمَلُ: ہم عمل کرتے ہیں۔ ۵۳/۷، ۲۸/۱۶، ۳۷/۳۵،

نِعْمَهٗ: اس کا انعام، اس کا احسان۔ ۲۰/۳۱،

نَعَّمَهٗ: (تف) اس نے اس کو نعمت دی، اس نے اس کو آرام دیا۔ تَنْعِیْمٌ سے ماضی ۱۵/۸۹،

نَعُوْدُ: (ن) ہم لوٹیں گے، عَوْدٌ سے مضارع، ۸۹/۷،

نُعِیْدُکُمْ: (ف) ہم تم کو لوٹائیں گے، ہم تم کو دوبارہ کریں گے۔ اِعَادَةٌ سے مضارع ۵۵/۲۰،

نُعِیْدُهٗ: ہم اس کو لوٹائیں گے۔ ہم اس کو دوبارہ کریں گے۔ ۱۰۴/۲۱،

نُعِیْدُھَا: ہم اس کو لوٹا دیں گے، ہم اس کو پہلی حالت پر کر دیں گے۔ ۲۱/۲۰،

نَعِیْمًا: کثیر نعمت، بڑی نعمت، آرام۔ ۲۰/۷۶،

نَعِیْمِ: بڑی نعمت، آرام۔ ۶۵/۵، ۹/۱۰، ۵۶/۲۲، ۸۵/۲۶، ۸/۳۱، ۴۳/۳۷، ۱۲/۵۶، ۳۴/۶۸، ۲۲/۸۳، ۸/۱۰۲،

نَعِیْمٍ: بڑی نعمت، آرام، ۱۷/۵۲، ۸۹/۵۶، ۳۸/۷۰، ۱۳/۸۲، ۲۲/۸۳،

نَعِیْمٌ: بڑی نعمت، آرام۔ ۲۱/۹،

ن غ

نُغَادِرْ: (فا) ہم چھوڑیں گے۔ مُغَادَرَةٌ سے مضارع۔ ۴۷/۱۸،

نُغْرِقْھُمْ: (اف) ہم ان کو غرق کریں گے، ہم ان کو ڈبو دیں گے۔ اِغْرَاقٌ سے مضارع۔ ۴۳/۳۶،

نُغْرِیَنَّكَ: (اف) ہم ضرور تجھے مسلط کریں گے، ہم ضرور پیچھے لگا دیں گے۔ اِغْرَاءٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۶۰/۳۳،

نَغْفِرْ: (ض) ہم مغفرت کریں گے، ہم معاف کریں گے۔ مَغْفِرَةٌ و غُفْرَانٌ سے

مضارع۔ ۵۸/۲، ۱۶۱/۷،

ن ف

نَفّٰثٰتِ: (مؤنث) گرہوں میں پھونکنے والیاں، خوب دم کرنے والیاں، مراد جادوگر عورتیں، نَفْثٌ سے مبالغہ، واحد نَفَّاثَۃٌ ۴/۱۱۳،

نَفَادٍ: (س) کم ہونا، ختم ہوجانا، مصدر ہے۔ ۵۴/۳۸،

نِفَاقًا: (مفا) منافقت، دورخاپن، مصدر ہے۔ ۷۷/۹، ۹۷/۹

نِفَاقِ: منافقت۔ دورخی۔ ۱۰۱/۹،

نَفْتِنَهُمْ: (ن) ہم ان کو آزمائیں گے، ہم ان کا امتحان لیں گے۔ فِتْنَةٌ و فُتُوْنٌ سے مضارع۔ ۱۳۱/۲۰، ۱۷/۷۲،

نَفْحَةٌ: ایک جھونکا، بھاپ، معمولی سا، مصدر مرہ، جمع نَفَحَاتٌ. ۴۶/۲۱،

نَفَخَ: (ن) اس نے پھونکا۔ اس میں پھونک ماری گئی۔ نَفْخٌ سے ماضی۔ ۹/۳۲،

نُفِخَ: وہ پھونکا گیا۔ نَفْخٌ سے مضارع مجہول۔ ۹۹/۱۸، ۱۰۱/۲۳، ۵۱/۳۶، ۶۸/۳۹، ۲۰/۵۰، ۱۳/۶۹

نَفْخَةٌ: ایک بار پھونکنا، مراد نفخۂ اول۔ نَفْخٌ سے مصدر مرۃ۔ ۱۳/۶۹،

نَفَخْتُ: میں پھونک دوں گا۔ نَفْخٌ سے ماضی مستقبل۔ ۲۹/۱۵، ۷۲/۳۸

نَفَخْنَا: ہم نے پھونک دیا۔ ۹۱/۲۱، ۱۲/۶۶

نَفِدَ: (س) وہ (لکھتے لکھتے) ختم ہوجائے۔ نَفَدٌ و نِفَادٌ سے ماضی۔ ۱۰۹/۱۸،

نَفِدَتْ: وہ ختم ہوئی۔ ۲۷/۳۱

نَفَرَ: (ن ض) وہ نکلا۔ نَفْرٌ و نُفُوْرٌ سے ماضی۔ ۱۲۲/۹

نَفَرًا: جماعت (تین سے دس افراد پر مشتمل جماعت کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔ مراد اولاد اور نوکر چاکر ہیں۔ ۳۴/۱۸، ۲۹/۴۶،

نَفَرٌ: جماعت۔ ۱/۷۲،

نَفْرُغُ: (ن) ہم فارغ ہوں گے، ہم قصد کریں گے۔ فَرَاغٌ سے مضارع۔ ۳۱/۵۵

نُفَرِّقُ: (تف) ہم تفریق کرتے ہیں۔ تَفْرِیْقٌ سے مضارع۔ ۱۳۶/۲، ۲۸۵/۲، ۸۴/۳،

نَفْسٌ: شخص، جاندار، دل، ضمیر، جمع نُفُوْسٌ و اَنْفُسٌ۔ ۳۲/۵، ۱۵۱/۶، ۵۴/۱۲، ۳۳/۱۷، ۶۸/۲۵، ۳۰/۷۹،

نَفْسًا: شخص، جاندار، دل۔ ۴۸/۲، ۲۸۶/۲، ۴/۴، ۳۲/۵، ۱۵۲/۶، ۱۵۸/۶، ۴۲/۷، ۷۴/۱۸، ۳۰/۲۰، ۶۲/۲۳، ۱۹/۲۸، ۳۳/۲۸، ۱۱/۶۳، ۷/۶۵

نَفْسِ: شخص، جاندار، دل، ضمیر۔ ۳۲/۵، ۶۸/۱۲، ۲/۷۵

نَفْسٍ: شخص، جاندار، دل۔ ۴۸/۲، ۱۲۳/۲، ۲۸۱/۲، ۲۵/۳، ۳۰/۳، ۱۴۵/۳، ۱۶۱/۳، ۱۸۵/۳، ۱/۴، ۹۸/۶، ۱۶۴/۶، ۱۸۹/۷، ۳۰/۱۰، ۵۴/۱۰، ۱۰۰/۱۰، ۳۳/۱۳، ۴۲/۱۳، ۵۱/۱۴، ۱۱۱/۱۶، ۴۷/۱۸، ۱۵/۲۰، ۳۵/۲۱، ۵۷/۲۹، ۲۸/۳۱، ۱۳/۳۲ ...... ۳۶ جگہ

نَفْسُ: شخص، جاندار، دل، ضمیر۔ ۲۷/۸۹،

نَفْسٌ: شخص، جاندار، دل۔ ۴۸/۲، ۱۲۳/۲، ۲۳۳/۲، ۷۰/۶، ۱۰۵/۱۱، ۴۷/۲۱، ۳۴/۳۱، ۱۷/۳۲، ۵۳/۳۹، ۵۶/۳۹، ۱۸/۵۹، ۱۴/۸۱، ۵/۸۲، ۱۹/۸۲

نُفْسِدَ: (اف) ہم فساد پھیلائیں گے۔ اِفْسَادٌ سے مضارع۔ ۷۳/۱۲

نَفْسَكَ: تیرا نفس۔ تیری جان۔ تیری زندگی۔ ۸۴/۴، ۶/۱۸، ۲۸/۱۸، ۳/۲۶

نَفْسِكَ: تیرا نفس، تیری جان۔ ۷۹/۴، ۱۱۶/۵، ۲۰۵/۷، ۱۴/۱۷، ۳۷/۳۳

نَفْسُكَ: تیرا نفس، تیری جان۔ ۸/۳۵،

نَفْسَهٗ: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۱۳۰/۲، ۲۳۱/۲، ۲۸/۳، ۳۰/۳، ۱۱۰/۴، ۱/۶۵،

نَفْسَهٗ: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۲۰۷/۲،

نَفْسِهٖ: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۹۳/۳، ۱۱۱/۴، ۱۲/۶، ۵۴/۶، ۱۰۴/۶، ۱۲۰/۹، ۱۰۸/۱۰، ۲۳/۱۲، ۳۰/۱۲، ۳۲/۱۲، ۵۱/۱۲، ۷۷/۱۲، ۱۵/۱۷، ۳۵/۱۸، ۹۷/۲۰، ۳۰/۲۷، ۹۲/۲۷، ۶/۲۹، ۱۲/۳۱، ۱۸/۳۵، ۳۲/۳۵، ۱۱۳/۳۷، ۳۱/۳۹، ۴۶/۴۱، ۱۵/۴۵، ۳۸/۴۷، ۱۰/۴۸، ۹/۵۹، ۱۶/۶۴، ۴۳/۷۵،

نَفْسُهٗ: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۳۰/۵، ۱۶/۵۰،

نَفْسَهَا: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۵۰/۳۳،

نَفْسِهَا: اس کا نفس، اس کی ذات۔ ۱۱۱/۱۶،

نَفْسِيْ: میرا نفس، میری ذات۔ ۲۵/۵، ۱۱۶/۵، ۱۸۸/۷، ۱۵/۱۰، ۳۹/۱۰، ۲۶/۱۲، ۵۳/۱۲، ۵۴/۱۲، ۳۱/۲۰، ۹۶/۲۰، ۳۳/۲۷، ۱۶/۲۸، ۵۰/۳۳،

نَفَشَتْ: (ن) انہوں نے روند دیا، انہوں نے چر لیا۔ نَفْشٌ سے ماضی۔ ۷۸/۲۱

نُفَصِّلُ: (تف) ہم تفصیل وار بیان کرتے ہیں، ہم کھول کر بیان کرتے ہیں۔ تَفْصِيْلٌ سے مضارع۔ ۵۵/۶، ۳۲/۷، ۱۷۴/۷، ۱۱/۹، ۲۴/۱۰، ۲۸/۳۰،

نُفَضِّلُ: (تف) ہم فضیلت دیتے ہیں، ہم بڑائی دیتے ہیں۔ تَفْضِيْلٌ سے مضارع ۴/۱۳،

نَفْعًا: (ف) نفع، فائدہ پہنچانا، مصدر ہے۔ ۱۱/۴، ۷۶/۵، ۱۸۸/۷، ۴۹/۱۰، ۱۶/۱۳، ۸۹/۲۰، ۳/۲۵، ۴۲/۳۴، ۱۱/۴۸،

نَفَعَتْ: وہ نافع ہوئی۔ وہ مفید ہوئی۔ نَفْعٌ سے ماضی بمعنی مستقبل۔ اصل میں تا ساکن تھی بعد والے لفظ سے ملنے کی بنا پر متحرک ہوگئی۔ ۹/۸۷،

نَفْعَلَ: (ف) ہم کریں گے، فَعْلٌ سے مضارع، ۸۷/۱۱

نَفْعَلُ: ہم کریں گے۔ ۳۴/۳۷، ۱۸/۷۷،

نَفْعِهٖ: اس کا فائدہ۔ ۱۳/۲۲،

نَفَعَهَا: اس نے اس کو نفع دیا، اس نے اس کو فائدہ دیا۔ ۹۸/۱۰،

نَفْعِهِمَا: ان دونوں کا نفع، ان دونوں کا فائدہ ۲۱۹/۲،

نَفَقًا: سرنگ، تنگ، راستہ، جمع اَنْفَاقٌ۔ ۳۵/۶

نَفَقٰتُهُمْ: ان کا خرچ کرنا، ان کی خیرات ۵۴/۹،

نَفَقَةً: خرچ کرنا، خیرات کرنا۔ ۱۲۱/۹،

نَفَقَةٍ: خرچ کرنا، خیرات کرنا۔ ۲۷۰/۲،

نَفْقِدُ: (ض) ہم نے کھو دیا ہے، ہم ڈھونڈتے ہیں۔ فَقْدٌ وفِقْدَانٌ سے مضارع۔ ۷۲/۱۲

نَفْقَهُ: (س) ہم سمجھتے ہیں۔ فِقْهٌ سے مضارع۔ ۹۱/۱۱،

نُفُوْرًا: (ن،ض) نفرت کرنا، فرار ہونا، بھاگنا مصدر ہے۔ ۴۱/۱۷، ۴۶/۱۷، ۶۰/۲۵، ۴۲/۳۵،

نُفُوْرٍ: نفرت کرنا، فرار ہونا، بھاگنا۔ ۲۱/۶۷،

نُفُوْسُ: اشخاص، لوگ، جانیں، واحد نَفْسٌ۔ ۷/۸۱

نُفُوْسِكُمْ: تمہارے دل۔ ۲۵/۱۷،

نَفِيْرًا: جماعت، گروہ، لشکر۔ ۶/۱۷،

ن ق

نُقَاتِلْ: (مف) ہم قتال کریں، ہم لڑیں گے ہم جنگ کریں گے، مُقَاتَلَةٌ سے مضارع۔ ۲۴۶/۲،

نُقَاتِلَ: ہم لڑیں گے، ہم قتال کریں گے۔ ۲۴۶/۲

نَقْبًا: (ن) نقب دینا، شگاف دینا، سوراخ کرنا جمع اَنْقَابٌ۔ ۹۷/۱۸،

نَقَّبُوْا: (تف) وہ گھومے پھرے، انہوں نے چھید ڈالے، انہوں نے سوراخ کر دیے۔

تَنْقِیْبٌ سے ماضی۔ ۳۶/۵۰

نَقْتَبِسْ: (افت) ہم روشنی حاصل کریں گے، ہم فائدہ اٹھائیں گے، اِقْتِبَاسٌ سے مضارع۔ ۱۳/۵۷

نُقَتِّلُ: (تف) ہم خوب قتل کریں گے۔ تَقْتِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۲۷/۷

نَقْدِرَ: (ض،ن،س) ہم قادر ہوں گے، ہم تنگی کریں گے۔ قَدْرٌ وقُدْرَۃٌ سے مضارع۔ ۸۷/۲۱

نُقَدِّسُ: (تف) ہم پاکی بیان کرتے ہیں۔ تَقْدِیْسٌ سے مضارع۔ ۳۰/۲

نَقْذِفُ: (ض) ہم پھینک دیں گے۔ قَذْفٌ سے مضارع۔ ۱۸/۲۱

نُقِرَ: (ن) وہ پھونکا جائے گا۔ نَقْرٌ سے ماضی مجہول۔ ۸/۷۴

نُقِرُّ: (اف) ہم ٹھہراتے ہیں۔ اِقْرَارٌ سے مضارع۔ ۵/۲۲

نُقْرِئُكَ: (اف) ہم آپ کو پڑھائیں گے۔ اِقْرَاءٌ سے مضارع۔ ۶/۸۷

نَقْرَؤُهُ: (ف) ہم اس کو پڑھائیں گے۔ قِرَاءَۃٌ سے مضارع۔ ۹۳/۱۷

نَقْص: (ن) کم کرنا، گھٹانا، مصدر ہے۔ ۱۵۵/۲، ۱۳۰/۷

نَقُصُّ: (ن) ہم قصہ بیان کرتے ہیں۔ قَصَصٌ سے مضارع۔ ۱۰۱/۷، ۱۲۰/۱۱، ۳/۱۲، ۱۳/۱۸، ۹۹/۲۰

نَقْصُصْ: ہم نے بیان کیا۔ قَصَصٌ سے مضارع، ماقبل لَمْ کی وجہ سے ماضی کے معنی ہو گئے۔ ۷۸/۴۰

نَقْصُصْهُمْ: ہم نے ان کو بیان کیا۔ ۱۶۴/۴

نَقُصَّنَّ: ہم ضرور بیان کریں گے۔ ۷/۷

نَقُصُّهُ: ہم اس کو بیان کرتے ہیں۔ ۱۰۰/۱۱

نَقَضَتْ: (ن) اس عورت نے نوچ ڈالا، اس نے توڑ دیا۔ نَقْضٌ سے ماضی۔ ۹۲/۱۶

نَقْضِهِمْ: ان کا توڑنا۔ ان کا عہد شکنی کرنا۔ ۱۵۵/۴، ۱۳/۵

نَقْعًا: دھول، غبار۔ ۴/۱۰۰

نَقْعُدُ: (ن) ہم بیٹھتے ہیں۔ قُعُوْدٌ سے مضارع، اصل میں اس سے پہلے لفظ کُنَّا آیا ہے اس لئے یہ ماضی استمراری ہو گیا، یعنی اس کی معنی ہوں گے، ہم بیٹھتے تھے۔ ۹/۷۲

نُقَلِّبُ: (تف) ہم پھیرتے ہیں، ہم موڑتے ہیں۔ تَقْلِیْبٌ سے مضارع۔ ۱۱۰/۶

نُقَلِّبُهُمْ: ہم ان کو کروٹ دیتے ہیں۔ ۱۸/۱۸

نَقَمُوْا: (ض) انہوں نے ناپسند کیا، انہوں نے عیب لگایا۔ انہوں نے سزا دی۔ انہوں نے بدلہ دیا۔ نَقْمٌ سے ماضی۔ ۷۴/۹، ۸/۸۵

نَقُوْلَ: (ن) ہم کہیں گے، قَوْلٌ سے مضارع ۴۰/۱۶

نَقُوْلُ: ہم کہیں گے۔ ۱۸۱/۳، ۲۲/۶، ۲۸/۱۰، ۵۴/۱۱، ۶۶/۱۲، ۸۸/۱۸، ۲۸/۲۸، ۳۲/۳۳، ۳۰/۵۰، ۸/۵۸

نَقُوْلَنَّ: ہم ضرور کہیں گے۔ ۴۹/۲۷

نَقِیْبًا: (ن) سردار۔ نَقَابَۃٌ سے صفت مشبہ، جمع نُقَبَاءُ۔ ۱۲/۵

نَقِیْرًا: کھجور کی گٹھلی کے اوپر کا چھلکا، مراد حقیر ترین چیز۔ ۵۳/۴، ۱۲۴/۴

نُقَیِّضْ: (تف) ہم مقرر کرتے ہیں، ہم مسلط کرتے ہیں۔ تَقْیِیْضٌ سے مضارع ۳۶/۴۳

نُقِیْمُ: (اف) ہم قائم کریں گے۔ اِقَامَۃٌ سے مضارع۔ ۱۰۵/۱۸

ن ك

نَكُ: ہم تھے، فعل ناقص ہے، اصل میں نَكُوْنُ تھا۔ ۴۳/۷۴، ۴۴/۷۴،

نِكَاحَ: (ض،ف) نکاح کا وقت یعنی سن بلوغ ۶/۴،

نِكَاحًا: نکاح کرنا۔ ۳۳/۲۴، ۶۰/۲۴،

نِكَاحِ: نکاح، بیاہ۔ ۲۳۵/۲، ۲۳۷/۲،

نَكَالَ: عذاب، سزا، عبرت۔ ۲۵/۷۹،

نَكَالًا: عذاب، سزا، عبرت۔ ۶۶/۲، ۳۸/۵

نَكْتُبُ: (ن) ہم لکھتے ہیں۔ کِتَابَۃٌ سے مضارع۔ ۱۸۱/۳، ۷۹/۱۹، ۱۲/۳۶،

نَكْتَلْ: (افت) ہم ناپ بھر غلہ لیں گے، ہم پیمانہ بھر کر لیں گے۔ اِكْتِيَالٌ سے مضارع ۶۳/۱۲،

نَكْتُمُ: (ن) ہم چھپاتے ہیں۔ کَتْمٌ سے مضارع۔ ۱۰۶/۵،

نَكَثَ: (ض،ن) اس نے (بیعت کو) توڑا، اس نے عہد شکنی کی۔ نَكْثٌ سے ماضی۔ ۱۰/۴۸،

نَكَثُوْا: انہوں نے عہد کو توڑا۔ ۱۲/۹، ۱۳/۹،

نَكَحَ: (ف،ض) اس نے نکاح کیا، اس نے عقد کیا۔ نِكَاحٌ سے ماضی۔ ۲۲/۴،

نَكَحْتُمُ: تم نے نکاح کیا، تم نے بیاہ کیا۔ ۴۹/۳۳،

نَكِدًا: کم اُگنے والا، مشکل سے نکلنے والا، بے کار۔ ۵۸/۷،

نُكَذِّبَ: (تف) ہم تکذیب کریں گے، ہم جھٹلائیں گے۔ تَكْذِيْبٌ سے مضارع۔ ۲۷/۶،

نُكَذِّبُ: ہم تکذیب کریں گے، ہم جھٹلائیں گے۔ ۴۶/۷۴،

نُكْرًا: (س،ک) برا، بے جا۔ ہولناک۔ انجان

نُكْرٌ ونَكَارَۃٌ سے صفت۔ ۷۴/۱۸، ۸۷/۱۸، ۸/۶۵،

نُكُرٍ: ناگوار، انجان، نہایت ہولناک۔ ۶/۵۴،

نَكِّرُوْا: (تف) تم شکل بدل دو، تم روپ بدل دو۔ تَنْكِيْرٌ سے امر۔ ۴۱/۲۷،

نَكِرَهُمْ: وہ ان سے انجان ہوا، اس نے ان کو نہیں پہچانا۔ نَكَارَۃٌ سے ماضی۔ ۷۰/۱۱،

نُكِسُوْا: (ن) وہ اوندھے ڈالے گئے، ان کے سروں کو جھکا دیا گیا۔ نَكْسٌ سے ماضی مجہول۔ ۶۵/۲۱،

نَكْسُوْهَا: (ن) ہم پہنا دیتے ہیں، ہم چڑھا دیتے ہیں، کَسْوٌ وکِسْوَۃٌ سے مضارع۔ ۲۵۹/۲،

نَكَصَ: (ض،ن) وہ پھر گیا، وہ الٹے پاؤں بھاگا۔ نَكْصٌ ونُكُوْصٌ سے ماضی ۴۸/۸،

نَكْفُرَ: (ن) ہم کفر کرتے ہیں، ہم انکار کرتے ہیں۔ کُفْرٌ سے مضارع۔ ۳۳/۳۴،

نَكْفُرُ: ہم کفر کرتے ہیں، ہم انکار کرتے ہیں۔ ۱۵۰/۴،

نُكَفِّرْ: (تف) ہم مٹا دیں گے، ہم دور کر دیں گے۔ تَكْفِيْرٌ سے مضارع۔ ۳۱/۴،

نُكَفِّرَنَّ: ہم ضرور مٹا دیں گے، ہم ضرور دور کر دیں گے۔ تَكْفِيْرٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۷/۲۹،

نُكَلِّفُ: (تف) ہم تکلیف دیتے ہیں۔ ہم ذمہ دار بناتے ہیں۔ تَكْلِيْفٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۵۲/۶، ۴۲/۷، ۶۲/۲۳،

نُكَلِّمُ: (تف) ہم کلام کریں گے، ہم بات کریں گے۔ تَكْلِيْمٌ سے مضارع۔ ۲۹/۱۹،

نَكُنْ: (ن) ہم تھے، ہم ہو جائیں۔ کَوْنٌ سے مضارع، فعل ناقص ہے، اصل میں نَكُوْنُ

تھا۔ ۱۳۱/۴، ۸۲/۹، ۶۰/۲۰، ۱۲/۵۷،

نَکُوْنَ: ہم تھے، ہم ہو جائیں گے۔ ۱۱۳/۵، ۲۷/۶،
۱۱۵/۷، ۶۵/۲۰، ۱۰۲/۲۶، ۴۷/۲۸،

نَکُوْنَنَّ: ہم ضرور ہو جائیں گے۔ کَوْنٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۶۳/۶، ۲۳/۷، ۱۴۹/۷،
۱۸۹/۷، ۷۵/۹، ۲۲/۱۰،

نَکِیْرِ: میرا عذاب۔ ۴۴/۲۲، ۴۵/۳۴، ۲۶/۳۵، ۱۸/۶۷،

نَکِیْرٍ: (س) انکار کرنا، بدل ڈالنا، مصدر و اسم ۴۷/۴۲،

ن ل

نُلْزِمُکُمُوْهَا: (اف) ہم اس کو تم سے لازم کریں گے، ہم اس کو تم پر مسلط کریں گے۔ اِلْزَامٌ سے مضارع۔ ۲۸/۱۱،

نَلْعَبُ: (س) ہم کھیلتے ہیں، ہم دل لگی کرتے ہیں۔ لَعِبٌ سے مضارع، ماقبل کُنَّا کی وجہ سے ماضی استمراری ہو گیا یعنی "ہم کھیلتے تھے" ہو گیا۔ ۶۵/۹،

نَلْعَنُهُمْ: (ف) ہم ان پر لعنت کرتے ہیں۔ لَعْنٌ سے مضارع۔ ۴۷/۴،

نُلْقِیْ: (اف) ہم ڈالتے ہیں" ہم نازل کرتے ہیں۔ اِلْقَاءٌ سے مضارع۔ ۱۵۱/۳، ۵/۷۳،

ن م

نَمَارِقُ: تکیے، گدے، بچھونے، واحد نَمْرُقَةٌ ۱۵/۸۸،

نُمَتِّعُهُمْ: (تف) ہم ان کو فائدہ پہنچاتے ہیں، ہم ان کو آرام پہنچاتے ہیں۔ تَمْتِیْعٌ سے مضارع۔ ۴۸/۱۱، ۲۴/۳۱،

نَمُدُّ: (ن) ہم بڑھاتے ہیں، ہم کھینچتے ہیں۔ مَدٌّ سے مضارع۔ ۷۹/۱۹،

نُمِدُّ: (اف) ہم کھینچتے ہیں، ہم مدد دیتے ہیں۔ اِمْدَادٌ سے مضارع۔ ۲۰/۱۷،

نُمِدُّهُمْ: ہم ان کو کھینچتے ہیں، ہم ان کی امداد کرتے ہیں۔ ۵۵/۲۳،

نُمَکِّنَ: (تف) ہم قدرت دیتے ہیں، ہم حکومت دیتے ہیں۔ تَمْکِیْنٌ سے مضارع۔ ۶/۲۸،

نُمَکِّنْ: ہم قدرت دیتے ہیں، ہم جگہ دیتے ہیں۔ ۶/۶، ۵۷/۲۸،

نَمْلِ: چیونٹیاں، اسم جنس ہے، واحد نَمْلَةٌ. ۱۸/۲۷،

نَمْلُ: چیونٹیاں۔ ۱۸/۲۷،

نَمْلَةٌ: ایک چیونٹی، جمع نَمْلٌ. ۱۸/۲۷،

نُمْلِیْ: (اف) ہم ڈھیل دیتے ہیں، ہم مہلت دیتے ہیں۔ اِمْلَاءٌ سے مضارع۔ ۱۷۸/۳،

نَمُنَّ: (ن) ہم احسان کریں گے۔ مَنٌّ سے مضارع۔ ۵/۲۸،

نَمْنَعْکُمْ: (ف) ہم نے تمہیں منع کیا، ہم نے تمہیں بچالیا۔ مَنْعٌ سے مضارع۔ ۱۴۱/۴،

نَمُوْتُ: (ن) ہم مرتے ہیں۔ مَوْتٌ سے مضارع۔ ۳۷/۲۳، ۲۴/۴۵،

نُمِیْتُ: (اف) ہم موت دیتے ہیں، ہم مارتے ہیں۔ اِمَاتَةٌ سے مضارع ۴۳/۱۵، ۴۳/۵۰،

نَمِیْرُ: (ض) ہم غلہ لائیں گے، ہم خوراک لائیں گے۔ مَیْرٌ سے مضارع۔ ۶۵/۱۲،

نَمِیْمٍ: چغلی، جمع نَمَائِمُ. ۱۱/۶۸،

ن ن

نُنَبِّئُکُمْ: (تف) ہم تمہیں آگاہ کریں گے، ہم

تمہیں خبردار کریں گے۔ تَنْبِئَۃٌ سے مضارع۔
۳۳/۱۰، ۱۰۳/۱۸

نُنَبِّئَنَّ: ہم ضرور آگاہ کریں گے، ہم ضرور خبر کریں گے۔ ۵۰/۱۴

نُنَبِّئُهُمْ: ہم ان کو ضرور آگاہ کریں گے، ہم ان کو ضرور خبر کریں گے۔ ۲۳/۲۱

نُنْجِ: (اف) ہم نجات دیتے ہیں، ہم بچاتے ہیں۔ اِنْجَاءٌ سے مضارع۔ اصل میں نُنْجِیْ تھا۔ ۱۰۳/۱۰

نُنْجِی: ہم نجات دیتے ہیں، ہم رہائی دیتے ۸۸/۲۱

نُنَجِّی: (تف) ہم نجات دیں گے، ہم بچائیں گے۔ تَنْجِیَۃٌ سے مضارع۔ ۱۰۳/۱۰، ۷۲/۱۹

نُنَجِّیْكَ: ہم تجھے نجات دیں گے، ہم تجھے بچائیں گے۔ ۹۲/۱۰

نُنَجِّیَنَّهٗ: ہم اس کو ضرور بچالیں گے۔ تَنْجِیَۃٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۳۲/۲۹

نَنْزِعَنَّ: (ض) ہم ضرور کھینچ لیں گے، ہم ضرور الگ کردیں گے۔ ہم ضرور نکالیں گے۔ نَزْعٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۶۹/۱۹

نُنَزِّلُ: (تف) ہم بتدریج اتارتے ہیں۔ تَنْزِیْلٌ سے مضارع۔ ۸/۱۵، ۸۲/۱۷

نُنَزِّلُ: ہم اتارتے ہیں۔ ۴/۲۶

نُنَزِّلُهٗ: ہم اس کو اتارتے ہیں۔ ۲۱/۱۵

نَنْسٰكُمْ: (س) ہم تمہیں بھول جائیں گے، ہم تمہیں فراموش کردیں گے۔ نِسْیَانٌ سے مضارع۔ ۳۴/۴۵

نَنْسٰهُمْ: ہم ان کو بھول جائیں گے، ہم انہیں فراموش کردیں گے۔ ۵۱/۷

نَنْسَخْ: (ف) ہم منسوخ کرتے ہیں، ہم مٹاتے ہیں۔ نَسْخٌ سے مضارع۔ ۱۰۶/۲

نَنْسِفَنَّهٗ: (ض) ہم ضرور اس (راکھ) کو بکھیر کر بہا دیں گے، ہم ضرور اس کو اڑا دیں گے۔ نَسْفٌ سے مضارع۔ ۹۷/۲۰

نُنْسِهَا: (اف) ہم اس کو بھلا دیتے ہیں، ہم اس کو فراموش کرتے ہیں اِنْسَاءٌ سے مضارع، ۱۰۶/۲

نُنْشِزُهَا: (اف) ہم اس کو جوڑ دیتے ہیں، ہم اس کو چڑھاتے ہیں اِنْشَازٌ سے مضارع ۲۵۹/۲

نُنْشِئَكُمْ: (اف) ہم تم کو پیدا کریں گے۔ اِنْشَاءٌ سے مضارع۔ ۶۱/۵۶

نَنْصُرُ: (ن) ہم مدد کرتے ہیں۔ نَصْرٌ سے مضارع۔ ۵۱/۴۰

نَنْصُرَنَّكُمْ: ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے۔ ۱۱/۵۹

نَنْظُرَ: (ن) ہم دیکھیں گے نَظَرٌ سے مضارع ۴۱/۲۷

نَنْظُرَ: ہم دیکھیں گے۔ ۱۴/۱۰

نَنْظُرُ: ہم دیکھیں گے۔ ۲۷/۲۷

نَنْقُصُهَا: (ن) ہم اس کو کم کرتے ہیں، ہم اس کو گھٹاتے ہیں نَقْصٌ سے مضارع، ۴۱/۱۳ ۴۴/۲۱

نُنَكِّسْهُ: (تف) ہم اس کو الٹا کرتے ہیں، ہم اس کو پلٹ دیتے ہیں۔ ہم اس کو اوندھا کرتے ہیں۔ تَنْكِیْسٌ سے مضارع۔ ۶۸/۳۶

نَنْهَكَ: (ف) ہم نے تجھے منع کیا۔ نَهْیٌ سے مضارع۔ ۷۰/۱۵

ن و

نَوٰی: کھجور کی گٹھلیاں۔ واحد نَوَاۃٌ ۹۵/۶

نَوَاصِیْ: پیشانیاں، پیشانی کے بال، واحد

نَاصِیَةٌ ۴۱/۵۵،

نُوْحًا: حضرت نوح علیہ السلام کا اسم گرامی، آپ کی عمر ۹۵۰ سال سے زیادہ ہوئی۔ آپ کی بددعا سے پانی کے طوفان کا ایسا عذاب آیا کہ آپ کے ساتھیوں کے علاوہ ہر جاندار غرق ہوگیا۔ پھر آپ ہی کی نسل سے دنیا آباد ہوئی اسی لئے آپ کو آدم ثانی کہا جاتا ہے۔ ۳۳/۳، ۸۴/۶، ۵۹/۷، ۲۵/۱۱، ۷۶/۲۱، ۲۳/۲۳، ۱۴/۲۹، ۱۳/۴۲، ۲۶/۵۷، ۱/۷۱،

نُوْحٍ: حضرت نوح علیہ السلام۔ ۱۰۵/۲۶،

نُـوْحٍ: حضرت نوح علیہ السلام۔ ۱۶۳/۴، ۶۹/۷، ۷۰/۹، ۷۱/۱۰، ۳۶/۱۱، ۸۹/۱۱، ۹/۱۴، ۳/۱۷، ۱۷/۱۷، ۵۸/۱۹، ۴۲/۲۲، ۳۷/۲۵، ۱۰۵/۲۶، ۷/۳۳، ۷۹/۳۷، ۱۲/۳۸، ۵/۴۰، ۳۱/۴۰، ۱۲/۵۰، ۴۶/۵۱، ۵۲/۵۳، ۹/۵۴، ۱۰/۶۶،

نُـوْحُ: حضرت نوح علیہ السلام۔ ۳۲/۱۱، ۴۲/۱۱، ۴۶/۱۱، ۴۸/۱۱، ۱۱۶/۲۶،

نُوْحٌ: حضرت نوح علیہ السلام۔ ۴۵/۱۱، ۱۰۶/۲۶، ۷۵/۳۷، ۲۱/۷۱، ۲۶/۷۱،

نُـوْحِیْ: (اف) ہم بھیجتے ہیں، ہم دل میں ڈالتے ہیں۔ اِیْحَاءٌ سے مضارع۔ ۱۰۹/۱۲، ۴۳/۱۶، ۷/۲۱، ۲۵/۲۱،

نُوْحِیْهِ: ہم اس کو وحی بھیجتے ہیں، ہم اس کے دل میں ڈالتے ہیں۔ ۴۴/۳، ۱۰۲/۱۲،

نُـوْحِیْهَا: ہم ان (غیب کی باتوں) کو وحی کے ذریعے بھیجتے ہیں۔ ۴۹/۱۱،

نُـوْدُوْا: (مفا) ان کو پکارا جائے گا۔ نِدَاءٌ سے ماضی مجہول بمعنی مستقبل۔ ۴۳/۷،

نُـوْدِیَ: اس کو ندا دی گئی۔ اس کو پکارا گیا۔ ۱۱/۲۰،

۸/۶۲، ۳۰/۲۸، ۹/۶۳،

نُـوْرَ: نور، ایمان کی روشنی، آگ کی روشنی، جمع أَنْوَارٌ۔ ۱/۶، ۱۵۷/۷، ۳۲/۹، ۸/۶۱،

نُوْرًا: نور، روشنی۔ ۱۷۴/۴، ۹۱/۶، ۱۲۲/۶، ۵/۱۰، ۴۰/۲۴، ۵۲/۴۲، ۱۳/۵۷، ۲۸/۵۷، ۱۶/۷۱،

نُوْرِ: نور، روشنی۔ ۲۵۷/۲، ۱۶/۵، ۱/۱۴، ۵/۱۴، ۴۳/۳۳، ۶۹/۳۹، ۹/۵۷، ۸/۶۶، ۱۱/۶۵،

نُوْرٍ: نور، روشنی۔ ۳۵/۲۴، ۴۰/۲۴، ۲۲/۳۹،

نُوْرُ: نور، روشنی۔ ۱۶/۱۳، ۳۵/۲۴، ۲۰/۳۵،

نُوْرٌ: نور، روشنی۔ ۱۵/۵، ۴۴/۵، ۴۶/۵، ۳۵/۲۴،

نُوْرِثُ: (اف) ہم وارث بنائیں گے۔ اِیْرَاثٌ سے مضارع۔ ۶۳/۱۹،

نُوْرِکُمْ: تمہارا نور، تمہاری روشنی۔ ۱۳/۵۷،

نُوْرَنَا: ہمارا نور، ہماری روشنی۔ ۸/۶۶،

نُوْرَهٗ: اس کا نور، اس کی روشنی۔ ۳۲/۹،

نُوْرِهٖ: اس کا نور، اس کی روشنی۔ ۳۵/۲۴، ۸/۶۱،

نُوْرِهِمْ: ان کا نور، ان کی روشنی۔ ۱۷/۲،

نُوْرُهُمْ: ان کا نور، ان کی روشنی۔ ۱۲/۵۷، ۱۹/۵۷، ۸/۶۶،

نُـوَفِّ: (تف) ہم پورا پورا دیں گے۔ تَـوْفِیَةٌ سے مضارع۔ ۱۵/۱۱،

نُـوَلِّهٖ: (تف) ہم اس کو متوجہ کریں گے، ہم اس کو پھیر دیں گے۔ تَوْلِیَةٌ سے مضارع۔ ۱۱۵/۴،

نُـوَلِّیْ: ہم بااقتدار بناتے ہیں، ہم مسلط کرتے ہیں۔ ۱۲۹/۶،

نُـوَلِّیَنَّکَ: ہم آپ کو ضرور پھیر دیں گے۔ تَوْلِیَةٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۴۴/۲،

نَوْمَ: (ن) نیند، سونا، مصدر و اسم۔ ۴۷/۲۵،

نَوْمٌ: نیند، سونا۔ ۲۵۵/۲،

نَوْمَکُمْ: تمہاری نیند، تمہارا سونا۔ ۹/۷۸،

نُوْنِ: مچھلی کا نام۔ ۸۷/۲۱،

ن ہ

نَهٰی: (ف) اس نے روکا۔ نَهْیٌ سے ماضی۔ ۴۰/۷۹،

نُهٰی: عقلیں، واحد نُهْیَةٌ۔ ۵۴/۲۰، ۱۲۸/۲۰،

نَهَارَ: دن، سورج طلوع ہونے سے غروب ہونے تک کا وقت، اسم جنس ہے۔ ۲۷/۳، ۵۴/۷، ۲۷/۱۰، ۳/۱۳، ۳۳/۱۴، ۱۲/۱۶، ۱۲/۱۷، ۲۰/۲۱، ۳۳/۲۱، ۴۴/۲۴، ۴۷/۲۵، ۶۲/۲۵، ۸۶/۲۷، ۷۲/۲۸، ۷۳/۲۸، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۳۷/۳۶، ۵/۳۹، ۶۱/۴۰، ۶/۵۷، ۲۰/۷۳، ۱۱/۷۸،

نَهَارًا: دن۔ ۲۴/۱۰، ۵۰/۱۰، ۵/۷۱،

نَهَارِ: دن۔ ۱۶۴/۲، ۲۷۴/۲، ۲۷/۳، ۱۹۰/۳، ۱۳/۶، ۶۰/۶، ۶/۱۰، ۴۵/۱۰، ۱۱۴/۱۱، ۱۰/۱۳، ۱۲/۱۷، ۱۳۰/۲۰، ۴۲/۲۱، ۶۱/۲۲، ۸۰/۲۳، ۲۳/۳۰، ۲۹/۳۱، ۳۳/۳۴، ۱۳/۳۵، ۴۰/۳۶، ۵/۳۹، ۳۸/۴۱، ۵/۴۵، ۶/۵۷، ۷/۷۳، ۳/۹۱، ۲/۹۲،

نَهَارٍ: دن۔ ۳۵/۴۶،

نَهَارٌ: دن۔ ۴۷/۱۴،

نَهٰکُمْ: اس نے تم کو روکا، اس نے تم کو منع کیا۔ ۷/۵۹،

نَهٰکُمَا: اس نے تم دونوں کو روکا، اس نے تم دونوں کو منع کیا۔ ۲۰/۷،

نَهْتَدِیَ: (افت) ہم ہدایت پاتے ہیں، ہم راہ پاتے ہیں۔ اِهْتِدَاءٌ سے مضارع۔ ۴۳/۷،

نَهْدِیْ: (ض) ہم ہدایت دیتے ہیں، ہم راہ دکھاتے ہیں۔ هَدْیٌ وهِدَایَةٌ سے مضارع۔ ۵۲/۴۲،

نَهْدِیَنَّهُمْ: ہم ان کو ضرور ہدایت دیں گے، ہم ان کو ضرور راہ دکھائیں گے۔ هِدَایَةٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۶۹/۲۹،

نَهَرًا: نہر، دریا، ندی، جمع نُهُرٌ و اَنْهَارٌ۔ ۳۳/۱۸

نَهَرٍ: نہر، دریا، ندی۔ ۲۴۹/۲، ۵۴/۵۴،

نُهْلِكَ: (ف) ہم ہلاک کر دیں گے، ہم تباہ کر دیں گے۔ اِهْلَاكٌ سے مضارع۔ ۱۶/۱۷،

نُهْلِكِ: ہم ہلاک کر دیں گے، ہم تباہ کر دیں گے۔ ۱۶/۷۷،

نُهْلِکَنَّ: ہم ضرور ہلاک کریں گے اِهْلَاكٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۳/۱۴،

نَهَوْا: (ف) انہوں نے منع کیا نَهْیٌ سے ماضی، ۲۱/۲۲،

نُهُوْا: ان کو منع کیا گیا، نَهْیٌ سے ماضی مجہول، ۱۶۱/۴،

نُهِیْتُ: مجھے منع کیا گیا۔ نَهْیٌ سے ماضی مجہول۔ ۵۶/۶، ۶۶/۴۰،

ن ء

نَاٰ: (ف) اس نے اس سے منہ موڑ لیا، وہ دور ہو گیا۔ نَاْیٌ سے ماضی۔ ۸۳/۱۷، ۵۱/۴۱،

نَاْتِ: (ض) ہم لاتے ہیں (بصلۂ با) اَتْیٌ و اِیْتَانٌ سے مضارع، اصل میں نَاْتِیْ تھا۔ 'ی' حذف ہو گئی۔ ۱۰۶/۲،

نَاْتِیْ: ہم چلے آتے ہیں۔ ۴۱/۱۳، ۴۴/۲۱،

نُؤْتٰی: ہمیں دی جائے، یعنی ہمارے پاس بھی وحی آئے۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۲۴/۶،

نُؤْتِهٖ: (اف) ہم اس کو عطا کریں گے، ہم اس کو دیں گے۔ اِیْتَاءٌ سے مضارع، اصل میں نُؤْتِیْ تھا مشروط ہونے کی وجہ سے 'ی' حذف ہو گئی۔ ۱۴۵/۳، ۲۰/۴۲،

نُؤْتِهَا: ہم اس کو دیں گے۔ ۳۱/۳۳

نَاْتِیَکُمْ: ہم تمہیں دکھا دیں، ہم تمہارے پاس

سے لے آئیں۔ ۱۱/۱۲،

نَاْتِيَنَّكَ: ہم تجھے ضرور دیں گے، ہم تیرے پاس ضرور لے آئیں گے۔ (بصلۂ با)۔ ۵۸/۲۰،

نَاْتِيَنَّهُمْ: ہم ان کے پاس بھیجیں گے، ہم ان کے پاس لائیں گے۔ ۳۷/۲۷،

نُؤْتِيْهِ: ہم اس کو دیں گے۔ ۳/۴۷، ۱۱۴/۴،

نُؤْتِيْهِمْ: ہم ان کو دیں گے۔ ۱۶۲/۴،

نُؤْثِرُكَ: (اف) ہم تجھے ترجیح دیں گے۔ اِیْثَارٌ سے مضارع۔ ۷۲/۲۰،

نَاْخُذَ: (ن) ہم لیں گے، ہم پکڑ لیں گے۔ اَخْذٌ سے مضارع۔ ۷۹/۱۲،

نُؤَخِّرُهُ: (تف) ہم اس کو موخر کرتے ہیں، ہم اس کو پیچھے کرتے ہیں۔ تَاخِیْرٌ سے مضارع۔ ۱۰۴/۱۱،

نَاْكُلَ: (ن) ہم کھاتے ہیں، اَکْلٌ سے مضارع، ۱۱۳/۵،

نُؤْمِنَ: (اف) ہم ایمان لاتے ہیں۔ اِیْمَانٌ سے مضارع۔ ۵۵/۲، ۱۸۳/۳، ۱۲۴/۶، ۹۴/۹، ۹۰/۱۷، ۹۳/۱۷، ۳۱/۳۴،

نُؤْمِنُ: ہم ایمان لاتے ہیں۔ ۱۳/۲، ۹۱/۲، ۱۵۰/۴، ۸۴/۵، ۴۷/۲۳، ۱۱۱/۲۶،

نُؤْمِنَنَّ: ہم ضرور ایمان لے آئیں گے۔ اِیْمَانٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۳۴/۷،

ن ی

نُيَسِّرُكَ: (تف) ہم تیرے لئے آسان کرتے ہیں۔ تَیْسِیْرٌ سے مضارع۔ ۸/۸۷،

نُيَسِّرُهُ: ہم اس کو آسان کرتے ہیں۔ ۷/۹۲، ۱۰/۹۲،

نَيْلًا: (س،ض) پانا، کامیاب ہونا (بصلۂ مِنْ) مصدر ہے۔ ۱۲۰/۹،

بَابُ الواوُ

و

و: اور، حالانکہ، وغیرہ مختلف معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً۔
(الف) عاطفہ یعنی دو چیزوں کو ایک حکم میں جمع کرنے کے لئے جیسے "اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ." (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں)
(ب) حالیہ یعنی حالت ظاہر کرنے کے لئے۔ "فَاَخَذَتْھُمُ الصّٰعِقَۃُ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ" (ان کو بجلی کی کڑک نے آلیا (پکڑلیا) اس حال میں کہ تم دیکھ رہے تھے)۔
(ج) قسمیہ۔ "وَالَّیْلِ" (اور قسم ہے رات کی) "وَالشَّمْسِ" (اور قسم ہے سورج کی) وغیرہ۔

وا

وَابِلٌ: موسلا دھار بارش، بڑی بوندوں کا مینہ، اسم ہے۔ ۲۶۴/۲، ۲۶۵/۲

وَاثَقَکُمْ: (مفا) اس نے تم سے معاہدہ کیا۔ اس نے تم سے ٹھہرایا۔ وِثَاقٌ و مُوَاثَقَۃٌ سے ماضی۔ ۷/۵

وَاجِفَۃٌ: (ض) دھڑ کنے والے، لرزنے والے۔ کانپنے والی، مضطرب۔ وَجْفٌ سے اسم فاعل ۸/۷۹

وَاحِدًا: (س ک) ایک، اکیلا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ وَحْدٌ و وَحْدَۃٌ سے اسم فاعل ۱۳۳/۲، ۳۱/۴، ۱۳/۲۵، ۵/۳۸، ۲۴/۵۴

وَاحِدِ: ایک، اکیلا۔ ۴۸/۱۴، ۱۶/۴۰

وَاحِدٍ: ایک، اکیلا۔ ۶۱/۲، ۱۱/۴، ۱۲/۴، ۶۷/۱۲، ۴/۱۳، ۲/۲۴

وَاحِدُ: ایک، اکیلا۔ ۳۹/۱۲، ۱۶/۱۳، ۶۵/۳۸، ۴/۳۹

وَاحِدٌ: ایک، اکیلا۔ ۱۶۳/۲، ۱۷۱/۴، ۷۳/۵، ۱۹/۶، ۵۲/۱۴، ۲۲/۱۶، ۵۱/۱۶، ۱۱۰/۱۸، ۱۰۸/۲۱، ۳۴/۲۲، ۴۶/۲۹، ۴/۳۷، ۶/۴۱

وَاحِدَۃً: ایک، اکیلی۔ ۲۱۳/۲، ۳/۴، ۱۱/۴، ۱۰۲/۴، ۴۸/۵، ۱۹/۱۰، ۱۱۸/۱۱، ۹۳/۱۶، ۹۲/۲۱، ۵۲/۲۳، ۲۹/۳۶، ۴۹/۳۶، ۵۳/۳۶، ۱۵/۳۸، ۸/۴۲، ۳۳/۴۳، ۳۱/۵۴، ۱۳/۶۹، ۱۴/۶۹

وَاحِدَۃِ: ایک، اکیلی۔ ۱/۴، ۹۸/۶، ۱۸۹/۷، ۳۱/۱۲، ۲۸/۳۱، ۳۶/۳۳، ۶/۳۹

وَاحِدَۃٌ: ایک، اکیلی۔ ۱۹/۳۷، ۲۳/۳۸، ۵۰/۵۴، ۱۳/۶۹، ۱۳/۷۹

وَادِ: وادی، میدان۔ جمع اَوْدِیَۃٌ. ۱۲/۲۰، ۱۸/۲۷، ۹/۸۹

وَادِ: وادی، میدان، مراد مقدس وادی طویٰ، جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرف ہم کلامی بخشا۔ ۱۶/۷۹

وَادِ: وادی، برکت والا میدان، مراد وادیٔ ایمن۔ ۳۰/۲۸

وَادِ: وادی، میدان، مراد مکہ معظمہ۔ ۳۷/۱۴

وَادٍ: وادی، مراد خیالی وادی جس میں شعراء تخیلات کی دوڑ لگاتے پھرتے ہیں۔ ۲۲۵/۲۶

وَادِيًا: میدان جنگل۔ ۱۲۱/۹

وَارِثٌ: (ح) وارث، میراث لینے والا، یعنی وہ شخص جو کسی کے مرنے کے بعد اس کے ترکہ کا حصہ دار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ وِرَاثَةٌ سے اسم فاعل، جمع وَرَثَةٌ ۲۳۳/۲

وَارِثُوْنَ: وارث، ترکہ پانے والے۔ ۲۳/۱۵، ۱۰/۲۳

وَارِثِيْنَ: وارث، ترکہ پانے والے۔ ۸۹/۲۱، ۵/۲۸، ۵۸/۲۸

وٰرِدُوْنَ: (ض) وارد ہونے والے، آنے والے۔ وُرُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۹۸/۲۱

وَارِدُهَا: اس پر وارد ہونے والے، اس پر سے گزرنے والا۔ ۷۱/۱۹

وَارِدَهُمْ: اپنے وارد ہونے والے کو، اپنے آدمی کو۔ ۱۹/۱۲

وَازِرَةٌ: (ض) بوجھ اٹھانے والی، گناہ اٹھانے والی۔ وِزْرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶۴/۶، ۱۵/۱۷، ۱۸/۳۵، ۷/۳۹، ۳۸/۵۳

وَاسِعًا: (س) وسعت والا، فراخ، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ سَعَةٌ سے اسم فاعل۔ ۱۳۰/۴

وَاسِعٌ: وسعت والا، فراخ۔ ۳۲/۵۳

وَاسِعٌ: وسعت والا، فراخ۔ ۱۱۵/۲، ۲۴۷/۲، ۲۶۱/۲، ۲۶۸/۲، ۷۳/۳، ۵۴/۵، ۳۲/۲۴

وَاسِعَةً: وسعت والی، فراخ، کشادہ۔ ۹۷/۴

وَاسِعَةٍ: وسعت والی، فراخ، کشادہ۔ ۱۴۷/۶

وَاسِعَةٌ: وسعت والی، فراخ، کشادہ۔ ۵۶/۲۹، ۱۰/۳۹

وَاصِبًا: (ض) لازوال، دائمی، مستقل۔ وُصُوْبٌ سے اسم فاعل۔ ۵۲/۱۶

وَاصِبٌ: لازوال، دائمی، مستقل۔ ۹/۳۷

وٰعَدْنَا: (مفا) ہم نے وعدہ کیا، ہم نے میعاد مقرر کی۔ مُوَاعَدَةٌ سے ماضی۔ ۵۱/۲، ۱۴۲/۷

وٰعَدْنٰكُمْ: ہم نے تم سے (یعنی تمہارے پیغمبر سے) وعدہ کیا۔ ۸۰/۲۰

وٰعِظِيْنَ: (ض) وعظ کرنے والے، نصیحت کرنے والے۔ وَعْظٌ سے اسم فاعل۔ ۱۳۶/۲۶

وَاعِيَةٌ: (ض) یاد رکھنے والی، مراد کان، محفوظ رکھنے والی۔ وَعْيٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲/۶۹

وَاقٍ: (ض) بچانے والا، نجات دینے والا۔ وَقْيٌ و وِقَايَةٌ سے اسم فاعل۔ ۳۴/۱۳، ۳۷/۱۳، ۲۱/۴۰

وَاقِعٌ: (ف) واقع ہونے والا، گرنے والا۔ وَقْعٌ و وُقُوْعٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۷۰

وَاقِعٌ: واقع ہونے والا، گرنے والا۔ ۱۷۱/۷، ۲۲/۴۲، ۶/۵۱، ۷/۵۲، ۷/۷۷

وَاقِعَةُ: ہو کر رہنے والی، مراد قیامت۔ وُقُوْعٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۵۶، ۱۵/۶۹

وَالٍ: (ض) والی، مددگار، کارساز۔ وِلَايَةٌ سے اسم فاعل، جمع وُلَاةٌ۔ اصل میں وَالِيٌ تھا۔ ۱۱/۱۳

وَالِدٍ: (ض) والد، باپ، وِلَادَةٌ سے اسم فاعل ۳/۹۰

وَالِدٌ: والد، باپ۔ ۳۳/۳۱

وَالِدٰتُ: مائیں۔ وِلَادَةٌ سے اسم فاعل، واحد وَالِدَةٌ۔ ۲۳۳/۲

وَالِدٰنِ: والدین، ماں باپ۔ ۷/۴، ۳۳/۴

وَالِدَةٌ: والدہ، ماں۔ ۲۳۳/۲

وَالِدَتِكَ: تیری والدہ، تیری ماں۔ ۱۱۰/۵

وَالِدَتِيْ: میری والدہ، میری ماں۔ ۳۲/۱۹

وَالِدِہٖ: اس کا والد، اس کا باپ۔ ۳۳/۳۱

وَالِـــدَیَّ: میرے والدین، میرے ماں باپ، اصل میں وَالِـــدَیْـــنِ تھا، اضافت کا نون حذف کر کے یا کا یا میں ادغام کر دیا۔ ۱۹/۲۷، ۱۵/۴۶، ۲۸/۷۱، ۴۱/۱۴

وَالِـــدَیْكَ: تیرے والدین، تیرے ماں باپ، اصل میں وَالِدَیْنِ تھا۔ اضافت کی وجہ سے نون حذف ہو گیا۔ ۱۱۰/۵

وَالِدَیْنِ: والدین، ماں باپ۔ ۸۳/۲، ۱۸۰/۲، ۲۱۵/۲، ۳۶/۴، ۱۳۵/۴، ۱۵۱/۶، ۲۳/۱۷

وَالِدَیْہِ: اس کے والدین، اس کے ماں باپ ۱۴/۱۹، ۸/۲۹، ۱۴/۳۱، ۱۵/۴۶، ۱۷/۴۶

وَاہِیَۃٌ: (ف، س) سست، کمزور، بودہ، وَھْیٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶/۶۹

و ب

وَبَالَ: وبال سختی، مراد اعمال کی سخت سزا۔ ۹۵/۵، ۱۵/۵۹، ۵/۶۴، ۹/۶۵

وَبِدَارِہٖ: اور اس کا گھر۔ ۸۱/۲۸

وَبَـــرًّا: اور خدمت گزار۔ اور حسن سلوک کرنے والے۔ ۱۴/۱۹، ۳۲/۱۹

وَبُرِّزَتِ: اور وہ ظاہر کر دی گئی۔ ۹۱/۲۶، ۳۶/۷۹

وَبِالزُّبُرِ: اور صحیفوں کے ساتھ۔ ۲۵/۳۵

وَبُسَّتِ: اور وہ ریزہ ریزہ کر دی گئی۔ ۵/۵۶

وَبَسَـــرَ: اور اس نے منہ بسورا، اور اس نے منہ بنایا۔ ۲۲/۷۴

وَبَلَغَ: اور وہ پہنچا۔ ۱۵/۴۶

وَبَلَغَتِ: وہ پہنچ گئے۔ ۱۰/۳۳

وَبَلَغْنَا: اور ہم پہنچ گئے۔ ۱۲۸/۶

وَبَنِیَّ: اور میرے بیٹو۔ ۳۵/۱۴

وَبَنَیْنَا: اور ہم نے بنایا، اور ہم نے تیار کیا۔ ۱۲/۷۸

وَبِئْرٍ: اور کنواں۔ ۴۵/۲۲

وَبِئْسَ: اور برا ہے، اور خراب ہے۔ ۱۲۶/۲، ۱۲/۳، ۱۵۱/۳، ۱۶۲/۳، ۱۹۷/۳، ۱۶/۸، ۷۳/۹، ۹۸/۱۱، ۱۸/۱۳، ۲۹/۱۸، ۷۲/۲۲، ۱۵/۵۷، ۱۰/۶۴، ۹/۶۶، ۶/۶۷

وَبِیَعٌ: گرجا، چرچ۔ ۴۰/۲۲

وَبِیْلًا: (ک) سخت، بھاری۔ وَبْلٌ و وَبُوْلٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۶/۷۳

و ت

وَتْرِ: طاق، اکیلا، وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم نہ ہو سکے۔ اسم ہے۔ ۳/۸۹

وَالتَّرَآئِبِ: اور سینے، اور چھاتیاں۔ ۷/۸۶

وَتُؤوِیْ: اور تو جگہ دیتا ہے۔ ۵۱/۳۳

وَتِیْـنَ: شہ رگ، دل کی رگ جس کے کٹنے سے موت واقع ہو جاتی ہے، اسم ہے، جمع وُتُنٌ و اَوْتِنَۃٌ. ۴۶/۶۹

وَالتِّیْنِ: اور قسم ہے انجیر کی۔ ۱/۹۵

و ث

وَثَاقَ: قید، بندش، اسم ہے۔ ۴/۴۷

وَثَاقَہٗ: اس کی قید، اس کی بندش۔ ۲۶/۸۹

وُثْقٰی: (ک) بہت مستحکم، بہت مضبوط۔ وُثُوْقٌ و وَثَاقَۃٌ سے اسم تفضیل۔ ۲۵۶/۲، ۲۲/۳۱

و ج

وَجَبَتْ: (ض) وہ گر پڑی، وہ آ پڑی۔ وَجْبَۃٌ و وُجُوْبٌ سے ماضی۔ ۳۶/۲۲

وَجَدَ: (ض) اس نے پایا، اس نے تلاش کیا۔ وَجْدٌ و وُجُوْدٌ اور وِجْدَانٌ سے ماضی۔ ۳۷/۳، ۸۶/۱۸، ۹۳/۱۸، ۳۹/۲۴، ۱۵/۲۸، ۲۳/۲۸

وُجِدَ: وہ پایا گیا، وہ تلاش کیا گیا۔ وُجُوْدٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۵/۱۲

وَجَدَا: ان دونوں نے پایا، ان دونوں نے تلاش کیا۔ ۶۵/۱۸، ۷۷/۱۸

وَجَدْتُّ: میں نے پایا، میں نے تلاش کیا۔ ۲۳/۲۷

وَجَدْتُّمْ: تم نے پایا، تم نے تلاش کیا۔ ۴۳/۴، ۲۲/۴۴

وَجَدْتُّمُوْهُمْ: تم نے ان کو پایا، تم نے ان کو تلاش کیا۔ ۸۹/۴، ۵/۹

وَجَدْتُّهَا: میں نے اس کو پایا، میں نے اس کو تلاش کیا۔ ۲۳/۲۷

وَجَدَكَ: اس نے تجھ کو پایا۔ ۷/۹۳، ۸/۹۳

وُجْدِكُمْ: تمہاری استطاعت، تمہاری طاقت، اسم ہے۔ ۶/۶۵

وَجَدْنَا: ہم نے پایا، ہم نے تلاش کیا۔ ۱۰۴/۵، ۲۸/۷، ۴۴/۷، ۱۰۲/۷، ۷۸/۱۰، ۹۱/۱۲، ۵۳/۲۱، ۷۴/۲۶، ۲۱/۳۱، ۲۲/۴۳، ۳۶/۵۱، ۲۳/۴۳

وَجَدْنٰهُ: ہم نے اس کو پایا، ہم نے اس کو تلاش کیا۔ ۴۴/۳۸

وَجَدْنٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو پایا۔ ۸/۷۲

وَجَدُوْا: انہوں نے پایا، انہوں نے تلاش کیا۔ ۸۲/۴، ۶۵/۴، ۴۹/۱۸

وَجَدُوْا: انہوں نے پایا، انہوں نے تلاش کیا۔ ۶۴/۴

وَجَدَهَا: اس نے اس (مؤنث) کو پایا، اس نے اس کو تلاش کیا۔ ۸۶/۱۸، ۹۰/۱۸

وَجِلَتْ: (س) وہ (دل) ڈر گئے، وہ لرز گئے وَجَلٌ سے صفت مشبہ۔ ۲/۸، ۳۵/۲۲

وَجِلَةٌ: ڈرنے والی، خوف زدہ۔ ۶۰/۲۳

وَجِلُوْنَ: ڈرنے والے، خوف زدہ۔ وَجَلٌ سے صفت مشبہ۔ ۵۲/۱۵

وُجُوْهَ: چہرے، منہ، واحد وَجْهٌ۔ ۲۹/۱۸

وُجُوْهَا: چہرے، منہ۔ ۴۷/۴

وُجُوْهِ: چہرے، منہ۔ ۷۲/۲۲

وُجُوْهٌ: چہرے، منہ۔ ۱۱۱/۲۰، ۲۷/۶۷

وُجُوْهٌ: چہرے، منہ۔ ۱۰۶/۳، ۲۲/۷۵، ۲۴/۷۵، ۳۸/۸۰، ۴۰/۸۰، ۲/۸۸، ۸/۸۸

وُجُوْهَكُمْ: تمہارے چہرے کو۔ ۱۴۴/۲، ۱۵۰/۲، ۱۷۷/۲، ۶/۵، ۲۹/۷، ۷/۱۷

وُجُوْهِكُمْ: تم اپنے چہروں کو۔ ۴۳/۴، ۶/۵

وُجُوْهَهُمْ: ان کے چہروں کو۔ ۵۰/۸، ۲۶/۱۰، ۲۷/۴۷

وُجُوْهَهُمْ: ان کے چہروں کو۔ ۵۰/۱۴، ۱۰۴/۲۳

وُجُوْهِهِمْ: ان کے چہرے۔ ۹۷/۱۷، ۳۴/۲۵، ۲۹/۴۸، ۴۸/۵۴، ۲۴/۸۳

وُجُوْهِهِمْ: ان کے چہرے۔ ۳۹/۲۱

وُجُوْهُهُمْ: ان کے چہروں کو۔ ۱۰۶/۳، ۱۰۷/۳، ۲۷/۱۰، ۹۰/۲۷، ۶۶/۳۳، ۶۰/۳۹

وَجْهَ: اللہ تعالیٰ کی رضا، جمع وُجُوْہٌ۔ ۳۸/۳۰، ۳۹/۳۰

وَجْهَ: چہرہ، رخ، شروع دن، مراد صبح کا وقت ۷۲/۳

وَجْهِ: اللہ تعالیٰ کی رضا، اللہ تعالیٰ کی ذات۔

۲۷۲/۲، ۲۲/۱۳، ۹/۷۶، ۲۰/۹۲

وَجْهِ: چہرہ، منہ۔ ۹۳/۱۲

وَجْهُ: چہرہ، توجہ۔ ۱۱۵/۲، ۹/۱۲

وَجْهُ: اللہ تعالیٰ کی ذات۔ ۲۷/۵۵

وَجَّهْتُ: (تف) میں نے منہ کیا، میں نے رخ کیا۔ تَوْجِیْهٌ سے ماضی۔ ۷۹/۶

وِجْهَةٌ: سمت، طرف، مراد قبلہ۔ ۱۴۸/۲

وَجْهَكَ: تیرا چہرہ، تیرا رخ۔ ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲، ۱۵۰/۲، ۱۰۵/۱۰، ۳۰/۳۰، ۴۳/۳۰

وَجْهِكَ: تیرا، چہرہ، تیرا رخ۔ ۱۴۴/۲

وَجْهَهُ: اس کے چہرے کو۔ ۱۱۲/۲، ۱۲۵/۴، ۵۲/۶، ۲۲/۳۱

وَجْهَهُ: اللہ تعالیٰ کی خوشنودی۔ ۲۸/۱۸

وَجْهَهُ: اللہ تعالیٰ کی ذات۔ ۸۸/۲۸

وَجْهِهٖ: اس کا چہرہ۔ ۲۴/۳۹، ۲۲/۶۷

وَجْهُهٗ: اس کا چہرہ۔ ۵۸/۱۶، ۱۷/۴۳

وَجْهَهَا: اس کے چہرے کو، اس کے منہ کو ۲۹/۵۱

وَجْهِهَا: اس کے چہرے کو۔ ۱۰۸/۵


يَسْئَلُ: (ف) وہ سوال کرتا ہے، وہ پوچھتا ہے، وہ مانگتا ہے۔ سُؤَالٌ سے مضارع۔ ۸/۳۳

يَسْئَلُ: وہ سوال کرتا ہے، وہ پوچھتا ہے، وہ مانگتا ہے۔ ۶/۷۵، ۱۰/۷۰

يُسْئَلُ: اس سے سوال کیا جائے گا۔ اس سے پوچھا جائے گا۔ سُؤَالٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۳/۲۱، ۷۸/۲۸، ۳۹/۵۵

يَسْئَلُكَ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۱۵۳/۴، ۶۳/۳۳

يَسْئَلُكُمْ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۲۰/۳۳

يَسْئَلُكُمْ: وہ تم سے مانگتا ہے، وہ تم سے طلب کرتا ہے۔ ۳۶/۴۷

يَسْئَلْكُمُوْهَا: وہ تم سے اس (مال) کو مانگتا ہے۔ ۳۷/۴۷

يُسْئَلُنَّ: ان سے ضرور سوال کیا جائے گا۔ ان سے ضرور باز پرس کی جائے گی۔ سُؤَالٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۵۶/۱۶

يَسْئَلُوْا: ان کو سوال کرنا چاہئے، ان کو مانگنا چاہئے۔ سُؤَالٌ سے امر غائب۔ ۳۲/۶۰

يَسْئَلُوْنَ: وہ سوال کرتے ہیں۔ وہ مانگتے ہیں۔ ۲۷۳/۲، ۱۲/۵۱

يَسَّاءَلُوْنَ: وہ سوال کرتے ہیں۔ وہ مانگتے ہیں۔ ۱/۷۸

يُسْئَلُوْنَ: ان سے سوال کیا جائے گا۔ ان سے باز پرس کی جائے گی۔ ۲۳/۲۱، ۱۹/۴۳

يَسْئَلُوْنَكَ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۱۸۹/۲، ۲۱۵/۲، ۲۱۷/۲، ۲۱۹/۲، ۲۲۰/۲، ۲۲۲/۲، ۴/۵، ۱۸۷/۷، ۱/۸، ۸۵/۱۷، ۸۳/۱۸، ۱۰۵/۲۰، ۴۲/۷۹

يَسْئَلُهُ: وہ اس سے سوال کرتا ہے، وہ اس سے مانگتا ہے۔ ۲۹/۵۵

يَسْئَمُ: (س) وہ اکتاتا ہے، اس کا جی بھرتا ہے۔ سَأَمَةٌ سے مضارع۔ ۴۹/۴۱

يَسْئَمُوْنَ: وہ اکتاتا ہے، وہ تھکتا ہے۔ ۳۸/۴۱

يَسِيْرًا: (ض) آسان، سہل۔ يُسْرٌ سے صفت مشبہ۔ ۳۰/۴، ۱۶۹/۴، ۲۶/۲۵، ۴۶/۲۵، ۱۴/۳۳، ۱۹/۳۳، ۳۰/۳۳، ۸/۸۴

یَسِیْرٌ: آسان، سہل۔ ۱۰/۳۳

یَسِیْرٌ: آسان، سہل، قلیل۔ ۶۵/۱۲ ۳۰/۳۳ ۱۹/۲۹ ۱۱/۳۵ ۳۳/۵۰ ۲۲/۵۷ ۴/۶۴

یُسَیِّرُکُمْ: (تف) وہ تم کو چلاتا ہے۔ تَسْیِیْرٌ سے مضارع۔ ۲۲/۱۰

یَسِیْرُوْا: (ض) وہ سیر کرتے ہیں، وہ چلتے ہیں۔ سَیْرٌ سے مضارع۔ ۱۰۹/۱۲ ۴۶/۲۲ ۹/۳۰ ۴۴/۳۵ ۲۱/۴۰ ۸۲/۴۰ ۱۰/۴۷

یُسِیْغُہٗ: (اف) وہ اس کو آسانی سے نگلے گا۔ اِسَاغَۃٌ سے مضارع۔ ۱۷/۱۴

ی ش

یُشَاقِّ: (مفا) وہ مخالفت کرتا ہے۔ شِقَاقٌ و مُشَاقَّۃٌ سے مضارع، اصل لفظ یُشَاقِقُ تھا، قاف کا قاف میں ادغام کردیا۔ ۴/۵۹

یُشَاقِقِ: وہ مخالفت کرتا ہے۔ ۱۱۵/۴ ۱۳/۸

یَشَآءُ: (ف) وہ چاہتا ہے۔ مَشِیْئَۃٌ سے مضارع۔ ۹۰/۲ ۱۰۵/۲ ۱۴۲/۲ ۲۱۲/۲ ۲۱۳/۲ ۲۴۷/۲ ۲۵۱/۲ ۲۶۱/۲ ۲۶۹/۲ ۲۷۲/۲ ۲۸۴/۲ ۶/۳ ۱۳/۳ ۲۶/۳ ۲۷/۳ ۳۷/۳ ۴۰/۳ ۴۷/۳ ۷۳/۳ ۷۴/۳ ۱۲۹/۳ ۱۷۹/۳ ۴۸/۴ ۴۹/۴ ۱۱۶/۴ ۱۸/۵ ۴۰/۵ ......۱۱۶ جگہ

یَشَآءُوْنَ: وہ چاہیں گے۔ ۳۱/۱۶ ۱۶/۲۵ ۳۴/۳۹ ۲۲/۴۲ ۳۵/۵۰

یَشْتَرُوْا: (افت) وہ خریدتے ہیں، وہ حاصل کرتے ہیں۔ اِشْتِرَاءٌ سے مضارع۔ ۹۰/۲

یَشْتَرُوْنَ: وہ خریدتے ہیں، وہ اختیار کرتے ہیں۔ ۷۹/۲ ۱۷۴/۲ ۷۷/۳ ۱۹۹/۳ ۴۴/۴

یَشْتَرِیْ: وہ خریدتا ہے۔ ۶/۳۱

یَشْتَھُوْنَ: (افت) وہ چاہتے ہیں، وہ خواہش کرتے ہیں۔ اِشْتِھَاءٌ سے مضارع۔ ۵۷/۱۶ ۱۰۲/۲۱ ۵۴/۳۴ ۲۲/۵۲ ۲۱/۵۶ ۴۲/۷۷

یَشْرَبُ: (س) وہ پیتا ہے۔ شُرْبٌ سے مضارع ۳۳/۲۳ ۷/۷۶ ۲۸/۸۳

یَشْرَبُوْنَ: وہ پیتے ہیں۔ ۵/۷۶

یَشْرَحْ: (ف) وہ کشادہ کرتا ہے، وہ کھولتا ہے شَرْحٌ سے مضارع۔ ۱۲۵/۶

یُشْرَكَ: (اف) اس کو شریک قرار دیا جائے، اِشْرَاكٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۲/۴۰

یُشْرَكُ: وہ شریک کیا جاتا ہے۔ ۴۸/۴ ۱۱۶/۴

یُشْرِكْ: وہ شریک کرتا ہے۔ اِشْرَاكٌ سے مضارع۔ ۴۸/۴ ۱۱۶/۴ ۷۲/۵ ۱۱۰/۱۸ ۳۱/۲۲

یُشْرِكُ: وہ شریک کرتا ہیں۔ ۲۶/۱۸

یُشْرِكْنَ: وہ شریک کرتی ہیں۔ ۱۲/۶۰

یُشْرِكُوْنَ: وہ شریک کرتے ہیں۔ ۱۹۰/۷ ۱۹۱/۷ ۱۸/۱۰ ۱/۱۶ ۳/۱۶ ۵۹/۲۷ ۶۳/۲۷ ۳۵/۳۰ ۴۰/۳۰ ۵۵/۲۹ ۳۳/۳۰ ۶۷/۳۹ ۴۲/۲۸ ۴۳/۵۲ ۲۳/۵۹

یَشْرُوْنَ: (ض) وہ بیچتے ہیں، وہ خریدتے ہیں وہ لین دین کرتے ہیں۔ شَرْیٌ و شِرَاءٌ سے مضارع۔ ۷۴/۴

یَشْرِیْ: وہ خرید و فروخت کرتا ہے۔ ۲۰۷/۲

یُشْعِرُکُمْ: (اف) وہ تمہیں خبردار کرتا ہے، وہ تمہیں آگاہ کرتا ہے۔ اِشْعَارٌ سے مضارع۔ ۱۰۹/۶

یُشْعِرَنَّ: وہ ضرور خبردار کرے گا، وہ ضرور آگاہ کرے گا۔ اِشْعَارٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۹/۱۸

یَشْعُرُوْنَ: (ن) وہ شعور رکھتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں۔

شُعُوْرٌ سے مضارع۔ ۹/۲، ۱۲/۲، ۶۹/۳، ۲۶/۴، ۱۴۳/۶، ۹۵/۷، ۱۹/۱۲، ۱۰۷/۱۲، ۲۱/۱۶، ۲۶/۱۶، ۴۵/۱۹، ۵۶/۲۲، ۲۰۲/۲۶، ۱۸/۲۷، ۵۰/۲۷، ۶۵/۲۷، ۹/۲۸، ۱۱/۲۸، ۳۶/۲۹، ۴۵/۲۹، ۶۶/۳۹

یَشْفِ: (ض) وہ شفا دے گا، وہ اچھا کرے گا۔ شِفَاءٌ سے مضارع۔ ۱۴/۹

یَشْفَعُ: (ف) وہ شفاعت کرے گا، وہ سفارش کرے گا۔ شَفَاعَةٌ سے مضارع۔ ۲۵۵/۲

یَشْفَعْ: وہ شفاعت کرے گا، وہ سفارش کرے گا۔ ۸۵/۴

یَشْفَعُوْا: وہ شفاعت کریں گے، وہ سفارش کریں گے۔ ۵۳/۷

یَشْفَعُوْنَ: وہ شفاعت (سفارش) کریں گے۔ ۲۸/۲۱

یَشْفِیْنِ: (ض) وہ مجھے شفا دیتا ہے، وہ میری بیماری دور کرتا ہے۔ شِفَاءٌ سے مضارع اصل لفظ یَشْفِیْنِیْ تھا۔ ۸۰/۲۶

یَشْقٰی: (س) وہ مشقت میں پڑتا ہے، وہ بد بخت ہوتا ہے۔ شِقَاءٌ، شَقْوَةٌ اور شَقَاوَةٌ سے مضارع۔ ۱۲۳/۲۰

یَشَّقَّقُ: (تفع) وہ شق ہوتا ہے، وہ پھٹ جاتا ہے۔ تَشَقُّقٌ سے مضارع، اصل لفظ یَتَشَقَّقُ تھا، تا کو شین میں بدل کر شین کا شین میں ادغام کر دیا۔ ۷۴/۲

یَشْکُرُ: (ن) وہ شکر کرے گا۔ شُکْرٌ سے مضارع۔ ۴۰/۲۷، ۱۲/۳۱

یَشْکُرُوْنَ: وہ شکر کرتے ہیں۔ ۲۴۳/۲، ۵۸/۷، ۶۰/۱۰، ۳۸/۱۲، ۷۳/۲۷، ۳۵/۳۶، ۷۳/۳۶، ۶۱/۴۰

یَشْوِیْ: (ض) وہ جھلس دے گا، وہ بھون دے گا۔ شَیٌّ سے مضارع۔ ۲۹/۱۸

یَشْهَدُ: (س) اس (مسلمانوں کی جماعت) کو حاضر رہنا چاہئے۔ شُهُوْدٌ اور شَهَادَةٌ سے مضارع۔ ۲/۲۴

یَشْهَدَ: وہ شہادت دیں گے، وہ گواہی دیں گے۔ ۲۴/۲۴

یَشْهَدُ: وہ شہادت دیتا ہے، وہ گواہی دیتا ہے۔ ۱۶۶/۴، ۱۰۷/۹، ۱۱/۵۹، ۱/۶۳

یُشْهِدُ: (اف) وہ گواہ بناتا ہے۔ اِشْهَادٌ سے مضارع۔ ۲۰۴/۲

یَشْهَدُوْا: وہ گواہی دیتے ہیں، وہ حاضر ہوتے ہیں۔ ۲۸/۲۲

یَشْهَدُوْنَ: وہ شہادت دیتے ہیں، وہ گواہی دیتے ہیں۔ ۱۶۶/۴، ۱۵۰/۶، ۶۱/۲۱، ۲۴/۲۵

یَشْهَدُهٗ: وہ (مقرب فرشتے) اس کو دیکھتے ہیں، وہ اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔ ۲۱/۸۳

یَشَآءُ: (ف) وہ چاہتا ہے۔ مَشِیْئَةٌ سے مضارع، اصل لفظ یَشَاءُ تھا شرط کی وجہ سے الف حذف ہو گیا۔ ۱۳۳/۴، ۳۹/۶، ۱۳۳/۶، ۱۹/۱۴، ۵۴/۱۷، ۱۶/۳۵، ۳۳/۴۲

یَشَاْ: وہ چاہتا ہے۔ ۳۹/۶، ۲۴/۴۲

ی ص

یُصَبُّ: (ن) وہ ٹپکایا جائے گا، وہ اوپر سے ڈالا جائے گا۔ صَبٌّ سے مضارع مجہول۔ ۱۹/۲۲

یُصْبِحَ: (اف) وہ ہوتا ہے۔ اِصْبَاحٌ سے مضارع۔ فعل ناقص ہے۔ ۴۱/۱۸

یُصْبِحُنَّ: وہ ضرور ہو جائیں گے۔ اِصْبَاحٌ سے

مضارع بانون تاکید۔ ٣٠/٢٢،
یَصْبَحُوا: وہ ہو جائیں گے۔ ٥٢/٥،
یَصْبِرْ: (ض) وہ صبر کرتا ہے۔ صَبْرٌ سے
مضارع۔ ٩٠/١٢،
یَصْبِرُوْا: وہ صبر کریں گے۔ ٢٤/٤١،
یُصِبْکُمْ: (اف) وہ تم کو پہنچ جائے گا۔ اِصَابَۃٌ
سے مضارع۔ ٢٨/٣،
یُصِبْهَا: وہ اس کو پہنچ جائے گا۔ ٢٦٥/٢،
یُصْحَبُوْنَ: (اف) ان کی صحبت اختیار کی جائے
گی، ان کا ساتھ دیا جائے گا۔ اِصْحَابٌ
سے مضارع مجہول۔ ٤٣/٢١،
یَصْدُرُ: (ن) وہ نکلے گا، وہ واپس لوٹے گا۔ وہ ظاہر
ہوگا۔ صَدْرٌ اور صُدُوْرٌ سے مضارع۔ ٦/٩٩،
یُصْدِرَ: (اف) وہ لوٹائے گا، وہ ہٹائے گا۔ اِصْدَارٌ
سے مضارع۔ ٢٣/٢٨،
یَصَّدَّعُوْنَ: (تفع) وہ متفرق ہوں گے، وہ جدا جدا
ہوں گے۔ تَصَدُّعٌ سے مضارع، اصل
لفظ یَتَصَدَّعُوْنَ تھا تا کو صاد سے بدل کر
صاد کا صاد میں ادغام کر دیا۔ ٤٣/٣٠،
یُصَدَّعُوْنَ: (تف) ان کے سر دُکھائے جائیں
گے۔ ان کو درد سر ہوگا۔ تَصْدِیْعٌ سے
مضارع مجہول۔ ١٩/٥٦،
یَصْدِفُوْنَ: (ض) وہ کنارہ کرتے ہیں، وہ اعراض
کرتے ہیں۔ صَدْفٌ اور صُدُوْفٌ سے
مضارع۔ ٤٦/٦، ١٥٧/٦،
یُصَدِّقُنِیْ: (تف) وہ میری تصدیق کرتے ہیں۔
تَصْدِیْقٌ سے مضارع۔ ٣٤/٢٨،
یَصَّدَّقُوْا: (تفع) وہ صدقہ کریں گے، وہ خیرات
کریں گے۔ وہ معاف کریں گے۔ تَصَدُّقٌ
سے مضارع، اصل لفظ یَتَصَدَّقُوْا تھا، تا کو
صاد سے بدل کر ادغام کر دیا۔ ٩٢/٤،
یُصَدِّقُوْنَ: (تف) وہ تصدیق کرتے ہیں، وہ سچ
مانتے ہیں۔ تَصْدِیْقٌ سے مضارع۔ ٢٦/٧٠،
یَصُدُّکُمْ: (ن) وہ تم کو روکتا ہے، وہ تم کو منع کرتا
ہے۔ صَدٌّ سے مضارع۔ ٩١/٥، ٣٣/٤٣،
یَصُدَّنَّكَ: (ن) وہ تجھے ضرور روکے گا۔ صَدٌّ
سے مضارع بانون تاکید۔ ١٦/٢٠،
یَصُدُّنَّكَ: وہ آپ کو روکیں گے، وہ آپ کو باز
رکھیں گے۔ ٨٧/٢٨،
یَصُدَّنَّکُمْ: وہ تم کو ضرور روکے گا۔ ٦٢/٤٣،
یَصُدُّوْا: وہ روکتے ہیں، وہ باز رکھتے ہیں۔ ٣٦/٨،
یَصُدُّوْنَ: وہ روکتے ہیں، وہ باز رکھتے ہیں ٦١/٤،
٤٥/٧، ٣٤/٨، ٤٧/٨، ٣٤/٩، ١٩/١١، ٣/١٤، ٢٥/٢٢، ٥/٦٣،
یَصِدُّوْنَ: (ض) وہ شور کرتے ہیں، وہ چیختے ہیں
صَدِیْدٌ سے مضارع۔ ٥٧/٤٣،
یَصُدُّوْنَهُمْ: وہ ان کو روکتے ہیں، وہ ان کو باز
رکھتے ہیں۔ ٣٧/٤٣،
یُصِرُّ: (اف) وہ اصرار کرتا ہے، وہ ضد کرتا ہے
اِصْرَارٌ سے مضارع۔ ٨/٤٥،
یُصْرَفْ: (ض) وہ ہٹالیا جائے گا، وہ پھیرا جائے
گا۔ صَرْفٌ سے مضارع مجہول۔ ١٦/٦،
یُصْرَفُوْنَ: وہ پھیرے جاتے ہیں، وہ ہٹائے جاتے
ہیں۔ صَرْفٌ سے مضارع مجہول۔ ٦٩/٤٠،
یَصْرِفُهٗ: وہ اس کو پھیرتا ہے، وہ اس کو ہٹاتا ہے ٤٣/٢٤،
یَصْرِمُنَّهَا: (ض) وہ اس کو ضرور کاٹیں گے، وہ
ضرور اس کے پھل توڑ دیں گے۔ صَرْمٌ

سے مضارع بانون تاکید۔ ۹۹/۱۲،

يُصِرُّوْا: (اف) وہ اصرار کرتے ہیں، وہ ضد کرتے ہیں۔ اِصْرَارٌ سے مضارع ۱۳۵/۳،

يُصِرُّوْنَ: وہ اصرار کرتے ہیں، وہ اڑے ہوئے ہیں۔ ۴۶/۵۶،

يَصْطَرِخُوْنَ: (افت) وہ چیخیں گے، وہ فریاد کریں گے۔ اِصْطِرَاخٌ سے مضارع، اصل لفظ اِصْتِرَاخٌ تھا، اگر باب افتعال کے فاکلمہ میں صاد واقع ہو تو 'ت' کو 'طا' سے بدل دیا جاتا ہے۔ ۳۷/۳۵

يَصْطَفِيْ: (افت) وہ منتخب کرتا ہے، وہ برگزیدہ بناتا ہے۔ اِصْطِفَاءٌ سے مضارع، یہاں بھی افتعال کی تا کو طا سے بدلا گیا ہے۔ ۷۵/۲۲

يَصْعَدُ: (س) وہ چڑھتا ہے، وہ پہنچتا ہے۔ صُعُوْدٌ سے مضارع۔ ۱۰/۳۵،

يَصَّعَّدُ: (تفع) وہ مشکل سے چڑھتا ہے۔ تَصَعُّدٌ سے مضارع اصل لفظ يَتَصَعَّدُ تھا، تا کو صاد سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ ۱۲۵/۶

يُصْعَقُوْنَ: (اف) وہ بے ہوش کئے جائیں گے، ان کے ہوش اڑ جائیں گے، پہلے معنی میں اِصْعَاقٌ سے اور دوسرے معنی میں صَعِقٌ سے (س) مضارع مجہول۔ ۴۵/۵۲،

يَصْفَحُوْا: (ف) ان کو درگزر کرنا چاہئے۔ صَفْحٌ سے امر غائب۔ ۲۲/۲۴،

يَصِفُوْنَ: (ض) وہ بیان کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں وَصْفٌ سے مضارع۔ ۱۰۰/۶، ۲۲/۲۱، ۹۱/۲۳، ۹۶/۲۳، ۱۵۹/۳۷، ۱۸۰/۳۷، ۸۲/۴۳

يَصِلُ: (ض) وہ پہنچتا ہے۔ وَصْلٌ و وُصُوْلٌ سے مضارع۔ ۱۳۶/۶،

يَصْلٰى: وہ داخل ہوگا۔ صِلِيٌّ سے مضارع۔ ۱۲/۸۷،

يَصْلٰى: (س) وہ (آگ) میں داخل ہوگا۔ صَلْیٌ و صِلِيٌّ سے مضارع۔ ۱۲/۸۴،

يَصْلٰهَا: وہ اس (دوزخ) میں داخل ہوگا۔ ۱۸/۱۷، ۱۵/۹۲،

يُصْلَبُ: (ض) وہ سولی دیا جائے گا۔ اس کو پھانسی دی جائے گی۔ صَلْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۱/۱۲،

يُصَلَّبُوْا: (تف) ان کو سولی دی جائے گی، ان کو پھانسی دی جائے گی۔ تَصْلِيْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۳/۵

يُصْلِحُ: (اف) وہ اصلاح کرے گا، وہ درست کرے گا۔ اِصْلَاحٌ سے مضارع ۱۱/۳۳

يُصْلِحْ: وہ اصلاح کرے گا، وہ درست کرے گا۔ ۸۱/۱۰، ۵/۴۷،

يُصْلِحَا: وہ دونوں اصلاح کریں گے، وہ دونوں درست کریں گے۔ ۱۲۸/۴

يُصْلِحُوْنَ: وہ اصلاح کرتے ہیں، وہ سنوارتے ہیں۔ ۱۵۲/۲۶، ۴۸/۲۷،

يَصِلُوْا: (ض) وہ پہنچیں گے، وَصْلٌ و وُصُوْلٌ سے مضارع۔ ۸۱/۱۱،

يُصَلُّوْا: (تف) ان کو نماز پڑھنی چاہئے۔ تَصْلِيَةٌ سے امر غائب۔ ۱۰۲/۴

يَصِلُوْنَ: وہ پہنچتے ہیں۔ ۹۰/۴، ۲۱/۱۳، ۳۵/۲۸،

يَصْلَوْنَ: (س) وہ داخل ہوں گے۔ صَلْیٌ سے مضارع۔ ۱۰/۴،

يُصَلُّوْنَ: (تف) وہ رحمت بھیجتے ہیں، وہ درود بھیجتے ہیں۔ تَصْلِيَةٌ سے مضارع۔ ۵۶/۳۳،

یَصْلَوْنَهَا: وہ اس (دوزخ) میں داخل ہوں گے۔ ۲۹/۱۴، ۶۳/۳۸، ۸/۵۸، ۱۵/۸۴،

یُصَلِّیْ: وہ نماز پڑھتا ہے، وہ رحمت بھیجتا ہے وہ درود بھیجتا ہے۔ ۹/۳۳، ۴۳/۳۳،

یَصُمْهُ: (ن) اس کو اس (رمضان) کے روزے رکھنے چاہئیں۔ صَوْمٌ سے امر غائب۔ ۱۸۵/۲،

یَصْنَعُ: (ف) وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ صَنْعٌ سے مضارع۔ ۲۷/۷، ۳۸/۱۱،

یَصْنَعُوْنَ: وہ بناتے ہیں، وہ کرتے ہیں۔ ۱۴/۵، ۶۳/۵، ۱۱۲/۱۶، ۴۲/۲۲، ۸/۲۵،

یُصَوِّرُکُمْ: (تف) وہ تمہاری صورتیں بناتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت ہے۔ تَصْوِیْرٌ سے مضارع۔ ۶/۳،

یُصْهَرُ: (ف) وہ پگھلا دیا جائے گا، وہ گلا دیا جائے گا۔ صَهْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۰/۲۲،

یُصِیْبُ: (اف) وہ پہنچے گا، وہ برسائے گا۔ اِصَابَةٌ سے مضارع۔ ۱۲۴/۶، ۹۰/۹، ۱۰۷/۱۰، ۱۳/۱۳، ۴۳/۲۴،

یُصِیْبَکُمْ: وہ تم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ تم کو پہنچائے گا۔ ۸۹/۱۱،

یُصِیْبَکُمْ: وہ تم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ تم کو پہنچائے گا۔ ۵۲/۹،

یُصِیْبَنَا: وہ ہم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ ہم کو پہنچائے گا۔ ۵۱/۹،

یُصِیْبُهُمْ: وہ ان کو پہنچاتا ہے۔ ۴۹/۵، ۶۳/۲۴،

یُصِیْبُهُمْ: وہ ان کو پہنچاتا ہے۔ ۲۰/۹، ۵۱/۳۹،

ی ض

یُضَآرَّ: (مفا) ان کو ضرر پہنچایا جائے، ان کو تکلیف پہنچائی جائے۔ ضِرَارٌ سے مضارع ۲۸۲/۲،

یُضٰعَفُ: (مفا) وہ بڑھا کر دیا جائے گا، وہ دوگنا کیا جائے گا۔ مُضٰعَفَةٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۹/۲۵، ۳۰/۳۳

یُضْعَفُ: وہ دوگنا کیا جائے گا۔ ۲۰/۱۱، ۱۸/۵۷،

یُضٰعِفُ: وہ بڑھاتا ہے، وہ دوگنا کرتا ہے۔ مُضَاعَفَةٌ سے مضارع۔ ۲۶۱/۲،

یُضٰعِفُهٗ: وہ اس کو بڑھا کر دے گا۔ ۱۷/۶۴،

یُضٰعِفَهٗ: وہ اس کو بڑھا کر دے گا۔ ۲۴۵/۲، ۱۱/۵۷،

یُضٰعِفْهَا: وہ اس (مؤنث) کو بڑھا کر دے گا۔ ۴۰/۴،

یُضَاهِئُوْنَ: (مفا) وہ مشابہ ہوتے ہیں، وہ برابری کرتے، وہ ریس کرتے ہیں۔ مُضَاهَئَةٌ سے مضارع۔ ۳۰/۹،

یَضْحَکُوْا: (س) ان کو ہنسنا چاہئے۔ ضِحْکٌ سے مضارع۔ ۸۲/۹،

یَضْحَکُوْنَ: وہ ہنستے ہیں۔ ضِحْکٌ سے مضارع۔ ۴۷/۴۳، ۲۹/۸۳، ۳۴/۸۳

یَضُرُّ: (ن) وہ ضرر دیتا ہے، وہ نقصان پہنچاتا ہے۔ ضَرٌّ سے مضارع۔ ۱۴۴/۳،

یَضْرِبُ: (ض) وہ مارتا ہے، وہ بیان کرتا ہے ضَرْبٌ سے مضارع۔ ۲۶/۲،

یَضْرِبُ: وہ مارتا ہے، وہ بیان کرتا ہے۔ ۱۷/۱۳، ۲۵/۱۴، ۳۵/۲۴، ۳/۴۷

یَضْرِبْنَ: ان عورتوں کو ڈال لینا چاہئے، ان کو اوڑھے رہنا چاہئے۔ ضَرْبٌ سے امر غائب۔ ۳۱/۲۴،

یَضْرِبْنَ: وہ (پاؤں) مارتی ہیں، وہ (پاؤں) زور سے رکھتی ہیں۔ ضَرْبٌ سے مضارع ۳۱/۲۴

یَضْرِبُوْنَ: وہ مارتے ہیں۔ ۵۰/۸، ۲۷/۴۷،

يَضْرِبُوْنَ: وہ چلتے ہیں، وہ سفر کرتے ہیں۔ ۲۰/۷۳

يَضَّرَّعُوْنَ: (تفعل) وہ گڑگڑاتے ہیں، وہ عاجزی کرتے ہیں۔ تَضَرُّعٌ سے مضارع۔ ۹۴/۷

يَضُرُّكَ: وہ تجھے نقصان پہنچاتا ہے، وہ تجھے تکلیف پہنچاتا ہے۔ ۱۰۶/۱۰

يَضُرُّكُمْ: وہ تم کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ تم کو تکلیف دیتا ہے۔ ۱۲۰/۳، ۱۰۵/۵، ۶۶/۲۱

يَضُرُّنَا: وہ ہم کو ضرر پہنچاتا ہے، وہ ہم کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ ہم کو تکلیف دیتا ہے۔ ۷۱/۶

يَضُرُّوْا: وہ نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تکلیف دیتے ہیں۔ ۱۷۶/۳، ۱۴۴/۳، ۳۲/۴۷

يَضُرُّوْكَ: وہ تجھے نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تجھے تکلیف دیتے ہیں۔ ۴۲/۵

يَضُرُّوْكُمْ: وہ تمہیں نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تمہیں تکلیف دیتے ہیں۔ ۱۱۱/۳

يَضُرُّوْنَ: وہ نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تکلیف دیتے ہیں۔ ۲/۴۹

يَضُرُّوْنَكَ: وہ تجھے نقصان پہنچائیں گے، وہ تجھے تکلیف دیں گے۔ ۱۱۳/۴

يَضُرُّهٗ: وہ اس کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ اس کو تکلیف دیتا ہے۔ ۲/۲۲

يَضُرُّهُمْ: وہ ان کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ ان کو تکلیف دیتا ہے۔ ۱۰۲/۲، ۱۸/۱۰، ۵۵/۲۵

يَضَعُ: (ف) وہ دور کرتا ہے، وہ اتارتا ہے۔ وَضْعٌ سے مضارع۔ ۱۵۷/۷

يَضَعْنَ: وہ جنیں گی، وہ پیدا کریں گی۔ ۴/۶۵، ۶/۶۵

يَضَعْنَ: وہ (زائد کپڑے) اتار رکھیں گی۔ ۶۰/۲۴

يَضِلُّ: (ض) وہ گمراہ ہوتا ہے، وہ بھٹکتا ہے۔ ضَلَالٌ سے مضارع۔ ۱۴۹/۹، ۱۰۸/۱۰، ۱۵/۱۷، ۵۲/۲۰، ۴۱/۳۹، ۳/۴۰

يُضِلُّ: (ف) وہ گمراہ کرے گا، وہ بہکائے گا اِضْلَالٌ سے مضارع۔ ۱۴۴/۶، ۱۱۵/۹، ۹/۲۲، ۶/۳۱، ۸/۳۹، ۳۶/۴۷

يُضِلُّ: وہ گمراہ کرے گا، وہ بہکائے گا۔ ۲۶/۲، ۳۹/۶، ۴۴/۱۲، ۴۷/۱۴، ۹۳/۱۶، ۸/۳۵، ۳۳/۴۰، ۳۴/۴۰، ۳۱/۷۴

يُضَلُّ: (اف) وہ گمراہ کیے جائیں گے، وہ بہکائے جائیں گے۔ اِضْلَالٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۷/۹

يُضِلَّكَ: وہ تجھے گمراہ کردے گا، وہ تجھے بہکا دے گا۔ ۲۶/۳۸

يُضِلِّلْ: وہ گمراہ کرتا ہے، وہ بہکاتا ہے۔ اِضْلَالٌ سے مضارع۔ ۱۸۶/۷، ۹۷/۱۷، ۱۷/۱۸

يُضْلِلِ: وہ گمراہ کرتا ہے، وہ بہکاتا ہے۔ ۸۸/۴، ۱۴۳/۴، ۱۷۸/۷، ۱۸۶/۷، ۳۳/۱۳، ۹۷/۱۷، ۱۷/۱۸، ۲۳/۳۹، ۳۶/۳۹، ۳۳/۴۰، ۴۴/۴۲، ۴۶/۴۲

يُضِلُّهٗ: وہ اس کو گمراہ کرتا ہے، وہ اس کو بہکاتا ہے۔ ۳۹/۶

يُضِلَّنَا: وہ ہم کو گمراہ کرتا ہے، وہ ہم کو بہکاتا ہے۔ ۴۲/۲۵

يُضِلُّوْا: وہ گمراہ کرتے ہیں، وہ بہکاتے ہیں۔ ۸۸/۱۰، ۳۰/۱۴، ۲۷/۷۱

يُضِلُّوْكَ: وہ تجھ کو گمراہ کرتے ہیں۔ وہ تجھ کو بہکاتے ہیں۔ ۱۱۳/۴، ۱۱۶/۶

يَضِلُّوْنَ: (ض) وہ گمراہ ہوتے ہیں، وہ بھٹکتے ہیں۔ ضَلَالٌ سے مضارع۔ ۲۶/۳۸

يُضِلُّوْنَ: وہ گمراہ ہوتے ہیں، وہ بھٹکتے ہیں۔ ۶۹/۳، ۱۱۳/۴، ۱۱۹/۶

يُضِلُّونَكُمْ: وہ تم کو گمراہ کرتے ہیں، وہ تم کو بہکاتے ہیں۔ ۶۹/۳

يُضِلُّونَهُمْ: وہ ان کو گمراہ کرتے ہیں، وہ ان کو بہکاتے ہیں۔ ۲۵/۱۶

يُضِلَّهُ: اس کو گمراہ کر دینا، اس کو بہکا دینا۔ اِضْلَالٌ سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۱۲۵/۶

يُضِلُّهُ: وہ اس کو گمراہ کرتا ہے۔ ۴/۲۲

يُضِلُّهُمْ: وہ ان کو گمراہ کرتا ہے، وہ ان کو بہکاتا ہے۔ ۶۰/۴

يُضِيعَ: (اف) وہ ضائع کرتا ہے، وہ بےکار کرتا ہے۔ اِضَاعَةٌ سے مضارع۔ ۱۴۳/۲

يُضِيعُ: وہ ضائع کرتا ہے، وہ بیکار کرتا ہے۔ ۱۷۱/۳، ۱۲۰/۹، ۱۱۵/۱۱، ۹۰/۱۲

يُضَيِّفُوهُمَا: (تف) وہ ان دونوں کی مہمان نوازی (میزبانی) کرتے ہیں، تَضْيِيفٌ سے مضارع۔ ۷۷/۱۸

يَضِيقُ: (ض) وہ تنگ ہوتا ہے، وہ گھٹتا ہے۔ ضِيقٌ سے مضارع۔ ۹۷/۱۵، ۱۳/۲۶

يُضِيءُ: (اف) وہ روشن ہوتا ہے، وہ چمکتا ہے، وہ جلتا ہے۔ اِضَاءَةٌ سے مضارع۔ ۳۵/۲۴

ی ط

يُطَاعَ: (اف) اس کی اطاعت کی جائے گی، اس کی فرمانبرداری کی جائے گی۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ ۶۴/۴

يُطَاعُ: اس کی اطاعت (فرمانبرداری) کی جائے گی۔ ۱۸/۴۰

يُطَافُ: (اف) وہ گھمایا جائے گا، وہ لایا جائے گا۔ اِطَافَةٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۵/۳۷، ۱۵/۷۶، ۱۷/۵۶

يَطْبَعُ: (ف) وہ مہر لگاتا ہے، وہ بند کرتا ہے۔ طَبْعٌ سے مضارع۔ ۱۰۱/۷، ۷۴/۱۰، ۳۵/۴۰

يُطِعِ: وہ اطاعت کرتا ہے، وہ فرمانبرداری کرتا ہے۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ اصل لفظ يُطِيعُ تھا۔ مَنْ شرطیہ کی بنا پر يُطِعْ ہوگیا۔ ۱۳/۴، ۶۹/۴، ۸۰/۴، ۵۲/۲۴، ۷۱/۳۳، ۱۷/۴۸

يُطْعَمُ: (اف) اس کو کھلایا جاتا ہے، اس کو کھانا دیا جاتا ہے۔ اِطْعَامٌ سے مضارع مجہول ۱۴/۶

يُطْعِمُ: (اف) وہ کھلاتا ہے، وہ کھانا دیتا ہے۔ اِطْعَامٌ سے مضارع۔ ۱۴/۶

يُطْعِمُنِي: وہ مجھے کھلاتا ہے، وہ مجھے کھانا دیتا ہے۔ ۷۹/۲۶

يُطْعِمُونَ: وہ کھانا کھلاتے ہیں، وہ کھانا دیتے ہیں۔ ۸/۷۶

يُطْعِمُونِ: وہ مجھے کھانا کھلاتے ہیں۔ ۵۷/۵۱

يَطْعَمْهُ: (س) اس نے اس کو کھایا۔ طَعْمٌ سے مضارع۔ ۲۴۹/۲

يَطْعَمُهُ: وہ اس کو کھاتا ہے۔ ۱۴۵/۶

يَطْعَمُهَا: وہ اس کو کھاتا ہے۔ ۱۳۸/۶

يَطْغَى: (ف) وہ حد سے تجاوز کرتا ہے۔ وہ سرکشی کرتا ہے۔ طُغْيَانٌ سے مضارع۔ ۴۵/۲۰، ۶/۹۶

يُطْفِئُوا: (اف) وہ اس کو بجھاتے ہیں۔ اِطْفَاءٌ سے مضارع۔ ۳۲/۹، ۸/۶۱

يَطْلُبُهُ: (ن) وہ اس (دن) کو آلیتی ہے، وہ اس کو ڈھونڈتا ہے۔ طَلَبٌ سے مضارع۔ ۵۴/۷

يُطْلِعَكُمْ: (اف) وہ تم کو اطلاع کرے گا، وہ تم کو آگاہ کرے گا۔ اِطْلَاعٌ سے مضارع ۱۷۹/۳

یَطْمِثْهُنَّ: (ض) وہ ان (عورتوں) کے ساتھ سوتا ہے، وہ ان سے جماع کرتا ہے۔ طَمْثٌ سے مضارع۔ ۵۶/۵۵، ۷۴/۵۵

یَطْمَعُ: (ف) وہ طمع کرتا ہے، وہ حرص کرتا ہے، وہ لالچ کرتا ہے۔ طَمْعٌ سے مضارع۔ ۳۲/۳۳

یَطْمَعُ: وہ حرص کرتا ہے، وہ لالچ کرتا ہے۔ طَمْعٌ سے مضارع۔ ۳۸/۷۰، ۱۵/۷۴

یَطْمَعُوْنَ: وہ لالچ رکھتے ہیں، وہ آرزو رکھتے ہیں۔ ۴۶/۷

یَطْمَئِنَّ: وہ اطمینان پاتا ہے، وہ سکون پاتا ہے۔ اِطْمِیْنَانٌ سے مضارع۔ ۲۶۰/۲

یَطُوْفُ: (ن) وہ طواف کرتا ہے، وہ گھومتا ہے، وہ چکر لگاتا ہے۔ طَوْفٌ وطَوَافٌ سے مضارع۔ ۲۳/۵۲، ۱۷/۵۶، ۱۹/۷۶

یَطَّوَّفَ: (تفع) وہ طواف کرتا ہے، وہ گھومتا ہے۔ تَطَوُّفٌ سے مضارع۔ اصل لفظ یَتَطَوَّفَ تھا۔ تا کو طا سے بدل کر طا کا طا میں ادغام کر دیا۔ ۱۵۸/۲

یَطَّوَّفُوْا: ان کو طواف کرنا چاہئے، ان کو چکر کاٹنے چاہئیں۔ تَطَوُّفٌ سے امر غائب۔ ۲۹/۲۲

یَطُوْفُوْنَ: (ن) وہ طواف کرتے ہیں، وہ چکر لگاتے ہیں۔ ۴۴/۵۵

یُطَوَّقُوْنَ: (تف) ان کو طوق پہنایا جائے گا، ان کے گلے میں پٹہ ڈالا جائے گا۔ تَطْوِیْقٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۸۰/۳

یُطَهِّرَ: (تف) وہ پاک کرتا ہے۔ تَطْهِیْرٌ سے مضارع۔ ۴۱/۵

یُطَهِّرَکُمْ: وہ تم کو پاک کرتا ہے۔ ۶/۵، ۱۱/۸، ۳۳/۳۳

یَطْهُرْنَ: (ن،ک) وہ (عورتیں) پاک ہو جائیں طُهْرٌ سے مضارع۔ ۲۲۲/۲

یَطَئُوْنَ: (س) وہ پامال کریں گے، وہ چلیں گے۔ وَطْأٌ سے مضارع۔ ۱۲۰/۹

یَطِیْرُ: (ض) وہ پرواز کرتا ہے، وہ اڑتا ہے۔ طَیْرٌ اور طَیَرَانٌ سے مضارع۔ ۳۸/۶

یَطَّیَّرُوْا: (تفع) وہ منحوس سمجھتے ہیں، وہ بدشگونی کرتے ہیں۔ تَطَیُّرٌ سے مضارع، اصل لفظ یَتَطَیَّرُوْا تھا، تا کو طا سے بدل کر طا میں ادغام کر دیا۔ ۱۳۱/۷

یُطِعْکُمْ: (اف) وہ تمہاری اطاعت کرتا ہے، وہ تمہاری فرمانبرداری کرتا ہے۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ ۸۰/۴

یَسْطِیْعُوْنَ: وہ اطاعت (فرمانبرداری) کرتے ہیں۔ ۱۰۱/۱۸

یُطِیْقُوْنَهٗ: (اف) وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں، وہ اس کی قوت رکھتے ہیں۔ اِطَاقَةٌ سے مضارع۔ ۱۸۴/۲

ی ظ

یُظَاهِرُوْا: (مفا) وہ مدد کرتے ہیں، وہ پشت پناہی کرتے ہیں۔ مُظَاهَرَةٌ وظِهَارَةٌ سے مضارع۔ ۴/۹

یُظٰهِرُوْنَ: وہ ظہار کرتے ہیں، وہ بیوی کو ماں کہہ دیتے ہیں۔ مُظَاهَرَةٌ سے مضارع ۲/۵۸، ۳/۵۸

یَظْلَلْنَ: وہ ہو جائیں گے۔ ظُلُوْلٌ سے مضارع فعل ناقص ہے۔ ۳۳/۴۲

يَظْلِمُ: (ض) وہ ظلم کرتا ہے، وہ حق تلفی کرتا ہے۔
ظُلْمٌ سے مضارع۔ ۱۱۰/۴، ۱۹/۲۵

يَظْلِمُ: وہ ظلم کرتا ہے، وہ حق تلفی کرتا ہے۔ ۴۰/۴
۴۴/۱۰، ۴۹/۱۸

يَظْلِمُونَ: وہ ظلم (حق تلفی) کرتے ہیں۔ ۵۷/۲
۱۱۷/۳، ۹/۷، ۱۶۰/۷، ۱۶۳/۷، ۱۷۷/۷، ۷۰/۹، ۲۳/۱۰، ۴۴/۱۹
۱۱۸/۱۶، ۴۰/۲۹، ۹/۳۰، ۴۲/۴۲

يُظْلَمُونَ: ان پر ظلم کیا جائے گا، ان کا حق تلف
کیا جائے گا۔ ۲۸۱/۲، ۲۵/۳، ۱۶۱/۳، ۴۹/۴، ۱۲۴/۴،
۱۶۰/۶، ۴۷/۱۰، ۵۴/۱۰، ۱۱۱/۱۶، ۷۱/۱۷، ۶۰/۱۹، ۶۲/۲۳، ۶۹/۳۹
۲۲/۴۵، ۱۹/۴۶

يَظْلِمُهُمْ: وہ ان پر ظلم کرتا ہے، وہ ان کا حق
تلف کرتا ہے۔ ۷۰/۹، ۴۰/۲۹، ۹/۳۰

يَظُنُّ: (ن) وہ گمان کرتا ہے، وہ خیال کرتا ہے۔
ظَنٌّ سے مضارع۔ ۱۵/۲۲، ۳/۸۴

يَظُنُّونَ: وہ گمان (خیال) کرتے ہیں۔ ۴۶/۲
۷۸/۲، ۲۴۹/۲، ۱۵۴/۳، ۳۲/۴۵

يُظْهِرَ: (افعال) وہ ظاہر کرتا ہے، وہ غالب کرتا ہے۔
اِظْهَارٌ سے مضارع۔ ۲۶/۴۰

يُظْهِرُ: وہ ظاہر کرتا ہے، وہ غالب کرتا ہے۔ ۲۶/۷۲

يَظْهَرُوا: (ف) وہ غالب آئیں گے (بصلہ علیٰ)
وہ تمہاری خبر پائیں گے۔ ظُهُورٌ سے
مضارع۔ ۸/۹، ۲۰/۱۸، ۳۱/۲۴

يَظْهَرُونَ: وہ غالب آتے ہیں، وہ قابو پاتے
ہیں۔ ۳۳/۴۳

يَظْهَرُوهُ: وہ اس پر چڑھیں گے۔ ۹۷/۱۸

يُظْهِرَهُ: وہ اس کو غالب کرتا ہے۔ ۳۳/۹، ۲۸/۴۸، ۹/۶۱

ی ع

يَعْبُدُ: (ن) وہ عبادت کرتا ہے، وہ پوجتا ہے۔
عِبَادَةٌ سے مضارع۔ ۷۰/۷، ۶۲/۱۱، ۸۷/۱۱، ۱۰۹/۱۱،
۱۰/۱۴، ۱۱/۲۲، ۴۳/۴۳

يَعْبُدُوا: وہ عبادت کرتے ہیں، وہ پوجتے ہیں
۳۶/۹، ۵/۹۸، ۳/۱۰۶

يَعْبُدُونَ: وہ عبادت کرتے ہیں، وہ پوجتے ہیں۔
۱۸/۱۰، ۱۰۹/۱۱، ۷۳/۱۶، ۱۶/۱۸، ۴۹/۱۹، ۷۱/۲۲، ۱۷/۲۵، ۵۵/۲۵، ۹۳/۲۸

يَعْبُدُونَ: وہ عبادت کرتے تھے۔ عِبَادَةٌ سے
ماضی بعید۔ ۷۰/۲۶، ۴۱/۳۴، ۲۲/۳۷

يُعْبَدُونَ: ان کی عبادت کی جاتی ہے۔ عِبَادَةٌ
سے مضارع مجہول۔ ۴۵/۴۳

يَعْبُدُونَنِي: وہ میری عبادت کرتے ہیں۔ ۵۵/۲۴

يَعْبَؤُا: (ف) وہ اختیار دیتا ہے، وہ پروا کرے گا،
وہ خیال کرے گا۔ عَبْؤٌ اور عَبَاءٌ سے
مضارع۔ ۷۷/۲۵

يَعْتَدُونَ: (افت) وہ زیادتی کرتے تھے، وہ حد
سے تجاوز کرتے تھے۔ اِعْتِدَاءٌ سے مضارع۔
۶۱/۲، ۱۱۲/۳، ۷۸/۵

يَعْتَذِرُونَ: (افت) وہ عذر کرتے ہیں، وہ بہانہ کرتے
ہیں۔ اِعْتِذَارٌ سے مضارع۔ ۹۴/۹، ۳۶/۷۷

يَعْتَزِلُوكُمْ: (افت) وہ کنارہ کشی کریں گے، وہ
الگ رہیں گے۔ اِعْتِزَالٌ سے مضارع ۹۰/۴

يَعْتَصِمْ: (افت) وہ اعتماد کرتا ہے، وہ مضبوط پکڑتا
ہے (بصلہ با) اِعْتِصَامٌ سے مضارع ۱۰۱/۳،

يُعْجِبُ: (افعال) وہ تعجب میں ڈالتا ہے، وہ اچھا
لگتا ہے، وہ پسند آتا ہے۔ اِعْجَابٌ سے

مضارع۔ ۲۹/۲۸،

یُعْجِبُكَ: وہ تجھے تعجب میں ڈالتا ہے، وہ تجھے پسند آتا ہے۔ ۲۰۴/۲،

یُعْجِزُوْنَ: (اف) وہ عاجزی کریں گے، وہ تھکا دیں گے۔ اِعْجَازٌ سے مضارع۔ ۵۹/۸،

یُعْجِزَهٗ: وہ اس کو عاجز کرے گا۔ وہ اس کو مجبور کرے گا۔ ۴۴/۳۵،

یُعَجِّلُ: (تف) وہ عجلت کرتا ہے، وہ جلدی کرتا ہے۔ تَعْجِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۱/۱۰،

یَعِدُ: (ض) وہ وعدہ کرتا ہے، وہ ڈراتا ہے۔ وَعْدٌ سے مضارع۔ ۴۰/۳۵،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے۔ ۸۶/۲۰،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے۔ ۳۵/۲۳، ۲۸/۴۰، ۲۶۸/۲،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے، وہ تم کو ڈراتا ہے۔ ۲۶۸/۲، ۴۸/۸،

یَعْدِلُوْنَ: (ض) وہ عدل کرتے ہیں، وہ انصاف کرتے ہیں، وہ برابر کرتے ہیں۔ عَدْلٌ و عُدُوْلٌ سے مضارع۔ ۱/۶، ۱۵۰/۶، ۱۵۹/۷، ۱۸۱/۷، ۶۰/۲۷،

یَعْدُوْنَ: (ن) وہ حد سے بڑھتے ہیں، وہ زیادتی کرتے ہیں۔ عُدْوَانٌ سے مضارع۔ ۱۶۳/۷،

یَعِدُهُمْ: وہ ان سے وعدہ کرتا ہے۔ ۱۲۰/۴،

یَعِدُهُمْ: وہ اس سے وعدہ کرتا ہے۔ ۱۲۰/۴، ۶۴/۱۷،

یُعَذِّبَ: (تف) وہ عذاب دے گا، وہ سزا دے گا۔ تَعْذِیْبٌ سے مضارع۔ ۲۴/۳۳، ۷۳/۳۳، ۶/۴۸،

یُعَذِّبُ: وہ عذاب دے گا، وہ سزا دے گا۔ ۲۸۴/۲

یُعَذِّبُكُمْ: وہ تم کو عذاب دے گا، وہ تم کو سزا دے گا۔ ۳۹/۹، ۵۴/۱۷، ۱۶/۴۸،

یُعَذِّبُكُمْ: وہ تم کو عذاب دے گا، وہ تم کو سزا دے گا۔ ۱۸/۵،

یُعَذِّبَنَا: وہ ہم کو عذاب دے گا، وہ ہم کو سزا دے گا۔ ۸/۵۸،

یُعَذِّبَهٗ: وہ اس کو عذاب دے گا، وہ اس کو سزا دے گا۔ ۱۷/۴۸،

یُعَذِّبُهٗ: وہ اس کو عذاب دے گا۔ وہ اس کو سزا دے گا۔ ۸۷/۱۸، ۲۴/۸۸،

یُعَذِّبَهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۲۸/۳، ۳۳/۸، ۵۵/۹، ۸۵/۹

یُعَذِّبَهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۳۴/۸

یُعَذِّبْهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۷۴/۹

یُعَذِّبُهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۷/۳، ۱۰۶/۹،

یُعَذِّبْهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۴/۹،

یَعْرُجُ: (ن) وہ چڑھتا ہے۔ عُرُوْجٌ سے مضارع۔ ۵/۳۲، ۲/۳۴، ۴/۵۷

یَعْرُجُوْنَ: وہ چڑھتے ہیں۔ ۱۴/۱۵،

یَعْرِشُوْنَ: (ض، ن) وہ چھت بناتے ہیں، وہ اونچا بناتے ہیں۔ عَرْشٌ و عُرُوْشٌ سے مضارع۔ ۱۳۷/۷، ۶۸/۱۶،

یُعْرِضْ: (اف) وہ اعراض کرے گا، وہ روگردانی کرے گا۔ اِعْرَاضٌ سے مضارع ۱۷/۷۲،

یُعْرَضُ: (ض) وہ سامنے لایا جائے گا، وہ پیش

کیا جائے گا، عَرْضٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۰/۲۹، ۳۴/۴۶،

یُعْرِضُوْا: وہ اعراض کرتے ہیں، وہ ٹال دیتے ہیں۔ ۲/۵۴،

یُعْرَضُوْنَ: وہ سامنے لائے جائیں گے، وہ پیش کیے جائیں گے۔ ۱۸/۱۱، ۴۶/۴۰، ۴۵/۴۲،

یُعْرَفُ: (ض) وہ پہچانا جائے گا، وہ شناخت کیا جائے گا۔ عِرْفَانٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۱/۵۵،

یُعْرَفْنَ: وہ پہچانی جائیں گی، وہ شناخت کی جائیں گی۔ ۵۹/۳۳،

یَعْرِفُوْا: وہ پہچانتے ہیں، وہ شناخت کرتے ہیں۔ عِرْفَانٌ سے مضارع۔ ۶۹/۲۳،

یَعْرِفُوْنَ: وہ پہچانتے ہیں، وہ شناخت کرتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۲۰/۶، ۴۶/۷، ۸۳/۱۶،

یَعْرِفُوْنَهٗ: وہ اس کو پہچانتے ہیں، وہ اس کی شناخت کرتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۲۰/۶،

یَعْرِفُوْنَهَا: وہ اس کو پہچانتے ہیں، وہ اس کی شناخت کرتے ہیں۔ ۸۳/۱۶،

یَعْرِفُوْنَهُمْ: وہ ان کو پہچانتے ہیں، وہ ان کو شناخت کرتے ہیں۔ ۴۸/۷،

یَعْزُبُ: (ن) وہ غائب ہوتا ہے، وہ چھپتا ہے۔ عُزُوْبٌ سے مضارع۔ ۶۱/۱۰، ۳/۳۴،

یَعْشُ: (ن) وہ اندھا بنتا ہے، وہ غفلت کرتا ہے (بصلہ عَن) مراد یہ ہے کہ جو اللہ کے ذکر سے اندھا ہو جائے۔ عَشْوٌ سے مضارع۔ ۳۶/۴۳،

یَعْصِ (ض) وہ نافرمانی کرے گا، وہ خلاف کرے گا۔ عِصْیَانٌ سے مضارع، اصل لفظ یَعْصِیْ تھا۔ مَنْ شرطیہ کے آنے سے اس کے آخر سے یا حذف ہو گئی۔ ۱۴/۴، ۳۶/۳۳، ۲۳/۷۲،

یَعْصِرُوْنَ: (ض) وہ نچوڑیں گے۔ عَصْرٌ سے مضارع۔ ۴۹/۱۲،

یَعْصِمُكَ: (ض) وہ آپ ﷺ کی حفاظت کرے گا، وہ آپ کو بچائے گا۔ عِصْمَةٌ سے مضارع۔ ۶۷/۵،

یَعْصِمُكُمْ: وہ تمہاری حفاظت کریگا۔ وہ تم کو بچائے گا۔ ۱۷/۳۳،

یَعْصِمُنِیْ: وہ میری حفاظت کریگا۔ وہ مجھے بچائے گا۔ ۴۳/۱۱،

یَعْصُوْنَ: (ض) وہ نافرمانی کرتے ہیں۔ عِصْیَانٌ سے مضارع۔ ۶/۶۶،

یَعْصِیْنَكَ: وہ آپ (ﷺ) کی نافرمانی کرتے ہیں، وہ آپ کے خلاف کریں گے ۱۲/۶۰،

یَعَضُّ: (س) وہ دانت سے کاٹے گا۔ (بصلہ عَلٰی) وہ انتہائی نادم ہوگا۔ عَضٌّ سے مضارع۔ ۲۷/۲۵،

یُعْطَوْا: (اف) ان کو دیا جائے گا۔ اِعْطَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ۵۸/۹،

یُعْطُوا: وہ دیں گے۔ اِعْطَاءٌ سے مضارع۔ ۲۹/۹،

یُعْطِیْكَ: وہ تجھے عطا کرے گا، وہ تجھے دے گا۔ ۵/۹۳،

یَعِظُكُمْ: (ض) وہ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ وَعْظٌ سے مضارع۔ ۲۳۱/۲، ۵۸/۴، ۹۰/۱۶،

یَعِظُكُمُ: وہ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ ۱۷/۲۴،

یُعَظِّمْ: (تف) وہ تعظیم کرے گا، وہ بڑا سمجھے گا۔ تَعْظِیْمٌ سے مضارع۔ ۳۰/۲۲، ۳۲/۲۲

یُعْظِمْ: (اف) وہ عظیم کرے گا، وہ بڑا کرے

دے گا۔ اِعْظَامٌ سے مضارع۔ ۵/۶۵،

یَعِظُهٗ: (ض) وہ اس کو نصیحت کرتا ہے۔ وَعْظٌ سے مضارع۔ ۱۳/۳۱،

یَعْفُ: (ن) وہ معاف کرے گا، وہ درگزر کرے۔ عَفْوٌ سے مضارع، اصل لفظ یَعْفُوْ تھا، اِنْ شرطیہ کی جزا ہونے کی بنا پر 'و' حذف ہوگئی۔ ۳۴/۴۲،

یَعْفُوَ: وہ معاف کرتا ہے، وہ رعایت کرتا ہے۔ عَفْوٌ سے مضارع۔ ۹۹/۴،

یَعْفُوَا۔ وہ معاف کرتا ہے۔ وہ درگزر کرتا ہے۔ ۲۳۷/۲،

یَعْفُوْا: وہ معاف کرتا ہے، وہ درگزر کرتا ہے۔ ۱۵/۵، ۲۵/۴۲، ۳۰/۴۲،

یَعْفُوْا: چاہئے کہ وہ معاف (درگزر) کرے ۲۲/۲۴،

یَعْفُوْنَ: وہ معاف کرتے ہیں، وہ درگزر کرتے ہیں۔ ۲۳۷/۲،

یُعَقِّبْ: (تف) وہ پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے، وہ پیچھے پھرتا ہے۔ تَعْقِیْبٌ سے مضارع۔ ۱۰/۲۷، ۳۱/۲۸،

یَعْقِلُوْنَ: (ض) وہ سمجھتے ہیں، وہ غور کرتے ہیں۔ عَقْلٌ سے مضارع ۱۶۴/۲، ۱۷۰/۲، ۱۷۱/۲، ۵۸/۵، ۱۰۳/۵، ۲۲/۸، ۴۲/۱۰، ۱۰۰/۱۰، ۴/۱۳، ۱۲/۱۶، ۶۷/۱۶، ۴۶/۲۲، ۴۴/۲۵، ۳۵/۲۹، ۶۳/۲۹، ۲۴/۳۰، ۲۸/۳۰، ۶۸/۳۶، ۴۳/۳۹، ۵/۴۵، ۴/۴۹، ۱۴/۵۹،

یَعْقِلُهَا: وہ اس کو سمجھتا ہے، وہ اس میں غور کرتا ہے۔ ۴۳/۲۹،

یَعْقُوْبَ: حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم گرامی۔ اسرائیل بھی آپ ہی کا عبرانی نام ہے۔ ۱۳۳/۲، ۱۳۶/۲، ۱۴۰/۲، ۸۴/۳، ۱۶۳/۴، ۸۴/۶، ۷۱/۱۱، ۶/۱۲، ۳۸/۱۲، ۶۸/۱۲، ۴۹/۱۹، ۶/۱۹، ۷۲/۲۱، ۲۷/۲۹، ۴۵/۳۸،

یَعْقُوْبُ: حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم گرامی۔ ۱۳۲/۲،

یَعْكُفُوْنَ: (ن) وہ جمے بیٹھے ہیں، وہ لگے بیٹھے ہیں۔ عُكُوْفٌ سے مضارع ۱۳۸/۷،

یَعْلَمْ: (س) وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ۸۲/۲۸، ۵/۹۶، ۱۴/۹۶،

یَعْلَمَ: وہ علم رکھتا ہے وہ جانتا ہے۔ ۱۴۰/۳، ۱۴۲/۳، ۱۶۶/۳، ۱۶۷/۳، ۹۴/۵، ۵۲/۱۲، ۳۹/۱۶، ۷۰/۱۶، ۵/۲۲، ۵۴/۲۲، ۳۵/۴۲، ۲۵/۵۷، ۲۹/۵۷، ۲۸/۷۲،

یَعْلَمِ: وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ ۱۴۲/۳، ۶۶/۸، ۱۶/۹،

یَعْلَمُ: وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ ۷۷/۲، ۲۱۶/۲، ۲۲۰/۲، ۲۳۲/۲، ۲۳۵/۲، ۲۵۵/۲، ۷/۳، ۲۹/۳، ۶۶/۳، ۹۳/۳، ۹۷/۵، ۹۹/۵، ۳/۶، ۵۹/۶، ۶۰/۶، ۷۳/۶، ۴۲/۹، ۷۸/۹، ۱۸/۱۰، ۵/۱۱، ۶/۱۱، ۸/۱۳، ۹/۱۳، ۳۳/۱۳، ۴۲/۱۳، ۱۹/۱۴...... ۴۷ جگہ

یُعْلَمَ: وہ معلوم ہو جائے گا، اس کو جان لیا جائے گا۔ عِلْمٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۱/۲۴،

یُعَلِّمٰنِ: (تف) وہ دونوں تعلیم دیتے ہیں۔ وہ دونوں سکھاتے ہیں۔ تَعْلِیْمٌ سے مضارع۔ ۱۰۲/۲،

یُعَلِّمُكَ: وہ تجھ کو تعلیم دیتا ہے، وہ تجھ کو سکھاتا ہے۔ ۶/۱۲،

یُعَلِّمُكُمْ: وہ تم کو تعلیم دیتا ہے، وہ تم کو سکھاتا ہے۔ ۱۵۱/۲،

یُعَلِّمُكُمُ: وہ تم کو تعلیم دیتا ہے، وہ تم کو سکھاتا ہے۔ ۱۵۱/۲، ۲۸۲/۲،

یَعْلَمَنَّ: (س) وہ ضرور معلوم کرے گا، وہ ضرور ظاہر کردے گا۔ عِلْمٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۳/۲۹، ۱۱/۲۹،

یَعْلَمُوْا: ان کو معلوم ہے، وہ جانتے ہیں۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ۶۳/۹، ۷۸/۹، ۹۴/۹، ۱۰۴/۹، ۵۲/۱۴،

۲۱/۱۸، ۵۲/۳۹

یَعْلَمُوْنَ: ان کو معلوم ہے، وہ جانتے ہیں۔ ۱۳/۲، ۲۶/۲، ۷۵/۲، ۷۷/۲، ۷۸/۲، ۱۰۱/۲، ۱۰۲/۲، ۱۰۳/۲، ۱۱۳/۲، ۱۱۸/۲، ۱۴۴/۲، ۱۴۶/۲، ۲۳۰/۲، ۷۵/۳، ۱۳۵/۳، ۱۰۴/۵، ۳۷/۶، ۹۷/۶، ۱۰۵/۶، ۱۱۴/۶، ۳۲/۷، ۱۳۱/۷، ۱۸۲/۷، ۱۸۷/۷، ۳۴/۸...... ۸۵ جگہ۔

یُعَلِّمُوْنَ: وہ تعلیم دیتے ہیں، وہ سکھاتے ہیں۔ تَعْلِیْمٌ سے مضارع۔ ۱۰۲/۲،

یُعَلِّمُهٗ: وہ اس کو تعلیم دیتا ہے، وہ اس کو سکھاتا ہے۔ ۴۸/۳، ۱۰۳/۱۶،

یَعْلَمُهٗ: وہ اس کو معلوم ہے، وہ اس کو جانتا ہے۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ۱۹۷/۲، ۲۹/۳،

یَعْلَمُهٗ: وہ اس کو جانتا ہے۔ ۱۹۷/۲۶،

یَعْلَمُهٗ: وہ اس کو جانتا ہے۔ ۲۷۰/۲،

یَعْلَمُهَا: وہ اس (مؤنث) کو جانتا ہے۔ ۵۹/۶،

یَعْلَمُهُمْ: وہ ان کو جانتا ہے۔ ۶۰/۸، ۹/۱۴، ۲۲/۱۸،

یُعَلِّمُهُمُ: وہ ان کو تعلیم دیتا ہے، وہ ان کو سکھاتا ہے۔ ۱۲۹/۲، ۱۶۴/۳، ۲/۶۲،

یُعْلِنُوْنَ: (اف) وہ علانیہ کرتے ہیں، وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اِعْلَانٌ سے مضارع۔ ۷۷/۲، ۵/۱۱، ۲۳/۱۶، ۲۴/۲۷، ۶۹/۲۸، ۷۶/۳۶

یَعْمُرُ: (ن) وہ آباد کرتا ہے، وہ مقیم ہوتا ہے۔ عَمْرٌ اور عُمْرَانٌ سے مضارع۔ ۱۸/۹،

یُعَمَّرَ: (تف) اس کی عمر بڑھائی جاتی ہے، اس کو زیادہ عمر دی جاتی ہے، تَعْمِیْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۹۶/۲،

یُعَمَّرُ: اس کی عمر بڑھائی جاتی ہے، اس کو عمر زیادہ دی جاتی ہے۔ ۹۶/۲،

یَعْمُرُوْا: (س،ن) وہ آباد کرتے ہیں، وہ بساتے ہیں، وہ تعمیر کرتے ہیں۔ عَمْرٌ اور عَمَارَةٌ سے مضارع۔ ۱۷/۹،

یَعْمَلُ: (س) وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ عَمَلٌ سے مضارع۔ ۱۱۰/۴، ۱۲۳/۴، ۱۲۴/۴، ۱۱۲/۲۰، ۹۴/۲۱، ۹/۶۴، ۱۱/۶۵، ۷/۹۹، ۸/۹۹،

یَعْمَلْ: چاہئے کہ وہ عمل کرے، چاہئے کہ وہ کام کرے۔ عَمَلٌ سے امر غائب۔ ۱۱۰/۱۸،

یَعْمَلِ: وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ ۶۱/۳۷،

یَعْمَلُ: وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ ۳۲/۱۴، ۸۴/۱۷، ۱۲/۳۴،

یَعْمَلُوْنَ: وہ عمل کرتے ہیں، وہ کام کرتے ہیں۔ ۹۶/۲، ۱۳۴/۲، ۱۴۱/۲، ۱۲۰/۳، ۱۶۳/۳، ۱۷/۴، ۱۸/۴، ۱۰۸/۴، ۶۲/۵، ۶۶/۵، ۷۱/۵، ۴۳/۶، ۸۸/۶، ۱۰۸/۶، ۱۲۲/۶، ۱۲۷/۶، ۱۳۲/۶، ۱۱۸/۷، ۱۳۹/۷، ۱۴۷/۷، ۱۸۰/۷، ۳۹/۸، ۴۷/۸، ۹/۹، ۱۲۱/۹، ۱۲/۱۰...... ۵۶ جگہ۔

یَعْمَهُوْنَ: (ف،س) وہ سرگرداں پھرتے ہیں، وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ عَمَهٌ سے مضارع ۱۵/۲، ۱۱۰/۶، ۱۸۶/۷، ۱۱/۱۰، ۷۲/۱۵، ۷۵/۲۳، ۳/۲۷،

یَعُوْدُوْا: (ن) وہ لوٹے گا، وہ دوبارہ کرے گا۔ عَوْدٌ سے مضارع۔ ۳۸/۸،

یَعُوْدُوْنَ: وہ لوٹتے ہیں، وہ رجوع کرتے ہیں۔ ۳/۵۸، ۸/۵۸،

یَعُوْذُوْنَ: (ن) وہ پناہ مانگتے ہیں (جسلہ با) عَوْذٌ و مَعَاذٌ سے مضارع۔ ۶/۷۲،

یَعُوْقَ: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے ایک بت کا نام جو گھوڑے کی شکل کا تھا، اسم علم ہے۔ ۲۳/۷۱،

يَعْيَ: (س) وہ عاجز ہوتا ہے، وہ تھکتا ہے۔ عِيٌّ و عَيَاءٌ سے مضارع۔ ۳۳/۴۶

يُعِيدُ: (اف) وہ اعادہ کرے گا، وہ دوبارہ کرے گا، وہ لوٹائے گا۔ اِعَادَةٌ سے مضارع۔ ۴۹/۳۴ ، ۱۳/۸۵

يُعِيدَكُمْ: وہ تم کو دوبارہ (دریا میں) لے جائے گا، وہ تم کو لوٹائے گا۔ ۶۹/۱۷

يُعِيدُكُمْ: وہ تم کو (زمین میں) لوٹائے گا، وہ تم کو پھیرے گا۔ ۱۸/۷۱

يُعِيدُنَا: وہ ہم کو لوٹائے گا۔ ۵۱/۱۷

يُعِيدُوكُمْ: وہ تم کو لوٹا لیں گے۔ ۲۰/۱۸

يُعِيدُهُ: وہ اس کو لوٹاتا ہے۔ ۴/۱۰ ، ۳۴/۱۰ ، ۶۴/۲۷ ، ۱۹/۲۹ ، ۱۱/۳۰ ، ۲۷/۳۰

ی غ

يُغَاثُ: (ض) خوب بارش ہوگی، خوب مینہ برسایا جائے گا۔ غَيْثٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۹/۱۲

يُغَاثُوا: (اف) ان کی فریادرسی کی جائے گی۔ اِغَاثَةٌ سے مضارع مجہول، جواب شرط ہونے کی بنا پر آخر سے نون حذف ہو گیا۔ ۲۹/۱۸

يُغَادِرُ: (مفا) وہ چھوڑتا ہے، وہ باقی رکھتا ہے۔ مُغَادَرَةٌ سے مضارع۔ ۴۹/۱۸

يَغْتَبْ: (افت) وہ غیبت کرتا ہے، وہ پس پشت برائی کرتا ہے۔ اِغْتِيَابٌ سے مضارع۔ ۱۲/۴۹

يَغْرُرْكَ: (ن) وہ تجھے فریب دیتا ہے، وہ تجھے دھوکا دیتا ہے۔ غُرُورٌ سے مضارع ۴/۴۰

يُغْرِقَكُمْ: (اف) وہ تم کو غرق کرتا ہے، وہ تم کو ڈبوتا ہے۔ اِغْرَاقٌ سے مضارع۔ ۶۹/۱۷

يَغُرَّنَّكَ: وہ تجھے ضرور فریب دے گا، وہ تجھے ضرور دھوکا دے گا۔ غُرُورٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۹۶/۳

يَغُرَّنَّكُمْ: وہ تمہیں ضرور فریب (دھوکہ) دے گا۔ ۳۳/۳۱ ، ۵/۳۵

يَغْشَى: (س) وہ ڈھانک لے گا، وہ عام ہوگا۔ غَشْيٌ اور غَشَيَانٌ سے مضارع۔ ۱۱/۴۴ ، ۱۶/۵۳

يَغْشَى: وہ چھپائے گا، وہ ڈھانک لے گا۔ ۱۵۴/۳ ، ۱۶/۵۳ ، ۱/۹۲

يُغْشَى: اس پر غشی لائی جاتی ہے، اس پر بے ہوشی طاری کی جاتی ہے۔ غَشْيٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۹/۳۳

يَغْشَاهُ: وہ اس پر چھا جائے گا، وہ اس کو ڈھانک لے گا۔ ۴۰/۲۴

يَغْشَاهَا: وہ اس کو چھپا لے گا، وہ اس پر پردہ ڈال دے گا۔ ۴/۹۱

يَغْشَاهُمْ: وہ ان پر چھا جائے گا، وہ ان کو ڈھانک لے گا۔ ۵۵/۲۹

يُغْشِي: (اف) وہ اڑھاتا ہے، وہ ڈھانک دیتا ہے۔ اِغْشَاءٌ سے مضارع۔ ۵۴/۷ ، ۳/۱۳

يُغَشِّيكُمْ: (تف) وہ تم کو اڑھاتا ہے، وہ تم کو ڈھانک دے گا۔ تَغْشِيَةٌ سے مضارع ۱۱/۸

يَغْضُضْنَ: (ن) وہ (عورتیں) نیچی رکھیں، وہ بند رکھیں۔ غَضٌّ سے امر غائب۔ ۳۱/۲۴

يَغُضُّوا: وہ نیچی رکھیں، وہ بند رکھیں۔ ۳۰/۲۴

يَغُضُّونَ: وہ نیچی رکھتے ہیں، وہ بند رکھتے ہیں۔ ۳/۴۹

يَغْفِرُ: (ض) وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشتا ہے۔ مَغْفِرَةٌ سے مضارع۔ ۳۱/۳ ، ۲۹/۸ ، ۷۰/۸ ، ۱/۴۴

۳۱/۳۶، ۲۸/۵۷، ۱۲/۹۱، ۱۴/۹۲، ۳/۷۱

یغفر: وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشش کرتا ہے۔
۱۳۷/۳، ۱۲۸/۳، ۸۰/۹، ۱۰/۱۳، ۳۳/۲۰، ۲۲/۲۳، ۵۱/۲۹، ۸۲/۲۹
۳۳/۳۷، ۳/۳۸، ۲/۹۳،

یغفر: وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشش کرتا ہے۔
۲۸۴/۲، ۱۲۹/۳، ۱۳۵/۳، ۳۸/۳، ۱۱۶/۳، ۱۸/۵، ۴۰/۵، ۹۲/۱۲،
۵۳/۳۹، ۱۴/۴۸،

یغفر: اس کی مغفرت کردی جائے گی، اس کو بخش دیا
جائے گا۔ مغفرۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۶۹/۷،

یغفروا: چاہیے کہ وہ معاف کردیں۔ مغفرۃ
سے امر غائب۔ ۱۴/۴۵،

یغفرون: وہ معاف کرتے ہیں۔ ۳۷/۴۲،

یغل: (ن) وہ خیانت کرتا ہے، وہ چھپاتا ہے۔
غلٌّ اور غلولٌ سے مضارع۔ ۱۶۱/۳،

یغلب: (ض) وہ غالب ہوجائے گا، وہ قابو پائے
گا۔ غَلَبَۃٌ سے مضارع۔ ۷۴/۴،

یغلبوا: وہ غالب آجائیں گے، وہ فتح پالیں گے،
اصل لفظ یغلبون تھا، جواب شرط ہونے
کی بنا پر آخر سے نون حذف ہوگیا ۶۵/۸، ۶۶/۸،

یغلبون: وہ غالب آجائیں گے۔ ۳/۳۰،

یغلبون: وہ مغلوب ہوں گے، ان پر غلبہ پایا جائے
گا۔ غَلَبَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۶/۸،

یغلل: (ن) وہ خیانت کرے گا، وہ چھپائے گا۔
غلٌّ اور غُلُولٌ سے مضارع۔ ۱۶۱/۳،

یغلی: (ض) وہ جوش مارے گا، وہ ابلے گا۔ غلیٌ
سے مضارع۔ ۴۵/۴۴،

یغن: (اف) وہ غنی کرتا ہے، وہ بے احتیاج کرتا
ہے۔ اِغناءٌ سے مضارع۔ ۱۳۰/۴،

یغنوا: (س) وہ قیام کرتے ہیں، وہ بستے ہیں، وہ
رہتے ہیں۔ غِنَـی غِنًی سے مضارع۔
۹۲/۷، ۶۸/۱۱، ۹۵/۱۱،

یغنوا: (اف) وہ کفایت کریں گے، وہ کام آئیں
گے۔ اغناءٌ سے مضارع، اصل لفظ یغنی
تھا، اِنْ شرطیہ کی جزا ہونے کی بنا پر آخر
سے ی حذف ہوگئی۔ ۱۹/۴۵،

یغنہم: وہ ان کو غنی کرے گا، وہ ان کو مالدار
کرے گا۔ ۳۲/۲۴،

یغنی: وہ مجھے غنی کرے گا، وہ مجھے مالدار کرے
گا۔ وہ مجھے مشغول رکھے گا۔ وہ مجھے بے
نیاز کردے گا۔ وہ فائدہ دے گا۔ ۳۶/۱۰، ۱۸/۱۲،
۳۶/۱۹، ۳۱/۴۴، ۱۰/۴۵، ۲۶/۵۳، ۲۸/۵۳، ۳۱/۷۷، ۴/۸۸، ۲/۹۲،

یغنیا: وہ دونوں کام آئیں گے، وہ دونوں فائدہ
دیں گے۔ اِغنَاءٌ سے مضارع۔ ۱۰/۶۶،

یغنیکم: وہ تم کو غنی کرے گا، وہ تم کو مالدار
کرے گا۔ ۲۸/۹،

یغنیہ: وہ اس کو غنی کرے گا، وہ اس کو بے احتیاج
کرے گا۔ ۳۷/۸۰،

یغنیہم: وہ ان کو غنی کردے گا، وہ ان کو مالدار
بنادے گا۔ ۳۳/۲۴،

یغوث: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے پانچ
بتوں میں سے ایک کا نام جو شیر کی شکل کا
تھا۔ ۲۳/۷۱،

یغوصون: (ن) وہ ڈبکی لگاتے ہیں، وہ غوطہ مارتے
ہیں۔ غَوصٌ سے مضارع۔ ۸۲/۲۱،

یغویکم: (اف) وہ تم کو گمراہ کردے گا، وہ تم کو
بھٹکادے گا۔ اِغواءٌ سے مضارع۔ ۳۴/۱۱،

يُغَيِّرُ: (تف) وہ بدلتا ہے، تَغَیُّرٌ سے مضارع۔ 11/13،

يُغَيِّرُنَّ: وہ ضرور بدل دیں گے، وہ ضرور بگاڑ دیں گے۔ تَغَیُّرٌ سے مضارع بانون تاکید۔ 119/4،

يُغَيِّرُوا: وہ بدلتے ہیں۔ 53/8، 11/13،

يَغِيظُ: (ض) وہ غصہ دلاتا ہے، وہ ناراض کرتا ہے۔ غَیْظٌ سے مضارع۔ 29/48،

يَغِيظُ: وہ غصہ دلاتا ہے، وہ ناراض کرتا ہے۔ 120/9، 15/22،

ی ف

يَفْتَحُ: وہ کھولتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ فَتْحٌ سے مضارع۔ 2/35،

يَفْتَحُ: وہ کھولتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ 26/34،

يَفْتَدُوا: (افت) وہ فدیہ دیں گے، وہ بدلہ میں دے کر چھوٹ جائیں گے۔ اِفْتِدَاءٌ سے مضارع۔ 36/5،

يَفْتَدِي: وہ فدیہ دیتا ہے، وہ بدلہ میں دیتا ہے۔ 11/70،

يُفَتَّرُ: (تف) وہ ہلکا کیا جائے گا، وہ کم کیا جائے گا۔ تَفْتِيرٌ سے مضارع مجہول۔ 75/43،

يُفْتَرَى: وہ اپنی طرف سے بنایا جائے گا، وہ گھڑا کیا جائے گا۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع مجہول۔ 37/10، 111/12،

يَفْتَرُونَ: (افت) وہ افترا کرتے ہیں، وہ بہتان لگاتے ہیں۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع۔ 24/3، 50/4، 103/5، 24/6، 112/6، 137/6، 138/6، 53/7، 30/10، 60/10، 69/10، 21/11، 87/16، 116/16، 75/28، 13/29، 28/46،

يَفْتُرُونَ: (ن) وہ موقوف ہوتے ہیں، وہ رکتے ہیں، وہ تھمتے ہیں۔ فُتُورٌ سے مضارع۔ 20/21،

يَفْتَرِي: وہ افترا کرتے ہیں، وہ بہتان تراشی کرتے ہیں۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع۔ 105/16،

يَفْتَرِينَهُ: وہ اس کو گھڑتی ہیں۔ 12/60،

يَفْتِنَكُمْ: (ض) وہ تم کو فتنہ میں ڈال دے گا، وہ تم کو مصیبت میں ڈال دے گا۔ فَتْنٌ و فُتُونٌ سے مضارع۔ 101/4،

يَفْتِنَنَّكُمْ: وہ تم کو ضرور فتنہ میں ڈال دے گا، وہ تم کو ضرور گمراہ کر دے گا۔ 27/7،

يَفْتِنُوكَ: وہ تجھ کو گمراہ کر دیں گے، وہ تجھ کو بہکا دیں گے۔ 49/5،

يُفْتَنُونَ: ان کو فتنہ میں ڈالا جائے گا، وہ مصیبت میں مبتلا کئے جائیں گے۔ فَتْنٌ و فِتْنَةٌ سے مضارع مجہول۔ 126/9، 2/29، 13/51،

يَفْتِنُونَكَ: وہ تجھ کو بہکا دیں گے، وہ تجھ کو پھسلا دیں گے۔ 73/17،

يَفْتِنَهُمْ: وہ ان کو تکلیف دے گا، وہ ان کو پریشانی میں مبتلا کرے گا۔ 83/10،

يُفْتِيكُمْ: (اف) وہ تم کو فتویٰ دیتا ہے، وہ تم کو فیصلہ سناتا ہے۔ اِفْتَاءٌ سے مضارع۔ 127/4، 176/4،

يَفْجُرَ: (ن) وہ نافرمانی کرتا ہے، وہ کھلے عام گناہ کرتا ہے۔ فُجُورٌ سے مضارع۔ 5/75،

يُفَجِّرُونَهَا: (تف) وہ بہا کر لے جائیں گے، وہ نکال کر لے جائیں گے۔ تَفْجِيرٌ سے مضارع۔ 6/76،

يَفِرُّ: (ض) وہ فرار ہوگا، وہ بھاگے گا۔ فِرَارٌ سے مضارع۔ 34/80،

يَفْرَحُ: (س) وہ فرحت پائے گا، وہ خوش ہوگا، فَرَحٌ

سے مضارع۔ ۴/۳۰،

یَفْرَحُوْا: وہ خوش ہوں گے۔ ۱۲۰/۳،

یَفْرَحُوْا: ان کو خوش ہونا چاہئے، وہ فَرْحٌ سے امر غائب۔ ۵۸/۱۰،

یَفْرَحُوْنَ: وہ خوش ہوتے ہیں۔ ۱۸۸/۳، ۳۶/۱۳،

یَفْرُطَ: (ن) وہ حد سے بڑھتا ہے، وہ زیادتی کرتا ہے (بصلۂ علیٰ) فَرْطٌ سے مضارع۔ ۴۵/۲۰،

یُفَرِّطُوْنَ: (تف) وہ کوتاہی کرتے ہیں، وہ زیادتی کرتے ہیں۔ تَفْرِیْطٌ سے مضارع ۶۱/۶،

یُفْرَقُ: (ن) وہ فیصلہ کیا جاتا ہے، وہ طے کیا جاتا ہے۔ فَرْقٌ سے مضارع مجہول۔ ۴/۴۴،

یُفَرِّقُوْا: (تف) وہ تفریق کرتے ہیں، وہ پھوٹ ڈالتے ہیں (بصلۂ بین) تَفْرِیْقٌ سے مضارع۔ ۱۵۰/۴، ۱۵۲/۴،

یَفْرَقُوْنَ: (س) وہ ڈرتے ہیں، وہ خوف کھاتے ہیں۔ فَرْقٌ سے مضارع ۵۶/۹،

یُفَرِّقُوْنَ: وہ تفریق کرتے ہیں، وہ پھوٹ ڈالتے ہیں (بصلۂ بین)۔ ۱۰۲/۲،

یَفْسَحِ: (ف) وہ (اللہ تم کو جنت میں) کھلی جگہ دے گا، وہ کشادہ جگہ دے گا۔ فَسْحٌ سے مضارع۔ ۱۱/۵۸،

یُفْسِدَ: (اف) وہ فساد پھیلائے گا، وہ خراب کرے گا۔ اِفْسَادٌ سے مضارع۔ ۲۰۵/۲،

یُفْسِدُ: وہ فساد پھیلاتا ہے، وہ خرابی کرتا ہے۔ ۳۰/۲

یُفْسِدُوْا: وہ فساد پھیلائیں گے، وہ خراب کریں گے۔ ۱۲۷/۷،

یُفْسِدُوْنَ: وہ فساد پھیلاتے ہیں۔ ۲۷/۲، ۲۵/۱۳، ۸۸/۱۶، ۱۵۲/۲۶، ۴۸/۲۷،

یَفْسُقُوْنَ: (ن) وہ فسق کرتے ہیں، وہ گناہ کرتے ہیں، وہ نافرمانی کرتے ہیں۔ فِسْقٌ سے مضارع۔ ۵۹/۲، ۴۹/۶، ۱۶۳/۷، ۱۶۵/۷، ۳۴/۲۹،

یَفْصِلُ: (ض) وہ فیصلہ کریگا۔ وہ طے کریگا (بصلۂ بین) فَصْلٌ سے مضارع۔ ۱۷/۲۲، ۲۵/۳۲، ۳/۶۰،

یُفَصِّلُ: (تف) وہ تفصیل سے بیان کرتا ہے، وہ کھولتا ہے تَفْصِیْلٌ سے مضارع۔ ۵/۱۰، ۲/۱۳،

یَفْعَلُ: (ف) وہ کرتا ہے۔ فِعْلٌ سے مضارع۔ ۲۳۱/۲، ۲۸/۳، ۳۰/۴، ۱۱۴/۴، ۳۲/۱۲، ۶۸/۲۵، ۹/۶۳،

یَفْعَلُ: وہ کرتا ہے۔ ۸۵/۲، ۲۵۳/۲، ۳۰/۳، ۱۴۷/۴، ۲۷/۱۴، ۲۳/۲۱، ۱۴/۲۲، ۱۸/۲۲، ۴۰/۳۰،

یُفْعَلَ: وہ کیا جائے گا۔ فِعْلٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۵/۷۵،

یُفْعَلُ: وہ کیا جائے گا۔ ۹/۴۶،

یَفْعَلُوْا: وہ کرتے ہیں۔ ۱۱۵/۳، ۱۸۸/۳،

یَفْعَلُوْنَ: وہ کرتے ہیں۔ ۱۷/۲، ۷۹/۵، ۱۵۹/۶، ۳۶/۱۰، ۵۰/۱۶، ۳۱/۲۳، ۴۳/۲۶، ۲۲۶/۲۶، ۴۴/۲۷، ۴۰/۳۹، ۶/۶۶، ۳۶/۸۳، ۷/۸۵

یَفْعَلُہٗ: وہ اس کو کرتا ہے۔ ۱/۶۰،

یَفْقَهُوْا: (س) وہ سمجھیں گے۔ فِقْهٌ سے مضارع۔ ۲۸/۲۰،

یَفْقَهُوْنَ: وہ سمجھتے ہیں، وہ جانتے ہیں۔ ۷۸/۴، ۲۵/۶، ۹۸/۶، ۱۷۹/۷، ۶۵/۸، ۸۱/۹، ۸۷/۹، ۱۲۷/۹، ۹۳/۱۸، ۱۵/۴۸، ۱۳/۵۹، ۳/۶۳، ۷/۶۳

یَفْقَهُوْهُ: وہ اس کو سمجھتے ہیں، وہ اس کو جانتے ہیں۔ ۲۵/۶، ۴۶/۱۷، ۵۷/۱۸،

یُفْلِحُ: (اف) وہ فلاح پائے گا، وہ کامیاب ہوگا۔ اِفْلَاحٌ سے مضارع۔ ۱۳۵/۶، ۱۷/۱۰، ۷۷/۱۰، ۲۳/۱۲، ۶۹/۲۰، ۱۱۷/۲۳، ۳۷/۲۸، ۸۲/۲۸، ۲۱/۶،

یُفْلِحُوْنَ: وہ فلاح پائیں گے، وہ کامیاب ہوں

گے۔ ٦٩/١٠، ١١٦/١٢،

ی ق

يُقَاتِلُ: (مفا) وہ قتال کرتا ہے، وہ لڑتا ہے۔ مُقَاتَلَةٌ سے مضارع۔ ٧٤/٤

يُقَاتِلْ: چاہئے کہ وہ قتال کرے، چاہئے کہ وہ لڑے۔ مُقَاتَلَةٌ سے امر غائب۔ ٧٤/٤

يُقَاتِلُوا: وہ قتال کرتے ہیں، وہ لڑتے ہیں۔ ٩٠/٤،

يُقَاتِلُوكُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں، وہ تم سے لڑتے ہیں۔ ١٩١/٢، ٩٠/٤، ٨/٦٠،

يُقَتِلُوكُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں۔ وہ تم سے لڑتے ہیں۔ ١٩١/٢،

يُقَتَلُونَ: ان سے قتال کیا جائے گا، ان سے جنگ کی جائے گی۔ قِتَالٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٩/٢٢

يُقَاتِلُونَ: وہ قتال کرتے ہیں، وہ لڑتے ہیں۔ قِتَالٌ سے مضارع۔ ٧٦/٤، ١١١/٩، ٤/٦١، ٢٠/٧٣

يُقَاتِلُونَكُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں، وہ تم سے لڑتے ہیں۔ قِتَالٌ سے مضارع۔ ١٩٠/٢، ٢١٧/٢، ٣٦/٩، ١٤/٥٩،

يُقَالُ: (ن) وہ کہا جاتا ہے، وہ بولا جاتا ہے۔ قَوْلٌ سے مضارع مجہول۔ ٦٠/٢١، ٤٣/٤١، ١٧/٨٣،

يَقْبِضُ: (ض) وہ (اللہ تعالیٰ) بند کرتا ہے، وہ کمی کرتا ہے، وہ تنگی کرتا ہے۔ قَبْضٌ سے مضارع۔ ٢٤٥/٢

يَقْبِضْنَ: وہ سمیٹتی ہیں، وہ بند کرتی ہیں، وہ سکیڑتی ہیں۔ قَبْضٌ سے مضارع۔ ١٩/٦٧،

يَقْبِضُونَ: وہ بند کرتے ہیں، وہ روکتے ہیں، وہ بخل کرتے ہیں۔ ٦٧/٩،

يَقْبَلُ: وہ قبول کرتا ہے۔ قُبُوْلٌ سے مضارع۔ ١٠٤/٩، ٢٥/٤٢

يُقْبَلَ: وہ قبول کیا جائے گا۔ ٨٥/٣، ٩١/٣،

يُقْبَلُ: وہ قبول کیا جائے گا۔ ٤٨/٢، ١٢٣/٢،

يَقْتَتِلَانِ: (افت) وہ دونوں قتال کرتے ہیں، وہ دونوں لڑتے ہیں۔ اِقْتِتَالٌ سے مضارع ١٥/٢٨،

يَقْتَرِفْ: (افت) وہ نیکی کرے گا، وہ کمائے گا۔ اِقْتِرَافٌ سے مضارع۔ ٢٣/٤٢،

يَقْتَرِفُوا: وہ کمائیں گے، وہ ارتکاب کریں گے۔ ١١٣/٦،

يَقْتَرِفُونَ: وہ کماتے ہیں، وہ ارتکاب کرتے ہیں۔ ١٢٠/٦،

يَقْتُرُوا: (ن) وہ تنگی کرتے ہیں، وہ بخل کرتے ہیں، وہ کنجوسی کرتے ہیں۔ قَتْرٌ سے مضارع۔ ٦٧/٢٥،

يَقْتُلُ: (ن) وہ قتل کرتا ہے، وہ مار ڈالتا ہے۔ قَتْلٌ سے مضارع۔ ٩٣/٤،

يَقْتُلَ: وہ قتل کرتا ہے، وہ مار ڈالتا ہے۔ ٩٢/٤،

يُقْتَلْ: وہ قتل کیا جائے گا، اسے مار ڈالا جائے گا، قَتْلٌ سے مضارع مجہول۔ ٧٤/٤

يُقْتَلُ: وہ قتل کیا جائے گا۔ ١٥٤/٢،

يَقْتُلْنَ: وہ قتل کریں گی، وہ مار ڈالیں گی۔ ١٢/٦٠،

يُقَتَّلُوا: (تف) وہ خوب قتل کرتے ہیں تَقْتِيْلٌ سے مضارع۔ ٣٣/٥

يَقْتُلُوكَ: وہ تجھ کو قتل کرتے ہیں۔ ٣٠/٨، ٢٠/٢٨،

يَقْتُلُونَ: وہ قتل کرتے ہیں۔ قَتْلٌ سے مضارع۔ ٦١/٢، ٢١/٣، ١١٢/٣، ٧٠/٥، ١١١/٩، ٦٨/٢٥،

یَقْتُلُوْنَ: وہ قتل کرتے ہیں۔ ۱۴/۲۶، ۳۳/۲۸

یُقْتَلُوْنَ: وہ قتل کئے جاتے ہیں۔ قَتْلٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۱۱/۹

یُقَتِّلُوْنَ: وہ خوب قتل کرتے ہیں، وہ خوب ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں۔ تَقْتِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۴۱/۷

یَقْتُلُوْنَنِیْ: وہ مجھے قتل کرتے ہیں۔ ۱۵۰/۷

یَقْدِرَ: (ض،س،ن) وہ قادر ہوگا، اس کا بس چلے گا۔ قُدُوْرٌ وقُدْرَۃٌ سے مضارع۔ ۵/۹۰

یَقْدِرُ: وہ قدرت رکھتا ہے، وہ اختیار رکھتا ہے۔ ۶۶/۱۹، ۶/۱۲

یَقْدِرُ: (ض) وہ (رزق) تنگ کرتا ہے، وہ کم کرتا ہے۔ قَدْرٌ سے مضارع۔ ۲۶/۱۳، ۳۰/۱۷، ۸۲/۲۸، ۳۷/۳۰، ۳۶/۳۴، ۳۹/۳۴، ۵۲/۳۹، ۱۲/۴۲

یُقَدِّرُ: (تف) وہ اندازہ رکھتا ہے، وہ مقرر کرتا ہے۔ تَقْدِیْرٌ سے مضارع۔ ۲۰/۷۳

یَقْدِرُوْنَ: (ض) وہ قدرت رکھتے ہیں، وہ اختیار رکھتے ہیں۔ قُدْرَۃٌ سے مضارع۔ ۲۶۴/۲، ۱۸/۱۴، ۲۹/۵۷

یَقْدُمُ: (ن) وہ آگے چلے گا، وہ پیشوائی کرے گا۔ قَدْمٌ سے مضارع۔ ۹۸/۱۱

یَقْذِفُ: (ض) وہ غالب کرتا ہے، وہ نازل کرتا ہے، وہ پھینکتا ہے، وہ ڈالتا ہے، وہ تیر اندازی کرتا ہے۔ قَذْفٌ سے مضارع۔ ۴۸/۳۴

یَقْذِفُوْنَ: وہ پھینکتے ہیں، وہ تیر اندازی کرتے ہیں، وہ ہانکتے ہیں۔ ۵۳/۳۴

یُقْذَفُوْنَ: ان پر انگارے پھینک کر مارے جاتے ہیں۔ قَذْفٌ سے مضارع مجہول ۸/۳۷

یَقْرَبُوْا: (س) وہ قریب آتے ہیں، وہ نزدیک آتے ہیں۔ قُرْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۸/۹

یُقَرِّبُوْنَا: (تف) وہ ہم کو قریب کریں گے، وہ ہم کو مقرب بنادیں گے۔ تَقْرِیْبٌ سے مضارع۔ ۳/۳۹

یُقْرِضُ: (اف) وہ قرض دیتا ہے، وہ ادھار دیتا ہے۔ اِقْرَاضٌ سے مضارع۔ ۲۴۵/۲، ۱۱/۵۷

یَقْرَءُوْنَ: (ف) وہ پڑھتے ہیں۔ قِرَاءَۃٌ سے مضارع۔ ۹۴/۱۰، ۷۱/۱۷

یُقْسِمُ: (اف) وہ قسم کھائیں گے۔ اِقْسَامٌ سے مضارع۔ ۵۵/۳۰

یُقْسِمٰنِ: وہ دونوں قسم کھائیں گے۔ ۱۰۶/۵، ۱۰۷/۵

یَقْسِمُوْنَ: (ض) وہ تقسیم کرتے ہیں، وہ بانٹتے ہیں۔ قَسْمٌ اور قِسْمَۃٌ سے مضارع۔ ۳۲/۴۳

یَقُصُّ: (ن) وہ بیان کرتا ہے، وہ سناتا ہے۔ قَصَصٌ سے مضارع۔ ۵۷/۶، ۷۶/۲۷

یُقْصِرُوْنَ: (اف) وہ باز آتے ہیں، وہ رکتے ہیں، وہ کمی کرتے ہیں۔ اِقْصَارٌ سے مضارع ۲۰۲/۷

یَقُصُّوْنَ: وہ بیان کرتے ہیں، وہ سناتے ہیں۔ ۱۳۰/۶، ۳۵/۷

یَقْضِ: (ض) چاہئے کہ وہ پورا کرے، چاہئے کہ وہ تمام کرے، یعنی موت دیدے (بصلۂ علیٰ) قَضَاءٌ سے امر غائب۔ ۷۷/۴۳

یَقْضِ: وہ ادا کرتا ہے، وہ پورا کرتا ہے، وہ تمام کرتا ہے۔ قَضَاءٌ سے مضارع۔ ۲۳/۸۰

یُقْضٰی: اس کی قضا (موت) آئے گی، وہ پورا کیا جائے گا (بصلۂ علیٰ)، قَضَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۰/۶، ۱۱۴/۲۰، ۳۶/۳۵

یَقْضُوْا: ان کو دور کرنا چاہئے، ان کو صاف کرنا چاہئے۔ قَضَاءٌ سے امر غائب۔ ۲۹/۲۲،

یَقْضُوْنَ: وہ فیصلہ دیتے ہیں، وہ حکم دیتے ہیں۔ قَضَاءٌ سے مضارع۔ ۲۰/۴۰،

یَقْضِیْ: وہ فیصلہ کرتا ہے، وہ حکم دیتا ہے۔ ۹۳/۱۰، ۷۸/۲۷، ۲۰/۴۰، ۱۷/۴۵،

یَقْضِیْ: وہ تمام کرتا ہے، وہ تکمیل کرتا ہے۔ ۴۲/۸، ۴۴/۸،

یَقْطَعُ: (ف) چاہئے کہ وہ کاٹ ڈالے، چاہئے کہ وہ موقوف کر دے۔ قَطْعٌ سے امر غائب۔ ۱۵/۲۲،

یَقْطَعَ: وہ قطع کرتا ہے، وہ کاٹتا ہے۔ قَطْعٌ سے مضارع۔ ۷/۸،

یَقْطَعَ: اس کو قطع کرنا چاہئے، اس کو چاہئے کہ وہ ہلاک کر دے۔ قَطْعٌ سے امر غائب۔ ۱۲۷/۳،

یَقْطَعُوْنَ: وہ قطع کرتے ہیں، وہ کاٹتے ہیں، وہ طے کرتے ہیں۔ ۲۷/۲، ۱۲۱/۹، ۲۵/۱۳،

یَقْطِیْنٍ: کدو کا پودا، بیل دار پودا، اسم جنس ہے۔ ۱۴۶/۳۷،

یَقُلْ: (ن) وہ کہتا ہے، قَوْلٌ سے مضارع۔ ۲۹/۲۱،

یُقَلِّبُ: (تف) وہ ملتا ہے۔ تَقْلِیْبٌ سے مضارع۔ ۴۲/۱۸،

یُقَلِّبُ: وہ (رات دن کو) الٹ پلٹ کرتا ہے، وہ ادل بدل کرتا ہے۔ ۴۴/۲۴،

یُقَلِّلُکُمْ: (تف) وہ تم کو کم کر کے دکھاتا ہے۔ تَقْلِیْلٌ سے مضارع۔ ۴۴/۸،

یَقْنُتْ: (ن) وہ فرمانبرداری کرے گا، وہ اطاعت کرے گا۔ قُنُوْتٌ سے مضارع ۳۱/۳۳،

یَقْنَطُ: (س) وہ مایوس ہوتا ہے، وہ ناامید ہوتا ہے۔ قُنُوْطٌ سے مضارع ۵۶/۱۵،

یَقْنَطُوْنَ: وہ مایوس ہوتے ہیں، وہ ناامید ہوتے ہیں۔ ۳۶/۳۰،

یَقُوْلَ: (ن) وہ کہتا ہے، وہ بولتا ہے۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ۲۱۴/۲، ۷۹/۳، ۸۲/۳۶، ۲۸/۴۰، ۳۱/۷۴،

یَقُوْلُ: وہ کہتا ہے، وہ بولتا ہے۔ ۸/۲، ۱۸/۲، ۲۶/۲، ۷۰/۲، ۱۱۷/۲، ۱۴۲/۲، ۲۰۰/۲، ۲۰۱/۲، ۴۷/۳، ۵۳/۵، ۱۰۹/۵، ۲۵/۶، ۹۳/۶، ۱۲۸/۶، ۵۳/۷، ۴۹/۸، ۴۹/۹، ۶۰/۹، ۶۹/۹، ۱۲۳/۹، ۱۸/۱۱، ۷/۱۳، ۲۷/۱۳، ۴۳/۱۳، ۴۳/۱۴، ۲۷/۱۶، ۲۳ جگہ

یَقُوْلَا: وہ دونوں کہتے ہیں، وہ دونوں بولتے ہیں۔ ۱۰۲/۲،

یَقُوْلَنَّ: وہ ضرور کہے گا۔ قَوْلٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۷۳/۴، ۹/۱۱، ۱۰/۱۱، ۵۸/۳۰، ۵۰/۴۱،

یَقُوْلُنَّ: وہ ضرور کہیں گے۔ ۶۵/۹، ۸/۱۱، ۳۶/۲۱، ۱۰/۲۹، ۶۱/۲۹، ۶۳/۲۹، ۲۵/۳۱، ۳۸/۳۹، ۹/۴۳، ۸۷/۴۳،

یَقُوْلُوْا: ان کو کہنا چاہئے۔ قَوْلٌ سے امر غائب۔ ۹/۴، ۵۳/۶، ۱۰۵/۶،

یَقُوْلُوْا: وہ کہتے ہیں۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ۹/۴، ۷۸/۴، ۵۳/۶، ۱۰۵/۶، ۱۶۹/۷، ۵۰/۹، ۱۲/۱۱، ۳۵/۱۷، ۳۰/۲۲، ۵۱/۲۴، ۲۰۴/۲۶، ۳۷/۲۸، ۲/۲۹، ۴۴/۵۲، ۲/۵۴، ۲/۶۳،

یَقُوْلُوْنَ: وہ کہتے ہیں۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ۲۶/۲، ۷۹/۲، ۸۰/۲، ۱۱/۳، ۷۸/۳، ۱۵۴/۳، ۱۶۷/۳، ۴۶/۴، ۵۱/۴، ۷۵/۴، ۸۱/۴، ۱۵۰/۴، ۴۱/۵، ۵۲/۵، ۷۳/۵، ۸۳/۵، ۲۳/۶، ۱۶۹/۷، ۶۱/۹، ۱۸/۱۰، ۲۰/۱۰، ۳۸/۱۰، ۴۸/۱۰، ۹۳ جگہ

یَقُوْمَ: (ن) وہ قائم رہتا ہے، وہ کھڑا ہوتا ہے۔ قِیَامٌ سے مضارع۔ ۲۵/۵۷،

یَقُوْمُ: وہ قیام کرتا ہے، وہ کھڑا ہوتا ہے۔ ۲۷۵/۲،

۲۱/۱۲، ۵۱/۱۶، ۳۸/۲۸، ۶/۸۳

یَقُوْمٰنِ: وہ دونوں قیام کرتے ہیں، وہ دونوں کھڑے ہوتے ہیں۔ ۱۰۷/۵،

یَقُوْمُوْنَ: وہ قیام کرتے ہیں، وہ کھڑے ہوتے ہیں۔ ۲۷۵/۲،

یُقِیْمَا: (اف) وہ دونوں قائم رکھیں گے، وہ دونوں پابندی کریں گے۔ اِقَامَۃٌ سے مضارع۔ ۲۲۹/۲، ۲۳۰/۲،

یُقِیْمُوْا: چاہئے کہ وہ قائم کریں، چاہئے کہ وہ ٹھیک ٹھیک ادا کریں۔ اِقَامَۃٌ سے امر غائب۔ ۳۱/۱۴،

یُقِیْمُوا: وہ قائم کرتے ہیں، وہ ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں۔ اِقَامَۃٌ سے مضارع۔ ۳۱/۱۴، ۵/۹۸،

یُقِیْمُوْنَ: وہ قائم کرتے ہیں، وہ ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں۔ ۳/۲، ۵۵/۵، ۷۱/۹، ۳/۸، ۳/۲۷، ۴/۳۱،

یَقِیْنًا: (اف) یقینی طور پر، تحقیقی طور پر۔ اِیْقَانٌ سے۔ ۱۵۷/۴،

یَقِیْنٍ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۵۱/۴۹، ۵/۱۰۲، ۷/۱۰۲،

یَقِیْنٍ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۲۲/۲۷،

یَقِیْنِ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۹۵/۵۶،

یَقِیْنُ: موت۔ ۹۹/۱۵، ۴۷/۷۴،

ی ک

یَکُ: وہ ہوگا، وہ ہے، وہ تھا۔ کَوْنٌ سے مضارع بمعنی ماضی، فعل ناقص ہے۔ اصل لفظ یَکُوْنُ تھا، حرفِ شرط 'اِنْ' کی وجہ سے یَکُنْ ہوا، پھر آخر سے نون حذف ہوگیا۔ ۳۷/۸، ۲۶/۹، ۱۲۰/۱۶، ۶۷/۱۹، ۲۸/۲۰، ۸۵/۴۰، ۳۶/۷۵

یَکَادُ: (س،ک) وہ نزدیک ہے، وہ قریب ہے، امید ہے۔ کَوْدٌ سے مضارع۔ ۲۰/۲، ۳۵/۲۴، ۴۳/۲۴، ۴۳/۲۴، ۵۲/۴۳، ۵۱/۶۸،

یَکَادُوْنَ: وہ نزدیک ہیں، وہ قریب ہیں۔ ۷۸/۴، ۹۳/۱۸، ۷۲/۲۲،

یَکْبِتَهُمْ: (ض) وہ ان کو ذلیل کرے گا، وہ ان کو بے عزت کرے گا۔ کَبْتٌ سے مضارع۔ ۱۲۷/۳،

یَکْبُرُ: (ک) وہ بڑا ہوتا ہے۔ کُبْرٌ و کِبَرٌ سے مضارع۔ ۵۱/۱۷،

یَکْبَرُوْا: (س) وہ بڑے ہو جائیں گے، وہ بالغ ہو جائیں گے۔ کِبَرٌ سے مضارع۔ ۶/۴،

یَکْتُبْ: (ن) چاہئے کہ وہ تحریر کرے، وہ چاہئے کہ وہ لکھے کَتْبٌ و کِتَابَۃٌ سے امر غائب۔ ۲۸۲/۲،

یَکْتُبَ: وہ تحریر کرتا ہے، وہ لکھتا ہے۔ ۲۸۲/۲،

یَکْتُبُ: وہ تحریر کرتا ہے، وہ لکھتا ہے۔ ۸۱/۴،

یَکْتُبُوْنَ: وہ تحریر کرتے ہیں، وہ لکھتے ہیں۔ ۷۹/۲، ۲۱/۱۰، ۸۰/۴۳، ۴۱/۵۲، ۴۷/۶۸،

یَکْتُمُ: (ن) وہ چھپاتا ہے، وہ پوشیدہ رکھتا ہے۔ کَتْمٌ و کِتْمَانٌ سے مضارع۔ ۲۸/۴،

یَکْتُمْنَ: وہ (عورتیں) چھپاتی ہیں، وہ پوشیدہ رکھتی ہیں۔ ۲۲۸/۲،

یَکْتُمُوْنَ: وہ چھپاتے ہیں، وہ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۱۵۹/۲، ۱۷۴/۲، ۱۶۷/۳، ۳۷/۴، ۴۲/۴، ۶۱/۵،

یَکْتُمْهَا: وہ اس کو چھپائے گا۔ وہ اس کو پوشیدہ رکھے گا۔ ۲۸۳/۲،

یَکَدْ: (س،ک) وہ نزدیک تھا، وہ قریب تھا۔ کَوْدٌ سے مضارع۔ اصل لفظ یَکَادُ تھا۔ ۴۰/۲۴،

یُکَذِّبُ: (تف) وہ تکذیب کرتا ہے، وہ جھٹلاتا

ہے۔ تَكْذِيْبٌ سے مضارع۔ ٨٣/٢٧، ٣٣/٥٥، ٣٣/٦٨، ١٢/٨٣، ١/١٠٧

يُكَذِّبُكَ: وہ تیری تکذیب کرتا ہے، وہ تجھے جھٹلاتا ہے۔ ٧/٩٥

يُكَذِّبُوْكَ: وہ تیری تکذیب کرتے ہیں، وہ تجھے جھٹلاتے ہیں۔ ٤٢/٢٢، ٤/٣٥، ٢٥/٣٥

يُكَذِّبُوْنَ: وہ تکذیب کرتے ہیں، وہ جھٹلاتے ہیں۔ ١١/٨٣، ٢٢/٨٤

يُكَذِّبُوْنِ: وہ مجھ کو جھٹلائیں گے۔ ١٢/٢٦، ٣٤/٢٨

يَكْذِبُوْنَ: (ض) وہ جھوٹ بولتے ہیں، کِذْبٌ اور کَذِبٌ سے مضارع۔ ١٠/٢، ٧٧/٩

يُكَذِّبُوْنَكَ: وہ تیری تکذیب کرتے ہیں، وہ تجھے جھٹلاتے ہیں۔ ٣٣/٦

يَكْرَهُوْنَ: (س) وہ کراہت کرتے ہیں، وہ نفرت کرتے ہیں۔ کَرْهٌ و کَرَاهَةٌ سے مضارع۔ ٦٢/١٦

يُكْرِهْهُنَّ: (اف) وہ ان کو مجبور کرے گا، وہ ان سے زبردستی کرے گا۔ اِکْرَاهٌ سے مضارع۔ ٣٣/٢٤

